


محمد یوسف اصلاحی

اسلامک پبلیکیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
۱۳-ای، شاہ عالم مارکیٹ لاہور (پاکستان)

طابع : ———— اشفاق مرزا ، پینٹنگ ڈائریکٹر

ناشر : ———— اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ
۱۳ - ای شاہ عالم مارکیٹ ، لاہور

مطبع : ———— اللہ والا پرنٹرز ، لاہور

اشاعت :-

پہلی تا اٹھارہویں اپریل ۱۹۶۹ء تا جون ۱۹۸۵ء ۹۰۰ ، ۳۷

انیسویں فروری ۱۹۸۶ء ۱۰۰ ، ۳

بیسویں ستمبر ۱۹۸۶ء ۱۰۰ ، ۳

اکیسویں مئی ۱۹۸۷ء ۱۰۰ ، ۳

قیمت :- -/۳۰ روپے

اُن

فرزندانِ اسلام کے نام ——————

جو

رضائے الٰہی کی خاطر

بندگانِ خدا کے دلوں میں

اسلام کے لئے

جذبۂ شوق و عقیدت پیدا کرنے کی آرزو میں اِن

اسلامی آداب سے اپنی زندگیوں کو بنانے

اور سنوارنے کا

عزم و حوصلہ رکھتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف

زندگی سے بھرپور فائدہ اٹھانا، خاطر خواہ لُطف اندوز ہونا اور فی الواقع کامیاب زندگی گزارنا یقیناً آپ کا حق ہے لیکن اسی وقت جب آپ زندگی کا سلیقہ جانتے ہوں، کامیاب زندگی کے اصول و آداب سے واقف ہوں، اور نہ صرف واقف ہوں بلکہ عملاً آپ ان اصول و آداب سے اپنی زندگی کو آراستہ اور شائستہ بنانے کی کوشش میں پیہم سرگرم بھی ہوں۔

ادب و سلیقہ، وقار و شائستگی، نظافت و پاکیزگی، تمیز و حُسنِ انتخاب، ترتیب و تنظیم لطافتِ احساس و حُسنِ ذوق، عالی ظرفی اور شرافتِ طبع، ہمدردی اور خیرخواہی نرم خوئی اور شیریں کلامی، تواضع اور انکساری، ایثار و قربانی، بے غرضی اور خلوص، استقلال و پامردی، فرض شناسی اور مستعدی، خداترسی اور پرہیزگاری، توکل و جرأتِ اقدام ——— یہ اسلامی زندگی کے وہ دلکش خدوخال ہیں، جن کی بدولت مومن کی بنی سنوری زندگی میں وہ غیر معمولی کشش اور وہ اتھاہ جاذبیت پیدا ہو جاتی ہے کہ نہ صرف اہلِ اسلام بلکہ اسلام سے ناآشنا بندگانِ خدا بھی بے اختیار اس کی طرف کھنچنے لگتے ہیں اور عام ذہن یہ سوچنے پر مجبور ہوتے ہیں کہ جو انسانیت نواز تہذیب زندگی کو نکھارنے، سنوارنے اور غیر معمولی جاذبیت سے آراستہ کرنے کے لیے انسانیت کو یہ بیش بہا اصول و آداب عطا کرتی ہے، وہ یقیناً ہوا اور روشنی کی

طرح سارے انسانوں کی عام میراث ہے، اور بلاشبہ اس قابل ہے کہ پوری انسانیت اس کو قبول کر کے اس کی بنیادوں پر اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کی کامیاب تعمیر کرے تاکہ دنیا کی زندگی بھی، راحت و سکون، عیش و نشاط اور امن و عافیت کا گہوارہ بنے اور دنیا کے بعد کی زندگی میں بھی وہ سب کچھ حاصل ہو جو ایک کامیاب اور فلاح یافتہ زندگی کے لئے ضروری ہے۔

پیش نظر کتاب "آداب زندگی" میں اسلامی تہذیب کے انہی اصول و آداب کو معروف تصنیفی ترتیب کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب اللہ اسوۂ رسولؐ اور اسلاف کے زندۂ جاوید آثار کی رہنمائی، اور اسلامی ذوق و مزاج کی روشنی میں زندگی کا سلیقہ سکھانے والا یہ مجموعہ مرتب کیا گیا ہے جو پانچ اہم ابواب پر مشتمل ہے۔

باب اول	سلیقہ و تہذیب
باب دوم	حسنِ بندگی
باب سوم	تزئینِ معاشرت
باب چہارم	دعوتِ دین
باب پنجم	احساسِ عبدیت

ان پانچ ابواب کے تحت زندگی کے تقریباً سارے ہی پہلوؤں سے متعلق اسلامی آداب کو

- مؤثر ترتیب
- سہل اور سادہ زبان

○ عام فہم اور دلنشین تشریحات

○ اور بصیرت افروز دلائل

کے ساتھ خطابی انداز میں نمبر دار پیش کیا گیا ہے۔

توقع ہے، کہ "آدابِ زندگی" کا یہ مجموعہ ہر طبقے اور ہر عمر کے شائقین کے لئے خدا کے فضل و کرم سے خاطر خواہ مفید ثابت ہوگا۔ اسلام سے محبت رکھنے والے بھائی اور بہنیں ان گراں قدر آداب اور پُرسوز دعاؤں سے اپنی زندگیاں بھی سنواریں اور اپنے چھوٹوں کے اخلاق و عادات اور طور طریقوں کو بھی سدھارنے اور بنانے کی کوشش کریں اور جہاں تک ممکن ہو چھوٹوں کو یہ آداب اور دعائیں یاد کرائیں۔ ان آداب سے زینت پائی ہوئی زندگی دنیا میں بھی قدر و احترام اور محبت و عقیدت کی نگاہ سے دیکھی جائے گی اور آخرت میں بھی اجر و انعام کی مستحق قرار پائے گی۔

کتاب کی ترتیب میں جن اہم کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔ ان کے حوالے موقع ہی پر دے دیئے گئے ہیں۔

خدائے بزرگ و برتر سے دعا ہے کہ وہ اس خدمت کو شرفِ قبول بخشے اور مسلمانوں کو توفیق دے کہ وہ ان اصول و آداب سے اپنی زندگیوں کو بنا سنوار کر اسلام کیلئے دلوں میں گنجائش اور شوق و عقیدت کے جذبات پیدا کریں، اور یہ مجموعہ بندگانِ خدا کو خدا کے سچے دین کی طرف کھینچ لانے میں ایک مؤثر ذریعہ، اور مرتب کے لئے بہانۂ مغفرت ثابت ہو اور ان خادمانِ دین کو بھی جزائے خیر میں شریک فرمائے جن کی گراں قدر کتابوں سے استفادہ کیا گیا ہے۔ آمین۔

محمد یوسف اصلاحی

رامپور ۳۰؍اگست ۱۹۶۷ء

آدابِ زندگی

تزئینِ معاشرت ———— باب سوم

دعوتِ دین ——— باب چہارم ۳۲۹

احساسِ عبدیت ——— باب پنجم ۳۸۳

سلیقہ و تہذیب

۱۔ طہارت و نظافت کے آداب۔
۲۔ صحت کے آداب۔
۳۔ لباس کے آداب۔
۴۔ کھانے پینے کے آداب۔
۵۔ سونے جاگنے کے آداب۔
۶۔ راستے کے آداب۔
۷۔ سفر کے آداب۔
۸۔ رنج و غم کے آداب
۹۔ خوف و ہراس کے آداب
۱۰۔ خوشی کے آداب۔

باب اوّل

حضرت جابرؓ نے فرمایا

(ایک دن) نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے ملنے کے لئے ہمارے یہاں رونق افروز ہوئے۔ آپؐ نے دیکھا کہ ایک آدمی گردو غبار میں اٹا ہوا ہے اور اس کے بال بکھرے ہوئے ہیں۔ آپ نے فرمایا "کیا اس کے پاس کوئی کنگھا نہیں ہے کہ یہ اپنے بالوں کو بنا سنوار لے!"

اور ایک دوسرے آدمی پر آپ کی نظر پڑی، جس کے کپڑے انتہائی گندے تھے۔ آپ نے فرمایا "کیا اس کو وہ چیز بھی میسّر نہیں ہے جس سے یہ اپنے کپڑے دھو کر صاف کر لے!"

(مشکوٰۃ المصابیح)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طہارت و نظافت کے آداب

خدا نے ان لوگوں کو اپنا محبوب قرار دیا ہے جو طہارت اور پاکیزگی کا پورا پورا اہتمام کرتے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "طہارت اور پاکیزگی آدھا ایمان ہے" یعنی آدھا ایمان تو یہ ہے کہ آدمی روح کو پاک صاف رکھے اور آدھا ایمان یہ ہے کہ آدمی جسم کی صفائی اور پاکی کا خیال رکھے روح کی طہارت و نظافت یہ ہے کہ اس کو کفر و شرک اور معصیت و ضلالت کی نجاستوں سے پاک کرکے، صالح عقائد اور پاکیزہ اخلاق سے آراستہ کیا جائے اور جسم کی طہارت و نظافت یہ ہے کہ اس کو ظاہری ناپاکیوں سے پاک و صاف رکھ کر نظافت اور سلیقے کے آداب سے آراستہ کیا جائے۔

۱۔ سو کر اٹھنے کے بعد ہاتھ دھوئے بغیر پانی کے برتن میں ہاتھ نہ ڈالئے کیا معلوم سوتے میں آپ کا ہاتھ کہاں کہاں پڑا ہو،

۲۔ غسل خانے کی زمین پر پیشاب کرنے سے پرہیز کیجیے، بالخصوص جب

غسل خانے کی زمین کچی ہو،

۳۔ ضروریات سے فراغت کے لئے نہ قبلہ رُخ بیٹھئے اور نہ قبلے کی طرف پیٹھ کیجئے فراغت کے بعد ڈھیلے اور پانی سے استنجا کیجئے یا صرف پانی سے طہارت حاصل کیجئے۔ لید، ہڈی اور کوئلے وغیرہ سے استنجا نہ کیجئے اور استنجے کے بعد صابون یا مٹی سے خوب اچھی طرح ہاتھ دھو لیجئے۔

۴۔ جب پیشاب پاخانے کی ضرورت ہو تو کھانا کھانے نہ بیٹھئے فراغت کے بعد کھانا کھائیے۔

۵۔ کھانا وغیرہ کھانے کیلئے دایاں ہاتھ استعمال کیجئے وضو میں بھی دائیں ہاتھ سے کام لیجئے اور استنجا کرتے اور ناک وغیرہ صاف کرنے کیلئے بایاں ہاتھ استعمال کیجئے۔

۶۔ نرم جگہ پر پیشاب کیجئے تاکہ چھینٹیں نہ اڑیں اور ہمیشہ بیٹھ کر پیشاب کیجئے۔ ہاں اگر زمین بیٹھنے کے لائق نہ ہو یا کوئی اور واقعی مجبوری ہو، تو کھڑے ہو کر پیشاب کر سکتے ہیں لیکن عام حالات میں یہ بڑی گندی عادت ہے جس سے سختی کے ساتھ پرہیز کرنا چاہیئے۔

۷۔ ندی، نہر کے گھاٹ پر، عام راستوں پر اور سایہ دار مقامات پر قضائے حاجت کے لئے نہ بیٹھئے اس سے دوسرے لوگوں کو تکلیف بھی ہوتی ہے اور ادب و تہذیب کے بھی خلاف ہے۔

۸۔ جب پاخانے جانا ہو تو جوتا پہن کر اور سر کو ٹوپی وغیرہ سے ڈھانپ کر جائیے اور جاتے وقت یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ۔ (بخاری مسلم)

"خدایا! تیری پناہ چاہتا ہوں شیطانوں سے، ان شیطانوں سے بھی جو مذکر ہیں اور ان سے بھی جو مؤنث ہیں۔"

اور جب پاخانے سے باہر آئیں تو یہ دعا پڑھیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔ (نسائی ابن ماجہ)

"خدا کا شکر ہے جس نے مجھ سے تکلیف دور فرمائی اور مجھے عافیت بخشی۔"

۹۔ ناک صاف کرنے یا بلغم تھوکنے کے لیے احتیاط کے ساتھ اگالدان استعمال کیجیے یا لوگوں کی نگاہ سے بچ کر اپنی ضروریات پوری کیجیے۔

۱۰۔ بار بار ناک میں انگلی ڈالنے اور ناک کی گندگی نکالنے سے پرہیز کیجیے۔ اگر ناک صاف کرنے کی ضرورت ہو تو لوگوں کی نگاہ سے بچ کر اچھی طرح اطمینان سے صفائی کر لیجیے۔

۱۱۔ رومال میں بلغم تھوک کر ملنے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجیے یہ بڑی گھناؤنی عادت ہے۔ الا یہ کہ کوئی مجبوری ہو۔

۱۲۔ منہ میں پان بھر کر اس طرح باتیں نہ کیجیے کہ مخاطب پر چھینٹیں اُڑیں اور اُسے تکلیف ہو، اسی طرح اگر تمباکو اور پان کثرت سے کھاتے ہوں تو منہ صاف رکھنے کا بھی انتہائی اہتمام کیجیے اور اس کا بھی لحاظ رکھیے کہ بات کرتے وقت اپنا منہ مخاطب کے قریب نہ لے جائیں۔

۱۳۔ وضو کافی اہتمام کے ساتھ کیجیے اور اگر ہر وقت ممکن نہ ہو تو اکثر باوضو رہنے کی کوشش کیجیے۔ جہاں پانی میسر نہ ہو تیمم کر لیا کیجیے، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کہہ کر وضو شروع کیجیے اور وضو کے دوران یہ دعا پڑھیے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۔ (ترمذی)

"میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں، خدایا! مجھے ان لوگوں میں شامل فرما جو بہت زیادہ توبہ کرنے والے اور بہت زیادہ پاک و صاف رہنے والے ہیں۔"

اور وضو سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھیئے ۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ۔ (نسائی)

"خدایا! تو پاک و برتر ہے اپنی حمد و ثنا کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں مگر تو ہی ہے میں تجھ سے مغفرت کا طالب ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔"

نبی کا ارشاد ہے "قیامت کے روز میری امت کی نشانی یہ ہو گی کہ ان کی پیشانیاں اور وضو کے اعضاء نور سے جگمگا رہے ہوں گے پس جو شخص اپنے نور کو بڑھانا چاہے بڑھالے۔" (بخاری، مسلم)

۱۴۔ پابندی کے ساتھ مسواک کیجئے نبی ؐ کا ارشاد ہے کہ اگر مجھے اُمت کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو میں ہر وضو میں ان کو مسواک کرنے کا حکم دیتا۔ ایک مرتبہ آپؐ کے پاس کچھ لوگ آئے جن کے دانت پیلے ہو رہے تھے ۔ آپؐ نے دیکھا تو

تاکید فرمائی کہ مسواک کیا کرو۔

۱۵۔ ہفتہ میں ایک بار تو ضرور ہی غسل کیجئے جمعہ کے دن غسل کا اہتمام کیجئے اور صاف ستھرے کپڑے پہن کر جمعہ کی نماز میں شرکت کیجئے، نبی ؐ نے فرمایا امانت کی ادائیگی آدمی کو جنت میں لے جاتی ہے، صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ امانت سے کیا مراد ہے۔ فرمایا، ناپاکی سے پاک ہونے کے لئے غسل کرنا اس سے بڑھ کر خدا نے کوئی امانت مقرر نہیں کی ہے پس جب آدمی کو نہانے کی حاجت ہو جائے تو غسل کرے۔

۱۶۔ ناپاکی کی حالت میں نہ مسجد میں جائیے اور نہ مسجد میں سے گزریئے۔ اور اگر کوئی اور صورت ممکن ہی نہ ہو تو پھر تیمم کر کے مسجد میں جائیے یا گذریئے۔

۱۷۔ بالوں میں تیل ڈالنے اور کنگھا کرنے کا بھی اہتمام کیجئے داڑھی کے بڑھے ہوئے بے ڈھنگے بالوں کو قینچی سے درست کر لیجئے۔ آنکھوں میں سرمہ بھی لگائیے۔ ناخون ترشوانے اور صاف رکھنے کا بھی اہتمام کیجئے۔ اور سادگی اور اعتدال کے ساتھ مناسب زیب و زینت کا اہتمام کیجئے۔

۱۸۔ چھینکتے وقت منہ پر رومال رکھ لیجئے تاکہ کسی پر چھینٹ نہ پڑے چھینکنے کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ "خدا کا شکر ہے" کہیئے سننے والا یَرْحَمُکَ اللّٰہُ "خدا آپ پر رحم فرمائے" کہے اور اس کے جواب میں یَھْدِیْکَ اللّٰہُ "خدا آپ کو ہدایت بخشے" کہیئے۔

۱۹۔ خوشبو کا کثرت سے استعمال کیجئے نبی ؐ خوشبو کو بہت پسند فرماتے تھے۔ آپ سو کر اٹھنے کے بعد جب ضروریات سے فارغ ہوتے تو خوشبو ضرور لگاتے۔

صحت کے آداب

۱۔ صحت خدا کی عظیم نعمت بھی ہے اور عظیم امانت بھی۔ صحت کی قدر کیجئے اور اس کی حفاظت میں کبھی لاپرواہی نہ برتیئے۔ ایک بار جب صحت بگڑ جاتی ہے تو پھر بڑی مشکل سے بنتی ہے۔ جس طرح حقیر دیمک بڑے بڑے کتب خانوں کو چاٹ کر تباہ کر ڈالتی ہے۔ اسی طرح صحت کے معاملے میں معمولی سی غفلت اور حقیر بیماری زندگی کو تباہ کر ڈالتی ہے۔ صحت کے تقاضوں سے غفلت برتنا اور اس کی حفاظت میں کوتاہی کرنا بے حسی بھی ہے اور خدا کی ناشکری بھی۔

انسانی زندگی کا اصل جوہر عقل و اخلاق اور ایمان و شعور ہے، اور عقل و اخلاق اور ایمان و شعور کی صحت کا دار و مدار بھی بڑی حد تک جسمانی صحت پر ہے عقل و دماغ کی نشوونما، فضائلِ اخلاق کے تقاضے، اور دینی فرائض کو ادا کرنے کے لئے جسمانی صحت بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔ کمزور اور مریض جسم میں عقل و دماغ بھی کمزور ہوتے ہیں۔ اور ان کی کارگزاری بھی نہایت ہی حوصلہ شکن۔ اور جب زندگی امنگوں، ولولوں اور حوصلوں سے محروم ہو، اور ارادے کمزور ہوں، جذبات سرد اور مضمحل ہوں تو ایسی بے رونق زندگی، جسمِ ناتواں کے لئے وبالِ جان بن جاتی ہے۔

زندگی میں مومن کو جو اعلیٰ کارنامے انجام دینا ہیں اور خلافت کی جس عظیم ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ جسم میں جان ہو، عقل و دماغ میں قوت ہو، ارادوں میں مضبوطی ہو، حوصلوں میں بلندی ہو، اور زندگی ولولوں،

اُمنگوں، اور اعلیٰ جذبات سے بھرپور ہو۔ صحت مند اور زندہ دل افراد سے ہی زندہ قومیں بنتی ہیں اور ایسی ہی قومیں کارگاہِ حیات میں اعلیٰ قربانیاں پیش کرکے اپنا مقام پیدا کرتی ہیں اور زندگی کی قدر و عظمت سمجھاتی ہیں۔

۲۔ ہمیشہ خوش و خرم، ہشاش بشاش اور چاق و چوبند رہیے۔ خوش باشی، خوش اخلاقی مسکراہٹ اور زندہ دلی سے زندگی کو آراستہ، پُرکشش اور صحت مند رکھیئے، غم، غصہ، رنج و فکر، حسد، جلن، بدخواہی، تنگ نظری، مردہ دلی اور دماغی الجھنوں سے دُور رہیئے۔ یہ اخلاقی بیماریاں اور ذہنی الجھنیں معدے کو بری طرح متاثر کرتی ہیں اور معدے کا فساد صحت کا بدترین دشمن ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "سیدھے سادے رہو، میانہ روی اختیار کرو اور ہشاش بشاش رہو" (مشکوٰۃ)

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھے شخص کو دیکھا کہ وہ اپنے دو بیٹوں کا سہارا لئے ہوئے اُن کے بیچ میں گھسٹتے ہوئے جا رہا ہے۔ آپ نے پوچھا اس بوڑھے کو کیا ہو گیا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ اس نے بیت اللہ تک پیدل جانے کی نذر مانی تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "خدا اس سے بے نیاز ہے کہ یہ بوڑھا خود کو عذاب میں مبتلا کرے" اور اس بوڑھے کو حکم دیا کہ "سوار ہو کر اپنا سفر پورا کرو"

حضرت عمرؓ نے ایک بار ایک جوان آدمی کو دیکھا کہ مریل چال چل رہا ہے۔ آپؓ نے اس کو روکا اور پوچھا "تمہیں کیا بیماری ہے؟" اس نے کہا "کوئی بیماری نہیں ہے" آپؓ نے اپنا دُرّہ اُٹھایا اور اُس کو دھمکاتے ہوئے کہا "راستہ پہ پوری قوت کے ساتھ چلو"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب راستے پر چلتے تو نہایت جمے ہوئے قدم رکھتے اور اس طرح قوت کے ساتھ چلتے۔ کہ جیسے کسی نشیب میں اتر رہے ہوں،

حضرت عبداللہ ابن حارث رضؓ کہتے ہیں "میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مسکرانے والا کوئی شخص نہیں دیکھا" (ترمذی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو جو دعا سکھائی ہے اس کا بھی اہتمام کیجیے۔

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ ۔ (بخاری، مسلم)

"خدایا! میں اپنے کو تیری پناہ میں دیتا ہوں، پریشانی سے غم سے، بیچارگی سے، سستی اور کاہلی سے، قرض کے بوجھ سے اور اس بات کہ لوگ مجھ کو دبا کر رکھیں"

۳۔ اپنے جسم پر برداشت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالیے۔ جسمانی قوتوں کو ضائع نہ کیجیے جسمانی قوتوں کا یہ حق ہے کہ ان کی حفاظت کی جائے اور ان سے ان کی برداشت کے مطابق اعتدال کے ساتھ کام لیا جائے۔

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "اتنا ہی عمل کرو جتنا کرنے کی تمہارے اندر طاقت ہو۔ اس لئے کہ خدا نہیں اکتاتا۔ یہاں تک کہ خود تم ہی اکتا جاؤ" (بخاری)

حضرت ابو قیس رضؓ فرماتے ہیں کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایسے وقت حاضر ہوئے جب کہ نبیؐ خطبہ دے رہے تھے۔ حضرت ابو قیس دھوپ میں کھڑے

ہو گئے۔ نبی ؐ نے حکم دیا تو وہ سائے کی طرف ہٹ گئے۔ (الادب المفرد)
اور آپؐ نے اس سے بھی منع فرمایا کہ آدمی کے جسم کا کچھ حصہ دھوپ میں رہے
اور کچھ سائے میں۔

قبیلۂ باہلہ کی ایک خاتون حضرت مجیبہ رضؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک بار میرے ابا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں دین کا علم حاصل کرنے کے لئے گئے۔ اور (دین کی) کچھ اہم باتیں معلوم کر کے گھر واپس آ گئے پھر ایک سال کے بعد دوبارہ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ (تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم انہیں بالکل نہ پہچان سکے) تو انہوں نے پوچھا یا رسول اللہ! کیا آپ نے مجھے پہچانا نہیں؟ نبیؐ نے فرمایا "نہیں میں نے تو تمہیں نہیں پہچانا۔ اپنا تعارف کراؤ؟" انہوں نے کہا "میں قبیلۂ باہلہ کا ایک فرد ہوں۔ پچھلے سال بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا" تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا۔ "یہ تمہاری حالت کیا ہو رہی ہے! پچھلے سال جب آئے تھے تب تو تمہاری شکل و صورت اور حالت بڑی اچھی تھی!" انہوں نے بتایا کہ جب سے میں آپ کے پاس سے گیا ہوں۔ اس وقت سے اب تک برابر روزے رکھ رہا ہوں، صرف رات میں کھانا کھاتا ہوں۔ آپ نے فرمایا تم نے خواہ مخواہ اپنے کو عذاب میں ڈالا (اور اپنی صحت برباد کر ڈالی) پھر آپ نے ہدایت فرمائی کہ رمضان میں مہینے بھر کے روزے رکھو اور اس کے علاوہ ہر مہینے ایک روزہ رکھ لیا کرو۔" انہوں نے کہا "حضور! ایک دن سے زیادہ کی اجازت دیجئے۔ ارشاد فرمایا اچھا ہر مہینے میں دوؔ دن روزہ رکھ لیا کرو۔ انہوں نے پھر کہا حضور کچھ اور زیادہ کی اجازت دیجئے۔ آپ نے فرمایا۔ اچھا ہر مہینے میں تین دن۔" انہوں نے کہا حضور کچھ اور اضافہ فرمایئے۔" آپ نے فرمایا" اچھا ہر سال محترم مہینوں میں

روزے رکھو، اور چھوڑ دو۔ ایسا ہی ہر سال کرو۔" یہ ارشاد فرماتے ہوئے آپ نے اپنی تین انگلیوں سے اشارہ فرمایا ان کو ملایا پھر چھوڑ دیا۔ (اس سے یہ بتانا مقصود تھا کہ رجب، شوال، ذی قعدہ، اور ذالحجہ میں روزے رکھا کرو اور کسی سال ناغہ بھی کر دیا کرو) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "مومن کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنے کو ذلیل کرے۔" لوگوں نے پوچھا "مومن بھلا کیسے اپنے آپ کو ذلیل کرتا ہے؟" ارشاد فرمایا۔ "وہ اپنے آپ کو ناقابلِ برداشت آزمائش میں ڈال دیتا ہے۔" (ترمذی)

۴۔ ہمیشہ سخت کوشی، جفاکشی، محنت، مشقت اور بہادری کی زندگی گزاریئے ہر طرح کی سختیاں جھیلنے اور سخت سے سخت حالات کا مقابلہ کرنے کی عادت ڈالئے اور سخت جان بن کر سادہ اور مجاہدانہ زندگی گزارنے کا اہتمام کیجئے۔ آرام طلب، سہل انگار، نزاکت پسند، کاہل، عیش کوش، پست ہمت اور دنیا پرست نہ بنیئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت معاذ ابن جبل رضؓ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجنے لگے تو ہدایت فرمائی کہ "معاذ! اپنے کو عیش کوشی سے بچائے رکھنا۔ اس لئے کہ خدا کے بندے عیش کوش نہیں ہوتے۔" (مشکوٰۃ)

اور حضرت ابو اُمامہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"سادہ زندگی گزارنا ایمان کی علامت ہے۔" (ابوداؤد)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ سادہ اور مجاہدانہ زندگی گزارتے تھے اور ہمیشہ اپنی مجاہدانہ قوت کو محفوظ رکھنے اور بڑھانے کی کوشش فرماتے تھے۔ آپ تیرنے سے بھی دلچسپی رکھتے تھے اس لئے کہ تیرنے سے جسم کی بہترین ورزش ہوتی ہے۔ ایک بار ایک تالاب میں آپ اور آپ کے چند صحابی تیر رہے تھے۔ آپ نے تیرنے والوں

میں سے ہر ایک کی جوڑی مقرر فرمادی، کہ ہر آدمی اپنے جوڑ کی طرف تیر کر پہنچے چنانچہ آپ کے ساتھی حضرت ابوبکرؓ قرار پائے۔ آپ تیرتے ہوئے اُن تک پہنچے اور جا کر ان کی گردن پکڑ لی۔

نبیؐ کو سواری کے لئے گھوڑا بہت پسند تھا۔ آپ اپنے گھوڑے کی خود خدمت فرماتے اپنی آستین سے اس کا مُنہ پونچھتے اور صاف کرتے۔ اس کی ایال کے بالوں کو اپنی انگلیوں سے بٹتے اور فرماتے "بھلائی اس کی پیشانی سے قیامت تک کے لئے وابستہ ہے۔"

حضرت عقبہ رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیر چلانا سیکھو۔ گھوڑے پر سوار ہوا کرو۔ تیر اندازی کرنے والے مجھے گھوڑوں پر سوار ہونے والوں سے بھی زیادہ پسند ہیں اور جس نے تیر اندازی سیکھ کر چھوڑ دی اس نے خدا کی نعمت کی ناقدری کی۔" (ابوداؤد)

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس نے خطرے کے موقع پر مجاہدین کی پاسبانی کی اس کی یہ رات شبِ قدر سے زیادہ افضل ہے۔ (حاکم)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضؓ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا "میری امت پر وہ وقت آنے والا ہے جب دوسری قومیں اس پر اس طرح ٹوٹ پڑیں گی جس طرح کھانے والے دستر خوان پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ تو کسی نے پوچھا یا رسول اللہ! کیا اس زمانے میں ہماری تعداد اتنی کم ہو جائے گی کہ ہمیں نگل لینے کے لئے قومیں متحد ہو کر ہم پہ ٹوٹ پڑیں گی؟۔ ارشاد فرمایا۔ نہیں، اس وقت تمہاری تعداد کم نہ ہو گی۔ بلکہ تم بہت

بڑی تعداد میں ہو گے۔ البتہ تم سیلاب میں بہنے والے تنکوں کی طرح بے وزن ہو گے۔ تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہارا رعب نکل جائے گا اور تمہارے دلوں میں پست ہمتی گھر کر لے گی۔ اس پر ایک آدمی نے پوچھا یا رسول اللہ! یہ پست ہمتی کس وجہ سے آجائے گی؟ آپؐ نے فرمایا اس وجہ سے کہ تم دنیا سے محبت اور موت سے نفرت کرنے لگو گے۔"

حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبیؐ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"بہترین زندگی اس شخص کی زندگی ہے جو اپنے گھوڑے کی باگیں پکڑے ہوئے خدا کی راہ میں اس کو اڑاتا پھرتا ہے، جہاں کسی خطرے کی خبر سنی گھوڑے کی پیٹھ پر بیٹھ کر دوڑ گیا، قتل اور موت سے ایسا بے خوف ہے گویا اس کی تلاش میں ہے۔" (مسلم)

۵۔ خواتین بھی سخت کوشی اور محنت و مشقت کی زندگی گزاریں، گھر کا کام کاج اپنے ہاتھوں سے کریں۔ چلنے پھرنے اور تکلیف برداشت کرنے کی عادت ڈالیں، آرام طلبی، سستی اور عیش کوشی سے پرہیز کریں۔ اور اولاد کو بھی شروع سے سخت کوشی، جفاکش اور سخت جان اٹھانے کی کوشش کریں۔ گھر میں ملازم ہوں تب بھی اولاد کو بات بات میں ملازم کا سہارا لینے سے منع کریں، اور عادت ڈلوائیں کہ بچے اپنا کام خود اپنے ہاتھ سے کریں۔ صحابیہ عورتیں اپنے گھروں کا کام اپنے ہاتھ سے کرتی تھیں۔ باورچی خانے کا کام خود کرتیں۔ چکی پیستیں۔ پانی بھر کر لاتیں، کپڑے دھوتیں سیتے پرونے کا کام کرتیں اور محنت مشقت کی زندگی گزارتیں اور ضرورت پڑنے پر میدانِ جنگ میں زخمیوں کی مرہم پٹی کرنے اور پانی پلانے کا نظم بھی سنبھال لیتیں۔ اس سے خواتین کی صحت بھی بنی رہتی ہے۔ اخلاق بھی صحت مند رہتے ہیں اور بچوں پر بھی اس کے اچھے اثرات پڑتے ہیں۔ اسلام

کی نظر میں پسندیدہ بیوی وہی ہے جو گھر کے کام کاج میں مصروف رہتی ہو، اور جو شب و روز اس طرح اپنی گھریلو ذمہ داریوں میں لگی ہوئی ہو کہ اس کے چہرے بشرے سے محنت کی تھکان بھی نمایاں رہے اور باورچی خانے کی سیاہی اور دھوئیں کا ملگجا پن بھی ظاہر ہو رہا ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"میں اور ملگجے گالوں والی عورت قیامت کے دن اس طرح ہوں گے"

(آپ نے شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی کو ملاتے ہوئے بتایا)۔

۶۔ سحر خیزی کی عادت ڈالیے۔ سونے میں اعتدال کا خیال رکھیے نہ اتنا کم سوئیے کہ جسم کو پوری طرح آرام و سکون نہ مل سکے اور اعضا میں تکان اور شکستگی رہے اور نہ اتنا زیادہ سوئیے کہ سستی اور کاہلی پیدا ہو۔ رات کو جلد سونے اور صبح کو جلد اُٹھنے کی عادت ڈالیے۔

صبح اُٹھ کر خدا کی بندگی بجا لائیے۔ اور چمن یا میدان میں ٹہلنے اور تفریح کرنے کے لئے نکل جائیے۔ صبح کی تازہ ہوا صحت پر بہت اچھا اثر ڈالتی ہے۔ روزانہ اپنی جسمانی قوت کے لحاظ سے مناسب اور ہلکی پھلکی ورزش کا بھی اہتمام کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم باغ کی تفریح کو پسند فرماتے تھے اور کبھی کبھی خود بھی باغوں میں تشریف لے جاتے تھے۔ آپ نے عشاء کے بعد جاگنے اور گفتگو کرنے کی ممانعت فرمائی اور فرمایا عشاء کے بعد وہی شخص جاگ سکتا ہے جس کو کوئی دینی گفتگو کرنی ہو یا پھر گھر والوں سے ضرورت کی بات چیت کرنی ہو۔"

۷۔ ضبطِ نفس کی عادت ڈالیے۔ اپنے جذبات، خیالات، خواہشات اور شہوات پر قابو رکھیے۔ اپنے دل کو بہکنے، خیالات کو منتشر ہونے اور نگاہ کو آوارہ ہونے سے

بچائیے ۔ خواہشات کی بے راہ روی اور نظر کی آوارگی سے قلب و دماغ سکون و عافیت سے محروم ہو جاتے ہیں اور ایسے چہرے جوانی کے حسن و جمال ملاحت و کشش اور مردانہ صفات کی دلکشی سے محروم ہو جاتے ہیں اور پھر وہ زندگی کے ہر میدان میں پست ہمت، پست حوصلہ اور بزدل ثابت ہوتے ہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

آنکھوں کا زنا بدنگاہی اور زبان کا زنا بے حیائی کی گفتگو ہے۔ نفس تقاضے کرتا ہے اور شرمگاہ یا تو اس کی تصدیق کر دیتی ہے یا تکذیب ۔"

کسی حکیم و دانا نے کہا ہے۔

مسلمانو! بدکاری کے قریب نہ پھٹکو، اس میں چھ خرابیاں ہیں۔ تین خرابیاں تو دنیا کی ہیں اور تین آخرت کی۔ دنیا کی تین خرابیاں یہ ہیں کہ اس سے

○ آدمی کے چہرے کی رونق اور کشش جاتی رہتی ہے۔

○ آدمی پر فقر و افلاس کی مصیبت نازل ہوتی ہے۔

○ اور اس کی عمر کوتاہ ہو جاتی ہے۔

۸۔ نشہ آور چیزوں سے بچیے۔ نشہ آور چیزیں دماغ کو بھی متاثر کرتی ہیں اور معدے کو بھی۔ شراب تو خیر حرام ہے ہی اس کے علاوہ بھی جو نشہ لانے والی چیزیں ہیں اُن سے بھی پرہیز کیجیے۔

۹۔ ہر کام میں اعتدال اور سادگی کا لحاظ رکھیے، جسمانی محنت میں دماغی کاوش میں، ازدواجی تعلق میں، کھانے پینے میں، سونے اور آرام کرنے میں۔ فکر مند رہنے اور ہنسنے میں، تفریح میں اور عبادت میں، رفتار اور گفتار میں غرض ہر چیز میں اعتدال اختیار کیجیے

اور اس کو خیر و خوبی کا سرچشمہ تصور کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "خوشحالی میں میانہ روی کیا ہی خوب ہے۔ ناداری میں اعتدال کی روش کیا ہی بھلی ہے۔ اور عبادت میں درمیانی روش کیا ہی بہتر ہے" (مسند بزاز، کنز العمال)

۱۔ کھانا ہمیشہ وقت پر کھائیے۔ پُرخوری سے بچئے۔ ہر وقت منہ چلاتے رہنے سے پرہیز کیجیے۔ کھانا بھوک لگنے پر ہی کھائیے اور جب کچھ بھوک باقی ہو تو اُٹھ جائیے۔ بھوک سے زیادہ تو ہرگز نہ کھائیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے" (ترمذی)

صحت کا دارومدار معدے کی صحتمندی پر ہے اور زیادہ کھانے سے معدہ خراب ہوجاتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تمثیل میں اس کو یوں واضح فرمایا ہے۔

"معدہ بدن کے لئے حوض کی مانند ہے اور رگیں اس حوض سے سیراب ہونے والی ہیں پس اگر معدہ صحیح اور تندرست ہے تو رگیں بھی صحت سے سیراب لوٹیں گی اور اگر معدہ ہی خراب اور بیمار ہے تو رگیں بیماری چوس کر لوٹیں گی۔ (بیہقی)

کم خوری کی ترغیب دیتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا "ایک آدمی کا کھانا دو آدمیوں کے لئے کافی ہے"

۱۱۔ ہمیشہ سادہ کھانا کھائیے۔ بغیر چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھائیے۔ زیادہ گرم کھانا کھانے سے بھی پرہیز کیجیے۔ مسالوں، چٹخاروں اور ضرورت سے زیادہ لذت طلبی سے پرہیز کیجیے۔

ایسی غذاؤں کا اہتمام کیجیے جو زود ہضم اور سادہ ہوں اور جن سے جسم کو صحت

اور توانائی ملے۔ محض لذت طلبی اور زبان کے چٹخاروں کے پیچھے نہ پڑیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم بغیر چھنے آٹے کی روٹی پسند فرماتے۔ زیادہ پتلی اور میدے کی چپاتی پسند نہ فرماتے۔ بہت زیادہ گرم کھانا جس میں سے بھاپ نکلتی ہوتی نہ کھاتے بلکہ ٹھنڈا ہونے کا انتظار فرماتے۔ گرم کھانے کے بارے میں کبھی فرماتے کہ خدا نے ہم کو آگ نہیں کھلائی ہے اور کبھی ارشاد فرماتے گرم کھانے میں برکت نہیں ہوتی۔ آپ گوشت پسند فرماتے خاص طور پر دست، گردن اور پیٹھ کا گوشت مرغوب تھا درحقیقت جسم کو قوت بخشنے اور مجاہدانہ مزاج بنانے کے لئے گوشت ایک اہم اور لازمی غذا ہے۔ اور مومن کا سینہ ہمہ وقت مجاہدانہ جذبات سے آباد رہنا چاہیئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، "جو شخص خدا کی راہ میں جہاد کئے بغیر مر گیا اور اس کے دل میں اس کی آرزو بھی نہیں تھی وہ نفاق کی ایک کیفیت میں مرا۔" (مسلم)

۱۲۔ کھانا نہایت اطمینان و سکون کے ساتھ خوب چبا چبا کر کھائیے۔ غم، غصہ، رنج اور گھبراہٹ کی حالت میں کھانے سے پرہیز کیجیے۔ خوشی اور ذہنی سکون کی حالت میں اطمینان کے ساتھ جو کھانا کھایا جاتا ہے وہ جسم کو قوت پہنچاتا ہے اور رنج و فکر اور گھبراہٹ میں جو کھانا نگلا جاتا ہے وہ معدہ پر برا اثر ڈالتا ہے اور اس سے جسم کو خاطر خواہ قوت نہیں مل پاتی۔ دسترخوان پر نہ تو بالکل خاموش فسردہ اور غمزدہ ہو کر بیٹھیے اور نہ حد سے بڑھی ہوئی خوش طبعی کا مظاہرہ کیجیے کہ دسترخوان پر قہقہے بلند ہونے لگیں۔ کھانے کے دوران قہقہے لگانا بعض اوقات جان کے لئے خطرہ کا باعث بن جاتا ہے۔

دسترخوان پر اعتدال کے ساتھ ہنستے بولتے رہیئے، خوشی اور نشاط کے ساتھ کھانا

کھائیے اور خدا کی دی ہوئی نعمتوں پر اس کا شکر ادا کیجیے اور جب بیمار ہوں تو پرہیز بھی پورے اہتمام سے کیجیے۔

اُمِّ منذرؓ کہتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے یہاں تشریف لائے ہمارے یہاں کھجور کے خوشے لٹک رہے تھے۔ حضورؐ ان میں سے تناول فرمانے لگے حضرت علیؓ بھی آپ کے ہمراہ تھے وہ بھی نوش فرمانے لگے۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو روک دیا، کہ تم ابھی بیماری سے اُٹھے ہو تم مت کھاؤ۔ چنانچہ حضرت علیؓ رُک گئے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھاتے رہے، اُمِّ منذر کہتی ہیں کہ پھر میں نے تھوڑے سے جَو اور چقندر لے کر پکائے تبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا۔ علی! یہ کھاؤ یہ تمہارے لئے مناسب کھانا ہے۔ (شمائل ترمذی)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دسترخوان پر جب کوئی مہمان ہوتا تو آپؐ بار بار اس سے فرماتے جاتے، کھائیے، اور کھائیے، جب مہمان خوب سیر ہو جاتا اور بے حد انکار کرتا تب آپ اپنے اصرار سے باز آتے۔

یعنی آپؐ نہایت خوشگوار فضا اور خوشی کے ماحول میں مناسب گفتگو کرتے ہوئے کھانا تناول فرماتے۔

۱۳۔ دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد تھوڑی دیر قیلولہ کیجیے اور رات کا کھانا کھانے کے بعد تھوڑی دیر چہل قدمی کیجیے اور کھانا کھانے کے بعد فوراً کوئی سخت قسم کا دماغی یا جسمانی کام ہرگز نہ کیجیے۔ عربی کا مشہور مقولہ ہے تَغَدَّ تَمَدَّ تَعَشَّ تَمَشَّ۔ دوپہر کا کھانا کھاؤ تو دراز ہو جاؤ رات کا کھانا کھاؤ تو چہل قدمی کرو۔"

۱۴۔ آنکھوں کی حفاظت کا پورا اہتمام کیجیے۔ تیز روشنی سے آنکھیں نہ لڑائیے۔

سورج کی طرف نگاہ جما کر نہ دیکھیے۔ زیادہ مدھم یا زیادہ تیز روشنی میں نہ پڑھیے۔ ہمیشہ صاف اور معتدل روشنی میں مطالعہ کیجیے۔ زیادہ جاگنے سے بھی پرہیز کیجیے۔ دھول غبار سے آنکھوں کو بچائیے۔ آنکھوں میں سرمہ لگائیے اور ہمیشہ آنکھیں صاف رکھنے کی کوشش کیجیے۔ کھیتوں، باغوں اور سبزہ زاروں میں سیر و تفریح کیجیے۔ سبزہ دیکھنے سے نگاہوں پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ آنکھوں کو بدنگاہی سے بھی بچائیے۔ اس سے آنکھیں بے رونق ہو جاتی ہیں اور صحت پر بھی بُرا اثر پڑتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تمہاری آنکھوں کا بھی تم پر حق ہے" مومن کا فرض ہے کہ وہ خدا کی اس نعمت کی قدر کرے۔ اس کو خدا کی مرضی کے مطابق استعمال کرے، اسکی حفاظت اور صفائی کا اہتمام رکھے۔ وہ ساری تدبیریں اختیار کرے جن سے آنکھوں کو فائدہ پہنچتا ہو۔ اور ان باتوں سے بچا رہے جن سے آنکھوں کو نقصان پہنچتا ہو۔ اسی طرح جسم کے دوسرے اعضا اور قویٰ کی حفاظت کا بھی خیال رکھیے۔ نبی ؐ کا ارشاد ہے۔ "لوگو! آنکھوں میں سرمہ لگایا کرو۔ سرمہ آنکھ کے میل کو دُور کرتا ہے اور بالوں کو اُگاتا ہے۔ (ترمذی)

۱۵- دانتوں کی صفائی اور حفاظت کا اہتمام کیجیے۔ دانتوں کے صاف رکھنے سے فرحت حاصل ہوتی ہے اور ہاضمے پر اچھا اثر پڑتا ہے اور دانت مضبوط بھی رہتے ہیں۔ مسواک کی عادت ڈالیے، منجن وغیرہ کا بھی استعمال رکھیے، پان یا تمباکو وغیرہ کی کثرت سے دانتوں کو خراب نہ کیجیے۔ کھانے کے بعد بھی دانتوں کو اچھی طرح صاف کر لیا کیجیے۔

دانت گندے رہنے سے طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اسی لئے نبی ؐ

صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ جب نیند سے بیدار ہوتے تو مسواک سے اپنا منہ صاف فرماتے۔ (متفق علیہ)

حضرت عائشہ رض کہتی ہیں کہ "ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وضو کا پانی اور مسواک تیار رکھتے تھے جس وقت بھی خدا کا حکم ہوتا آپ اٹھ بیٹھتے تھے اور مسواک کرتے تھے۔ پھر وضو کر کے نماز ادا فرماتے تھے۔ (مسلم)

حضرت انس رض کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم لوگوں کو مسواک کرنے کے بارے میں بہت تاکید کر چکا ہوں۔ (بخاری)

حضرت عائشہ رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "مسواک منہ کو صاف کرنے والی اور خدا کو راضی کرنے والی ہے۔ (النسائی)

آپؐ کا ارشاد ہے "اگر میں اپنی امت کے لئے شاق نہ سمجھتا تو میں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔ (ابو داؤد)

ایک بار آپ سے ملنے کے لئے کچھ مسلمان خدمت میں حاضر ہوئے کے دانت صاف نہ ہونے کی وجہ سے پیلے ہو رہے تھے۔ آپؐ کی نظر پڑی فرمایا تمہارے دانت پیلے پیلے کیوں نظر آرہے ہیں؟ مسواک کیا کرو (مسند احمد)

۱۶۔ بول و براز کی حاجت ہو تو فوراً حاجت پوری کیجئے۔ اِن ضرورتوں کو روکنے سے معدے اور دماغ پر نہایت بُرے اثرات پڑتے ہیں۔

۱۷۔ پاکی، طہارت اور نظافت کا پورا پورا اہتمام کیجئے۔ قرآن حکیم میں ہے "(خدا) ان لوگوں کو اپنا محبوب بناتا ہے جو بہت زیادہ پاک و صاف رہتے ہیں" (التوبہ)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "صفائی اور پاکیزگی آدھا ایمان ہے"
صفائی اور پاکیزگی کی اسی اہمیت کے پیش نظر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طہارت کے تفصیلی احکام دیئے ہیں اور ہر معاملے میں طہارت و نظافت کی تاکید کی ہے۔ کھانے پینے کی چیزوں کو ڈھانپ کر رکھیئے۔ انہیں گندہ ہونے سے بچائیے اور مکھیوں سے حفاظت کیجیئے۔ برتنوں کو صاف ستھرا رکھیئے۔ لباس اور لیٹنے بیٹھنے کے بستروں کو پاک صاف رکھیئے، اٹھنے بیٹھنے کی جگہوں صاف ستھرا رکھیئے۔ جسم کی صفائی کے لئے وضو اور غسل کا اہتمام کیجیئے۔ جسم اور لباس اور ضرورت کی ساری چیزوں کی صفائی اور پاکیزگی سے روح کو بھی سرور و نشاط حاصل ہوتا ہے اور جسم کو بھی فرحت اور تازگی ملتی ہے اور بحیثیت مجموعی انسانی صحت پر اس کا نہایت ہی خوشگوار اثر پڑتا ہے۔

حضرت عدی ابن حاتم رض فرماتے ہیں جب سے میں اسلام لایا ہوں ہر نماز کے لئے باوضو رہتا ہوں۔

ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ سے پوچھا کل تم مجھ سے پہلے جنت میں کیسے داخل ہوگئے؟ بولے یا رسول اللہ! میں جب کبھی اذان کہتا ہوں تو دو رکعت نماز ضرور پڑھ لیتا ہوں اور جس وقت بھی وضو ٹوٹتا ہے فوراً نیا وضو کرکے ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کرتا ہوں۔

حضرت ابوہریرہ رض کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہر مسلمان پر خدا کا یہ حق ہے کہ ہر ہفتے میں ایک دن غسل کیا کرے اور اپنے سر اور بدن کو دھویا کرے" (بخاری)

لباس کے آداب

۱۔ لباس ایسا پہنئے جو شرم و حیا، غیرت و شرافت اور جسم کی ستر پوشی اور حفاظت کے تقاضوں کو پورا کرے اور جس سے تہذیب و سلیقہ اور زینت و جمال کا اظہار ہو۔
قرآن پاک میں خدا تعالیٰ نے اپنی اس نعمت کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ط

(الاعراف)

"اے اولاد آدم! ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے کہ تمہارے جسم کے قابل شرم حصوں کو ڈھانکے اور تمہارے لئے زینت اور حفاظت کا ذریعہ بھی ہو"

ریش دراصل پرندے کے پروں کو کہتے ہیں۔ پرندے کے پر اس کے لئے حسن و جمال کا بھی ذریعہ ہیں اور جسم کی حفاظت کا بھی۔ عام استعمال میں ریش کا لفظ جمال و زینت اور عمدہ لباس کے لئے بولا جاتا ہے۔

لباس کا مقصد زینت و آرائش اور موسمی اثرات سے حفاظت بھی ہے لیکن اولین مقصد قابل شرم حصوں کی ستر پوشی ہے۔ خدا نے شرم و حیا انسان کی فطرت میں پیدا فرمائی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام سے جنت کا لباس فاخرہ اتروا لیا گیا تو وہ جنت کے درختوں کے پتوں سے اپنے

جسموں کو ڈھانپنے لگے۔ اس لئے لباس میں اس مقصد کو سب سے مقدم سمجھئے اور ایسا لباس منتخب کیجئے جس سے ستر پوشی کا مقصد بخوبی پورا ہو سکے۔ ساتھ ہی اس کا بھی اہتمام رہے کہ لباس موسمی اثرات سے جسم کی حفاظت کرنے والا بھی ہو، اور ایسا سلیقے کا لباس ہو جو زینت و جمال اور تہذیب کا بھی ذریعہ ہو۔ ایسا نہ ہو کہ اُسے پہن کر آپ کوئی عجوبہ یا کھلونا بن جائیں اور لوگوں کے لئے ہنسی اور دل لگی کا موضوع مہیا ہو جائے۔

۲۔ لباس پہنتے وقت یہ سوچئے کہ یہ وہ نعمت ہے جس سے خدا نے صرف انسان کو نوازا ہے۔ دوسری مخلوقات اس سے محروم ہیں اس امتیازی بخشش و انعام پر خدا کا شکر ادا کیجئے اور اس امتیازی انعام سے سرفراز ہو کر کبھی خدا کی ناشکری اور نافرمانی کا عمل نہ کیجئے لباس خدا کی ایک زبردست نشانی ہے۔ لباس پہنیں تو اس احساس کو تازہ کیجئے اور جذباتِ شکر کا اظہار اس دعا کے الفاظ میں کیجئے جو نبی ﷺ نے مومنوں کو سکھائی ہے۔

۳۔ بہترین لباس تقویٰ کا لباس ہے۔ تقویٰ کے لباس سے باطنی پاکیزگی بھی مراد ہے اور ظاہری پرہیزگاری کا لباس بھی یعنی ایسا لباس پہنیئے جو شریعت کی نظر میں پرہیزگاروں کا لباس ہو، جس سے کبر و غرور کا اظہار نہ ہو، جو نہ عورتوں کے لئے مردوں سے مشابہت کا ذریعہ ہو اور نہ مردوں کے لئے عورتوں سے مشابہت کا۔ ایسا لباس پہنیئے جس کو دیکھ کر محسوس ہو سکے کہ لباس پہننے والا کوئی خدا ترس اور بھلا انسان ہے اور عورتیں لباس میں ان حدود کا لحاظ کریں جو شریعت نے ان کے لئے مقرر کی ہیں اور مرد ان حدود کا لحاظ کریں جو شریعت نے ان کے لئے مقرر کی ہیں۔

۴۔ نیا لباس پہنیں تو کپڑے کا نام لے کر خوشی کا اظہار کیجئے کہ خدا نے اپنے فضل و کرم سے یہ کپڑا عنایت فرمایا۔ اور شکر کے جذبات سے سرشار ہو کر نیا لباس پہننے کی وہ دعا پڑھئے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے۔

حضرت ابوسعید خدری رضؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا، کپڑا، عمامہ، کرتا یا چادر پہنتے تو اس کا نام لے کر فرماتے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ کَسَوْتَنِیْہِ، اَسْئَلُکَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ۔ (ابوداؤد)

"خدایا تیرا شکر ہے تو نے مجھے یہ لباس پہنایا۔ میں تجھ سے اس کے خیر کا خواہاں ہوں اور میں اپنے آپ کو تیری پناہ میں دیتا ہوں، اس لباس کی برائی سے اور اس کے مقصد کے اس بُرے پہلو سے جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے۔"

دعا کا مطلب یہ ہے کہ خدایا تو مجھے توفیق دے کہ میں تیرا بخشا ہوا یہ لباس انہی مقاصد کے لئے استعمال کروں جو تیرے نزدیک پاکیزہ مقاصد ہیں۔ مجھے توفیق دے کہ میں اس سے اپنی ستر پوشی کر سکوں، اور بے شرمی، بے حیائی کی باتوں سے اپنے ظاہر و باطن کو محفوظ رکھ سکوں، اور شریعت کے حدود میں رہتے ہوئے میں اس کے ذریعے اپنے جسم کی حفاظت کر سکوں، اور اس کو زینت و جمال کا ذریعہ بنا سکوں، کپڑے پہن کر نہ تو دوسروں پر اپنی بڑائی جتاؤں، نہ غرور اور تکبر کروں، اور نہ تیری اس نعمت کو استعمال کرنے میں شریعت کی ان حدود کو توڑوں جو تو نے اپنے بندوں اور بندیوں کے لئے مقرر فرمائی ہیں۔

حضرت عمر رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جو شخص نئے کپڑے پہنے اگر وہ گنجائش رکھتا ہو تو اپنے پرانے کپڑے کسی غریب کو خیرات میں دیدے۔ اور نئے کپڑے پہنتے وقت یہ دعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ۔

"ساری تعریف اور حمد اس خدا کے لئے ہے جس نے مجھے یہ کپڑے پہنائے، جس سے میں اپنی ستر پوشی کرتا ہوں، اور جو اس زندگی میں میرے لئے حسن و جمال کا بھی ذریعہ ہے"

جو شخص بھی نیا لباس پہنتے وقت یہ دعا پڑھے گا۔ خدا تعالیٰ اس کو زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی اپنی حفاظت اور نگرانی میں رکھے گا" (ترمذی)

۵۔ کپڑے پہنتے وقت سیدھی جانب کا خیال رکھیے قمیص، کرتہ، شیروانی اور کوٹ وغیرہ پہنیں تو پہلے سیدھی آستین پہنیئے اور اسی طرح پائجامہ وغیرہ پہنیں تو پہلے سیدھے پیر میں پائنچہ ڈالیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب قمیص پہنتے تو پہلے سیدھا ہاتھ سیدھی آستین میں ڈالتے۔ اور پھر اُلٹا ہاتھ اُلٹی آستین میں ڈالتے۔ اسی طرح جب آپ جُوتا پہنتے تو پہلے سیدھا پاؤں سیدھے جُوتے میں ڈالتے پھر اُلٹا پاؤں اُلٹے جوتے میں میں ڈالتے اور جوتا اتارتے وقت پہلے الٹا پاؤں جوتے سے نکالتے پھر سیدھا پاؤں نکالتے۔

۶۔ کپڑے پہننے سے پہلے ضرور جھاڑ لیجیے۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں کوئی موذی جانور ہو اور خدا نخواستہ کوئی ایذا پہنچائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار ایک جنگل میں اپنے موزے پہن رہے تھے۔ پہلا موزہ پہننے کے بعد جب آپ نے دوسرا موزہ پہننے کا ارادہ فرمایا۔

تو کوا جھپٹا اور وہ موزہ اٹھا کر اُڑ گیا۔ اور کافی اوپر لے جا کر اُسے چھوڑ دیا۔ موزہ جب اونچائی سے نیچے گرا تو گرنے کی چوٹ سے اس میں سے ایک سانپ دور جا پڑا۔ یہ دیکھ کر آپؐ نے خدا کا شکر ادا کیا اور ارشاد فرمایا "ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ جب موزہ پہننے کا ارادہ کرے تو اس کو جھاڑ لیا کرے۔" (طبرانی)

۷۔ لباس سفید پہنئے سفید لباس مردوں کے لئے زیادہ پسندیدہ ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "سفید کپڑے پہنا کرو۔ یہ بہترین لباس ہے۔ سفید کپڑا ہی زندگی میں پہننا چاہیئے اور سفید ہی کپڑے میں مُردوں کو دفن کرنا چاہیئے۔" (ترمذی)

ایک اور موقع پر آپؐ نے ارشاد فرمایا "سفید کپڑے پہنا کرو۔ اس لئے کہ سفید کپڑا زیادہ صاف ستھرا رہتا ہے اور اسی میں اپنے مُردوں کو کفنایا کرو۔"

زیادہ صاف ستھرا رہنے سے مراد یہ ہے کہ اگر اس پر ذرا سا داغ دھبہ بھی لگے تو فوراً محسوس ہو جائیگا۔ اور آدمی فوراً دھو کر صاف کر لے گا اور اگر کوئی رنگین کپڑا ہوگا تو اس پر داغ دھبہ جلد نظر نہ آسکے گا اور جلد دھونے کی طرف توجہ نہ ہو سکے گی۔

صحیح بخاری میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سفید لباس پہنا کرتے تھے یعنی آپؐ نے خود بھی سفید لباس پسند کیا اور امت کے مردوں کو بھی اسی کے پہننے کی ترغیب دی۔

۸۔ پائجامہ اور لنگی وغیرہ ٹخنوں سے اونچا رکھیئے۔ جو لوگ غرور و تکبر میں اپنا پائجامہ اور لنگی وغیرہ لٹکا لیتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں وہ ناکام اور نامراد لوگ ہیں اور سخت عذاب کے مستحق ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "تین قسم کے لوگ ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ قیامت کے دن نہ تو ان سے بات کرے گا نہ ان کی طرف نظر فرمائیگا اور نہ ان کو پاک و صاف کر کے جنت میں داخل کرے گا۔ بلکہ ان کو انتہائی دردناک عذاب دے گا، حضرت ابو ذر غفاری رضی

نے پوچھا۔ کہ یا رسول اللہ یہ ناکام و نامراد لوگ کون ہیں؟

ارشاد فرمایا۔

"ایک وہ جو غرور اور تکبر میں اپنا تہبند ٹخنوں سے نیچے لٹکاتا ہے۔

دوسرا وہ شخص ہے جو احسان جتاتا ہے۔

اور تیسرا وہ شخص ہے جو جھوٹی قسموں کے سہارے اپنی تجارت کو چمکانا چاہتا ہے۔ (مسلم)

"حضرت عبید ابن خالدؓ اپنا ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں" میں ایک بار مدینہ منورہ میں جا رہا تھا کہ میں نے اپنے پیچھے سے یہ کہتے سنا" اپنا تہبند اوپر اٹھا لو ـــــ کہ اس سے آدمی ظاہری نجاست سے بھی محفوظ رہتا ہے اور باطنی نجاست سے بھی"۔ میں نے گردن پھیر کر جو دیکھا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ میں نے عرض کیا" یا رسول اللہ! یہ تو ایک معمولی سی چادر ہے۔ بھلا اس میں کیا تکبر اور غرور ہو سکتا ہے؟" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" کیا تمہارے لئے میری اتباع ضروری نہیں ہے" میں نے نبیؐ کے الفاظ سنے تو فوراً میری نگاہ آپؐ کے تہبند پر پڑی میں نے دیکھا کہ آپ کی تہبند نصف پنڈلی تک اونچی ہے"۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ" ٹخنوں سے اونچا پاجامہ اور لنگی وغیرہ رکھنے سے آدمی ہر طرح کی ظاہری اور باطنی نجاستوں سے محفوظ ہو جاتا ہے" بڑا ہی معنی خیز ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جب کپڑا نیچے لٹکے گا تو راستے کی گندگی سے میلا اور خراب ہو گا۔ پاک صاف نہ رہ سکے گا اور یہ بات ذوقِ طہارت و نظافت پر نہایت گراں ہے۔ پھر ایسا کرنا کبر و غرور کی وجہ سے ہوتا ہے اور کبر و غرور باطنی گندگی ہے اور اگر یہ مصلحتیں نہ

بھی ہوں تو مومن کے لیئے تو یہ فرمان ہی سب کچھ ہے کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں تمہارے لیئے بہترین نمونہ ہے۔" (القرآن)

اور ابوداؤد کی حدیث میں تو آپ نے اس کی بڑی ہی لرزہ خیز سزا بیان فرمائی ہے۔

آپ نے فرمایا۔

"مومن کا تہبند آدھی پنڈلی تک ہونا چاہیئے اور اس کے نیچے ٹخنوں تک ہونے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں لیکن ٹخنوں سے نیچے تہبند کا جتنا حصہ لٹکے گا وہ آگ میں جلے گا۔ اور جو شخص غرور اور گھمنڈ میں اپنے کپڑے کو ٹخنے سے نیچے لٹکائے گا۔ قیامت کے دن خدا اس کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھے گا۔"

۹۔ ریشمی کپڑا نہ پہنیئے یہ عورتوں کا لباس ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو عورتوں کا سا لباس پہننے اور ان کی سی شکل و صورت بنانے سے سختی کے ساتھ منع فرمایا ہے۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"ریشمی لباس نہ پہنو کہ جو اس کو دنیا میں پہنے گا وہ آخرت میں اس کو نہ پہن سکے گا۔" (بخاری، مسلم)

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا۔

"اس ریشمی کپڑے[1] کو پھاڑ کر اور اسکے دوپٹے بنا کر ان فاطماؤں[2] میں تقسیم کر دو۔" (مسلم)

---

[1] یہ کپڑا آپ کو اکیدر، دومہ کے حکمران نے تحفے میں بھیجا تھا۔

[2] فاطماؤں سے مراد یہ تین قابلِ احترام خواتین ہیں۔

(۱) فاطمہ زہراؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری بیٹی اور حضرت علیؓ کی زوجۂ محترمہ۔

(۲) فاطمہؓ بنت اسد، حضرت علیؓ کی والدہ محترمہ۔

(۳) فاطمہؓ بنت حمزہؓ ... امیر حمزہؓ عم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خواتین کے لئے ریشمی کپڑا پہننا پسندیدہ ہے اسی لئے آپ نے حکم دیا کہ خواتین کے دوپٹے بنا دو ورنہ کپڑا اگر دوسرے کاموں میں بھی آسکتا ہے۔

۱۰۔ عورتیں ایسے باریک کپڑے نہ پہنیں جس میں سے بدن جھلکے۔ اور نہ ایسا چست لباس پہنیں جس میں سے بدن کی ساخت اور زیادہ پرکشش ہو کر نمایاں ہو، اور وہ کپڑے پہن کر بھی ننگی نظر آئیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی آبرو باختہ عورتوں کو عبرتناک انجام کی خبر دی ہے۔

"وہ عورتیں جہنمی ہیں جو کپڑے پہن کر بھی ننگی رہتی ہیں دوسروں کو رجھاتی ہیں اور خود وہ دوسروں پر ریجھتی ہیں۔ ان کے سر ناز سے بختی اونٹوں کے کوہانوں کی طرح ٹیڑھے ہیں یہ عورتیں نہ جنت میں جائیں گی اور نہ جنت کی خوشبو پائیں گی۔ حالانکہ جنت کی خوشبو بہت دور سے آتی ہے۔ (ریاض الصالحین)

ایک بار حضرت اسماءؓ باریک کپڑے پہنے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں وہ سامنے آئیں تو آپ نے فوراً منہ پھیر لیا اور فرمایا۔

"اسماءؓ! جب عورت جوان ہو جائے تو اس کے لئے جائز نہیں ہے کہ منہ اور ہاتھ کے علاوہ اس کے جسم کا کوئی حصہ نظر آئے۔"

۱۱۔ تہبند اور پاجامہ وغیرہ پہننے کے بعد بھی ایسے انداز سے لیٹنے اور بیٹھنے سے بچئے جس میں بدن کھل جانے یا نمایاں ہو جانے کا اندیشہ ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "ایک جوتا پہن کر نہ چلا کرو۔ اور تہبند میں ایک زانو اُٹھا کر اکڑوں نہ بیٹھو۔ اور بائیں ہاتھ سے نہ کھاؤ۔ اور چادر پورے بدن پر اس انداز سے نہ لپیٹو کہ کام کاج کرنے یا نماز وغیرہ پڑھنے میں ہاتھ نہ نکل سکیں۔ اور نہ چت لیٹ کر ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھو" (کہ اس طرح بھی ستر پوشی میں بے احتیاطی کا اندیشہ ہے۔)

۱۲۔ لباس میں عورتیں اور مرد ایک دوسرے کا سا رنگ ڈھنگ نہ اختیار کریں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "کہ خدا نے ان مردوں پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں کا سا رنگ ڈھنگ اختیار کریں اور ان عورتوں پر بھی لعنت فرمائی ہے جو مردوں کا سا رنگ ڈھنگ اختیار کریں" (بخاری)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں کا سا لباس پہنے۔ اور اس عورت پر لعنت فرمائی ہے جو مرد کا سا لباس پہنے" (ابوداؤد)

ایک بار حضرت عائشہؓ سے کسی نے ذکر کیا کہ ایک عورت ہے جو مردوں کے سے جوتے پہنتی ہے" تو آپ نے فرمایا" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے جو مرد بننے کی کوشش کرتی ہیں"

۱۳۔ خواتین دوپٹہ اوڑھے رہنے کا اہتمام رکھیں اور اس سے اپنے سر اور سینے کو چھپائے رکھیں۔ دوپٹہ ایسا باریک نہ اوڑھیں جس سے سر کے بال نظر آئیں۔ دوپٹے کا مقصد ہی یہ ہے کہ اس سے زینت کو چھپایا جائے۔ قرآن پاک میں خدا تعالےٰ کا ارشاد ہے۔

وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوبِهِنَّ ۔ (النور ۳۱)

"اور اپنے سینوں پر اپنے دوپٹوں کے آنچل ڈالے رہیں"

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مصر کی بنی ہوئی باریک ململ آئی۔ آپؐ نے اس میں سے کچھ حصہ پھاڑ کر دحیہ کلبی کو دیا اور فرمایا اس میں سے ایک حصہ پھاڑ کر تم اپنا کرتہ بنا لو۔ اور ایک حصہ اپنی بیوی کو دوپٹہ بنانے کے لیئے دے دو مگر ان

سے کہہ دینا کہ اس کے نیچے ایک اور کپڑا لگا لیں تاکہ جسم کی ساخت اندر سے نہ جھلکے۔ (ابوداؤد)۔

کتاب و سنت کی اس صریح ہدایت کو پیش نظر رکھ کر احکام الٰہی کے مقصد کو پورا کیجئے اور چار گرہ کی پٹی کو گلے کا ہار بنا کر خدا اور رسول کے احکام کا مذاق نہ اڑائیے۔

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ "جب یہ حکم نازل ہوا تو عورتوں نے باریک کپڑے چھوڑ کر موٹے کپڑے چھانٹے اور ان کے دوپٹے بنائے" (ابوداؤد)

۱۴۔ لباس ہمیشہ اپنی وسعت اور حیثیت کے مطابق پہنیے۔ نہ ایسا لباس پہنئے جس سے فخر و نمائش کا اظہار ہو اور آپ دوسروں کو حقیر سمجھ کر اترائیں اور اپنی دولتمندی کی بے جا نمائش کریں اور نہ ایسا لباس پہنئے جو آپ کی وسعت سے زیادہ قیمتی ہو اور آپ فضول خرچی کے گناہ میں مبتلا ہوں، اور نہ ایسے شکستہ حال بنے رہیں کہ ہر وقت آپ کی صورت سوال بنی رہے اور سب کچھ ہونے کے باوجود آپ محروم نظر آئیں۔ بلکہ ہمیشہ اپنی وسعت و حیثیت کے لحاظ سے موزوں باسلیقہ اور صاف ستھرے کپڑے پہنئے۔

بعض لوگ پھٹے پرانے اور پیوند لگے کپڑے پہن کر شکستہ حال بنے رہتے ہیں اور اس کو دینداری سمجھتے ہیں اتنا ہی نہیں بلکہ وہ ان لوگوں کو دنیادار سمجھتے ہیں جو صاف ستھرے سلیقے کے کپڑے پہنتے ہیں حالانکہ دینداری کا یہ تصور سراسر غلط ہے حضرت ابوالحسن علی شاذلی رحؒ ایک بار نہایت ہی عمدہ لباس پہنے ہوئے تھے۔ کسی شکستہ حال صوفی نے ان کے اس ٹھاٹ باٹ پر اعتراض کیا۔ کہ بھلا اللہ والوں کو ایسا بیش بہا لباس پہننے کی کیا ضرورت؟ حضرت شاذلی رحؒ نے جواب دیا "بھائی یہ شان و شوکت عظمت و شان والے خدا کی حمد و شکر کا اظہار ہے اور تمہاری یہ شکستہ حالی صورت

سوال ہے تم زبانِ حال سے بندوں سے سوال کر رہے ہو" دراصل دینداری کا انحصار نہ پھٹے پرانے پیوند لگے گھٹیا کپڑے پہننے پر ہے اور نہ لباس فاخرہ پہننے پر دینداری کا دار و مدار آدمی کی نیت اور صحیح فکر پر ہے صحیح بات یہ ہے کہ آدمی ہر معاملہ میں اپنی وسعت اور حیثیت کا لحاظ کرتے ہوئے اعتدال اور توازن کی روش رکھے۔ نہ شکستہ صورت بنا کر نفس کو موٹا ہونے کا موقع دے۔ اور نہ زرق برق لباس پہن کر فخر و غرور دکھائے۔

حضرت ابوالاحوص رحمہ کے والد اپنا ایک واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت میرے جسم پر نہایت ہی گھٹیا اور معمولی کپڑے تھے۔ آپ نے پوچھا کیا تمہارے پاس مال و دولت ہے؟ میں نے کہا جی ہاں، دریافت فرمایا کس طرح کا مال ہے؟ میں نے کہا خدا نے مجھے ہر قسم کا مال دے رکھا ہے اونٹ بھی ہیں گائیں بھی ہیں بکریاں بھی ہیں گھوڑے بھی ہیں اور غلام بھی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ جب خدا نے تمہیں مال و دولت سے نواز رکھا ہے تو اس کے فضل و احسان کا اثر تمہارے جسم پر ظاہر ہونا چاہیئے۔ (مشکوٰۃ)

مطلب یہ ہے کہ جب خدا نے تمہیں سب کچھ دے رکھا ہے تو پھر تم نے ناداروں اور فقیروں کی طرح اپنا حلیہ کیوں بنا رکھا ہے؟ ـــــ یہ تو خدا کی ناشکری ہے۔

حضرت جابر رضہ کا بیان ہے کہ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم ملاقات کی غرض سے ہمارے یہاں تشریف لائے۔ تو آپ نے ایک آدمی کو دیکھا جو گرد و غبار میں اٹا ہوا تھا۔ اور اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا۔ کیا اس آدمی کے پاس کوئی کنگھا نہیں ہے جس سے یہ اپنے بالوں کو درست کر لیتا؟ اور آپ نے ایک دوسرے آدمی کو دیکھا جس نے میلے کپڑے پہن رکھے تھے۔ آپ نے فرمایا۔ کیا اس آدمی کے پاس وہ

چیز (یعنی صابون وغیرہ) نہیں ہے جس سے یہ اپنے کپڑے دھو لیتا" (مشکوٰۃ)

ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا یا رسول اللہ! میں چاہتا ہوں کہ میرا لباس نہایت عمدہ ہو۔ سر میں تیل لگا ہوا ہو، جوتے بھی نفیس ہوں، اسی طرح اس نے بہت سی چیزوں کا ذکر کیا۔ یہاں تک کہ اس نے کہا میرا جی چاہتا ہے کہ میرا کوڑا بھی نہایت عمدہ ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کی گفتگو سنتے رہے پھر فرمایا "یہ ساری ہی باتیں پسندیدہ ہیں اور خدا اس لطیف ذوق کو اچھی نظر سے دیکھتا ہے" (مستدرک حاکم)

حضرت عبداللہ ابن عمر رض فرماتے ہیں "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ یا رسول اللہ! کیا یہ تکبر اور غرور ہے کہ میں نفیس اور عمدہ کپڑے پہنوں، آپؐ نے ارشاد فرمایا نہیں، بلکہ یہ تو خوبصورتی ہے اور خدا اس خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے۔ (ابن ماجہ)

اور حضرت عبداللہ ابن عمر ہی کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز میں دونوں کپڑے پہن لیا کرو (یعنی پورے لباس سے آراستہ ہو جایا کرو) خدا زیادہ مستحق ہے کہ اس کی حضوری میں آدمی اچھی طرح بن سنور کر جائے" (مشکوٰۃ)

حضرت عبداللہ ابن مسعود رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کے دل میں ذرہ بھر بھی غرور ہو گا وہ جنت میں نہ جائے گا۔ ایک شخص نے کہا۔ ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے کپڑے عمدہ ہوں، اس کے جوتے عمدہ ہوں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا خود صاحبِ جمال ہے اور جمال کو پسند کرتا ہے (یعنی عمدہ نفیس پہناوا غرور نہیں ہے) غرور تو دراصل یہ ہے کہ آدمی حق سے بے نیازی برتے اور لوگوں کو حقیر و ذلیل سمجھے۔ (مسلم)

۱۵۔ پہننے اوڑھنے اور بناؤ سنگار کرنے میں بھی ذوق اور سلیقے کا پورا پورا خیال رکھیے۔ گریبان کھولے کھولے پھرنا، الٹے سیدھے بٹن لگانا۔ ایک پائنچہ چڑھانا اور ایک

نیچا رکھنا۔ اور ایک جوتا پہنے پہنے چلنا۔ یا الجھے ہوئے بال رکھنا یہ سب ہی باتیں ذوق اور سلیقے کے خلاف ہیں۔

ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف رکھتے تھے۔ کہ اتنے میں ایک شخص مسجد میں آیا جس کے سر اور داڑھی کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اس کی طرف اشارہ کیا جس کا مطلب یہ تھا کہ جا کر اپنے سر کے بال اور داڑھی کو سنوار دو۔ چنانچہ وہ شخص گیا اور بالوں کو بنا سنوار کر آیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کیا یہ زینت و آرائش اس سے بہتر نہیں ہے کہ آدمی کے بال الجھے ہوئے ہوں؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ شیطان ہے!" (مشکوٰۃ)

حضرت ابو ہریرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "کہ ایک جوتا پہن کر کوئی نہ چلے یا دونوں پہن کر چلو یا دونوں اُتار کر چلو۔ (ترمذی) اور اسی حدیث کی روشنی میں علماءِ دین نے ایک آستین اور ایک موزہ پہننے کی بھی ممانعت فرمائی ہے۔

۱۶۔ سرخ اور شوخ رنگ اور زرق برق پوشاک اور نمائشی سیاہ اور گیروا کپڑے پہننے سے بھی پرہیز کیجئے۔ سرخ اور شوخ رنگ اور زرق برق پوشاک عورتوں ہی کے لئے مناسب ہے اور ان کو بھی حدود کا خیال رکھنا چاہیئے۔ رہے نمائشی لمبے چوڑے جُبّے یا سیاہ اور گیروا جوڑے پہن کر دوسروں کے مقابل میں اپنی برتری دکھانا۔ اور اپنا امتیاز جتانا تو یہ سراسر کبر و غرور کی علامت ہے۔ اسی طرح ایسے عجیب و غریب اور مضحکہ خیز کپڑے بھی نہ پہنئے جس کے پہننے سے آپ خواہ مخواہ عجوبہ بن جائیں اور لوگ آپ کو ہنسی اور دل لگی کا موضوع بنا لیں۔

۱۷۔ ہمیشہ سادہ، باوقار اور مہذب لباس پہنئے اور لباس پر ہمیشہ اعتدال کے

ساتھ خرچ کیجئے۔ لباس میں عیش پسندی اور ضرورت سے زیادہ نزاکت سے پرہیز کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"عیش پسندی سے دور رہو، اس لئے کہ خدا کے پیارے بندے عیش پرست نہیں ہوتے" (مشکوٰۃ)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے وسعت اور قدرت کے باوجود محض خاکساری اور عاجزی کی غرض سے لباس میں سادگی اختیار کی تو خدا اس کو شرافت اور بزرگی کے لباس سے آراستہ فرمائے گا۔ (ابوداؤد)

صحابہ کرام ایک دن بیٹھے دنیا کا ذکر فرما رہے تھے۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لباس کی سادگی ایمان کی علامتوں میں سے ایک علامت ہے۔ (ابوداؤد)

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خدا کے بہت سے بندے جن کی ظاہری حالت نہایت ہی معمولی ہوتی ہے، بال پریشان اور غبار میں اٹے ہوئے، کپڑے معمولی اور سادہ ہوتے ہیں لیکن خدا کی نظر میں ان کا مرتبہ اتنا بلند ہوتا ہے کہ اگر وہ کسی بات پر قسم کھا بیٹھیں تو خدا ان کی قسم کو پورا ہی فرما دیتا ہے۔ اس قسم کے لوگوں میں سے ایک براء ابن مالک رضہ بھی ہیں۔ (ترمذی)

۱۸۔ خدا کی اس نعمت کا شکر ادا کرنے کے لئے ان ناداروں کو بھی پہنائیے جن کے پاس تن ڈھانپنے کے لئے کچھ نہ ہو، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جو شخص کسی مسلمان کو کپڑے پہنا کر اس کی تن پوشی کرے گا تو خدا تعالیٰ قیامت کے روز جنت کا سبز لباس پہنا کر اس کی تن پوشی فرمائے گا۔ (ابوداؤد)

اور آپ نے یہ بھی فرمایا۔ کہ کسی مسلمان نے اپنے مسلمان بھائی کو کپڑے پہنائے

تو جب تک وہ کپڑے پہننے والے کے بدن پر رہیں گے پہنانے والے کو خدا اپنی نگرانی اور حفاظت میں رکھے گا۔" (ترمذی)

۱۹- اپنے ان نوکروں اور خادموں کو بھی اپنی حیثیت کے مطابق اچھا لباس پہنائیے جو شب و روز آپ کی خدمت میں لگے رہتے ہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لونڈی اور غلام تمہارے بھائی ہیں خدا نے ان کو تمہارے قبضے میں دے رکھا ہے۔ پس تم میں سے جس کسی کے قبضہ و تصرف میں خدا نے کسی کو دے رکھا ہے تو اس کو چاہیئے کہ اس کو وہی کھلائے جو وہ خود کھاتا ہے اور ایسے ویسا ہی لباس پہنائے جو وہ خود پہنتا ہے اور اس پر کام کا اتنا ہی بوجھ ڈالے جو اس کے سہارے سے زیادہ نہ ہو، اور اگر وہ اس کام کو نہ کر پا رہا ہو تو خود اس کام میں اس کی مدد کرے۔ (بخاری، مسلم)

کھانے پینے کے آداب

۱۔ کھانے سے پہلے ہاتھ دھو لیجئے۔ طہارت اور نظافت کا تقاضا ہے کہ کھانے میں پڑنے والے ہاتھوں کی طرف سے طبیعت مطمئن ہو۔

۲۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کھانا شروع کیجئے اور اگر بھول جائیں تو یاد آنے پر بسم اللہ اوّلہ وآخرہ کہہ لیجئے۔ یاد رکھیے جس کھانے پر خدا کا نام نہیں لیا جاتا اس کو شیطان اپنے لئے جائز کر لیتا ہے۔

۳۔ کھانے کے لئے ٹیک لگا کر نہ بیٹھئے۔ خاکساری کے ساتھ اکڑوں بیٹھئے یا دو زانوں ہو کر بیٹھئے۔ یا ایک گھٹنا بچھا کر اور ایک کھڑا کر کے بیٹھئے، خدا کے رسولؐ اسی طرح بیٹھتے تھے۔

۴۔ ہمیشہ سیدھے ہاتھ سے کھائیے۔ ضرورت پڑنے پر بائیں ہاتھ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔

۵۔ تین انگلیوں سے کھائیے۔ اور اگر ضرورت ہو تو چھنگلی چھوڑ کر چار انگلیوں سے کام لیجئے اور انگلیاں جڑوں تک سانے سے پرہیز کیجئے۔

۶۔ نوالہ نہ زیادہ بڑا لیجئے اور نہ زیادہ چھوٹا۔ اور ایک نوالہ نگلنے کے بعد ہی دوسرا نوالہ منہ میں دیجئے۔

۷۔ روٹی سے انگلیاں ہرگز صاف نہ کیجئے یہ بڑی گھناؤنی عادت ہے۔

۸۔ روٹیوں کو جھاڑنے اور ٹپکنے سے بھی پرہیز کیجیے۔

۹۔ پلیٹ میں اپنی طرف کے کنارے سے کھائیے نہ بیچ میں ہاتھ ڈالئے اور نہ دوسروں کی طرف سے کھائیے۔

۱۰۔ نوالہ گر جائے تو اٹھا کر صاف کر لیجیے یا دھو لیجیے اور کھا لیجیے۔

۱۱۔ کھانا مل جل کر کھائیے۔ مل جل کر کھانے سے الفت و محبت بھی پیدا ہوتی ہے اور برکت بھی۔

۱۲۔ کھانے میں کبھی عیب نہ نکالئے۔ پسند نہ ہو تو چھوڑ دیجیے۔

۱۳۔ بہت گرم جلتا ہوا کھانا نہ کھائیے۔

۱۴۔ کھانے کے دوران ٹھٹھا مارنے اور بہت زیادہ باتیں کرنے سے پرہیز کیجیے۔

۱۵۔ بلاضرورت کھانے کو نہ سونگھیے۔ یہ بری عادت ہے، کھانے کے دوران نہ بار بار اس طرح منہ کھولیے کہ چپتا ہوا کھانا نظر آئے اور نہ بار بار منہ میں انگلی ڈال کر دانتوں میں سے کچھ نکالئے۔ اس سے دستر خوان پر بیٹھنے والوں کو گھن آتی ہے۔

۱۶۔ کھانا بھی بیٹھ کر کھائیے اور پانی بھی بیٹھ کر پیجیے۔ البتہ ضرورت پڑنے پر پھل وغیرہ کھڑے ہو کر کھا سکتے ہیں اور پانی بھی پی سکتے ہیں۔

۱۷۔ پلیٹ میں جو کچھ رہ جائے اگر رقیق ہو تو پی لیجیے ورنہ انگلی سے چاٹ کر پلیٹ صاف کر لیجیے۔

۱۸۔ کھانے پینے کی چیزوں پر پھونک نہ ماریے۔ اندر سے آنے والی سانس گندی اور زہریلی ہوتی ہے۔

۱۹- پانی تین سانس میں ٹھہر ٹھہر کر پیجیے۔ اس سے پانی بھی ضرورت کے مطابق پیا جاتا ہے۔ اور آسودگی بھی ہو جاتی ہے اور یکبارگی پورے برتن کا پانی پیٹ میں انڈیل لینے سے کبھی کبھی تکلیف بھی ہو جاتی ہے۔

۲۰- اجتماعی کھانے میں، دیر تک کھانے والوں اور آہستہ کھانے والوں کی رعایت کیجیے اور سب کے ساتھ اُٹھیے۔

۲۱- کھانے سے فارغ ہو کر انگلیاں چاٹ لیجیے اور پھر ہاتھ دھو لیجیے۔

۲۲- پھل وغیرہ کھا رہے ہوں تو ایک ساتھ دو دو عدد یا دو دو قاشیں نہ اٹھائیے۔

۲۳- لوٹے کی ٹونٹی یا صراحی یا اسی طرح کی دوسری چیزوں سے پانی نہ پیجیے ایسے برتن میں پانی لے کر پیجیے جس میں پیتے وقت مُنہ میں جانے والا پانی نظر آئے۔ تاکہ کوئی گندگی یا مضر چیز پیٹ میں نہ جائے۔

۲۴- کھانے سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

"حمد و ثنا اس خدا کے لئے ہے جس نے ہمیں کھلایا اور جس نے ہمیں پلایا اور جس نے ہمیں مسلمانوں میں سے بنایا۔"

سونے اور جاگنے کے آداب

۱۔ جب شام کا اندھیرا چھانے لگے تو بچوں کو گھر میں بلا لیجیے اور باہر نہ کھیلنے دیجیے ہاں، جب رات کا کچھ حصہ گزر جائے تو نکلنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ احتیاط اسی میں ہے کہ کسی اشد ضرورت کے بغیر بچوں کو رات میں گھر سے نکلنے نہ دیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب شام ہو جائے تو چھوٹے بچوں کو گھر میں روکے رکھو۔ اس لئے کہ اس وقت شیاطین زمین میں پھیل جاتے ہیں۔ البتہ جب گھڑی بھر رات گزر جائے تو بچوں کو چھوڑ سکتے ہو"۔ (صحاح ستہ بحوالہ حصن حصین)

۲۔ جب شام ہو جائے تو یہ دعا پڑھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رض کو بھی یہ دعا پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ۔ (ترمذی)

"خدایا ہم نے تیری ہی توفیق سے شام کی اور تیری ہی مدد سے صبح کی۔ تیری ہی عنایت سے جی رہے ہیں اور تیرے ہی اشارے پر مر جائیں گے۔ اور انجام کار تیرے ہی پاس اٹھ کر حاضر ہوں گے"۔ (ترمذی)

اور مغرب کی اذان کے وقت یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْلِیْ۔ (ترمذی، ابوداؤد)

"خدایا! یہ وقت ہے تیری رات کے آنے کا تیرے دن کے جانے کا اور تیرے مؤذنوں کی پکار کا۔ پس تو میری مغفرت فرما دے!"

۳۔ عشا کی نماز پڑھنے سے پہلے سونے سے پرہیز کیجیے۔ اس طرح اکثر عشاء کی نماز خطرے میں پڑ جاتی ہے اور کیا خبر کہ نیند کی اس موت کے بعد خدا بندے کی جان واپس کرتا ہے یا پھر ہمیشہ کے لئے ہی لے لیتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسے گھر میں سونے سے پرہیز فرماتے جس میں روشنی نہ کی گئی ہوتی۔

۴۔ رات ہوتے ہی گھر میں روشنی ضرور کر لیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایسے گھر میں سونے سے پرہیز فرماتے جس میں روشنی نہ کی گئی ہوتی۔

۵۔ رات گئے تک جاگنے سے پرہیز کیجیے۔ شب میں جلد سونے اور سحر میں جلد اٹھنے کی عادت ڈالیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "عشا کی نماز کے بعد یا تو ذکر الٰہی کے لئے جاگا جا سکتا ہے یا گھر والوں سے ضرورت کی بات کرنے کے لئے"

۶۔ رات کو جاگنے اور دن میں نیند پوری کرنے سے پرہیز کیجیے۔ خدا نے رات کو آرام و سکون کے لئے پیدا فرمایا ہے۔ اور دن کو سو کر اٹھنے اور ضروریات کے لئے دوڑ دھوپ کرنے کا وقت قرار دیا ہے۔ سورۃ الفرقان (۴۷) میں ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا۔

"اور وہ خدا ہی ہے جس نے رات کو تمہارے لئے پردہ پوش اور نیند

کو راحت و سکون اور دن ، اٹھ کھڑے ہونے کو بنایا۔"

۲۔ اور سورۃ النبا ، (   ) میں ہے۔

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا۔

"اور ہم نے نیند کو تمہارے لئے سکون و آرام ۔ رات کو پردہ پوش اور دن کو روزی کی دوڑ دھوپ کا وقت بنایا۔"

اور سورہ النمل (۸۶) میں ہے۔

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا اللَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

"کیا ان لوگوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے (تاریک) رات بنائی کہ یہ اس میں آرام و سکون حاصل کریں اور دن کو روشن (کہ دوڑ دھوپ کریں) بلاشبہ اس میں مومنوں کے لئے سوچنے کے اشارات ہیں۔"

رات کو تاریک اور سکون و آرام کا وقت بنانے اور دن کو دوڑ دھوپ اور محنت کے لئے روشن بنانے میں اشارہ یہ ہے کہ رات کو سونے کی پابندی کی جائے اور دن میں اپنی ضروریات کے لئے محنت اور کوشش کی جائے ۔ دن کی روشنی میں اپنی معاش اور ضروریات کے لئے تن دہی اور سخت کوشی کے ساتھ لگے رہیئے یہاں تک کہ آپ کے اعضاء اور قوتیں تکان محسوس کرنے لگیں اس وقت رات کی پرسکون اور پردہ پوش فضا میں سکون و راحت سے ہم آغوش ہو جائیے اور دن طلوع ہوتے ہی پھر خدا کا نام لیتے ہوئے تازہ دم میدانِ عمل میں اتر پڑیئے ۔ جو لوگ آرام طلبی اور

سُستی کی وجہ سے دن میں خراٹے لیتے ہیں یا داد عیش دینے اور لہو ولعب میں مبتلا ہونے کے لئے رات بھر جاگتے ہیں وہ قدرت کی حکمتوں کا خون کرتے ہیں اور اپنی صحت و زندگی کو برباد کرتے ہیں۔ دن میں پہروں تک سونے والے اپنے دن کے فرائض میں بھی کوتاہی کرتے ہیں اور جسم وجان کو بھی آرام سے محروم رکھتے ہیں اس لئے کہ دن کی نیند رات کا بدل نہیں بن پاتی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اس کو بھی پسند نہیں فرمایا کہ آدمی رات رات بھر جاگ کر خدا کی عبادت کرے اور اپنے کو ناقابلِ برداشت مشقت میں ڈالے۔

حضرت عبداللہ ابن عمروؓ سے ایک بار نبیؐ نے پوچھا۔ کیا یہ بات جو مجھے بتائی گئی ہے صحیح ہے کہ تم پابندی سے دن میں روزے رکھتے ہو اور رات رات بھر نمازیں پڑھتے ہو؟ حضرت عبداللہ نے کہا۔ جی ہاں بات تو صحیح ہے! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں ایسا نہ کرو۔ کبھی روزہ رکھو اور کبھی کھاؤ پیو۔ اسی طرح سوؤ بھی اور اٹھ کر نماز بھی پڑھو۔ کیونکہ تمہارے جسم کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہاری آنکھ کا بھی تم پر حق ہے۔ (بخاری)

۷۔ زیادہ آرام دہ بستر نہ استعمال کیجیے۔ دنیا میں مومن کو آرام طلبی، سہل انگاری اور عیش پسندی سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ زندگانی مومن کے لئے جہاد ہے۔ اور مومن کو جفاکش، سخت کوش، اور محنتی ہونا چاہیئے۔ حضرت عائشہ رضؓ کا بیان ہے کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر چمڑے کا تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی"۔ (شمائل ترمذی)

حضرت حفصہ رضؓ سے کسی نے پوچھا آپ کے یہاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر کیسا تھا؟ فرمایا ایک ٹاٹ تھا جس کو دوہرا کر کے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نیچے بچھا دیا کرتے

تھے۔ ایک روز مجھے خیال آیا کہ اگر اس کو چوہرا کر کے بچھا دیا جائے تو ذرا زیادہ نرم ہو جائے گا۔ چنانچہ میں نے اس کو چوہرا کر کے بچھا دیا۔ صبح کو آپؐ نے دریافت فرمایا۔ رات میرے نیچے کیا چیز بچھائی تھی۔ میں نے کہا، وہی ٹاٹ کا بستر تھا۔ البتہ رات میں نے اُس کو چوہرا کر کے بچھا دیا تھا کہ کچھ نرم ہو جائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں اس کو دوہرا ہی رہنے دیا کرو۔ رات بستر کی نرمی تہجد کے لئے اٹھنے میں رکاوٹ بنی۔" (شمائل ترمذی)

○ حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ایک بار ایک انصاری خاتون آئیں اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر دیکھا۔ گھر جا کر اس خاتون نے ایک بستر تیار کیا۔ اس میں اون بھر کر خوب ملائم بنا دیا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بھیجا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب گھر تشریف لائے اور وہ نرم بستر رکھا ہوا دیکھا تو فرمایا یہ کیا ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! فلاں انصاری خاتون آئی تھیں اور آپ کا بستر دیکھ گئی تھیں۔ اب یہ انہوں نے آپ کے لئے تیار کر کے بھیجا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہیں اس کو واپس کر دو۔ مجھے وہ بستر بہت ہی پسند تھا اس لئے واپس کرنے کو جی نہیں چاہ رہا تھا مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا اصرار فرمایا کہ مجھے واپس کرنا ہی پڑا۔ (شمائل ترمذی)

○ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار ایک چٹائی پر سو رہے تھے۔ چٹائی پر لیٹنے سے آپ کے جسم پر چٹائی کے نشانات پڑ گئے۔ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضؓ فرماتے ہیں۔ میں یہ دیکھ کر رونے لگا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے روتے دیکھا تو فرمایا کیوں رو رہے ہو؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ قیصر و کسریٰ تو ریشم اور مخمل کے گدوں پر سوئیں اور آپ بوریئے پر۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ رونے کی بات نہیں ہے۔ ان کے لئے

دنیا ہے اور ہمارے لیئے آخرت ہے۔

○ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "میں عیش و آرام اور بے فکری کی زندگی کیسے گزار سکتا ہوں، جب کہ حال یہ ہے کہ اسرافیل مُنہ میں صُور لیئے کان لگائے (حکم بجالانے کے لیئے) سر جھکائے انتظار کر رہے ہیں کہ کب صُور پھونکنے کا حکم ہوتا ہے۔" (ترمذی)

نبیؐ کا یہ اُسوہ مطالبہ کرتا ہے کہ مومن اس دنیا میں مجاہدانہ زندگی گزارے اور عیش کوشی سے پرہیز کرے۔

۸۔ سونے سے پہلے وضو کرنے کا بھی اہتمام کیجیئے اور پاک و صاف ہو کر سوئیے اگر ہاتھوں میں چکنائی وغیرہ لگی ہو تو ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھو کر سوئیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس کے ہاتھ میں چکنائی وغیرہ لگی ہو اور وہ اسے دھوئے بغیر سو گیا اور اُسے کوئی نقصان پہنچا۔ (یعنی کسی جانور نے کاٹ لیا) تو وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔ (کہ دھوئے بغیر کیوں سو گیا تھا؟)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ سونے سے پہلے آپ وضو فرماتے اور اگر کبھی اس حال میں سونے کا ارادہ فرماتے کہ غسل کی حاجت ہوتی تو ناپاکی کے مقام کو دھوتے اور پھر وضو کر کے سو رہتے۔

۹۔ سونے کے وقت گھر کا دروازہ بند کر لیجیئے۔ کھانے پینے کے برتن ڈھانک دیجیئے۔ چراغ یا لالٹین وغیرہ بجھا دیجیئے۔ اور اگر آگ جل رہی ہو تو اُس کو بھی بجھا دیجیئے۔ ایک بار مدینے میں رات کے وقت کسی کے گھر میں آگ لگ گئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "آگ تمہاری دشمن ہے جب سویا کرو تو آگ بجھا دیا کرو۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب شام ہو جائے تو چھوٹے بچوں کو گھر سے

باہر نہ نکلنے دو۔ کیونکہ اس وقت شیاطین (زمین میں) پھیل جاتے ہیں۔ پھر جب گھڑی بھر رات گزر جائے تو انہیں چھوڑ دو۔ اور بسم اللہ کہہ کر دروازہ بند کر دو اور بسم اللہ کہہ کر ہی بتی بجھا دو۔ اور بسم اللہ کہہ کر ہی پانی کے مشک کا منہ باندھ دو۔ اور بسم اللہ کہہ کر ہی کھانے پینے کے برتن ڈھانک دو۔ اور اگر ڈھانکنے کے لئے کوئی سرپوش وغیرہ موجود نہ ہو تو کوئی اور چیز ہی برتن پر رکھ دو۔ (صحاح ستہ بحوالہ حصن حصین)

۱۰۔ سوتے وقت بستر پر اور بستر کے قریب یہ چیزیں ضرور رکھ لیجئے پینے کا پانی اور گلاس، لوٹا، لاٹھی، روشنی کے لئے ماچس یا ٹارچ، مسواک، تولیہ وغیرہ اور اگر آپ کہیں مہمان ہوں تو گھر والوں سے بیت الخلاء وغیرہ ضرور معلوم کر لیجئے ہو سکتا ہے کہ رات میں کسی وقت ضرورت پیش آ جائے اور زحمت ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب آرام فرماتے تو آپ کے سرہانے سات چیزیں رکھی رہتیں۔ ۱۔ تیل کی شیشی۔ ۲۔ کنگھا۔ ۳۔ سرمہ دانی۔ ۴۔ قینچی۔ ۵۔ مسواک۔ ۶۔ آئینہ۔ ۷۔ اور لکڑی کی ایک چھوٹی سی سیخ جو سر وغیرہ کھجانے کے کام میں آتی۔

۱۱۔ سوتے وقت اپنے جوتے اور کپڑے وغیرہ پاس ہی رکھئے۔ کہ جب سو کر اٹھیں تو تلاش نہ کرنے پڑیں۔ اور اٹھتے ہی جوتے میں پیر نہ ڈالئے۔ اسی طرح کپڑے بھی بغیر جھاڑے نہ پہنئے پہلے جھاڑ لیجئے۔ ہو سکتا ہے کہ جوتے یا کپڑے میں کوئی موذی جانور ہو اور خدانخواستہ وہ آپ کو تکلیف پہنچا دے۔

۱۲۔ سونے سے پہلے بستر اچھی طرح جھاڑ لیجئے اور اگر کبھی سوتے سے کسی ضرورت کے لئے اٹھیں اور پھر آ کر لیٹیں تب بھی بستر اچھی طرح جھاڑ لیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " اور جب کوئی شب میں بستر سے اٹھے اور پھر بستر پر جائے تو اپنی لنگی کے

کنارے سے تین بار اُسے جھاڑ دے اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے پیچھے بستر پر کیا چیز آگئی ہے۔" (ترمذی)

۱۳۔ جب بستر پر پہنچیں تو یہ دعا پڑھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خادمِ خاص حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آپؐ بستر پر تشریف لے جاتے تو یہ دعا پڑھتے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَکَفَانَا وَاٰوَانَا فَکَمْ مِمَّنْ لَا کَافِیَ لَهٗ وَلَا مُؤْوِیَ۔ (شمائل ترمذی)

"شکر و تعریف خدا ہی کے لئے ہے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور جس نے ہمارے کاموں میں بھرپور مدد فرمائی، اور جس نے ہمیں رہنے لینے کو ٹھکانا بخشا۔۔۔۔۔ کتنے ہی لوگ ہیں جن کا نہ کوئی معین و مددگار ہے اور نہ کوئی ٹھکانا دینے والا۔"

۱۴۔ بستر پر پہنچنے پر قرآن پاک کا کچھ حصہ ضرور پڑھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے قرآن پاک کا کچھ حصہ ضرور تلاوت فرماتے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ "جو شخص اپنے بستر پر آرام کرنے کے وقت کتاب اللہ کی کوئی سورت پڑھتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کے پاس ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو ہر تکلیف دہ چیز سے اس کے بیدار ہونے تک اس کی حفاظت کرتا ہے خواہ وہ کسی بھی وقت نیند سے بیدار ہو۔" (احمد)

اور آپ نے فرمایا۔ جب آدمی سونے کے لئے اپنے بستر پر پہنچتا ہے تو اسی وقت ایک فرشتہ اور شیطان اس کے پاس آپہنچتے ہیں۔ فرشتہ اس سے کہتا ہے۔ "اپنے اعمال کا خاتمہ بھلائی پر کرو۔" اور شیطان کہتا ہے "اپنے اعمال کا خاتمہ برائی پر کرو۔" پھر اگر وہ آدمی خدا کا ذکر کر کے سو یا تو فرشتہ رات بھر اس کی حفاظت کرتا ہے۔"

حضرت عائشہ رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر تشریف لے جاتے تو دونوں ہاتھ دعا مانگنے کی طرح ملاتے اور قل ھو اللہ احد، اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کی سورتیں تلاوت فرما کر ہاتھوں پر دم فرماتے اور پھر جہاں تک ہاتھ پہنچتا اپنے جسم پر پھیر لیتے۔ سر، چہرے اور جسم کے اگلے حصے سے شروع فرماتے اور آپ تین مرتبہ یہ عمل فرماتے۔" (شمائل ترمذی)

۱۵۔ جب سونے کا ارادہ کریں تو دایاں ہاتھ اپنے دائیں رخسار کے نیچے رکھ کر دائیں کروٹ پر لیٹیے حضرت براء رض فرماتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرماتے تو اپنا دایاں ہاتھ دائیں رخسار کے نیچے رکھتے اور یہ کلمات پڑھتے۔

رَبِّ قِنِیْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔

"خدایا! مجھے اس روز اپنے عذاب سے بچا جس روز تو اپنے بندوں کو اپنے حضور اٹھا حاضر کرے گا۔"

حصن حصین میں ہے کہ آپ یہ کلمات تین بار پڑھتے۔

۱۶۔ پیٹ لیٹنے اور بائیں کروٹ پر سونے سے پرہیز کیجیے حضرت یعیش رض کے والد طغفہ الغفاری رض فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا کہ کسی صاحب نے مجھے اپنے پاؤں سے ہلایا اور کہا اس طرح لیٹنے کو خدا ناپسند فرماتا ہے۔ اب جو میں نے دیکھا تو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ (ابوداؤد)

۱۷۔ سونے کے لئے ایسی جگہ کا انتخاب کیجیے جہاں تازہ ہوا پہنچتی ہو۔ ایسے بند کمروں میں سونے سے پرہیز کیجیے جہاں تازہ ہوا کا گزر نہ ہوتا ہو۔

۱۸۔ منہ لپیٹ کر نہ سویئے اس طرح سونے سے صحت پر برا اثر پڑتا ہے چہرہ کھول

کر سونے کی عادت ڈالیئے۔ تاکہ آپ کو تازہ ہوا ملتی رہے۔

۱۹۔ ایسی کھلی چھتوں پر سونے سے پرہیز کیجیے جہاں کوئی منڈیر یا جنگلا وغیرہ نہ ہو اور چھت سے اترتے وقت اہتمام کیجیے کہ زینے پر پاؤں رکھنے سے پہلے آپ روشنی کا انتظام کر لیں بعض اوقات معمولی سی غلطی سے کافی تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔

۲۰۔ کیسی ہی سخت سردی پڑ رہی ہو کمرے میں انگیٹھی جلا کر نہ سوئیے اور نہ بند کمرے میں لالٹین جلا کر سوئیے آگ جلنے سے بند کمروں میں جو گیس پیدا ہوتی ہے وہ صحت کے لئے انتہائی مضر ہے بلکہ بعض اوقات تو اس سے جان کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے اور موت واقع ہو جاتی ہے۔

۲۱۔ سونے سے پہلے یہ دعا پڑھ لیا کیجیے۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے یہ دعا پڑھ لیا کرتے۔

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا، وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ ۔ (بخاری، مسلم)

"اے میرے رب! تیرے ہی نام سے میں نے اپنا پہلو بستر پر رکھا اور تیرے ہی سہارے میں اس کو بستر سے اٹھاؤں گا۔ اگر تو رات ہی میں میری جان قبض کرے تو اس پر رحم فرما۔ اور اگر تو اسے چھوڑ کر مزید مہلت دے تو اس کی حفاظت فرما جس طرح تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔"

اگر یہ دعا یاد نہ ہو تو مختصر سی دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى ۔ (بخاری، مسلم)

"خدایا! میں تیرے ہی نام سے موت کی آغوش میں جاتا ہوں اور تیرے ہی نام سے زندہ اٹھوں گا۔"

۲۲- رات کے آخری حصے میں اٹھنے کی عادت ڈالیے نفس کی تربیت اور خدا سے تعلق پیدا کرنے کے لیے آخری شب میں اٹھنا اور خدا کو یاد کرنا ضروری ہے۔ خدا نے اپنے محبوب بندوں کی یہی امتیازی خوبی بیان فرمائی ہے کہ راتوں کو اٹھ کر خدا کے حضور رکوع اور سجود کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ آپ اول رات میں آرام فرماتے اور اخیر شب میں اٹھ کر خدا کی عبادت میں مشغول ہو جاتے۔

۲۳- نیند سے بیدار ہونے پر یہ دعا پڑھیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ (بخاری، مسلم)

"شکر و تعریف خدا ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں مردہ کر دینے کے بعد زندگی سے نوازا اور اسی کے حضور اٹھ کر حاضر ہونا ہے۔"

۲۴- جب کوئی اچھا خواب دیکھیں تو خدا کا شکر ادا کیجیے اور اس کو اپنے حق میں بشارت سمجھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ اب نبوت میں سے بشارتوں کے سوا کچھ باقی نہیں رہا۔ لوگوں نے پوچھا بشارت سے کیا مراد ہے۔ فرمایا۔ اچھا خواب (بخاری) اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ تم میں جو زیادہ سچا ہے اس کا خواب بھی زیادہ سچا ہوگا۔" اور آپ نے یہ ہدایت بھی فرمائی کہ "جب کوئی اچھا خواب دیکھو تو خدا کی حمد و ثنا کرو اور اس کو بیان کرو۔ اور دوست سے ہی بیان کرو" نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی کوئی خواب دیکھتے تو صحابہ کرام رض سے بیان فرماتے اور صحابہ کرام سے

بھی فرماتے کہ اپنا خواب بیان کرو میں اس کی تعبیر دونگا۔ (بخاری)

۲۵- درود شریف کثرت سے پڑھیئے توقع ہے کہ خدا تعالیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف فرمائے۔

حضرت مولانا محمد علی مونگیری رح نے ایک بار حضرت فضل رحمٰن گنج مرادآبادی سے سوال کیا کہ کوئی خاص درود شریف بتایئے جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار حاصل ہو تو فرمایا کوئی خاص درود نہیں ہے بس خلوص پیدا کرنا چاہیئے۔ پھر کچھ تامل کے بعد ارشاد فرمایا۔ البتہ حضرت سید حسن رح کو اس درود کا عمل کارگر ہوا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

"خدایا! رحمت نازل فرما محمدؐ پر اور ان کی آل پر ان تمام چیزوں کی تعداد کے بقدر جو تیرے علم میں ہیں"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے واقعی مجھی کو دیکھا اس لیئے کہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا۔ (شمائل ترمذی)

حضرت یزید فارسی رح قرآن پاک لکھا کرتے تھے۔ ایک بار آپ کو خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوا۔ حضرت ابن عباس رض حیات تھے حضرت یزید نے ان سے ذکر کیا تو حضرت ابن عباس رض نے ان کو نبیؐ کی یہ حدیث سنائی کہ "جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے واقعی مجھی کو دیکھا اسلیئے کہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا" پھر پوچھا "تم نے خواب میں جس ذات کو دیکھا ہے اس کا حلیہ بیان کرسکتے ہو؟" حضرت یزید نے کہا "آپؐ کا بدن اور آپؐ کا قد و قامت انتہائی متوازن تھا۔ آپؐ کا رنگ گندمی مائل بہ سفیدی تھا۔ آنکھیں سرمگیں، ہنستا خوبصورت، گول چہرہ نہایت بھری ہوئی داڑھی

جو پورے چہرے کا احاطہ کئے ہوئے تھی، اور سینے پر پھیلی ہوئی تھی، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اگر تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو زندگی میں دیکھتے تب بھی اس سے زیادہ حلیہ نہ بیان کر سکتے (یعنی تم نے جو حلیہ بیان کیا وہ واقعی نبیؐ کا ہی حلیہ ہے) (شمائل ترمذی)۔

۲۶۔ جب کبھی خدانخواستہ کوئی ناپسندیدہ اور ڈراؤنا خواب دیکھیں تو ہرگز کسی سے بیان نہ کیجئے اور اس خواب کی برائی سے خدا کی پناہ مانگئے خدا نے چاہا تو اس کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ حضرت ابوسلمہؓ فرماتے ہیں کہ میں ناگوار خوابوں کی وجہ سے اکثر بیمار پڑ جایا کرتا تھا۔ ایک روز میں نے حضرت ابوقتادہؓ سے شکایت کی تو آپ نے مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث سنائی "اچھا خواب خدا کی جانب سے ہوتا ہے۔ اگر تم میں سے کوئی اچھا خواب دیکھے تو اپنے مخلص دوست کے سوا کسی اور سے نہ بیان کرے اور اگر کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو قطعاً کسی کو نہ بتائے بلکہ جاگتے ہی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر تین بار بائیں جانب تھتکار دے اور کروٹ بدل لے۔ تو وہ خواب کے شر سے محفوظ رہے گا۔ (ریاض الصالحین، مسلم)

۲۷۔ اپنے جی سے گھڑ کر جھوٹے خواب کبھی بیان نہ کیجئے۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو خواب دیکھے بغیر اپنی طرف سے گھڑ گھڑ کر بیان کرے گا اس کو یہ سزا دی جائے گی کہ جَو کے دو دانوں میں گرہ لگائے اور وہ ایسا کبھی نہ کر سکے گا۔ (مسلم)

اور آپؐ نے فرمایا "یہ بہت بڑا بہتان ہے کہ آدمی ایسی بات کہے جو اس کی آنکھوں نے نہیں دیکھی ہے۔ (بخاری)

۲۸۔ جب کبھی کوئی دوست اپنا خواب سنائے تو اس کی اچھی تعبیر دیجئے اور اس

کے حق میں دعا کیجئے ایک آدمی نے ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا خواب بیان کیا۔ تو آپ نے فرمایا۔ بہتر خواب دیکھا ہے اور بہتر تعبیر ہو گی"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم عام طور پر فجر کی نماز کے بعد پالتی مار کر بیٹھ جاتے اور لوگوں سے فرماتے جس نے جو خواب دیکھا ہو بیان کرے اور خواب سننے سے پہلے یہ الفاظ فرماتے۔

خَيْرًا تَلَقَّاهُ وَشَرًّا تَوَقَّاهُ وَخَيْرٌ لَنَا وَشَرًّا عَلَى اَعْدَائِنَا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝

"اس خواب کی بھلائی تمہیں نصیب ہو، اور اس کی برائی سے تم محفوظ رہو جائے حق میں خیر، اور ہمارے دشمنوں کے لئے وبال ہو، اور حمد و شکر خدا ہی کے لئے ہے جو تمام عالموں کا رب ہے"

۲۹۔ کبھی خواب میں ڈر جائیں یا کبھی پریشان کن خواب دیکھ کر پریشان ہو جائیں تو خوف اور پریشانی دُور کرنے کے لئے یہ دعا پڑھیئے اور اپنے ہوشیار بچوں کو بھی یہ دعا یاد کرائیے۔

حضرت عبداللہ ابن عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں کہ جب کوئی خواب میں ڈر جاتا یا پریشان ہو جاتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کی پریشانی دُور کرنے کے لئے یہ دعا تلقین فرماتے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ (ابوداؤد، ترمذی)

"میں خدا ہی کے کلماتِ کاملہ کی پناہ مانگتا ہوں، اس کے غضب و غصے سے، اس کی سزا سے، اس کے بندوں کی برائی سے، شیاطین کے وسوسوں سے، اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں"

راستے کے آداب

۱- راستے میں درمیانی چال چلیے نہ اتنا جھپٹ کر چلیے کہ خواہ مخواہ لوگوں کے لئے تماشہ بن جائیں اور نہ اتنے سست ہو کر رینگنے کی کوشش کیجیے کہ لوگ بیمار سمجھ کر بیمار پرسی کرنے لگیں۔ نبیؐ قدم لمبے لمبے رکھتے اور قدم اٹھا کر رکھتے قدم گھسیٹ کر کبھی نہ چلتے۔

۲- ادب و وقار کے ساتھ نیچے دیکھتے ہوئے چلیے۔ اور راستہ میں اِدھر اُدھر ہر چیز پر نگاہ ڈالتے ہوئے نہ چلیے۔ ایسا کرنا سنجیدگی اور تہذیب کے خلاف ہے۔ نبیؐ چلتے وقت اپنے بدن مبارک کو آگے کی طرف جھکا کر چلتے جیسے کوئی بلندی سے پستی کی طرف اتر رہا ہو۔ آپؐ وقار کے ساتھ ذرا تیز چلتے اور بدن کو چست اور سمٹا ہوا رکھتے اور چلتے ہوئے دائیں بائیں نہ دیکھتے۔

۳- خاکساری کے ساتھ دبے پاؤں چلیے۔ اکڑتے اور اتراتے ہوئے نہ چلیے نہ تو آپ اپنی ٹھوکر سے زمین کو پھاڑ سکتے ہیں۔ اور نہ پہاڑوں کی اونچائی کو پہنچ سکتے ہیں پھر بھلا اکڑنے کی کیا گنجائش ہے!

۴- ہمیشہ جوتے پہن کر چلیے ننگے پاؤں چلنے پھرنے سے پرہیز کیجیے جوتے کے ذریعے پاؤں کانٹے، کنکر اور دوسری تکلیف دہ چیزوں سے بھی محفوظ رہتے ہیں اور موذی جانوروں سے بھی بچے رہتے ہیں۔ نبیؐ نے فرمایا "اکثر جوتے پہنے رہا کرو۔ جوتا پہننے والا بھی ایک طرح کا سوار ہوتا ہے"۔

۵۔ راستہ چلنے میں حُسنِ ذوق اور تہذیب و وقار کا بھی لحاظ رکھئے یا تو دونوں جوتے پہن کر چلئے یا دونوں جوتے اتار کر چلئے۔ ایک پاؤں ننگا اور ایک پاؤں میں جوتا پہن کر چلنا بڑی مضحکہ خیز حرکت ہے۔ اگر واقعی کوئی معذوری نہ ہو تو اس بدذوقی اور بے تہذیبی سے سختی کے ساتھ بچنے کی کوشش کیجئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "ایک جوتا پہن کر کوئی نہ چلے یا تو دونوں جوتے پہن کر چلے یا دونوں اتار کر چلے۔ (شمائل ترمذی)

۶۔ چلتے وقت اپنے کپڑوں کو سمیٹ کر چلئے تاکہ اُلجھنے کا خطرہ نہ رہے نبی ؐ چلتے وقت اپنا تہبند ذرا اُٹھا کر سمیٹ لیتے۔

۷۔ ہمیشہ بے تکلفی سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ساتھ چلیئے۔ آگے چل چل کر اپنی امتیازی شان نہ جتایئے۔ کبھی کبھی بے تکلفی میں اپنے ساتھی کا ہاتھ، ہاتھ میں لے کر بھی چلیئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ساتھیوں کے ساتھ چلنے میں کبھی اپنی امتیازی شان ظاہر نہ ہونے دیتے۔ اکثر آپؐ صحابہ کے پیچھے پیچھے چلتے اور کبھی بے تکلفی میں اپنے ساتھی کا ہاتھ پکڑ کر بھی چلتے۔

۸۔ راستے کا حق ادا کرنے کا بھی اہتمام کیجئے۔ راستے میں رُک کر یا بیٹھ کر آنے جانے والوں کو تکنے سے پرہیز کیجئے اور اگر کبھی راستہ میں رکنا یا بیٹھنا پڑے تو راستہ کا حق ادا کرنے کے لئے چند باتوں کا خیال رکھیئے۔

(۱) نگاہیں نیچی رکھیئے۔

(۲) تکلیف دینے والی چیزوں کو راستے سے ہٹا دیجئے۔

(۳) سلام کا جواب دیجئے۔

(۴) نیکی کی تلقین کیجیے اور بُری باتوں سے روکیئے۔

(۵) بھولے بھٹکوں کو راستہ دکھائیے۔

(۶) اور مصیبت کے مارے ہوؤں کی مدد کیجیے۔

۹۔ راستے میں ہمیشہ اچھے لوگوں کا ساتھ پکڑیئے۔ بُرے لوگوں کے ساتھ چلنے سے پرہیز کیجیے۔

۱۰۔ راستے میں عورت اور مرد مِل کر نہ چلیں۔ عورت کو بیچ راستے سے بچ کر کنارے کنارے چلنا چاہیئے اور مردوں کو چاہیئے کہ ان سے بچ کر چلیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا۔ گارے میں اَٹے ہوئے اور بدبودار سڑی ہوئی کیچڑ میں لتھڑے ہوئے سؤر سے ٹکرا جانا تو گوارا کیا جا سکتا ہے، لیکن یہ گوارا کرنے کی بات نہیں ہے کہ کسی مَرد کے شانے کسی اجنبی عورت سے ٹکرائیں۔

۱۱۔ شریف عورتیں جب کسی ضرورت سے راستے پر چلیں، تو برقعے یا چادر سے اپنے جسم، لباس اور زیب و زینت کی ہر چیز کو خوب اچھی طرح چھپا لیں اور چہرے پر نقاب ڈالے رہیں۔

۱۲۔ کوئی ایسا زیور پہن کر نہ چلیئے جس میں چلتے وقت جھنکار پیدا ہو یا دبے پاؤں چلیئے تاکہ اس کی آواز اجنبیوں کو اپنی طرف متوجہ نہ کرے۔

۱۳۔ عورتیں پھیلنے والی خوشبو لگا کر راستے پر نہ چلیں۔ ایسی عورتوں کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت سخت الفاظ فرمائے ہیں۔

۱۴۔ گھر سے نکلیں تو آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر یہ دعا پڑھیئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ تَزِلَّ اَوْ

نُزِلَّ وَاَنْ نَّضِلَّ اَوْ نُضَلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ یُظْلَمَ عَلَیْنَا اَوْ نَجْهَلَ اَوْ یُجْهَلَ عَلَیْنَا۔ (مسند احمد)

"خدا ہی کے نام سے (میں نے باہر قدم رکھا) اور اسی پر میرا بھروسہ ہے۔ خدایا! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ ہم لغزش کھا جائیں یا کوئی دوسرا ہمیں ڈگمگا دے۔ ہم خود بھٹک جائیں یا کوئی اور ہمیں بھٹکا دے۔ ہم خود کسی پر ظلم کر بیٹھیں یا کوئی اور ہم پر زیادتی کرے ہم خود نادانی پر اتر آئیں یا کوئی دوسرا ہمارے ساتھ جہالت کا برتاؤ کرے"

۱۵۔ بازار جائیں تو یہ دعا پڑھیئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِیْبَ بِهَا یَمِیْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً۔

"خدا کے نام سے (بازار میں داخل ہوتا ہوں) خدایا! میں تجھ سے اس بازار کی بھلائی اور جو کچھ اس میں ہے اس کی بھلائی چاہتا ہوں، اور اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ خدایا! تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں میں جھوٹی قسم کھا بیٹھوں یا ٹوٹے کا کوئی سودا کر بیٹھوں"

حضرت عمر ابن خطاب رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بازار میں داخل ہوتے ہوئے یہ دعا پڑھ لے خدا اس کے حساب میں دس لاکھ نیکیاں درج فرمائے گا۔ دس لاکھ خطائیں معاف فرما دے گا اور دس لاکھ درجات بلند کر دیگا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ (ترمذی)

"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اقتدار اسی کا ہے وہی شکر و تعریف کا مستحق ہے وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے، وہ زندۂ جاوید ہے اس کے لئے موت نہیں ساری بھلائی اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

سفر کے آداب

۱۔ سفر کے لئے ایسے وقت روانہ ہونا چاہیئے کہ کم سے کم وقت خرچ ہو اور نمازوں کے اوقات کا بھی لحاظ رہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود سفر پر جانے یا کسی کو روانہ فرماتے تو عام طور پر جمعرات کے دن کو مناسب خیال کرتے۔

۲۔ سفر تنہا نہ کیجیئے ممکن ہو تو کم از کم تین آدمی ساتھ لیجیئے۔ اس سے راستہ میں سامان وغیرہ کی حفاظت اور دوسری ضروریات میں بھی سہولت رہتی ہے، اور آدمی بہت سے خطرات سے بھی محفوظ رہتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اگر لوگوں کو تنہا سفر کرنے کی وہ خرابیاں معلوم ہو جائیں جو میں جانتا ہوں تو کوئی سوار کبھی رات میں تنہا سفر نہ کرے (بخاری) ایک مرتبہ ایک شخص دور دراز کا سفر کر کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافر سے پوچھا۔ تمہارے ساتھ کون ہے۔ مسافر بولا یا رسول اللہ! میرے ساتھ تو کوئی بھی نہیں ہے میں اکیلا آیا ہوں تو آپؐ نے ارشاد فرمایا اکیلا سوار شیطان ہے اور دو سوار شیطان ہیں البتہ تین سوار، سوار ہیں۔ (ترمذی)

۳۔ عورت کو ہمیشہ کسی محرم کے ہمراہ سفر کرنا چاہیئے۔ ہاں اگر ایک آدھ دن کا معمولی سفر ہو تو کوئی حرج نہیں لیکن احتیاط یہی ہے کہ کبھی تنہا سفر نہ کرے نبی ؐ کا ارشاد ہے "جو عورت خدا اور یوم آخر پر ایمان رکھتی ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ

وہ تین دن یا اس سے زیادہ کا سفر تنہا کرے" وہ اتنا بڑا سفر اسی وقت کر سکتی ہے جب اس کے ساتھ اس کے والد ہوں، بھائی ہو، شوہر ہو، یا اس کا اپنا لڑکا ہو یا پھر کوئی اور محرم ہو۔ (بخاری) اور ایک موقع پر تو آپ نے یہاں تک فرمایا کہ عورت کو ایک دن اور ایک رات کی مسافت پر بھی تنہا نہ جانا چاہیئے۔ (بخاری، مسلم)

۴۔ سفر کو روانہ ہوتے وقت جب سواری پر بیٹھ جائیں اور سواری حرکت میں آئے تو یہ دعا پڑھیئے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَہٗ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَۃِ الْمَنْظَرِ، وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ وَدَعْوَۃِ الْمَظْلُوْمِ۔ (مسلم، ابوداؤد، ترمذی)

پاک و برتر ہے وہ خدا جس نے اس کو ہمارے بس میں کر دیا حالانکہ ہم اس کو قابو میں کرنے والے نہ تھے۔ یقیناً ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ جانے والے ہیں۔ خدایا! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور تقویٰ کی توفیق چاہتے ہیں اور ایسے کاموں کی توفیق جو تیری خوشنودی کے ہوں، خدایا ہم پر یہ سفر آسان فرما دے۔ اور اس کا فاصلہ ہمارے لئے مختصر کر دے۔ خدایا تو ہی اس سفر میں رفیق ہے اور تو ہی گھر والوں میں خلیفہ اور نگراں ہے، خدایا! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سفر کی مشقتوں سے۔ ناگوار منظر سے، اور اپنے مال سے، اپنے متعلقین اور

اپنی اولاد میں بُری واپسی سے اور اچھائی کے بعد بُرائی سے اور مظلوم کی بددُعا سے ۔"

۴۔ راستے میں، دوسروں کی سہولت اور آرام کا بھی خیال رکھیئے۔ راستہ کے ساتھی کا بھی حق ہے قرآن میں ہے " وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ اور پہلو کے ساتھی کے ساتھ حسنِ سلوک کرو" پہلو کے ساتھی سے مراد ہر ایسا آدمی ہے جس سے کہیں بھی کسی وقت آپ کا ساتھ ہو جائے سفر کے دوران کی مختصر رفاقت کا بھی یہ حق ہے کہ آپ اپنے رفیقِ سفر کے ساتھ اچھے سے اچھا سلوک کریں اور کوشش کریں کہ آپ کے کسی قول و عمل سے اس کو کوئی جسمانی یا ذہنی اذیت نہ پہنچے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے قوم کا سردار ان کا خادم ہوتا ہے جو شخص دوسروں کی خدمت کرنے میں لوگوں سے سبقت لے جائے اس سے نیکی میں آگے بڑھنے والا اگر کوئی ہو سکتا ہے تو صرف وہی جو خدا کی راہ میں شہادت پائے۔ (مشکوٰۃ)

۵۔ سفر کے لئے روانہ ہوتے وقت اور واپس آنے پر دو رکعت شکرانے کے نفل پڑھیئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی عمل تھا۔

۶۔ جب آپ کی گاڑی، بس، یا جہاز بلندی پر چڑھے۔ یا اُترے تو یہ دُعا پڑھیئے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الشَّرَفُ عَلٰی کُلِّ شَرَفٍ وَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔

خدایا! تجھے ہر بزرگی اور بلندی پر بڑائی حاصل ہے حمد و ثنا ہر حال میں تیرا ہی حق ہے۔"

۷۔ رات کو کہیں قیام کرنا پڑے تو محفوظ مقام پر قیام کیجیے جہاں چور ڈاکو سے بھی آپ کا جان و مال محفوظ ہو اور موذی جانوروں کا بھی کوئی کھٹکا نہ ہو۔

۸۔ سفر کی ضرورت پوری ہونے پر گھر واپس آنے میں جلدی کیجیے۔ بلا ضرورت گھومنے پھرنے سے پرہیز کیجیے۔

۹۔ سفر سے واپسی پر یکایک بغیر اطلاع، رات کو گھر میں نہ آ جائیے۔ پہلے سے اطلاع دیجیے۔ ورنہ مسجد میں دوگانہ نفل ادا کر کے گھر والوں کو موقع دیجیے۔ کہ وہ اچھی طرح سے آپ کے استقبال کے لئے تیار ہو سکیں۔

۱۰۔ سفر میں اگر جانور ساتھ ہوں تو ان کے آرام و آسائش کا بھی خیال رکھیے اور اگر کوئی سواری ہو تو اس کی ضروریات اور حفاظت کا بھی اہتمام کیجیے۔

۱۱۔ جاڑے کے موسم میں ضروری بستر وغیرہ ساتھ رکھیے۔ اور میزبان کو بے جا پریشانی میں مبتلا نہ کیجیے۔

۱۲۔ سفر میں پانی کا برتن اور جا نماز ساتھ رکھیے۔ تاکہ استنجا، وضو، نماز اور پانی پینے کی تکلیف نہ ہو۔

۱۳۔ چند آدمی سفر کر رہے ہوں تو ایک کو اپنا امیر مقرر فرما لیجیے البتہ ہر شخص اپنا ٹکٹ، ضرورت بھر رقم اور دوسرا ضروری سامان اپنے قبضے میں رکھے۔

۱۴۔ جب سفر میں کہیں رات ہو جائے تو یہ دعا پڑھیے۔

يَا اَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ وَّاَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِي الْبَلَدِ وَمِنْ وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ۔ (ابوداؤد)

"اے زمین! میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہے۔ میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں

تیرے شر سے اور ان مخلوقات کے شر سے جو تجھ میں خدا نے پیدا کی ہیں۔ اور ان مخلوقات کے شر سے جو تجھ پر چلتے ہیں اور میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں شیر سے، رو سیاہ اژدہے سے اور سانپ بچھو سے، اور اس شہر کے باشندوں سے اور ہر والد اور مولود کے شر سے"

۱۵۔ اور جب سفر سے گھر کو واپس آئیں تو یہ دعا پڑھیے۔

اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا۔ (حصن حصین)

"پلٹنا ہے اپنے رب ہی کی طرف اور اپنے رب ہی کے حضور توبہ ہے ایسی توبہ جو ہم پر گناہ کا کوئی اثر باقی نہ رہنے دے"

۱۶۔ جب کسی کو سفر پر رخصت کریں تو کچھ دور اس کے ساتھ جائیے۔ رخصت کرتے وقت اس سے بھی دعا کی درخواست کیجیے اور اس کو یہ دعا دیتے ہوئے رخصت کیجیے۔

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ۔ (حصن حصین)

"میں تمہارے دین، امانت اور خاتمۂ عمل کو خدا کے سپرد کرتا ہوں"

۱۷۔ جب کوئی سفر سے واپس آئے تو اس کا استقبال کیجیے اور اظہارِ محبت کے الفاظ کہتے ہوئے ضرورت اور موقع کا لحاظ کرتے ہوئے مصافحہ کیجیے یا معانقہ بھی کیجیے۔

رنج وغم کے آداب

۱۔ مصائب کو صبر و سکون کے ساتھ برداشت کیجئے کبھی ہمت نہ ہاریئے اور رنج وغم کو کبھی حدِ اعتدال سے نہ بڑھنے دیجئے۔ دنیا کی زندگی میں کوئی بھی انسان رنج وغم، مصیبت و تکلیف آفت و ناکامی اور نقصان سے بے خوف اور مامون نہیں رہ سکتا۔ البتہ مومن اور کافر کے کردار میں یہ فرق ضرور ہوتا ہے کہ کافر رنج وغم کے ہجوم میں پریشان ہو کر ہوش و حواس کھو بیٹھتا ہے مایوسی کا شکار ہو کر ہاتھ پیر چھوڑ دیتا ہے اور بعض اوقات غم کی تاب نہ لا کر خودکشی کر لیتا ہے اور مومن بڑے سے بڑے حادثے پر بھی صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتا۔ اور صبر و ثبات کا پیکر بن کر چٹان کی طرح جما رہتا ہے وہ یوں سوچتا ہے کہ یہ جو کچھ ہوا تقدیر الٰہی کے مطابق ہوا خدا کا کوئی حکم حکمت و مصلحت سے خالی نہیں اور یہ سوچ کر کہ خدا جو کچھ کرتا ہے اپنے بندے کی بہتری کے لئے کرتا ہے یقیناً اس میں خیر کا پہلو ہوگا۔ مومن کو ایسا روحانی سکون و اطمینان حاصل ہوتا ہے کہ غم کی چوٹ میں لذت آنے لگتی ہے اور تقدیر کا یہ عقیدہ ہر مشکل کو آسان بنا دیتا ہے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَۃٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَھَا اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرٌ لِّکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ۔

(الحدید ۲۲-۲۳)۔

"جو مصائب بھی روئے زمین میں آتے ہیں اور جو آفتیں بھی تم پر آتی ہیں وہ سب اس

سے پہلے کہ ہم انہیں وجود میں لائیں ایک کتاب میں لکھی ہوئی محفوظ اور طے شدہ) ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بات خدا کے لئے آسان ہے تاکہ تم اپنی ناکامی پر غم نہ کرتے رہو۔"

یعنی تقدیر پر ایمان لانے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ مومن بڑے سے بڑے سانحے کو بھی قضا و قدر کا فیصلہ سمجھ کر اپنے غم کا علاج پالیتا ہے اور پریشان نہیں ہوتا وہ ہر معاملے کی نسبت اپنے مہربان خدا کی طرف کر کے خیر کے پہلو پر نگاہ جما لیتا ہے اور صبر و شکر کر کے ہر شر میں سے اپنے لئے خیر نکالنے کی کوشش کرتا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مومن کا معاملہ بھی خوب ہی ہے وہ جس حال میں بھی ہوتا ہے خیر ہی سمیٹتا ہے اگر وہ دکھ، بیماری اور تنگدستی سے دوچار ہوتا ہے تو سکون کے ساتھ برداشت کرتا ہے اور یہ آزمائش اس کے حق میں خیر ثابت ہوتی ہے اور اگر اس کو خوشی اور خوشحالی نصیب ہوتی ہے تو شکر کرتا ہے اور یہ خوشحالی اس کے لئے خیر کا سبب بنتی ہے۔" (مسلم)

۲۔ جب رنج و غم کی کوئی خبر سنیں یا کوئی نقصان ہو جائے یا کوئی دکھ اور تکلیف پہنچے یا کسی ناگہانی مصیبت میں خدانخواستہ گرفتار ہو جائیں تو فوراً اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۝ (البقرہ) "ہم خدا ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔"

مطلب یہ ہے کہ ہمارے پاس جو کچھ بھی ہے سب خدا ہی کا ہے، اسی نے دیا تھا اور وہی لینے والا ہے ہم بھی اسی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے۔ ہم ہر حال میں خدا کی رضا پر راضی ہیں۔ اس کا ہر کام مصلحت، حکمت اور انصاف پر مبنی ہے وہ جو کچھ کرتا ہے کسی بڑے خیر کے پیش نظر کرتا ہے۔ وفادار غلام کا کام یہ ہے کہ کسی وقت بھی اس کے ماتھے پر شکن نہ آئے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ہ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ ہ (البقرہ ۱۵۵-۱۵۷)

"اور ہم ضرور تمہیں خوف وخطر، بھوک، جان و مال کے نقصان اور آمدنیوں کے گھاٹے میں مبتلا کر کے تمہاری آزمائش کریں گے اور خوشخبری ان لوگوں کو دیجئے جو مصیبت پڑنے پر (صبر کرتے ہیں اور) کہتے ہیں" ہم خدا ہی کے ہیں اور خدا ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے" ان پر ان کے رب کی طرف سے بڑی عنایات ہوں گی اور اس کی رحمت ہو گی اور ایسے ہی لوگ راہ ہدایت پر ہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جب کوئی بندہ مصیبت پڑنے پر اِنَّا لِلّٰہِ الخ پڑھتا ہے تو خدا اس کی مصیبت کو دور فرما دیتا ہے اس کو اچھے انجام سے نوازتا ہے، اور اس کو اس کی پسندیدہ چیز اس کے صلے میں عطا فرماتا ہے "

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چراغ بجھ گیا تو آپ نے پڑھا، اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ کسی نے کہا یا رسول اللہ! کیا چراغ کا بجھنا بھی کوئی مصیبت ہے۔ آپؐ نے فرمایا "جی ہاں جس بات سے بھی مومن کو دکھ پہنچے وہ مصیبت ہے"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جس مسلمان کو بھی کوئی قلبی، اذیت جسمانی تکلیف اور بیماری، کوئی رنج غم اور دکھ پہنچتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اسے ایک کانٹا بھی چبھ جاتا ہے (اور وہ اس پر صبر کرتا ہے) تو خدا اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے " (بخاری، مسلم)

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جتنی سخت آزمائش اور مصیبت ہوتی ہے اتنا ہی بڑا اس کا صلہ ہوتا ہے اور خدا جب کسی گروہ سے محبت کرتا ہے تو اُن کو (مزید نکھارنے اور کندن بنانے کے لئے) آزمائش میں مبتلا کر دیتا ہے پس جو لوگ خدا کی رضا پر راضی رہیں خدا بھی اُن سے راضی ہوتا ہے اور جو اس آزمائش میں خدا سے ناراض ہوں، خدا بھی اُن سے ناراض ہو جاتا ہے۔ (ترمذی)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جب کسی بندے کا کوئی بچہ مرتا ہے تو خدا اپنے فرشتوں سے پوچھتا ہے کیا تم نے میرے بندے کے بچے کی جان قبض کر لی؟ وہ کہتے ہیں ہاں پھر وہ ان سے پوچھتا ہے تم نے اس کے جگر کے ٹکڑے کی جان نکال لی؟ وہ کہتے ہیں ہاں پھر وہ ان سے پوچھتا ہے، تو میرے بندے نے کیا کہا وہ کہتے ہیں اس مصیبت میں اس نے تیری حمد کی اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ہ پڑھا تو خدا اُن سے فرماتا ہے میرے اس بندے کے لئے جنت میں ایک گھر تعمیر کرو اور اس کا نام بیت الحمد (شکر کا گھر) رکھو"

(ترمذی)

۳۔ کسی تکلیف اور حادثے پر اظہارِ غم ایک فطری امر ہے البتہ اس بات کا پورا پورا خیال رکھیئے کہ غم اور اندوہ کی انتہائی شدت میں بھی زبان سے کوئی ناحق بات نہ نکلے اور صبر و شکر کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہ پائے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم نبی ؐ کی گود میں تھے اور جان کنی کا عالم تھا۔ یہ رقت انگیز منظر دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے

آنسو ٹپکنے لگے اور فرمایا "اے ابراہیم ہم تیری جدائی سے مغموم ہیں مگر زبان سے وہی نکلے گا جو پروردگار کی مرضی کے مطابق ہوگا" (مسلم)

۴۔ غم کی شدت میں بھی کوئی ایسی حرکت نہ کیجیے جس سے ناشکری اور شکایت کی بُو آئے اور جو شریعت کے خلاف ہو، دھاڑیں مار مار کر رونا، گریبان پھاڑنا، اور گالوں پر طمانچے مارنا، چیخنا چلّانا اور ماتم میں سر سینہ پیٹنا، مومن کے لئے کسی طرح جائز نہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جو شخص گریبان پھاڑتا گالوں پر طمانچے مارتا اور جاہلیت کی طرح چیخنا اور چلّاتا، اور بَین کرتا ہے وہ میری اُمت میں نہیں" (ترمذی)

حضرت جعفر طیارؓ جب شہید ہوئے اور ان کی شہادت کی خبر ان کے گھر پہنچی تو ان کے گھر کی عورتیں چیخنے چلانے لگیں اور ماتم کرنے لگیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہلا بھیجا کہ ماتم نہ کیا جائے مگر وہ باز نہ آئیں تو آپؐ نے دوبارہ منع فرمایا پھر بھی وہ نہ مانیں تو آپؐ نے حکم دیا۔ اِن کے مُنہ میں خاک بھر دو۔ (بخاری)

ایک بار آپؐ ایک جنازہ میں شریک تھے۔ ایک عورت انگیٹھی لئے ہوئی آئی آپؐ نے اسکو اتنی سختی سے ڈانٹا کہ وہ اسی وقت بھاگ گئی۔ (سیرت النبی جلد ششم)

اور آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جنازے کے پیچھے کوئی آگ اور راگ نہ لے جائے۔

عرب میں یہ رسم تھی کہ لوگ جنازے کے پیچھے چلتے تو اظہارِ غم میں اپنی چادر پھینک دیتے تھے۔ صرف کُرتہ پہنے رہتے تھے۔ ایک بار آپؐ نے لوگوں کو اس حال میں دیکھا تو فرمایا۔ جاہلیت کی رسم اختیار کر رہے ہو۔ میرے جی میں آیا کہ تمہارے حق میں ایسی بد دعا کروں کہ تمہاری صورتیں ہی مسخ ہو جائیں لوگوں نے اسی وقت اپنی اپنی

چادریں اوڑھ لیں اور پھر کبھی ایسا نہ کیا۔ (ابن ماجہ)

۵۔ بیماری کو بُرا بھلا نہ کہیئے اور نہ کوئی حرفِ شکایت زبان پر لائیے بلکہ نہایت صبر و ضبط سے کام لیجئے اور اجرِ آخرت کی تمنا کیجئے۔

بیماری جھیلنے اور اذیتیں برداشت کرنے سے مومن کے گناہ دُھلتے ہیں اور اس کا تزکیہ ہوتا ہے اور آخرت میں اجرِ عظیم ملتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مومن کو جسمانی اذیت یا بیماری یا کسی اور وجہ سے جو بھی دُکھ پہنچتا ہے۔ خدا تعالیٰ اس کے سبب سے اس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے۔ جیسے درخت اپنے پتوں کو جھاڑ دیتا ہے۔ (بخاری، مسلم)

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون کو کانپتے دیکھ کر پوچھا۔ اے اُمّ سائب یا مسیّب! کیا بات ہے تم کیوں کانپ رہی ہو؟ کہنے لگیں مجھے بخار نے گھیر رکھا ہے، اس کو خدا سمجھے! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی کہ "نہیں بخار کو بُرا مت کہو۔ اس لئے کہ بخار اس طرح اولادِ آدم کو گناہوں سے پاک کر دیتا ہے جس طرح آگ لوہے کے میل کو دور کر کے صاف کرتی ہے۔ (مسلم)

حضرت عطاء ابن رباح رہ اپنا ایک قصہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار کعبہ کے پاس حضرت عباس رض مجھ سے بولے تمہیں ایک جنتی خاتون دکھاؤں؟ میں نے کہا، ضرور دکھائیے۔ کہا۔ دیکھو یہ جو کالی کلوٹی عورت ہے یہ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بولی۔ یا رسول اللہ مجھے مرگی کا ایسا دَورہ پڑتا ہے کہ تن بدن کا ہوش نہیں رہتا اور مَیں اس حالت میں

بالکل ننگی ہو جاتی ہوں، یارسول اللہ میرے لئے خدا سے دعا کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اگر تم اس تکلیف کو صبر کے ساتھ برداشت کرتی رہو تو خدا تمہیں جنت سے نوازے گا اور اگر چاہو تو میں دعا کر دوں کہ خدا تمہیں اچھا کر دے" یہ سن کر وہ خاتون بولی یارسول اللہ میں اس تکلیف کو تو صبر کے ساتھ برداشت کرتی رہوں گی البتہ یہ دعا فرما دیجئے کہ میں اس حالت میں ننگی نہ ہو جایا کروں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے لئے دعا فرمائی۔ حضرت عطاء کہتے ہیں کہ میں نے اس دراز قد خاتون اُمّ زفر کو کعبہ کی سیڑھیوں پر دیکھا۔"

۶۔ کسی کی موت پر تین دن سے زیادہ غم نہ منائیے۔ عزیزوں کی موت پر غمزدہ ہونا اور آنسو بہانا ایک فطری امر ہے لیکن اس کی مدت زیادہ سے زیادہ تین دن ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مومن کے لئے یہ جائز نہیں کہ تین دن سے زیادہ کسی کا سوگ منائے۔ البتہ بیوہ کے سوگ کی مدت چار مہینے دس دن ہے اس مدت میں نہ وہ کوئی رنگین کپڑا پہنے، نہ خوشبو لگائے اور نہ کوئی اور بناؤ سنگار کرے۔"

(ترمذی)

حضرت زینبؓ بنت جحش کے بھائی کا انتقال ہوا تو چوتھے روز تعزیت کے لئے کچھ خواتین پہنچیں۔ انہوں نے سب کے سامنے خوشبو لگائی اور فرمایا۔ مجھے اس وقت خوشبو لگانے کی کوئی حاجت نہیں تھی۔ میں نے یہ خوشبو محض اس لئے لگائی کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ کسی مسلمان خاتون کو شوہر کے سوا کسی بھی عزیز کے لئے تین دن سے زیادہ سوگ منانا جائز نہیں۔

۷۔ رنج و غم اور مصیبت میں ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کیجئے۔ نبی صلی اللہ

علیہ وسلم جب غزوۂ احد سے واپس تشریف لائے تو خواتین لپنے اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کا حال معلوم کرنے کیلئے حاضر ہوئیں۔ جب حضرت حمنہ رضؓ بنت جحش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آئیں تو آپ نے اُن کو صبر کی تلقین فرمائی اور کہا اپنے بھائی عبداللہ رضؓ پر صبر کرو۔ انہوں نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور دعائے مغفرت کی " پھر آپ نے فرمایا اپنے ماموں حمزہ رضؓ پر بھی صبر کرو۔ انہوں نے پھر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور دعائے مغفرت کی۔

حضرت ابو طلحہ رضؓ کا لڑکا بیمار تھا وہ بچے کو اسی حال میں چھوڑ کر اپنے کام پر چلے گئے۔ ان کے جانے کے بعد بچے کا انتقال ہو گیا بیگم ابو طلحہ نے لوگوں سے کہہ دیا کہ ابو طلحہ کو اطلاع نہ ہونے پائے وہ شام کو اپنے کام سے واپس گھر آئے تو بیوی سے پوچھا بچے کا کیا حال ہے؟ بولیں پہلے سے زیادہ سکون میں ہے۔ یہ کہہ کر ابو طلحہ کے لئے کھانا لائیں انہوں نے اطمینان سے کھانا کھایا اور لیٹ گئے صبح ہوئی تو نیک بیوی نے نہایت حکیمانہ انداز میں پوچھا۔ اگر کوئی کسی کو عاریتہً کوئی چیز دے دے اور پھر واپس مانگے تو کیا اس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس چیز کو روک لے؟ ابو طلحہ نے کہا۔ بھلا یہ حق کیسے حاصل ہو جائے گا۔ تو صابرہ بیوی نے کہا۔ اپنے بیٹے پر بھی صبر کیجئے۔ (مسلم)

۸ ۔ راہِ حق میں آنے والی مصیبتوں کا خندہ پیشانی سے استقبال کیجئے اور اس راہ میں جو دکھ پہنچیں ان پر رنجیدہ ہونے کے بجائے مسرت محسوس کرتے ہوئے خدا کا شکر ادا کیجئے کہ اس نے اپنی راہ میں آپ کی قربانی قبول فرمائی۔

حضرت عبداللہ ابن زبیر رضؓ کی والدہ محترمہ حضرت اسماء رضؓ سخت بیمار پڑیں حضرت ان کی عیادت کے لئے آئے۔ ماں نے ان سے کہا بیٹے ! اول میں یہ آرزو ہے کہ دو باتوں میں سے ایک جب تک نہ دیکھ لوں خدا مجھے زندہ رکھے۔ یا تو تو میدانِ جنگ

میں شہید ہو جائے اور میں تیری شہادت کی خبر سن کر صبر کی سعادت حاصل کروں، یا تو فتح پائے اور میں تجھے فاتح دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کروں" ــــــــ خدا کا کرنا کہ حضرت عبداللہ ابن زبیر نے ان کی زندگی ہی میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔ شہادت کے بعد حجاج نے ان کو سولی پر لٹکا دیا۔ حضرت اسمارؓ کافی ضعیف ہو چکی تھیں لیکن انتہائی کمزوری کے باوجود بھی وہ یہ رقت انگیز منظر دیکھنے کے لئے تشریف لائیں اور اپنے جگر گوشے کی لاش کو دیکھ کر رونے پیٹنے کے بجائے حجاج سے خطاب کرتے ہوئے بولیں۔ "اس سوار کے لئے ابھی وقت نہیں آیا کہ گھوڑے کی پیٹھ سے نیچے اترے!"

۹۔ دکھ درد میں ایک دوسرے کا ساتھ دیجیے۔ دوستوں کے رنج و غم میں شرکت کیجیے اور ان کا غم غلط کرنے میں ہر طرح کا تعاون کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"سارے مسلمان مل کر ایک آدمی کے جسم کی طرح ہیں کہ اگر اس کی آنکھ بھی دکھے تو سارا بدن دکھ محسوس کرتا ہے اور اگر سر میں درد ہو تو سارا جسم تکلیف میں ہوتا ہے۔ (مسلم)

حضرت جعفر طیارؓ جب شہید ہوئے تو آپؐ نے فرمایا۔ جعفر کے گھر کھانا بھجوا دو اس لئے کہ آج دفورِ غم میں ان کے گھر والے کھانا نہ پکا سکیں گے۔ (ابوداؤد)

حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے کسی ایسی عورت کی تعزیت کی جس کا بچہ مر گیا ہو تو اس کو جنت میں داخل کیا جائے گا اور جنت کی چادر اُڑھائی جائے گی۔ (ترمذی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا۔ جس شخص نے کسی مصیبت زدہ کی تعزیت کی تو اس کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا خود مصیبت زدہ کو ملے گا۔ (ترمذی)

اسی سلسلے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بھی تاکید فرمائی کہ جنازے میں شرکت کی جائے۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جنازے میں شریک ہؤا اور جنازے کی نماز پڑھی تو اس کو ایک قیراط بھر ثواب ملے گا اور جو نماز جنازہ کے بعد دفن میں بھی شریک ہؤا تو اس کو دو قیراط ملیں گے کسی نے پوچھا دو قیراط کتنے بڑے ہوں گے۔ فرمایا دو پہاڑوں کے برابر۔ (بخاری، مسلم)

۱۰۔ مصائب کے نزول اور غم کے ہجوم میں خدا کی طرف رجوع کیجئے اور نماز پڑھ کر نہایت عاجزی کے ساتھ خدا سے دعا کیجئے۔ قرآن میں ہے۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ (البقرہ)

"مومنو! (مصائب اور آزمائش میں) صبر اور نماز سے مدد لو۔"

غم کی کیفیت میں آنکھوں سے آنسو بہنا، رنجیدہ ہونا فطری بات ہے۔ البتہ دھاڑیں مار مار کر زور زور سے رونے سے پرہیز کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم روتے تو رونے میں آواز نہ ہوتی ٹھنڈا سانس لیتے، آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے اور سینے سے ایسی آواز آتی جیسے کوئی ہانڈی اُبل رہی ہو یا چکی چل رہی ہو، آپؐ نے خود اپنے غم اور رونے کی کیفیت ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے۔

"آنکھ آنسو بہاتی ہے دل غمگین ہوتا ہے اور ہم زبان سے وہی کلمہ نکالتے ہیں جس سے ہمارا رب خوش ہوتا ہے۔"

حضرت ابوہریرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب فکرمند ہوتے تو آسمان کی طرف سر اٹھا اٹھا کر فرماتے سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ (پاک و برتر ہے عظمت والا خدا) اور جب زیادہ گریہ و زاری اور دعا کا انہماک بڑھ جاتا تو فرماتے يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ۔ (ترمذی)

۱۱۔ رنج وغم کی شدت، مصائب کے نزول اور پریشانی و اضطراب میں یہ دعائیں پڑھیے۔ حضرت سعد ابن وقاص کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

ذوالنون نے مچھلی کے پیٹ میں اپنے پروردگار سے جو دعا کی وہ یہ تھی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ (انبیاء۔ ۸۷)

"تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو بے عیب و پاک ہے میں ہی اپنے اوپر ظلم ڈھانے والا ہوں"

پس جو مسلمان بھی اپنی کسی تکلیف یا تنگی میں خدا سے یہ دعا مانگتا ہے۔ خدا اسے ضرور قبولیت بخشتا ہے۔

حضرت ابن عباس رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی رنج وغم میں مبتلا ہوتے تو یہ دعا کرتے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ۔ (بخاری، مسلم)

"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ عرش عظیم کا مالک ہے خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ آسمان و زمین کا مالک ہے عرش بزرگ کا مالک ہے"

حضرت ابو موسیٰ رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

---

[1] مچھلی والے یعنی حضرت یونس علیہ السلام۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَامَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ۔[1]

یہ کلمہ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے سب سے کم بات یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا رنج وغم سے محفوظ رہتا ہے۔

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس بندے کو بھی کوئی دکھ یا تکلیف پہنچے اور وہ یہ دعا مانگے تو خدا تعالیٰ اس کے رنج وغم کو سرور و خوشی اور مسرت میں تبدیل فرما دے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ، عَدْلٌ فِيَّ قَضَاءُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْاَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْعَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ، وَنُوْرَ بَصَرِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ۔ (احمد، ابن حبان، حاکم بحوالہ حصن حصین)

"خدایا! میں تیرا بندہ ہوں۔ میرا باپ تیرا بندہ ہے، میری ماں تیری بندی ہے۔ میری چوٹی تیرے ہی قبضۂ قدرت میں ہے۔ (یعنی میں ہمہ تن تیرے بس میں ہوں) تیرا ہی حکم میرے معاملہ میں نافذ ہے۔ میرے بارے میں تیرا ہر حکم سراسر انصاف

---

[1] گناہ سے باز رہنے کی قوت اور عمل صالح کی توفیق بخشنے کی طاقت صرف خدا ہی دینے والا ہے اور اس کے عتاب سے بچنے کے لئے کوئی پناہ گاہ نہیں۔ سوائے اس کی ذات کے (یعنی اس کے عتاب سے وہی بچ سکتا ہے جو خود اس کے دامن رحمت میں پناہ ڈھونڈے)

ہے ۔ میں تیرے ہر اس نام کا واسطہ دے کر جس سے تو نے اپنی ذات کو موسوم کیا یا اپنی کتاب میں نازل فرمایا ، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ، یا اپنے پاس خزانۂ غیب ہی میں اس کو مستور رہنے دیا ، تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار ، میری آنکھوں کا نور ، میرے غم کا علاج اور میری تشویش کا مداوا بنا دے ۔"

۱۲۔ اگر کبھی خدانخواستہ مصائب و آلام اس طرح گھیر لیں کہ زندگی دشوار ہو جانے اور رنج و غم ایسی ہیبتناک شکل اختیار کر لیں کہ آپ کو زندگی وبال معلوم ہونے لگے تب بھی کبھی موت کی تمنا نہ کیجیے اور نہ کبھی اپنے ہاتھوں اپنے کو ہلاک کرنے کی شرمناک حرکت کا تصور کیجیے ۔ یہ بزدلی بھی ہے اور بدترین قسم کی خیانت اور معصیت بھی ایسے اضطراب اور بے چینی میں برابر خدا سے یہ دعا کرتے رہیئے ۔

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ ۔ (بخاری، مسلم)

"خدایا! جب تک میرے حق میں زندہ رہنا بہتر ہو تجھے زندہ رکھ اور جب میرے حق میں موت ہی بہتر ہو تو مجھے موت دے دے ۔"

۱۳۔ جب کسی کو کسی مصیبت میں مبتلا دیکھیں تو یہ دعا پڑھیے حضرت ابوہریرہ رضی کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

"جس نے بھی کسی کو کسی مصیبت میں مبتلا دیکھ کر یہ دعا مانگی (انشاء اللہ) وہ اس مصیبت سے محفوظ رہے گا ۔"

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ اللّٰهُ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ

عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔ (ترمذی)

"خدا کا شکر ہے جس نے مجھے اس مصیبت سے بچائے رکھا جس میں تم مبتلا ہو اور اپنی بہت سی مخلوقات پر مجھے فضیلت بخشی"

خوف وہراس کے آداب

۱۔ اعدائے دین کی قتل وغارت گری، ظلم وبربریت اور فتنہ وفساد کی ہیبت ہو یا قدرتی عذابوں کی تباہ کاریوں کا خوف ہو ـــــ ہر حال میں مومنانہ بصیرت کے ساتھ اس کے اصل اسباب کی کھوج لگائیے۔ اور سطحی تدبیروں پر وقت ضائع کرنے کے بجائے کتاب وسنت کی بتائی ہوئی حقیقی تدبیروں پر اپنی ساری قوتیں مرکوز کر دیجیے قرآن پاک میں ہے۔

وَمَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ ۝ (الشوریٰ ۳۰)

"اور تم پر جو مصائب آتے ہیں وہ تمہارے ہی کرتوتوں کا نتیجہ ہیں۔ اور خدا تو بہت سی خطاؤں سے درگزر کرتا رہتا ہے۔"

اور قرآن پاک ہی نے اس کا علاج بھی بتا دیا ہے۔

وَتُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ جَمِیْعًا اَیُّھَا الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

"اور تم سب مل کر خدا کی طرف پلٹو۔ اے مومنو! تاکہ تم فلاح پاؤ۔"

توبہ کے معنے ہیں پلٹنا۔ رجوع ہونا۔ گناہوں کے ہیبتناک دلدل میں پھنسی ہوئی امت جب اپنے گناہوں پر نادم ہو کر خدا کی طرف پھر جذبۂ بندگی کے ساتھ پلٹتی ہے اور اشکہائے ندامت سے اپنے گناہوں کی گندگی دھو کر پھر خدا سے عہد وفا استوار

کرتی ہے تو اس کیفیت کو قرآن توبہ کے لفظ سے تعبیر کرتا ہے۔ اور یہی توبہ و استغفار ہر طرح کے فتنہ و فساد اور خوف و ہیبت سے محفوظ ہونے کا حقیقی علاج ہے۔

۴- اعدائِ دین کی فتنہ انگیزی اور ظلم و ستم سے گھبرا کر بے ہمتی دکھانے اور بے رحموں سے رحم کی بھیک مانگنے کی ذلت سے کبھی اپنی ملی زندگی کو داغدار نہ کیجئے بلکہ اس کمزوری پر قابو پانے کے لئے کمر ہمت باندھئے جس کی وجہ سے آپ میں بزدلی پیدا ہو رہی ہے اور اعدائِ دین کو آپ پر ستم ڈھانے اور آپ کو ہڑپ کرنے کی جرأت پیدا ہو رہی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی دو وجہیں بتائی ہیں۔

(۱) دنیا کی محبت۔

(۲) موت سے نفرت۔

یہ عزم کیجئے کہ آپ نہ صرف اپنے سینے سے بلکہ ملت کے سینے سے ان روگوں کو دور کر کے ہی دم لیں گے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :

"میری امت پر وہ وقت آنے والا ہے جب دوسری قومیں (لقمہ تر سمجھ کر) تم پر اس طرح ٹوٹ پڑیں گی جس طرح کھانے والے دستر خوان پر ٹوٹتے ہیں کسی نے پوچھا یا رسول اللہ کیا اس زمانے میں ہماری تعداد اتنی کم ہو جائے گی کہ ہمیں نگل لینے کے لئے قومیں متحد ہو کر ہم پر ٹوٹ پڑیں گی۔ ارشاد فرمایا۔ نہیں اس وقت تمہاری تعداد کم نہ ہو گی البتہ تم سیلاب میں بہنے والے تنکوں کی طرح بے وزن ہو گے اور تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہارا رعب نکل جائے گا اور تمہارے دلوں میں بزدلی اور پست ہمتی پیدا ہو جائے گی۔ اس پر ایک آدمی نے پوچھا یا رسول اللہ

یہ بزدلی کیوں پیدا ہو جائے گی؟ فرمایا اس وجہ سے کہ تم
○ دنیا سے محبت کرنے لگو گے اور
○ موت سے بھاگنے اور نفرت کرنے لگو گے۔ (ابوداؤد)

۳۔ نفس پرستی، عیاشی، عورتوں کی سربراہی اور معاصی سے اپنے معاشرے کو پاک کیجئے اور اپنی اجتماعیت کو مضبوط سے مضبوط تر بنا کر اجتماعی قوت کے ذریعے فتنہ وفساد کو مٹانے اور ملت میں شجاعت، زندگی اور حوصلہ پیدا کرنے کی کوشش کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب تمہارے حکمران اچھے لوگ ہوں، اور تمہارے خوشحال لوگ سخی اور فیاض ہوں اور تمہارے اجتماعی معاملات باہمی مشوروں سے طے پاتے ہوں تو یقیناً تمہارے لئے زمین کی پشت (پر زندگی) زمین کی گود (میں موت) سے بہتر ہے اور جب تمہارے امراء اور حکمران بدکردار لوگ ہوں اور تمہارے معاشرے کے مالدار زر پرست اور بخیل ہوں اور تمہارے معاملات تمہاری بیگمات کے ہاتھوں میں ہوں تو پھر تمہارے لئے زمین کی گود یعنی موت زمین کی پشت یعنی زندگی سے کہیں بہتر ہے۔ (ترمذی)

۴۔ حالات کیسے بھی لرزہ خیز ہوں، حق کی حمایت میں کبھی کوتاہی نہ کیجئے۔ حق کی حمایت میں جان دے دینا اس سے کہیں بہتر ہے کہ آدمی بے دینی اور بے غیرتی کی زندگی گزارے، سخت سے سخت آزمائش اور شدید سے شدید خوف کی حالت میں بھی حق کا دامن ہرگز نہ چھوڑیئے کوئی موت سے ڈرائے تو مسکرا دیجئے۔ اور شہادت کا موقع آئے تو شوق و جذبے کے ساتھ اس کا استقبال کیجئے۔ نبی

صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔
"اسلام کی چکی گردش میں ہے۔ تو جدھر قرآن کا رُخ ہو اسی طرف تم بھی گھوم جاؤ۔ ہوشیار رہو! قرآن اور اقتدار عنقریب الگ الگ ہو جائیں گے (خبردار) تم قرآن کو نہ چھوڑنا۔ آئندہ ایسے حکمران ہوں گے جو تمہارے بارے میں فیصلے کریں گے۔ اگر تم ان کی اطاعت کرو گے تو وہ تمہیں سیدھی راہ سے بھٹکا دیں گے۔ اور اگر تم ان کی نافرمانی کرو گے تو وہ تمہیں موت کے گھاٹ اتار دیں گے۔ صحابی نے کہا۔ تو پھر ہم کیا کریں؟ یا رسول اللہ! فرمایا وہی کرو جو عیسےٰ کے ساتھیوں نے کیا۔ وہ لوگ آروں سے چیرے گئے سولیوں پر لٹکائے گئے۔ خدا کی نافرمانی میں زندہ رہنے سے بدرجہا بہتر ہے کہ آدمی خدا کے احکام کی پیروی کرتے ہوئے جان دے دے۔"

۵۔ اُن اجتماعی امراض کے خلاف برابر جہاد کرتے رہیئے۔ جن کے نتیجے میں سوسائٹی پر خوف و دہشت کی گھٹائیں چھا جاتی ہیں۔ افلاس، قحط خونریزی عام ہو جاتی ہے اور دشمنوں کے ظالمانہ تسلط میں قوم بے بس ہو کر رہ جاتی ہے۔

حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں "جس قوم میں خیانت کا بازار گرم ہو جائے گا خدا اس قوم کے دلوں میں دشمن کا خوف اور دہشت بٹھا دیگا۔ اور جس معاشرے میں زنا کی وبا عام ہو جائے گی وہ فنا کے گھاٹ اتر کر رہے گا۔ جس سوسائٹی میں ناپ تول میں بد دیانتی کا رواج ہو جائے گا وہ ضرور قحط اور فاقے کی شکار ہو گی اور جہاں ناحق فیصلے ہوں گے وہاں لازماً خونریزی عام ہو گی۔ جو قوم بھی بد عہدی کرے گی اس پر بہرحال دشمن کا تسلط ہو کر رہے گا۔ (مشکوٰۃ)

۶۔جب دشمنوں کی جانب سے خوف لاحق ہو تو یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

(ابوداؤد، نسائی بحوالہ حصن حصین)

"خدایا! ہم ان دشمنوں کے مقابلے میں تجھے ہی اپنی سپر بناتے ہیں اور ان کے شر و فساد سے بچنے کے لیے تیری پناہ لیتے ہیں"

۷۔اور جب دشمن کے نرغے میں پھنسے ہوئے ہوں تو یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا۔ (احمد بحوالہ حصن حصین)

"خدایا! تو ہماری عزت و آبرو کی حفاظت کر اور خوف و ہراس سے امن عطا فرما"

۸۔جب آندھی یا گھٹا اٹھتی دیکھیں تو گھبراہٹ اور خوف محسوس کیجیے حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح قہقہہ لگاتے نہیں دیکھا کہ آپؐ کا پورا منہ کھل جائے۔ آپ صرف مسکراتے تھے اور جب کبھی آندھی یا گھٹا آتی تو آپؐ گھبرا جاتے اور دعا کرنے لگتے۔ خوف کی وجہ سے کبھی اٹھتے کبھی بیٹھتے اور جب تک پانی نہ برس جاتا آپؐ کی یہی حالت رہتی" میں نے پوچھا یا رسول اللہ! میں لوگوں کو دیکھتی ہوں کہ جب وہ بدلی دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں کہ پانی برسے گا اور آپ کو دیکھتی ہوں کہ جب آپ بدلی دیکھتے ہیں تو آپ کے چہرے پر گرانی اور پریشانی دکھائی دینے لگتی ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"عائشہؓ! آخر میں کیسے بے خوف ہو جاؤں کہ اس بدلی میں عذاب نہ ہوگا۔ جب کہ قوم عاد پر آندھی کا عذاب آچکا ہے۔ قوم عاد نے جب اس بدلی کو دیکھا

تھا تو کہا تھا کہ یہ بدلی ہم پر پانی برسائے گی۔ (بخاری، مسلم) اور یہ دعا پڑھیے۔
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِيَاحًا وَلَا تَجْعَلْهَا رِيْحًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً وَلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا[1] (طبرانی)

اور اگر آندھی کے ساتھ سخت اندھیرا بھی ہو تو "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ" بھی پڑھئے۔ (ابوداؤد)

اور حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب آندھی اٹھتی دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ۔ (مسلم، ترمذی)

"خدایا! میں تجھ سے اس آندھی کی خیر اور جو اس میں ہے اس کی خیر چاہتا ہوں، اور جس غرض کے لئے یہ بھیجی گئی ہے اس کی خیر چاہتا ہوں، اور اس آندھی کے شر سے اور جو اس میں ہے اس کے شر سے اور جس غرض کے لئے یہ بھیجی گئی ہے اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔"

۹۔ جب بارش کی زیادتی سے تباہی کا اندیشہ ہو تو یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ۔ (بخاری، مسلم)

"خدایا! ہمارے آس پاس برسے ہمارے اوپر نہ برسے، خدایا! پہاڑیوں

---

[1] خدایا تو اس کو خیر کی ہوا بنا دے شر کی ہوا نہ بنا۔ خدایا تو اس کو رحمت بنا دے عذاب نہ بنا۔

پر ٹیلوں پر، وادیوں پر اور کھیت اور درخت اُگنے کے مقامات پر برسے۔

۱۰۔ جب بادلوں کی گرج اور بجلی کی کڑک سنیں تو بات چیت بند کر کے قرآن پاک کی یہ آیت پڑھنا شروع کر دیجیے۔

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ۔ (الرعد ۱۳)

"اور بادلوں کی گرج خدا کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتی ہے اور فرشتے بھی اس کے خوف سے لرزتے ہوئے پاکی اور برتری بیان کرتے ہیں۔"

حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ جب بادلوں کی گرج سنتے تو گفتگو بند کر دیتے اور یہی آیت پڑھنے لگتے۔ (الادب المفرد)

حضرت کعبؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص گرج کے وقت تین مرتبہ اس آیت کو پڑھ لے وہ گرج کی آفت سے عافیت میں رہے گا۔ (ترمذی)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بادلوں کی گرج اور بجلی کی کڑک سنتے تو یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔ (الادب المفرد)

"خدایا! ہمیں اپنے غضب سے ہلاک نہ کر۔ اپنے عذاب سے ہمیں تباہ نہ کر۔ اور ایسا وقت آنے سے پہلے ہی ہمیں اپنے دامن عافیت میں لے لے۔"

۱۱۔ جب آگ لگ جائے تو اس کو بجھانے کی بھرپور کوشش کے ساتھ ساتھ اللہ اکبر بھی کہتے جائیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جب آگ لگتی دیکھو تو اللہ اکبر کہو، تکبیر آگ کو بجھا دیتی ہے۔"

۱۴۔خوف اور دہشت کے غلبے میں یہ دعا پڑھیئے خدا نے چاہا تو دہشت دور ہوگی اور اطمینان نصیب ہوگا۔حضرت براء ابن عازبؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ مجھ پر دہشت طاری رہتی ہے۔آپؐ نے فرمایا یہ دعا پڑھا کرو۔اُس نے اِس دعا کا وِرد کیا۔خدا نے اس کے دل سے دہشت دور فرمادی۔(معجم الطبرانی)

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ جَلَّلْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ۔

"پاک و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، عیبوں سے پاک، اے فرشتوں اور جبریل کے پروردگار! تیرا ہی اقتدار اور دبدبہ آسمانوں اور زمین پر چھایا ہوا ہے۔"

خوشی کے آداب

۱۔خوشی کے مواقع پر خوشی ضرور منائیے۔خوشی انسان کا ایک طبعی تقاضا اور فطری ضرورت ہے، دین فطری ضرورتوں کی اہمیت کو محسوس کرتا ہے اور کچھ مفید حدود و شرائط کے ساتھ ان ضرورتوں کو پورا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔دین ہرگز پسند نہیں کرتا کہ آپ مصنوعی وقار، غیر مطلوب سنجیدگی، ہر وقت کی مردہ دلی اور فسردگی سے اپنے کردار کی کشش کو ختم کر دیں۔ وہ خوشی کے تمام جائز مواقع پر خوشی منانے کا پورا پورا حق دیتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ آپ ہمیشہ بلند حوصلوں، تازہ ولولوں اور نئی امنگوں کے ساتھ تازہ دم رہیں۔جائز مواقع پر خوشی کا اظہار نہ کرنا اور خوشی منانے کو دینی وقار کے خلاف سمجھنا دین کے فہم سے محرومی ہے۔

آپ کو کسی دینی فریضے کو انجام دینے کی توفیق نصیب ہو۔آپ یا آپ کا کوئی عزیز علم و فضل میں بلند مقام حاصل کرلے، خدا آپ کو مال و دولت یا کسی اور نعمت سے نوازے، آپ کسی لمبے سفر سے بخیریت گھر واپس آئیں، آپ کا کوئی عزیز کسی دور دراز سفر سے آئے، آپ کے یہاں کسی معزز مہمان کی آمد ہو، آپ کے یہاں شادی بیاہ یا بچے کی پیدائش ہو، کسی عزیز کی صحت یا خیریت کی خبر ملے یا اہل اسلام کے فتح و نصرت کی خوشخبری سنیں یا کوئی تیوہار ہو۔اس طرح کے تمام مواقع

پر خوشی منانا آپ کا فطری حق ہے اسلام نہ صرف خوشی منانے کی اجازت دیتا ہے بلکہ اس کو عین دینداری قرار دیتا ہے۔

حضرت کعب ابن مالکؓ کا بیان ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے میری توبہ قبول فرمائی، اور مجھے خوشخبری ملی، تو میں فوراً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچا۔ میں نے جا کر سلام کیا۔ اُس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ خوشی سے جگمگا رہا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب بھی کوئی خوشی حاصل ہوتی تو آپ کا چہرہ اس طرح چمکتا کہ جیسے چاند کا کوئی ٹکڑا ہے۔ اور ہم آپ کے چہرے کی رونق اور چمک سے سمجھ جاتے کہ آپ اس وقت انتہائی مسرور ہیں۔ (ریاض الصالحین)

۲۔ تیوہار کے موقع پر اہتمام کے ساتھ خوب کھل کر خوشی منایئے اور طبیعت کو ذرا آزاد چھوڑ دیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینے تشریف لائے تو فرمایا۔ "تم سال میں دو دن خوشیاں منایا کرتے تھے۔ اب خدا نے تم کو ان سے بہتر دو دن عطا فرمائے یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ لہٰذا سال کے ان دو اسلامی تیوہاروں میں خوشی اور مسرت کا پورا پورا مظاہرہ کیجئے اور مل جل کر ذرا کھل طبیعت سے کچھ تفریحی طبیعت سے کچھ تفریحی مشاغل فطری انداز میں اختیار کیجئے اسی لئے ان دونوں تیوہاروں میں روزہ رکھنے کی ممانعت ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

بچوں کو موقع دیجیے کہ وہ جائز قسم کی تفریح اور کھیلوں سے جی بہلائیں اور کھل کر خوشی منائیں۔

○ حضرت عائشہ رضہ کا بیان ہے کہ عید کا دن تھا کچھ لونڈیاں بیٹھی وہ اشعار گا رہی تھیں جو جنگ بعاث[1] سے متعلق انصار نے کہے تھے کہ اسی دوران حضرت ابوبکر رضہ تشریف لے آئے۔ بولے "نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں یہ گانا بجانا!" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ابوبکر رہنے دو۔ ہر قوم کے لئے تیوہار کا ایک دن ہوتا ہے اور آج ہماری عید کا دن ہے۔"

○ ایک بار عید کے دن کچھ حبشی بازیگر فوجی کرتب دکھا رہے تھے۔ آپؐ نے یہ کرتب خود بھی دیکھے اور حضرت عائشہ رضہ کو بھی اپنی آڑ میں لے کر دکھائے۔ آپؐ ان بازیگروں کو شاباش بھی دیتے جاتے تھے۔ جب حضرت عائشہ رضہ دیکھتے دیکھتے تھک گئیں تو آپؐ نے فرمایا اچھا اب جاؤ۔ (بخاری)

۳۔ خوشی منانے میں، اسلامی ذوق اور مزاج اور اسلامی ہدایات و آداب کا ضرور لحاظ رکھیے۔ جب آپ کو کوئی خوشی حاصل ہو تو خوشی دینے والے کا شکر ادا کیجیے۔ اس کے حضور سجدۂ شکر بجا لائیے۔ خوشی کے ہیجان میں کوئی ایسا عمل یا رویہ اختیار نہ کیجیے جو اسلامی مزاج سے میل نہ کھائے۔ اور اسلامی آداب و ہدایات کے خلاف ہو۔ مسرت کا اظہار ضرور کیجیے۔ لیکن اعتدال کا بہر حال خیال رکھیے، مسرت کے اظہار میں اس قدر آگے نہ بڑھیے کہ فخر و غرور کا اظہار ہونے لگے۔

---

[1] جنگ بعاث اس مشہور جنگ کا نام ہے جو انصار کے دو قبیلوں اوس و خزرج کے درمیان زمانۂ جاہلیت میں ہوئی تھی۔

اور نیاز مندی، بندگی اور عاجزی کے جذبات دبنے لگیں قرآن میں ہے۔

وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰكُمْ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔

(الحدید ۲۳)

"اور ان نعمتوں کو پاکر اترانے نہ لگو جو خدا نے تمہیں دی ہیں۔ خدا اترانے والے اور بڑائی جتانے والے کو ناپسند کرتا ہے۔

اور خوشی میں ایسے سرمست بھی نہ ہو جائیے کہ خدا کی یاد سے غافل ہونے لگیں، مومن کی خوشی یہ ہے کہ وہ خوشی دینے والے کو اور زیادہ یاد کرے۔ اس کے حضور سجدہ شکر بجا لائیے۔ اور اپنے عمل و گفتار سے، خدا کے فضل و کرم اور عظمت و جلال کا اور زیادہ اظہار کرے۔

رمضان میں مہینے بھر کے روزے رکھ کر اور شب میں تلاوت قرآن اور تراویح کی توفیق پاکر جب آپ عید کا چاند دیکھتے ہیں تو خوشی میں جھوم اٹھتے ہیں کہ خدا نے جو حکم دیا تھا آپ خدا کی دستگیری سے اس کی تعمیل میں کامیاب ہوئے۔ اور آپ فوراً اپنے مال میں سے اپنے غریب اور مسکین بھائیوں کا حصہ ان کو پہنچا دیتے ہیں کہ اگر آپ کی عبادتوں میں کوئی کوتاہی ہو گئی ہو اور بندگی کا حق ادا کرنے میں کوئی غفلت ہوئی ہو تو اس کی تلافی ہو جائے اور خدا کے غریب بندے بھی عید کی خوشی میں شریک ہو کر خوشی کا اجتماعی اظہار کر سکیں اور پھر آپ خدا کی اس توفیق پر عید کی صبح کو دوگانۂ شکر ادا کر کے اپنی خوشی کا صحیح صحیح اظہار کرتے ہیں اور اسی طرح عید الاضحیٰ کے دن حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کی عظیم اور بے مثال قربانی کی یادگار منا کر اور قربانی کے جذبات سے اپنے سینے کو سرشار پا کر سجدۂ شکر بجا لاتے ہیں۔

اور پھر آپ کی ہر ہر بستی میں سارے گلی کوچے اور سڑکیں تکبیر و تہلیل اور خدا کی عظمت کی صداؤں سے گونج اٹھتی ہیں اور پھر آپ خدا کی شریعت کے مطابق جب عید کے ایام میں اچھا کھاتے اچھا پہنتے ہیں اور خوشی کے اظہار کے لئے جائز طریقوں کو اختیار کرتے ہیں تو آپ کی یہ ساری سرگرمیاں یادِ الٰہی بن جاتی ہیں۔

۴۔ اپنی خوشی میں دوسروں کو بھی شریک کیجئے اور اسی طرح دوسروں کی خوشی میں خود بھی شرکت کر کے ان کی مسرتوں میں اضافہ کیجئے اور خوشی کے مواقع پر مبارکباد دینے کا بھی اہتمام کیجئے۔

حضرت کعب ابن مالکؓ کی توبہ جب قبول ہوئی اور مسلمانوں کو معلوم ہوا تو لوگ جوق در جوق ان کے پاس مبارکباد دینے کے لئے پہنچنے لگے۔ اور اظہار مسرت کرنے لگے یہاں تک کہ حضرت طلحہؓ کی مبارکباد اور اظہارِ مسرت سے تو حضرت کعبؓ اتنے متاثر ہوئے کہ زندگی بھر یاد کرتے رہے، حضرت کعبؓ نے جب بڑھاپے کے زمانے میں اپنے بیٹے عبداللہ کو اپنی آزمائش اور توبہ کا واقعہ سنایا تو خصوصیت کے ساتھ حضرت طلحہؓ کے اظہار مسرت کا ذکر کیا اور فرمایا میں طلحہؓ کی مبارکباد اور جذبات مسرت کو کبھی نہیں بھول سکتا۔

خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی جب حضرت کعبؓ کو قبولیت توبہ کی خوشخبری سُنائی تو انتہائی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا "کعب! یہ تمہاری زندگی کا سب سے زیادہ خوشی کا دن ہے" (ریاض الصالحین)

کسی کی شادی ہو یا کسی کے یہاں بچہ پیدا ہو، یا اسی طرح کی کوئی اور خوشی حاصل ہو تو خوشی میں شرکت کیجئے اور مبارکباد دیجئے۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے نکاح پر اس کو مبارکباد دیتے تو یوں فرماتے۔

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ۔

(ترمذی)

"خدا تمہیں خوشحال رکھے اور تم دونوں پر برکتیں نازل فرمائے اور خیر و خوبی کے ساتھ تم دونوں کا نباہ کرے۔

ایک بار حضرت حسین رضؓ نے کسی کو بچے کی پیدائش پر مبارکباد دینے کا طریقہ سکھاتے ہوئے فرمایا کہ یوں کہا کرو۔

"خدا تمہیں اپنے اس عطیے میں خیر و برکت دے، اپنی شکرگزاری کی تمہیں توفیق بخشے، بچے کو جوانی کی بہاریں دکھلائے۔ اور اس کو تمہارا فرمانبردار بنا کر اٹھائے۔"

۵۔ جب آپ کا کوئی عزیز یا شناسا کسی دور دراز سفر سے آئے تو اس کا استقبال کیجئے اور اس کے بخیر و عافیت واپس آنے اور اپنے مقصد میں کامیاب ہونے پر اظہار مسرت کیجئے۔ اور اگر وہ اپنی بخیر واپسی پر خوشی کی کوئی تقریب منائے تو اس میں شرکت کیجئے اور جب آپ کسی سفر سے بعافیت وطن پہنچیں اور اس خوشی میں کوئی تقریب منائیں تو اس مسرت میں بھی قریبی لوگوں کو شریک کریں۔ البتہ بے جا اسراف اور نمود و نمائش سے پرہیز کیجئے اور کوئی ایسا خرچ ہرگز نہ کیجئے جو آپ کی وسعت سے زیادہ ہو۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے تو مسلمان مرد اور بچے آپ کے استقبال کے لئے ثنیۃ الوداع تک پہنچے۔ (ابوداؤد)

اور جب آپ مکے سے ہجرت کر کے مدینے پہنچے اور جنوب کی جانب سے شہر میں داخل ہونے لگے، تو مسلمان، مرد، عورتیں، بچے، بچیاں، سب ہی آپ کا خیر مقدم کرنے کے لئے نکل آئے تھے اور انصار کی بچیاں خوشی میں یہ گیت گا رہی تھیں۔

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعٍ
اَيُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِيْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ

"(آج) ہم پر چودھویں کا چاند طلوع ہوا (جنوبی پہاڑی) ثنیات الوداع سے ہم پر شکر واجب ہے، اس دعوت و تعلیم کا کہ داعی نے ہمیں خدا کی طرف بلایا۔ اے ہمارے درمیان بھیجے جانے والے رسول، آپ ایسا دین لائے ہیں جس کی ہم اطاعت کریں گے۔"

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی سفر سے مدینے پہنچے تو آپ نے اونٹ یا گائے ذبح کر کے لوگوں کی دعوت فرمائی۔ (ابو داؤد)

۲۔ شادی بیاہ کے موقع پر بھی خوشی منائیے۔ اور اس خوشی میں اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو بھی شریک کیجئے۔ اس موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ

لہ ثنیۃ الوداع مدینے کے جنوب میں ایک ٹیلہ تھا، مدینے والے مہمانوں کو رخصت کرتے وقت یہاں تک پہنچانے آیا کرتے تھے۔ اس لئے اس ٹیلے کا نام ہی "ثنیۃ الوداع" یعنی "رخصت کا ٹیلہ" پڑ گیا۔

اچھے گیت گانے اور دف بجانے کی بھی اجازت دی ہے۔ اس سے جذبات مسرت کی تسکین بھی مقصود ہے اور نکاح کا عام اعلان اور شہرت بھی۔

○ حضرت عائشہ رضنے اپنے رشتے کی ایک خاتون کا کسی انصاری سے نکاح کیا۔ جب اس کو رخصت کیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں نے اُن کے ساتھ کوئی لونڈی کیوں نہیں بھیج دی جو دف بجاتی اور کچھ گیت گاتی جاتی۔ (بخاری)۔

○ جب حضرت ربیع بنت معوذ رض کا نکاح ہوا۔ تو ان کے پاس چند لڑکیاں بیٹھی دف بجا رہی تھیں اور اپنے ان بزرگوں کی تعریف میں کچھ اشعار گا رہی تھیں۔ جو جنگ بدر میں شہید ہوئے تھے۔ ایک لڑکی نے ایک مصرعہ گایا۔

"ہمارے درمیان ایک ایسا نبی ہے جو کل ہونے والی بات کو جانتا ہے"

آپ نے سنا تو فرمایا اس کو چھوڑ دو۔ اور وہی گاؤ جو پہلے گا رہی تھیں"۔ (بخاری)

۷۔ شادی بیاہ کی خوشی میں اپنی حیثیت اور وسعت کے مطابق اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو کچھ کھلانے پلانے کا بھی اہتمام کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنی شادی میں بھی ولیمے کی دعوت کی اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین فرمائی۔ آپ کا ارشاد ہے۔

"اور کچھ نہ ہو تو ایک بکری ہی ذبح کر کے کھلا دو" (بخاری)

شادی میں شرکت کا موقع نہ ہو تو کم از کم مبارکباد کا پیغام ضرور بھیجئے۔ نکاح شادی اور اسی طرح کے دوسرے خوشی کے موقعوں پر تحفے دینے سے تعلقات میں تازگی اور استواری پیدا ہوتی ہے اور محبت میں گرمی اور اضافہ ہوتا ہے۔

ہاں اس کا ضرور لحاظ رکھیئے کہ تحفہ اپنی حیثیت کے مطابق دیجئے اور نمود و نمائش سے بچتے ہوئے اپنے اخلاص کا احتساب ضرور کرتے رہیئے۔



باب دوم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لوگو! حسنِ بندگی سے اپنی زندگیاں آراستہ کرو۔

خوفِ آخرت کی چادر اپنے اوپر ڈالے رہو،

آخرت کو اپنی زندگی کا مقصود بناؤ،

اور وہاں اپنا ٹھکانہ بنانے کے لئے برابر لگے رہو۔

خوب سمجھ لو۔ تمہیں یہاں سے جانا ہے اور خدا کے حضور پہنچنا ہے۔

اور وہاں دو ہی چیزیں تمہارے کام آئیں گی۔

یا تو وہ حسنِ عمل جو تم اپنی زندگی میں آگے بھیج دو۔

یا وہ صدقہ جاریہ جو تم اپنے پیچھے چھوڑ آؤ۔

(خطبۂ رسولؐ)

مسجد کے آداب

۱۔ خدا کی نظر میں روئے زمین کا سب سے زیادہ بہتر حصہ وہ ہے جس پر مسجد تعمیر کی جائے۔ خدا سے پیار رکھنے والے کی پہچان یہ ہے کہ وہ مسجد سے بھی پیار رکھتے ہیں۔ قیامت کے ہیبتناک دن میں جب کہیں کوئی سایہ نہ ہوگا، خدا اس دن اپنے اس بندے کو اپنے عرش کے سائے میں رکھے گا جس کا دل مسجد میں لگا رہتا ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"اور وہ شخص (عرش کے سائے میں ہوگا) جس کا دل مسجد میں اٹکا رہتا ہو۔" (بخاری)

۲۔ مسجد کی خدمت کیجیے اور اس کو آباد رکھیے، مسجد کی خدمت کرنا اور اس کو آباد رکھنا ایمان کی علامت ہے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ (التوبہ: ۱۸)

"خدا کی مسجدوں کو وہی لوگ آباد رکھتے ہیں جو خدا پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں۔"

۳۔ فرض نمازیں ہمیشہ مسجد میں جماعت سے پڑھیے۔ مسجد میں جماعت اور اذان کا باقاعدہ نظم رکھیے اور مسجد کے نظام سے اپنی پوری زندگی کو منظم کیجیے۔ مسجد ایک ایسا مرکز ہے کہ مومن کی پوری زندگی اسی کے گرد گھومتی ہے، نبی

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
مسلمانوں میں بعض لوگ وہ ہیں جو مسجدوں میں جمے رہتے ہیں اور وہاں سے ہٹتے نہیں ہیں۔ فرشتے ایسے لوگوں کے ہم نشین ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ غائب ہو جائیں تو فرشتے ان کو تلاش کرتے پھرتے ہیں۔ اور اگر بیمار پڑ جائیں تو فرشتے ان کی بیمار پرسی کرتے ہیں اور اگر کسی کام میں لگے ہوں تو فرشتے ان کی مدد کرتے ہیں ——— مسجد میں بیٹھنے والا خدا کی رحمت کا منتظر ہوتا ہے۔" (مسند احمد)

۴۔ مسجد میں نماز کے لئے ذوق وشوق سے جائیے۔ نبی ؐ نے فرمایا "صبح و شام مسجد میں نماز کے لئے جانا ایسا ہے جیسے جہاد کے لئے جانا۔" اور یہ بھی فرمایا "جو لوگ صبح کے اندھیرے میں مسجد کی طرف جاتے ہیں قیامت میں ان کے مانند کامل روشنی ہوگی۔" اور یہ بھی فرمایا "نماز با جماعت کے لئے مسجد میں جانے والے کا ہر قدم ایک نیکی کو واجب کرتا اور ایک گناہ کو مٹاتا ہے۔ (ابن حبان)

۵۔ مسجد کو صاف ستھرا رکھیے۔ مسجد میں جھاڑو دیجئے۔ کوڑا کرکٹ صاف کیجیے، خوشبو سلگائیے۔ خاص طور پر جمعہ کے دن مسجد کو خوشبو میں بسانے کی کوشش کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "مسجد میں جھاڑو دینا، مسجد کو پاک صاف رکھنا، مسجد کا کوڑا کرکٹ باہر پھینکنا، مسجد میں خوشبو سلگانا۔ بالخصوص جمعہ کے دن مسجد کو خوشبو میں بسانا جنت میں لے جانے والے کام ہیں۔ (ابن ماجہ) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے "مسجد کا کوڑا کرکٹ صاف کرنا حسین آنکھوں والی حور کا مہر ہے" (طبرانی)

۶۔ مسجد میں ڈرتے لرزتے جائیے۔ داخل ہوتے وقت "السلام علیکم" کہیئے اور خاموش بیٹھ کر اس طرح ذکر کیجئے کہ خدا کی عظمت وجلال آپ کے دل پر چھایا ہوا ہو۔ ہنستے بولتے غفلت کے ساتھ مسجد میں داخل ہونا، غافلوں اور بے ادبوں کا کام ہے جن کے دل خدا کے خوف سے خالی ہیں۔ بعض لوگ امام کے ساتھ رکوع میں شریک ہونے اور رکعت پانے کے لئے مسجد میں دوڑتے ہیں یہ بھی مسجد کے احترام کے خلاف ہے۔ رکعت ملے یا نہ ملے سنجیدگی، وقار، اور عاجزی کے ساتھ مسجد میں چلئے اور بھاگ دوڑ سے پرہیز کیجئے۔

۷۔ مسجد میں سکون سے بیٹھئے اور دنیا کی باتیں نہ کیجئے مسجد میں شور مچانا ٹھٹھا مذاق کرنا، بازار کے بھاؤ پوچھنا اور بتانا، دنیا کے حالات پر تبصرہ کرنا۔ اور خرید وفروخت کا بازار گرم کرنا مسجدوں کی بے حرمتی ہے۔ مسجد خدا کی عبادت کا گھر ہے اس میں صرف عبادت کیجئے۔

۸۔ مسجد میں ایسے چھوٹے بچوں کو نہ لے جائیے جو مسجد کے احترام کا شعور نہ رکھتے ہوں، اور مسجد میں پیشاب، پاخانہ کریں یا تھوکیں۔

۹۔ مسجد کو گزرگاہ نہ بنائیے۔ مسجد کے دروازے میں داخل ہونے کے بعد مسجد کا یہ حق ہے کہ آپ اس میں نماز پڑھیں یا بیٹھ کر ذکر اور تلاوت کریں۔

۱۰۔ اگر آپ کی کوئی چیز کہیں باہر گم ہو جائے تو اس کا اعلان مسجد میں نہ کیجئے۔ نبی ﷺ کی مسجد میں اگر کوئی شخص اس طرح اعلان کرتا تو آپ ناراض ہوتے اور یہ کلمہ فرماتے "لَا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَنَا لَتَكَ خدا تجھ کو تیری گمی ہوئی چیز

نہ ملائیے۔"

۱۱۔مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں رکھیئے اور نبیؐ پر درود وسلام بھیجئے پھر یہ دعا پڑھیئے۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، جب تم میں سے کوئی مسجد میں آئے تو پہلے نبیؐ پر درود بھیجے اور پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ ۔ (مسلم)

"خدایا! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

اور مسجد میں داخل ہونے کے بعد دو رکعت نفل پڑھئے ان نوافل کو تحیۃ المسجد کہتے ہیں۔اسی طرح جب کبھی سفر سے واپسی ہو تو سب سے پہلے مسجد پہنچ کر دو رکعت نفل پڑھیئے اور اس کے بعد گھر جائیے۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی سفر سے واپس آتے تو پہلے مسجد میں جا کر نفل پڑھتے اور پھر اپنے گھر تشریف لے جاتے۔

۱۲۔مسجد سے نکلتے وقت بایاں پاؤں باہر رکھیئے اور یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ ۔ (مسلم)

"خدایا! میں تجھ سے تیرے فضل وکرم کا سوال کرتا ہوں۔"

۱۳۔مسجد میں باقاعدہ اذان اور نماز با جماعت کا نظم قائم کیجئے اور مؤذن اور امام ان لوگوں کو بنائیے جو اپنے دین واخلاق میں بحیثیت مجموعی سب سے بہتر ہوں۔ جہاں تک ممکن ہو کوشش کیجئے کہ ایسے لوگ اذان اور امامت کے فریضے انجام دیں جو معاوضہ نہ لیں۔اور اپنی خوشی سے اجرِ آخرت کی طلب میں ان فرائض کو انجام دیں۔

۱۴۔اذان کے بعد یہ دعا پڑھیئے۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص

اذان سن کر یہ دعا مانگے قیامت کے روز اس کے لئے میری دعا واجب ہوگی۔ (مشکوٰۃ)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَةِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِالْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِالَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

"خدایا! اس کامل دعوت اور اس کھڑی ہونے والی نماز کے مالک! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا قرب، فضیلت اور بڑائی عطا فرما! اور ان کو اس مقام محمود پر فائز کر جس کا تو نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں اُن کی شفاعت سے بہرہ مند فرما بے شک تو کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا۔"

۱۵۔ موذن جب اذان دے رہا ہو تو اس کے کلمات سُن سُن کر آپ بھی دہرا لیے البتہ جب وہ حَیَّ علی الصلوٰۃ اور حَیَّ علی الفلاح کہے تو اُس کے جواب میں کہیے "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ" اور فجر کی اذان میں جب مؤذن اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہے تو جواب میں یہ کلمات کہیے۔ صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ "تم نے سچ کہا اور بھلائی کی بات کہی۔"

۱۶۔ تکبیر کہنے والا جب قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کہے تو جواب میں یہ کلمات کہیے۔ اَقَامَھَا اللّٰہُ وَاَدَامَھَا۔ "خدا اسے ہمیشہ قائم رکھے۔"

۱۷۔ عورتیں مسجدوں میں جانے کے بجائے گھر ہی میں نماز ادا کریں۔ ایک بار حضرت ابوحمید ساعدی کی بیوی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔ یارسول اللہ

مجھے آپ کے ساتھ نماز پڑھنے کا بڑا شوق ہے۔ آپ نے فرمایا مجھے تمہارا شوق معلوم ہے لیکن تمہارا کوٹھری میں نماز پڑھنا اس سے بہتر ہے کہ تم دالان میں نماز پڑھو اور دالان میں نماز پڑھنا اس سے بہتر ہے کہ صحن میں پڑھو۔

البتہ عورتوں کو مسجد کی ضروریات پوری کرنے کی امکان بھر کوشش کرنا چاہیے۔ پانی کا انتظام، چٹائی کا انتظام اور خوشبو وغیرہ کا سامان بھیجیں اور مسجد سے دلی تعلق قائم رکھیں۔

۱۸۔ ہوشیار بچوں کو اپنے ساتھ مسجد لے جائیے ماؤں کو چاہیے کہ وہ ترغیب دے دے کر بھیجیں تاکہ بچوں میں شوق پیدا ہو اور مسجد میں ان کے ساتھ نہایت نرمی، محبت اور شفقت کا سلوک کیجیے۔ وہ اگر کوئی کوتاہی کریں یا کوئی شرارت کر بیٹھیں تو ڈانٹنے پھٹکارنے کے بجائے پیار اور محبت سے سمجھائیے اور بھلائی کی تلقین کیجیے۔

نماز کے آداب

۱۔ نماز کے لئے طہارت اور پاکی کا پورا پورا خیال رکھیے۔ وضو کریں تو مسواک کا بھی اہتمام کیجیے۔ نبی ﷺ نے فرمایا "قیامت میں میری امت کی علامت یہ ہوگی کہ ان کی پیشانی اور اعضائے وضو نور سے چمک رہے ہوں گے۔ پس جو شخص اپنے نور کو بڑھانا چاہے بڑھائے۔"

۲۔ صاف ستھرے، سنجیدہ، مہذب اور سلیقے کے کپڑے پہن کر نماز ادا کیجیے قرآن مجید میں ہے، یٰبَنِیٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ "اے آدم کے بیٹو! ہر نماز کے موقع پر اپنی زینت سے آراستہ ہوجایا کرو۔"

۳۔ وقت کی پابندی سے نماز ادا کیجیے۔ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا "مومنوں پر وقت کی پابندی سے نماز فرض کی گئی ہے۔" حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، یا رسول اللہ! خدا کے نزدیک کونسا عمل سب سے زیادہ محبوب ہے، آپؐ نے فرمایا۔ نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا۔ اور نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا "خدا نے پانچ نمازیں فرض کی ہیں جس شخص نے ان نمازوں کو ان کے مقررہ وقت پر اچھی طرح وضو کر کے خشوع خضوع سے ادا کیا۔ تو خدا پر اس کا یہ حق ہے کہ وہ اس کو بخش دے اور جس نے ان نمازوں میں کوتاہی کی تو خدا پر اس کی مغفرت و نجات کی کوئی ذمہ داری نہیں چاہے تو

عذاب دے اور چاہے تو بخش دے۔" (مالک)

۴۔ نماز ہمیشہ جماعت سے پڑھیے۔ اگر کبھی جماعت نہ ملے تب بھی فرض نماز مسجد ہی میں پڑھنے کی کوشش کیجیے، البتہ سنتیں گھر پڑھنا بھی اچھا ہے نبیؐ کا ارشاد ہے جو شخص چالیس دن تک تکبیر اولیٰ کے ساتھ نماز با جماعت پڑھے وہ دوزخ اور نفاق دونوں سے محفوظ کر دیا جاتا ہے (ترمذی) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا۔ اگر لوگوں کو نماز باجماعت کا اجر و ثواب معلوم ہو جائے۔ تو وہ ہزار مجبوریوں کے باوجود بھی جماعت کے لئے دوڑ دوڑ کر آئیں۔ جماعت کی پہلی صف ایسی ہے جیسے فرشتوں کی صف تنہا نماز پڑھنے سے دو آدمیوں کی جماعت بہتر ہے پھر جتنے آدمی زیادہ ہوں اتنی ہی یہ جماعت خدا کو زیادہ محبوب ہوتی ہے۔" (ابوداؤد)

۵۔ نماز سکون کے ساتھ پڑھیے اور رکوع و سجود اطمینان کے ساتھ ادا کیجیے رکوع سے اٹھنے کے بعد اطمینان کے ساتھ سیدھے کھڑے ہو جایئے پھر سجدے میں جایئے۔ اسی طرح دونوں سجدوں کے درمیان بھی مناسب وقفہ کیجیے۔ اور دونوں سجدوں کے درمیان یہ دعا بھی پڑھ لیا کیجیے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔ (ابوداؤد)

"خدایا تو میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم کر۔ مجھے سیدھی راہ پر چلا۔ میری شکستہ حالی دور فرما۔ مجھے سلامتی دے اور مجھے روزی عطا کر۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "جو شخص نماز کو اچھی طرح ادا کرتا ہے۔ نماز اس کو دعائیں دیتی ہے کہ خدا اسی طرح تیری بھی حفاظت کرے جس طرح تو

نے میری حفاظت کی "۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا " بدترین چوری نماز کی چوری ہے۔ لوگوں نے پوچھا، یارسول اللہ! نماز میں کوئی چوری کیسے کرتا ہے؟ فرمایا " رکوع اور سجدے ادھورے کر کے "۔

۶۔ اذان کی آواز سنتے ہی نماز کی تیاری شروع کر دیجئے۔ اور وضو کر کے پہلے سے مسجد میں پہنچ جائیے اور خاموشی کے ساتھ صف میں بیٹھ کر جماعت کا انتظار کیجئے۔ اذان سننے کے بعد سستی اور تاخیر کرنا اور کسمساتے ہوئے نماز کے لئے جانا منافقوں کی علامت ہے۔

۷۔ اذان بھی ذوق و شوق سے پڑھا کیجئے نبی ؐ سے ایک شخص نے پوچھا یارسول اللہ مجھے کوئی ایسا کام بتا دیجئے جو مجھے جنت میں لے جائے۔ آپؐ نے فرمایا " نماز کے لئے اذان دیا کرو "۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا " مؤذن کی آواز جہاں تک پہنچتی ہے اور جو اس کی اذان سنتا ہے وہ قیامت میں مؤذن کے حق میں گواہی دے گا جو شخص جنگل میں اپنی بکریاں چراتا ہو اور اذان کا وقت آنے پر اونچی آواز سے اذان کہے۔ تو جہاں تک اس کی آواز جائے گی قیامت کے دن وہ ساری چیزیں اس کے حق میں گواہی دیں گی۔ (بخاری)

۸۔ اگر آپ امام ہیں تو تمام آداب و شرائط کا اہتمام کرتے ہوئے نماز پڑھائیے اور مقتدیوں کی سہولت کا لحاظ کرتے ہوئے اچھی طرح امامت کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " جو امام اپنے مقتدیوں کو اچھی طرح نماز

پڑھاتے ہیں اور یہ سمجھ کر پڑھاتے ہیں کہ ہم اپنے مقتدیوں کی نماز کے ضامن ہیں، ان کو اپنے مقتدیوں کی نماز کا اجر بھی ملتا ہے جتنا ثواب مقتدیوں کو ملتا ہے اتنا ہی امام کو بھی ملتا ہے۔ اور مقتدیوں کے اجر و ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جاتی۔ (طبرانی)۔

۹۔ نماز اس طرح خشوع خضوع سے پڑھیئے کہ دل پر خدا کی عظمت و جلال کی ہیبت طاری ہو اور خوف و سکون چھایا ہوا ہو، نماز میں بلا وجہ ہاتھ پیر ہلانا۔ بدن کھجانا، داڑھی میں خلال کرنا، ناک میں انگلی دینا، کپڑے سنبھالنا سخت بے ادبی کی حرکتیں ہیں ان سے سختی کے ساتھ پرہیز کرنا چاہیئے۔

۱۰۔ نماز کے ذریعہ خدا سے قرب حاصل کیجئے۔ نماز اس طرح پڑھیئے کہ گویا آپ خدا کو دیکھ رہے ہیں۔ یا کم از کم یہ احساس رکھیئے کہ خدا آپ کو دیکھ رہا ہے نبی ؐ نے فرمایا۔

"بندہ اپنے رب سے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ اس کے حضور سجدہ کرتا ہے۔ پس جب تم سجدہ کرو تو سجدے میں خوب دعا کیا کرو" (مسلم)

۱۱۔ نماز ذوق و شوق کے ساتھ پڑھیئے۔ مارے باندھے کی رسمی نماز درحقیقت نماز نہیں ہے۔ ایک وقت کی نماز پڑھنے کے بعد دوسری نماز کا بے چینی اور شوق سے انتظار کیجئے۔ ایک دن مغرب کی نماز کے بعد کچھ لوگ عشاء کی نماز کا انتظار کر رہے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ اس قدر تیز تیز چل کر آئے کہ آپ کی سانس چڑھ گئی تھی۔ آپ نے فرمایا۔ لوگو! خوش ہو جاؤ تمہارے رب نے آسمان کا ایک دروازہ کھول کر تمہیں فرشتوں کے سامنے کیا اور فخر کرتے

ہوئے فرمایا دیکھو میرے بندے ایک نماز ادا کر چکے اور دوسری نماز کا انتظار کر رہے ہیں۔ (ابن ماجہ)

۱۲۔ غافلوں اور لاپرواہوں کی طرح جلدی جلدی نماز پڑھ کر سر سے بوجھ نہ اُتاریئے بلکہ حضورِ قلب کے ساتھ خدا کو یاد کیجئے اور دل، دماغ احساسات، جذبات اور افکار و خیالات ہر چیز سے پوری طرح خدا کی طرف رجوع ہو کر پوری یکسوئی اور دھیان کے ساتھ نماز پڑھئے۔ نماز وہی نماز ہے جس میں خدا کی یاد ہو۔ منافقوں کی نماز خدا کی یاد سے خالی ہوتی ہے۔

۱۳۔ نماز کے باہر بھی نماز کا حق ادا کیجئے اور پوری زندگی کو نماز کا آئینہ بنائیے۔ قرآن میں ہے "نماز بے حیائی اور نافرمانی سے روکتی ہے" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انتہائی اثر انگیز تمثیل میں اس کو اس طرح پیش فرمایا۔ آپ نے ایک سوکھی ٹہنی کو زور زور سے ہلایا۔ ٹہنی میں لگے ہوئے پتے ہلانے سے سب جھڑ گئے۔ پھر آپ نے فرمایا نماز پڑھنے والوں کے گناہ اسی طرح جھڑ جاتے ہیں جس طرح اس سوکھی ٹہنی کے پتے جھڑ گئے اور اس کے بعد آپ نے قرآن کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰی لِلذّٰكِرِیْنَ۔ (ھود: ۱۱۴)

"اور نماز قائم کرو دن کے دونوں کناروں پر (یعنی فجر اور مغرب) اور کچھ رات گئے پر، بلاشبہ نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت کو حاصل کرنے والوں کے لئے۔" (نسائی)

۱۴۔ نماز میں ٹھیر ٹھیر کر قرآن شریف پڑھیے اور نماز کے دوسرے اذکار بھی ٹھیر ٹھیر کر پوری توجہ، دل کی آمادگی اور طبیعت کی حاضری کے ساتھ پڑھیے سمجھ سمجھ کر پڑھنے سے شوق میں اضافہ ہوتا ہے، اور نماز واقعی نماز بن جاتی ہے۔

۱۵۔ نماز پابندی سے پڑھیے کبھی ناغہ نہ کیجیے مومنوں کی بنیادی خوبی ہی یہ ہے کہ وہ پابندی کے ساتھ بلاناغہ نماز پڑھتے ہیں۔

اِلَّا الْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ۔ (المعارج: ۲۲-۲۳)

"مگر نمازی لوگ وہ ہیں جو اپنی نمازوں کا پابندی کے ساتھ التزام کرتے ہیں"

۱۶۔ فرض نمازوں کی پابندی کے ساتھ ساتھ نفل نمازوں کا بھی اہتمام کیجیے اور کثرت سے نوافل پڑھنے کی کوشش کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص فرض نمازوں کے علاوہ دن رات میں بارہ رکعتیں پڑھتا ہے اس کے لئے ایک گھر جنت میں بنا دیا جاتا ہے" (مسلم)

۱۷۔ سنت اور نوافل کبھی کبھی گھر میں بھی پڑھا کیجیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "مسجد میں نماز پڑھنے کے بعد کچھ نماز گھر میں پڑھا کرو۔ خدا اس نماز کی طفیل تمہارے گھروں میں خیر عطا فرمائے گا" (مسلم) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی سنت ونوافل اکثر گھر پڑھا کرتے تھے۔

۱۸۔ فجر کی نماز کے لئے جب گھر سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا

وَفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَفِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا وَفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا وَاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْنِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا۔

(حصن حصین)

"خدایا! تو پیدا فرمادے میرے دل میں نور، میری بینائی میں نور، میری شنوائی میں نور، میرے دائیں نور، میرے بائیں نور، میرے پیچھے نور، میرے آگے نور، اور میرے لئے نور ہی نور کردے۔ میرے پٹھوں میں نور کردے اور میرے گوشت میں نور، میرے خون میں نور، میرے بالوں میں نور، میری کھال میں نور، میری زبان میں نور، اور میرے نفس میں نور پیدا فرمادے اور مجھے نورِ عظیم دے۔ اور مجھے سراپا نور بنادے اور پیدا فرما میرے اوپر نور۔ میرے نیچے نور، خدایا مجھے نور عطا کر۔"

۱۹۔ فجر اور مغرب کی نماز سے فارغ ہو کر گفتگو کرنے سے پہلے ہی سات بار یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ۔

"خدایا! مجھے جہنم کی آگ سے پناہ دے۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"فجر و مغرب کی نماز کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے سات بار یہ دعا پڑھ لیا کرو۔ اگر اس دن یا اس رات میں مر جاؤ گے تو تم جہنم سے ضرور

نجات پاؤ گے۔" (مشکوٰۃ)

۲۰۔ ہر نماز کے بعد تین بار اَسْتَغْفِرُ اللہ کہیے اور پھر یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ (مسلم)

"خدایا! تو السلام ہے، سلامتی کا فیضان تیری ہی جانب سے ہے تو خیر و برکت والا ہے۔ اے عظمت والے اور نوازش والے۔"

حضرت ثوبان رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے سلام پھیر لیتے تو تین بار استغفر اللہ کہتے اور پھر یہ دعا پڑھتے۔ (مسلم)

۲۱۔ جماعت کی نماز میں صفوں کو درست رکھنے کا پورا پورا اہتمام کیجیے۔ صفیں بالکل سیدھی رکھیے اور کھڑے ہونے میں اس طرح کندھا ملائیے کہ بیچ میں خالی جگہ نہ رہے۔ اور جب تک آگے کی صفیں نہ بھر جائیں پیچھے دوسری صفیں نہ بنائیے۔ ایک بار جماعت کی نماز میں ایک شخص اس طرح کھڑا ہوا تھا کہ اس کا سینہ باہر نکلا ہوا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو تنبیہہ فرمائی۔

"خدا کے بندو! اپنی صفوں کو سیدھی اور درست رکھنے کا لازماً اہتمام کرو ورنہ خدا تمہارے رُخ ایک دوسرے کے خلاف کر دے گا۔" (مسلم جلد ۱)

ایک موقع پر آپ نے فرمایا۔

"جو شخص نماز کی کسی صف کو جوڑے گا اُسے خدا جوڑے گا اور جو کسی صف کو کاٹے گا خدا اُسے کاٹے گا۔" (ابوداؤد جلد ۱)

۲۲- بچوں کی صف لازماً مردوں سے پیچھے بنائیے۔ اور بڑوں کے ساتھ کھڑا نہ کیجئے البتہ عیدگاہ وغیرہ میں جہاں الگ کرنے میں زحمتیں پیش آئیں یا بچوں کے گم ہونے کا اندیشہ ہو تو وہاں بچوں کو پیچھے بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ اپنے ساتھ رکھیئے۔ اور عورتوں کی صفیں یا تو سب سے پیچھے ہوں یا الگ ہوں اگر مسجد میں ان کے لیئے الگ جگہ بنی ہوئی ہو، اسی طرح عیدگاہ میں عورتوں کے لیئے الگ جگہ کا انتظام کیجئے۔

تلاوتِ قرآن کے آداب

۱- قرآن مجید کی تلاوت ذوق و شوق کے ساتھ دل لگا کر کیجئے اور یہ یقین رکھیئے کہ قرآن مجید سے شغف خدا سے شغف ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "میری امت کے لئے سب سے بہتر عبادت قرآن کی تلاوت ہے"۔

۲- اکثر و بیشتر وقت تلاوت میں مشغول رہیئے اور کبھی تلاوت سے نہ اکتائیے۔ نبیؐ نے فرمایا خدا کا ارشاد ہے "جو بندہ قرآن کی تلاوت میں اس قدر مشغول ہو کہ وہ مجھ سے دعا مانگنے کا موقع نہ پا سکے تو میں اس کو بغیر مانگے ہی مانگنے والوں سے زیادہ دونگا" (ترمذی) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بندہ تلاوتِ قرآن ہی کے ذریعہ خدا کا سب سے زیادہ قرب حاصل کرتا ہے" (ترمذی) اور آپؐ نے تلاوتِ قرآن کی ترغیب دیتے ہوئے یہ بھی فرمایا "جس شخص نے قرآن پڑھا اور وہ روزانہ اس کی تلاوت کرتا رہتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے مشک سے بھری ہوئی زنبیل کہ اس کی خوشبو چارسُو مہک رہی ہے اور جس شخص نے قرآن پڑھا لیکن وہ اس کی تلاوت نہیں کرتا تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے مشک سے بھری ہوئی بوتل۔ کہ اس کو ڈاٹ لگا کر بند کر دیا گیا ہے"۔ (ترمذی)۔

۳- قرآن پاک کی تلاوت محض طلبِ ہدایت کے لئے کیجئے۔ لوگوں کو اپنا

گرویدہ بنانے، اپنی خوش الحانی کا سکہ جمانے، اور اپنی دینداری کی دھاک بٹھانے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجیے یہ انتہائی گھٹیا مقاصد ہیں اور ان اغراض سے قرآن کی تلاوت کرنے والا قرآن کی ہدایت سے محروم رہتا ہے۔

۴۔ تلاوت سے پہلے طہارت اور نظافت کا پورا اہتمام کیجیے۔ بغیر وضو قرآن مجید چھونے سے پرہیز کیجیے، اور پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر تلاوت کیجیے۔

۵۔ تلاوت کے وقت قبلہ رُخ دو زانو ہو کر بیٹھیے اور گردن جھکا کر انتہائی توجہ، یکسوئی، دل کی آمادگی اور سلیقے سے تلاوت کیجیے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ۔ (ص: ۲۹)

"کتاب جو ہم نے آپ کی طرف بھیجی برکت والی ہے۔ تاکہ وہ اس میں غور و فکر کریں اور عقل والے اس سے نصیحت حاصل کریں۔

۶۔ تجوید اور ترتیل کا بھی جہاں تک ہو سکے لحاظ رکھیے۔ حروف ٹھیک ٹھیک ادا کیجیے اور ٹھیر ٹھیر کر پڑھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "اپنی آواز اور اپنے لہجے سے قرآن کو آراستہ کرو" (ابو داؤد)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایک حرف کو واضح کر کے اور ایک ایک آیت کو الگ الگ کر کے پڑھا کرتے تھے" اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

قرآن پڑھنے والے سے قیامت کے روز کہا جائے گا جس ٹھیراؤ، اور خوش الحانی کے ساتھ تم دنیا میں بنا سنوار کر قرآن پڑھا کرتے تھے۔ اسی طرح قرآن پڑھو اور ہر آیت کے صلے میں ایک درجہ بلند ہوتے جاؤ۔ تمہارا ٹھکانا

تمہاری تلاوت کی آخری آیت کے قریب ہے۔ (ترمذی)

۷۔ نہ زیادہ زور سے پڑھئے اور نہ بالکل ہی آہستہ بلکہ درمیانی آواز میں پڑھیئے۔ خدا کی ہدایت ہے۔

وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا۔ (بنی اسرائیل: ۱۱۰)

"اور اپنی نماز میں نہ تو زیادہ زور سے پڑھیئے اور نہ بالکل ہی دھیرے دھیرے بلکہ دونوں کے درمیان کا طریقہ اختیار کیجیے۔"

۸۔ یوں تو جب بھی موقع ملے تلاوت کیجیے لیکن سحر کے وقت تہجد کی نماز میں بھی قرآن پڑھنے کی کوشش کیجیے۔ یہ تلاوت قرآن کی فضیلت کا سب سے اونچا درجہ ہے اور مومن کی یہ تمنا ہونی چاہیئے کہ وہ تلاوت کا اونچے سے اونچا مرتبہ حاصل کرے۔

۹۔ تین دن سے کم میں قرآن شریف ختم کرنے کی کوشش نہ کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے تین دن سے کم میں قرآن پڑھا اس نے قطعاً قرآن کو نہیں سمجھا۔

۱۰۔ قرآن کی عظمت و وقعت کا احساس رکھیئے اور جس طرح ظاہری طہارت اور پاکی کا لحاظ کیا ہے اسی طرح دل کو بھی گندے خیالات، بُرے جذبات اور ناپاک مقاصد سے پاک کیجیے۔ جو دل گندے اور نجس خیالات اور جذبات سے آلودہ ہے۔ اس میں نہ قرآن پاک کی عظمت و وقعت بیٹھ سکتی ہے اور نہ وہ قرآن کے معارف و حقائق ہی کو سمجھ سکتا ہے۔ حضرت عکرمہؓ جب قرآن شریف کھولتے تو اکثر

بے ہوش ہو جاتے اور فرماتے یہ بڑے جلال و عظمت والے پروردگار کا کلام ہے۔

۱۱۔ یہ سمجھ کر تلاوت کیجئے کہ روئے زمین پر انسان کو اگر ہدایت مل سکتی ہے تو صرف اسی کتاب سے، اور اسی تصور کے ساتھ اس میں تفکر اور تدبر کیجئے اور اس کے حقائق اور حکمتوں کو سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ فرفر تلاوت نہ کیجئے بلکہ سمجھ سمجھ کر پڑھنے کی عادت ڈالیئے اور اس میں غور و فکر کرنے کی کوشش کیجئے حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ فرمایا کرتے تھے کہ میں "القارعہ" اور "القدر" جیسی چھوٹی چھوٹی سورتوں کو سوچ سمجھ کر پڑھنا اس سے زیادہ بہتر سمجھتا ہوں کہ البقرہ اور آل عمران جیسی بڑی بڑی سورتیں فرفر پڑھ جاؤں اور کچھ نہ سمجھوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ ساری رات ایک ہی آیت کو دہراتے رہے۔

إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ (المائدہ ۱۱۸)

"اے خدا اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو بخش دے تو تو انتہائی زبردست اور نہایت حکمت والا ہے"

۱۲۔ اس عزم کے ساتھ تلاوت کیجئے کہ مجھے اس کے احکام کے مطابق اپنی زندگی بدلنا ہے اور اس کی ہدایات کی روشنی میں اپنی زندگی بنانا ہے اور پھر جو ہدایات ملیں اس کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھالنے اور کوتاہیوں سے زندگی کو پاک کرنے کی مسلسل کوشش کیجئے قرآن آئینے کی طرح آپ کا ہر ہر داغ اور ہر ہر دھبہ آپ کے سامنے نمایاں کر کے پیش کر دے گا اب یہ آپ کا کام ہے۔

کہ آپ ان داغ دھبوں سے اپنی زندگی کو پاک کریں۔

۱۳۔ تلاوت کے دوران قرآن کی آیات سے اثر لینے کی بھی کوشش کیجیے۔ جب رحمت، مغفرت، اور جنت کی لازوال نعمتوں کے تذکرے پڑھیں تو خوشی اور مسرت سے جھوم اٹھیے اور جب خدا کے غیظ و غضب اور عذاب جہنم کی ہولناکیوں کا تذکرہ پڑھیں تو بدن کانپنے لگے۔ آنکھیں بے اختیار بہ پڑیں اور دل توبہ اور ندامت کی کیفیت سے رونے لگے۔ جب مؤمنین صالحین کی کامرانیوں کا حال پڑھیں تو چہرہ دمکنے لگے اور جب قوموں کی تباہی کا حال پڑھیں تو غم سے نڈھال نظر آئیں۔ وعید اور ڈراوے کی آیات پڑھ کر کانپ اٹھیں اور بشارت کی آیات پڑھ کر روح شکر کے جذبات سے سرشار ہو جائے۔

۱۴۔ تلاوت کے بعد دعا فرمائیے حضرت عمرؓ کی ایک دعا کے الفاظ یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي التَّفَكُّرَ وَالتَّدَبُّرَ بِمَا يَتْلُوْهُ لِسَانِي مِنْ كِتَابِكَ وَالْفَهْمَ لَهُ، وَالْمَعْرِفَةَ بِمَعَانِيْهِ وَالنَّظَرَ فِي عَجَائِبِهِ وَالْعَمَلَ بِذٰلِكَ مَا بَقِيْتُ، إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

”خدایا! میری زبان تیری کتاب میں سے جو کچھ تلاوت کرے۔ مجھے توفیق دے کہ میں اس میں غور و فکر کروں، خدایا! مجھے اس کی سمجھ دے۔ مجھے اس کے مفہوم و معانی کی معرفت بخش اور اس کے عجائبات کو پانے کی نظر عطا کر اور جب تک زندہ رہوں مجھے توفیق دے کہ میں اس پر عمل کرتا رہوں۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔“

یوم جمعہ کے آداب

۱۔ جمعہ کے دن صفائی ستھرائی، نہانے دھونے اور آرائش و زیبائش کرنے کا پورا پورا اہتمام کیجئے۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب کوئی جمعہ کی نماز پڑھنے آئے تو اُسے غسل کر کے آنا چاہیئے" (بخاری، مسلم)

اور حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہر مسلمان پر خدا کا یہ حق ہے کہ ہر ہفتہ میں غسل کرے، سر اور بدن کو دھوئے"

اور حضرت ابوسعید رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جمعہ کے دن ہر بالغ جوان کے لئے غسل کرنا لازمی ہے اور مسواک کرنا اور خوشبو لگانا بھی اگر میسر ہو" (بخاری اور مسلم)

اور حضرت سلمان رضؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جو شخص جمعہ کے دن نہایا دھویا اور اپنے بس بھر اس نے طہارت و نظافت کا پورا پورا اہتمام کیا۔ پھر اس نے تیل لگایا، خوشبو ملی، پھر دوپہر ڈھلے مسجد میں جا پہنچا اور (مسجد جا کر صف میں بیٹھے ہوئے) دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے نہیں ہٹایا۔ پھر اس نے نماز پڑھی جو بھی اس کے لئے مقدر تھی۔ پھر جب امام (منبر کی طرف) نکلا تو چپ چاپ (بیٹھا خطبہ سنتا) رہا تو اس شخص کے وہ سارے گناہ بخش دیئے

گئے جو ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اس سے سرزد ہوئے تھے۔ (بخاری)

۲۔ جمعہ کے دن زیادہ سے زیادہ ذکر و تسبیح، تلاوت قرآن اور دعا، صدقہ و خیرات مریضوں کی عیادت، جنازے کی شرکت، گورستان کی سیر اور دوسرے نیک کام کرنے کا اہتمام کیجئے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ "افضل ترین دن جس پر سورج طلوع ہوا وہ جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن وہ جنت میں داخل کئے گئے اور اسی دن وہاں سے نکالے گئے (اور خدا کے خلیفہ بنائے گئے) اور اسی دن قیامت قائم ہوگی۔" (مسلم)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "پانچ عمل ایسے ہیں کہ جو شخص ان کو ایک دن میں کرے گا خدا اس کو جنت والوں میں لکھ دے گا۔

۱۔ بیمار کی عیادت کرنا۔

۲۔ جنازے میں شریک ہونا۔

۳۔ روزہ رکھنا۔

۴۔ نماز جمعہ پڑھنا۔

۵۔ غلام کو آزاد کرنا۔ (ابن حبان)

ظاہر ہے پانچوں اعمال کا بجا لانا اسی وقت ممکن ہے جب جمعہ کا دن ہو۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا۔ جو شخص جمعہ کے دن سورہ کہف پڑھے گا تو اس کے لئے دونوں جمعوں کے درمیان ایک نور چمکتا رہے گا۔" (نسائی)

اور حضرت ابوہریرہ رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص جمعہ کی شب میں سورۂ دخان کی تلاوت کرے اس کے لئے ستر ہزار فرشتے استغفار کرتے ہیں اور اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔" (ترمذی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "جمعہ کے دن میں ایک ایسی مبارک ساعت ہے کہ بندہ اس میں جو بھی دعا مانگتا ہے وہ قبول ہوتی ہے۔" (بخاری)

یہ ساعت کون سی ہے، اس میں علماء کے درمیان اختلاف ہے، اس لئے کہ روایات میں مختلف اوقات کا ذکر ہے البتہ علماء نے کہا ہے کہ دو قول ان میں نہایت صحیح ہیں۔ ایک یہ کہ جس وقت خطیب خطبے کے لئے ممبر پر آتا ہے۔ اس وقت سے لے کر نماز ختم ہونے تک کا وقت ہے، دوسرا قول یہ ہے کہ وہ گھڑی جمعہ کے دن کی آخری گھڑی ہے جب سورج غروب ہونے لگے مناسب یہ ہے کہ آپ دونوں ہی اوقات نہایت ادب و عاجزی کے ساتھ دعا و فریاد میں گزاریں۔ اپنی اور دعاؤں کے ساتھ یہ دعا بھی مانگئے تو اچھا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ
وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ
بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهُ لَا يَغْفِرُ
الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا

صَنَعْتُ، (بخاری، نسائی)

"خدایا! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا فرمایا میں تیرا بندہ ہوں، اور اپنے امکان بھر تجھ سے کیے ہوئے عہد و پیمان پر قائم ہوں۔ میں تیری نعمتوں اور تیرے احسانات کا اقرار کرتا ہوں جو تو نے مجھ پر کیے ہیں۔ اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں پس تو میری مغفرت فرما۔ کیوں کہ تیرے سوا کوئی نہیں جو گناہوں کا بخشنے والا ہو، اور اپنے کرتوت کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔"

۳۔ جمعہ کی نماز کا پورا پورا اہتمام کیجیے۔ جمعہ کی نماز ہر بالغ، صحت مند مقیم اور ہوشمند مسلمان مرد پر فرض ہے۔ اگر کسی مقام پر امام کے علاوہ دو آدمی بھی ہوں تو جمعہ کی نماز ضرور پڑھیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"لوگوں کو چاہیے کہ نماز جمعہ ہرگز ترک نہ کریں ورنہ خدا ان کے دلوں پر مُہر لگا دے گا پھر (ہدایت سے محروم ہو کر) وہ غافلوں میں سے ہو جائیں گے۔" (مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "جو شخص نہا دھو کر جمعہ کی نماز پڑھنے کے لیے مسجد میں آیا پھر اس نے سنت ادا کی جو اس کے لیے خدا نے مقدر کر دی تھی۔ پھر خاموش بیٹھا (خطبہ سنتا) رہا یہاں تک کہ خطبہ سے فراغت ہوئی پھر امام کے ساتھ فرض ادا کیے تو اس کے ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

اور تین دن کے مزید"

حضرت یزید ابن مریم رض فرماتے ہیں کہ میں جمعہ کی نماز کے لئے جا رہا تھا کہ راستہ میں حضرت عبایہ بن رفاعہ رض سے ملاقات ہو گئی۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہاں جا رہے ہو؟ میں نے کہا نماز جمعہ پڑھنے جا رہا ہوں۔ فرمایا مبارک ہو تمہارا یہ چلنا خدا کی راہ میں چلنا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس بندے کے پاؤں خدا کی راہ میں گرد آلود ہوئے اس پر آگ حرام ہے"

۴۔ جمعہ کی اذان سنتے ہی مسجد کی طرف دوڑ پڑیے۔ کاروبار اور دوسری مشغولیتیں یک قلم بند کر دیجیے۔ اور پوری یکسوئی کے ساتھ خطبہ سننے اور نماز ادا کرنے میں مشغول ہو جائیے اور جب جمعہ سے فارغ ہو جائیں تو پھر کاروبار میں لگ جائیے۔ قرآن میں ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

(الجمعہ ۹ - ۱۰)

"مومنو! جب جمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دے دی جائے۔ تو جلد خدا کے ذکر کی طرف دوڑو، اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔ اگر تمہاری سمجھ میں آجائے تو تمہارے حق میں یہی بہتر ہے۔ پھر جب نماز ہو چکے تو زمین میں (اپنی اپنی مصروفیتوں کے لئے) پھیل جاؤ اور خدا کے فضل میں

سے اپنا حصہ ڈھونڈ لینے میں لگ جاؤ اور خدا کو خوب یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

ان آیات سے مومن کو جو ہدایتیں ملتی ہیں وہ یہ ہیں۔

(۱) مومن کو پورے شعور اور فکر کے ساتھ نماز جمعہ کا اہتمام کرنا چاہیئے اور اذان کی آواز سنتے ہی سب کچھ چھوڑ کر مسجد کی طرف دوڑ پڑنا چاہیئے۔

(۲) اذان سننے کے بعد مومن کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کاروبار کرے یا کسی اور دنیوی مشغولیت میں پھنسا رہے اور خدا سے غافل دنیا دار بن جائے۔

(۳) مومن کی بھلائی کا راز یہ ہے کہ وہ دنیا میں خدا کا بندہ اور غلام بن کر رہے۔ اور جب بھی خدا کی طرف سے پکار آئے تو وہ ایک وفادار اور اطاعت شعار غلام کی طرح اپنی ساری دلچسپیوں سے منہ موڑ کر اور سارے دنیوی مفادات کو ٹھکرا کر خدا کی پکار پر دوڑ پڑے۔ اور اپنے عمل سے یہ اعلان کرے کہ تباہی اور ناکامی یہ نہیں کہ آدمی دین کے تقاضوں پر دنیوی مفاد کو قربان کر دے۔ بلکہ ناکامی اور تباہی یہ ہے کہ آدمی دنیا بنانے کی دھن میں دین کو تباہ کر ڈالے۔

۴۔ دنیا کے بارے میں یہ نقطۂ نظر صحیح نہیں ہے کہ آدمی اس کی طرف سے آنکھیں بند کر لے اور ایسا دیندار بن جائے کہ دنیا کے لئے بالکل ہی ناکارہ ثابت ہو بلکہ قرآن ہدایت دیتا ہے کہ نماز سے فارغ ہوتے ہی خدا کی زمین میں پھیل جاؤ۔ اور خدا نے اپنی زمین میں رزق رسانی کے جو ذرائع اور وسائل بھی فراہم کر رکھے ہیں، ان سے پورا پورا فائدہ اٹھاؤ اور اپنی صلاحیتوں کو پوری طرح کھپا کر

اپنے حصّہ کی روزی تلاش کرو۔ اس لئے کہ مومن کے لئے نہ یہ صحیح ہے کہ وہ اپنی ضرورتیں
کے لئے دوسروں کا محتاج رہے اور نہ یہ صحیح ہے کہ وہ اپنے متعلقین کی ضرورتیں پوری
کرنے میں کوتاہی کرے اور وہ پریشانی اور مایوسی کا شکار ہوں۔

(۵) آخری اہم ہدایت یہ ہے کہ مومن دنیا کے دھندوں اور کاموں میں اس طرح
نہ پھنس جائے کہ وہ اپنے خدا سے غافل ہو جائے اُسے ہر حال میں یہ یاد رکھنا چاہیئے
کہ اس کی زندگی کا اصل سرمایہ اور حقیقی جوہر خدا کا ذکر ہے حضرت سعید ابن جبیرؓ
فرماتے ہیں "خدا کا ذکر صرف یہی نہیں ہے کہ زبان سے تسبیح و تحمید، اور تکبیر و تہلیل
کے بول ادا کیئے جائیں بلکہ ہر وہ شخص ذکر الٰہی میں مصروف ہے جو خدا کی اطاعت
کے تحت اپنی زندگی کا نظام تعمیر کرنے میں لگا ہوا ہے "

۵۔ جمعہ کی نماز کے لئے جلد سے جلد مسجد میں پہنچنے کی کوشش کیجئے اور اوّل
وقت جا کر پہلی صف میں جگہ حاصل کرنے کا اہتمام کیجئے۔

حضرت ابو ہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
"جو شخص جمعہ کے روز نہایت اہتمام کے ساتھ اس طرح نہایا جیسے پاکی
حاصل کرنے کے لئے غسل کرتے ہیں (یعنی اہتمام کے ساتھ پورے جسم پر پانی پہنچا
کر خوب اچھی طرح بدن کو صاف کیا۔) پھر اوّل وقت مسجد میں جا پہنچا تو گویا کہ
اس نے ایک اونٹ کی قربانی کی۔ اور جو اس کے بعد دوسری ساعت میں
پہنچا تو اس نے گویا گائے (یا بھینس) کی قربانی کی۔ اور جو اس کے بعد تیسری
ساعت میں پہنچا تو گویا اس نے سینگ والا مینڈھا قربان کیا۔ اور جو اس کے
بعد چوتھی ساعت میں پہنچا تو گویا اس نے خدا کی راہ میں ایک انڈا دیا۔ پھر جب

خطیب خطبہ پڑھنے کے لئے نکل آیا تو فرشتے مسجد کا دروازہ چھوڑ کر خطبہ سننے اور نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں آ بیٹھتے ہیں۔" (بخاری، مسلم)

اور حضرت عرباض ابن ساریہ رضؓ بیان کرتے ہیں کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہلی صف والوں کے لئے تین بار استغفار فرماتے تھے۔ اور دوسری صف والوں کے لئے ایک بار۔" (ابن ماجہ، نسائی)

اور حضرت ابو ہریرہ رضؓ کہتے ہیں کہ لوگوں کو پہلی صف کا اجر و ثواب معلوم نہیں ہے۔ اگر پہلی صف کا اجر و ثواب معلوم ہو جائے تو لوگ پہلی صف کے لئے قرعہ اندازی کرنے لگیں۔ (بخاری، مسلم)

۶۔ جمعہ کی نماز جامع مسجد میں پڑھیے اور جہاں جگہ مل جائے وہیں بیٹھ جائیے۔ لوگوں کے سروں اور کندھوں پر سے پھاند پھاند کر جانے کی کوشش نہ کیجیے۔ اس سے لوگوں کو جسمانی تکلیف بھی ہوتی ہے اور قلبی کوفت بھی اور ان کے سکون، یکسوئی اور توجہ میں بھی خلل پڑتا ہے۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ بیان فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو شخص پہلی صف کو چھوڑ کر دوسری صف میں اس لئے کھڑا ہوا کہ اس کے بھائی مسلمان کو کوئی تکلیف نہ پہنچے تو خدا تعالیٰ اس کو پہلی صف والوں سے دوگنا اجر و ثواب عطا فرمائے گا۔ (طبرانی)

حضرت سلمان رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ "جو شخص جمعہ کے دن نہایا دھویا۔ اور اپنے بس بھر اس نے پاکی اور صفائی کا

بھی اہتمام کیا۔ پھر تیل لگایا، خوشبو لگائی۔ اور دوپہر ڈھلتے ہی مسجد میں جا پہنچا اور دو آدمیوں کو ایک دوسرے سے نہیں ہٹایا (یعنی نہ اُس نے اُن کے سروں اور کندھوں پر سے پھاندنے، صفوں کو چیر کر گزرنے یا دو بیٹھے ہوئے نمازیوں کے بیچ میں جا بیٹھنے کی غلطی نہیں کی بلکہ جہاں جگہ ملی وہیں خاموشی سے) نماز سنت وغیرہ ادا کی جو بھی خدا نے اس کے حصے میں لکھ دی تھی۔ پھر جب خطیب ممبر پر آیا تو خاموش (بیٹھا خطبہ سنتا) رہا تو ایسے شخص کے وہ سارے گناہ بخش دیئے گئے جو ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک اس سے سرزد ہوئے۔" (بخاری)

۷۔ خطبہ نماز کے مقابلے میں ہمیشہ مختصر پڑھیئے۔ اس لئے کہ خطبہ اصلاً تذکیر ہے جس میں آپ لوگوں کو خدا کی بندگی اور عبادت پر ابھارتے ہیں اور نماز نہ صرف عبادت ہے بلکہ سب سے افضل عبادت ہے، اس لئے یہ کسی طرح صحیح نہیں کہ خطبہ تو لمبا چوڑا دیا جائے اور نماز جلدی جلدی مختصر پڑھ لی جائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"نماز کو طول دینا اور خطبے کو مختصر کرنا اس بات کی علامت ہے کہ خطیب سوجھ بوجھ والا ہے پس تم نماز لمبی پڑھو اور خطبہ مختصر دو۔" (مسلم)

۸۔ خطبہ نہایت خاموشی، توجہ، یکسوئی، آمادگی اور جذبۂ قبولیت کے ساتھ سنئے اور خدا اور رسول کے جو احکام معلوم ہوں ان پر سچے دل سے عمل کرنے کا ارادہ کیجئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جس شخص نے غسل کیا پھر نماز جمعہ پڑھنے آیا اور آکر اپنے مقدر کی نماز پڑھی

پھر خاموش بیٹھ کر نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ خطبہ سنتا رہا۔ یہاں تک کہ خطیب خطبے سے فارغ ہوا پھر اس نے امام کے ساتھ فرض نماز ادا کی تو اس کے وہ سارے گناہ بخش دیے گئے جو اس سے ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک سرزد ہوئے بلکہ تین دن کے مزید گناہ بھی بخش دیے گئے۔ (مسلم)

ایک دوسری روایت میں ہے کہ جب خطیب خطبہ دینے کے لئے نکل آئے تو پھر نہ کوئی نماز پڑھنا درست ہے اور نہ بات کرنا درست ہے۔"

۹۔ دوسرا خطبہ عربی میں ہی پڑھیے البتہ پہلے خطبے میں مقتدیوں کو کچھ خدا رسول کے احکام، ضرورت کے مطابق کچھ نصیحت و ہدایت اور تذکیر کا اہتمام اپنی زبان میں بھی کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ میں جو خطبے دیئے ہیں۔ ان سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ خطیب حالات کے مطابق مسلمانوں کو کچھ نصیحت و ہدایت دے۔ اور یہ مقصد اسی وقت پورا ہو سکتا ہے جب خطیب سامعین کی زبان میں ان سے خطاب کرے۔

۱۰۔ جمعہ کے فرضوں میں سورۃ الاعلیٰ اور الغاشیہ پڑھنا یا سورۃ منافقون اور سورۃ جمعہ پڑھنا افضل اور مسنون ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہی سورتیں جمعہ میں پڑھا کرتے تھے۔

۱۱۔ جمعہ کے دن کثرت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے کا خصوصی اہتمام کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ اس روز درود میں فرشتے

حاضر ہوتے ہیں اور یہ درود میرے حضور میں پیش کیا جاتا

ہے۔ (ابن ماجہ)۔

نمازِ جنازہ کے آداب

۱۔ نمازِ جنازہ میں شرکت کا اہتمام کیجیے۔ جنازے کی نماز مُردے کے لئے دعائے مغفرت ہے۔ اور یہ میت کا ایک اہم حق ہے۔ اگر اندیشہ ہو کہ وضو کرتے کرتے جنازے کی نماز ختم ہو جائے گی تو تیمم کرکے ہی کھڑے ہو جائیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جنازے کی نماز پڑھا کرو۔ شاید کہ اس نماز سے تم پر غم طاری ہو۔ غمگین آدمی خدا کے سایے میں رہتا ہے اور غمگین آدمی ہر نیک کام کا استقبال کرتا ہے۔" (حاکم) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ "جس میت پر مسلمانوں کی تین صفیں نمازِ جنازہ پڑھتی ہیں اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔" (ابوداؤد)

۲۔ نمازِ جنازہ کے لئے میت کی چارپائی اس طرح رکھیئے کہ سر شمال کی جانب ہو اور پاؤں جنوب کی جانب اور میت کا رُخ قبلے کی طرف رکھیئے۔

۳۔ اگر آپ نمازِ جنازہ پڑھا رہے ہوں تو اس طرح کھڑے ہوں کہ آپ میت کے سینے کے مقابلے میں رہیں۔

۴۔ جنازے کی نماز میں صفوں کی تعداد ہمیشہ طاق رکھیئے اگر تھوڑے لوگ ہوں تو ایک صف بنائیے۔ ورنہ تین، پانچ، سات، جتنے افراد زیادہ ہو جائیں زیادہ صفیں بنائے جائیے لیکن تعداد طاق رہے۔

۵- نماز جنازہ شروع کریں تو یہ نیت کیجئے کہ ہم اس میت کے واسطے ارحم الراحمین سے مغفرت چاہنے کے لئے اس کی نمازِ جنازہ پڑھتے ہیں۔ امام بھی نیت کرے اور مقتدی بھی یہی نیت کریں۔

۶- نماز جنازہ میں جو امام پڑھے وہی مقتدی بھی پڑھیں۔ مقتدی خاموش نہ رہیں البتہ امام تکبیریں بلند آواز سے کہے اور مقتدی آہستہ آہستہ کہیں۔

۷- نماز جنازہ میں چار تکبیریں پڑھیئے۔ پہلی تکبیر کہتے ہوئے ہاتھ کانوں تک لے جائیے اور پھر ہاتھ باندھ لیجئے۔ اور ثنا پڑھیئے۔

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

"خدایا تو پاک ہے اور برتر ہے اپنی حمد و ثنا کے ساتھ۔ اور تیرا نام خیر و برکت والا ہے اور تیری بزرگی اور بڑائی بہت بلند ہے۔ اور تیری تعریف بڑی عظمت والی ہے۔ اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

اب دوسری تکبیر پڑھیئے لیکن تکبیر میں نہ ہاتھ اٹھائیے اور نہ سر سے کوئی اشارہ کیجئے۔ دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پڑھیئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

"خدایا! تو محمدؐ پر رحمت فرما اور ان کی آل پر رحمت فرما۔ جیسے تو نے رحمت فرمائی ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کی آل پر۔ بے شک تو بڑی خوبیوں والا اور بزرگی والا ہے خدایا! تو برکت نازل فرما محمدؐ پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیمؑ پر اور ان کی آل پر بے شک تو بڑی خوبیوں والا اور بزرگی والا ہے۔"

اب بغیر ہاتھ اٹھائے تیسری تکبیر کہیے اور میت کے لئے مسنون دعا پڑھیے۔ پھر چوتھی بار تکبیر کہیے اور دونوں طرف سلام پھیر دیجیے۔

۸۔ اگر میت بالغ مرد یا بالغ عورت ہے تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ۔

"خدایا! ہمارے زندوں، ہمارے مُردوں، ہمارے حاضروں، ہمارے غائبوں، ہمارے چھوٹوں، ہمارے بڑوں، ہمارے مَردوں، ہماری عورتوں کی تو مغفرت فرما دے۔ خدایا! ہم میں سے جس کو تو زندہ رکھے تو اس کو اسلام پر زندہ رکھ اور جس کو تو موت دے تو اس کو ایمان کے ساتھ موت دے۔"

اور اگر میت نابالغ لڑکے کی ہو تو یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا۔

"خدایا! تو اس لڑکے کو ہمارے لئے ذریعۂ مغفرت بنا اور اس کو ہمارے لئے اجر اور آخرت کا ذخیرہ بنا اور ایسا سفارشی بنا جس کی سفارش قبول کر لی جائے۔

اور اگر میت نابالغ لڑکی کی ہے تو یہ دعا پڑھیئے۔ اس دُعا کا مطلب بھی وہی ہے۔ جو لڑکے کے لئے پڑھی جانے والی دُعا کا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً۔

۹۔ جنازے کے لئے جاتے ہوئے اپنے انجام کو سوچتے رہیئے اور یہ غور کیجئے کہ جس طرح آج آپ دوسرے کو زمین کے حوالے کرنے جا رہے ہیں۔ ٹھیک اسی طرح ایک دن دوسرے لوگ آپ کو لے جائیں گے اس غم اور فکر کے نتیجے میں آپ کم از کم اتنے وقت کے لئے آخرت کے تصور میں گھلنے کی سعادت پائیں گے اور دنیا کی الجھنوں اور باتوں سے محفوظ رہیں گے۔

میت کے آداب

۱۔ جب کسی قریب المرگ کے پاس جائیں تو ذرا بلند آواز سے کلمہ "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" پڑھتے رہیں مریض سے پڑھنے کے لئے نہ کہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب مرنے والوں کے پاس بیٹھو تو کلمہ کا ذکر کرتے رہو۔ (مسلم)

۲۔ نزع کے وقت سورۂ یٰسین کی تلاوت کیجئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مرنے والوں کے پاس سورۂ یٰسین پڑھا کرو۔ (عالمگیری ص۱ جلد ۱) ہاں دم نکلنے کے بعد جب تک مردے کو غسل نہ دیا جائے اس کے پاس بیٹھ کر قرآن شریف نہ پڑھیے۔ اور وہ آدمی جس کو نہانے کی ضرورت ہو اور حیض و نفاس والی عورت بھی مردے کے پاس نہ جائے۔

۳۔ موت کی خبر سن کر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ[1] پڑھیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو آدمی کسی مصیبت کے موقع پر "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" پڑھتا ہے اس کے لئے تین اجر ہوتے ہیں۔

- اول یہ کہ اس پر خدا کی طرف سے رحمت اور سلامتی اترتی ہے۔
- دوم یہ کہ اس کو حق کی تلاش و جستجو کا اجر ملتا ہے۔
- سوم یہ کہ اس کے نقصان کی تلافی کی جاتی ہے اور اس کو فوت ہونے والی

---

[1] ہم سب خدا ہی کے ہیں اور اسی کی طرف پلٹنے والے ہیں۔

چیز کا اس سے اچھا بدلہ دیا جاتا ہے۔ (طبرانی)

۴۔ میت کے غم میں چیخنے چلانے اور بین کرنے سے پرہیز کیجئے البتہ غم میں آنسو نکل پڑیں تو یہ فطری بات ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند حضرت ابراہیمؓ کا انتقال ہوا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو بہ پڑے۔ اسی طرح آپ کے نواسے ابن زینبؓ کا انتقال ہوا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے پوچھا گیا یا رسول اللہ! یہ کیا؟ فرمایا "یہ رحمت ہے جو خدا نے اپنے بندوں کے دل میں رکھ دی ہے اور خدا اپنے بندوں میں سے انہیں بندوں پر رحم فرماتا ہے جو رحم کرنے والے ہیں"۔

اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ "جو منہ پر طمانچے مارے، گریبان پھاڑے جاہلیت کی طرح بین کرے اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں"۔

۵۔ جان نکلنے کے بعد میت کے ہاتھ پیر سیدھے کر دیجئے، آنکھیں بند کر دیجئے۔ اور ایک چوڑی سی پٹی ٹھوڑی کے نیچے سے نکال کر سر کے اوپر باندھ دیجئے۔ اور پاؤں کے دونوں انگوٹھے ملا کر دھجی سے باندھ دیجئے۔ اور چادر سے ڈھک دیجئے۔ اور یہ پڑھتے رہیے۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ "خدا کے نام سے اور رسول اللہ کی ملت پر"۔ اور لوگوں کو وفات کی اطلاع کرا دیجئے۔ اور قبر میں اتارتے وقت بھی یہی دعا پڑھیے۔

۶۔ میت کی خوبیاں بیان کیجئے۔ اور برائیوں کا ذکر نہ کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "اپنے مُردوں کی خوبیاں بیان کیا کرو۔ اور ان کی برائیوں سے زبان کو بند رکھا کرو"۔ (ابوداؤد) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ

"جب کوئی شخص مرتا ہے اور اس کے چار پڑوسی اس کے بھلا ہونے کی گواہی دیتے ہیں تو خدا فرماتا ہے" میں نے تمہاری شہادت قبول کر لی اور جن باتوں کا تمہیں علم نہیں تھا وہ میں نے معاف کر دیں۔" (ابن حبان)

ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور صحابہ نے ایک جنازے کی تعریف کی فرمایا "اس کے لئے جنت واجب ہو گئی لوگو! تم زمین پر خدا کے گواہ ہو، تم جس کو اچھا کہتے ہو خدا اس کو جنت میں داخل کر دیتا ہے اور تم جس کو بُرا کہتے ہو خدا اس کو دوزخ میں بھیج دیتا ہے۔ (بخاری، مسلم)

اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ "جب کسی مریض کی عیادت کو جاؤ یا کسی کے جنازے میں شرکت کرو ہمیشہ زبان سے خیر کے کلمات کہو کیونکہ فرشتے تمہاری باتوں پر آمین کہتے جاتے ہیں۔" (مسلم)

۷۔ ہمیشہ موت پر صبر و استقلال کا مظاہرہ کیجئے کبھی زبان سے کوئی ناشکری کا کلمہ نہ نکالیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب کوئی شخص اپنے بچے کے مرنے پر صبر کرتا ہے تو خدا اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے، کیا تم نے میرے بندے کے بچے کی روح قبض کر لی۔ فرشتے جواب دیتے ہیں پروردگار! ہم تیرا حکم بجالائے۔ پھر خدا پوچھتا ہے تم نے میرے بندے کے جگر کے گوشے کی جان قبض کر لی۔ وہ کہتے ہیں جی ہاں۔ پھر وہ پوچھتا ہے تو میرے بندے نے کیا کہا وہ کہتے ہیں پروردگار اس نے تیری حمد کی اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" پڑھا تو خدا فرشتوں سے کہتا ہے "میرے اس بندے کے لئے جنت میں ایک گھر تعمیر کرو اور اس کا نام بیت الحمد (شکر کا گھر)

رکھو" (ترمذی)

۸۔ مُردے کے نہلانے دُھلانے میں دیر نہ کیجئے، غسل کے لئے پانی میں بیری کے پتے ڈال کر ہلکا گرم کر لیجئے تو اچھا ہے، مُردے کو پاک صاف تختے پر لٹائیے کپڑے اُتار کر تہبند ڈال دیجئے۔ ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر پہلے چھوٹا بڑا استنجا کرائیے اور خیال رکھیئے کہ تہبند ڈھکا رہے پھر وضو کرائیے وضو میں کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کی ضرورت نہیں، غسل کراتے وقت کان اور ناک میں روئی رکھ دیجئے تاکہ پانی اندر نہ جائے۔ پھر سر کو صابن یا کسی اور چیز سے اچھی طرح دھو کر صاف کر دیجئے۔ پھر بائیں کروٹ لٹا کر دائیں جانب سر سے پاؤں تک پانی ڈالئے، پھر اسی طرح بائیں طرف پانی سر سے پاؤں تک ڈالئے۔ اب بھیگا ہوا تہبند ہٹا دیجئے اور سوکھا تہبند ڈال دیجئے اور پھر اُٹھا کر چار پائی پر کفن میں لٹا دیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جس نے کسی میت کو غسل دیا اور اس کے عیب کو چھپایا خدا ایسے بندے کے چالیس کبیرہ گناہ بخش دیتا ہے اور جس نے کسی میت کو قبر میں اتارا تو گویا اُس نے میت کو روز حشر تک کے لئے رہنے کو مکان مہیا کیا" (طبرانی)

۹۔ کفن اوسط درجے کے سفید کپڑے کا بنائیے نہ زیادہ قیمتی بنائیے اور نہ بالکل ہی گھٹیا بنائیے۔ مردوں کے لئے کفن میں تین کپڑے رکھیئے ایک چادر ایک تہبند اور ایک کفنی یا کرتہ۔ چادر کی لمبائی میت کے قد سے زیادہ رکھیئے تاکہ سر اور پاؤں دونوں جانب باندھا جا سکے اور چوڑائی اتنی رکھیئے کہ مُردے

کو اچھی طرح لپیٹا جا سکے۔ عورتوں کے لیے ان کپڑوں کے علاوہ ایک سربند رکھیے جو ایک گز سے کچھ کم چوڑا اور ایک گز سے زیادہ لمبا ہو اور بغل سے لے کر گھٹنے تک کا ایک سینہ بند بھی رکھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جس نے کسی میت کو کفن پہنایا تو خدا اس کو جنت میں سُندس اور استبرق کا لباس پہنائے گا" (حاکم)

۱۰۔ جنازہ قبرستان کی طرف ذرا تیز قدموں سے لے جایئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جنازے میں جلدی کرو" حضرت ابن مسعود رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ یا رسول اللہ! "جنازے کو کس رفتار سے لے جایا کریں؟" فرمایا "جلدی جلدی دوڑنے کی رفتار سے کچھ کم۔ اگر مردہ صاحبِ خیر ہے تو اس کو انجام خیر تک جلدی پہنچاؤ اور اگر صاحبِ شر ہے تو اس شر کو اپنے سے جلد دور کرو" (ابوداؤد)

۱۱۔ جنازے کے ساتھ پیدل جایئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے کے ساتھ چلے اور آپ نے دیکھا کہ چند آدمی سوار ہیں۔ آپؐ نے اُن سے کہا تم لوگوں کو شرم نہیں آتی کہ خدا کے فرشتے پیدل چل رہے ہیں اور تم جانوروں کی پیٹھ پر ہو" البتہ جنازے سے واپسی میں سواری پر آ سکتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ابو واحدی کے جنازے میں پیدل گئے اور واپسی میں گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔

۱۲۔ جب آپ جنازہ آتے دیکھیں تو کھڑے ہو جایئے پھر اگر اس کے ساتھ چلنے کا ارادہ نہ ہو تو ٹھیر جایئے کہ جنازہ کچھ آگے نکل جائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا۔

"جب تم جنازے کو دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ۔ اور جو لوگ جنازے کے ساتھ جائیں وہ اس وقت تک نہ بیٹھیں جب تک جنازہ نہ رکھ دیا جائے۔"

۱۳۔ نماز جنازہ پڑھنے کا بھی اہتمام کیجیے اور جنازے کے ساتھ جانے اور کندھا دینے کا بھی اہتمام کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مسلمان کا مسلمان پر یہ بھی حق ہے کہ وہ جنازے کے ہمراہ جائے اور آپ نے یہ بھی فرمایا۔ جو شخص جنازے میں شریک ہوا۔ اور جنازے کی نماز پڑھی تو اس کو ایک قیراط کے برابر ثواب ملتا ہے نماز کے بعد جو دفن میں بھی شریک ہوا اس کو دو قیراط کے برابر ثواب دیا جاتا ہے۔ کسی نے پوچھا۔ دو قیراط کتنے بڑے ہونگے۔ فرمایا دو پہاڑوں کے برابر۔ (بخاری، مسلم)

۱۴۔ مُردے کی قبر شمال جنوب لمبائی میں کھدوائیے۔ اور مُردے کو قبر میں اتارتے وقت قبلے کی طرف رکھ کر اتاریے۔ اگر مردہ ہلکا ہو تو دو آدمی اتارنے کے لیے کافی ہیں ورنہ حسبِ ضرورت تین یا چار آدمی اُتاریں۔ اُتارتے وقت میّت کا رُخ قبلے کی طرف کر دیجیے اور کفن کی گرہیں کھول دیجیے۔

۱۵۔ عورت کو قبر میں اتارتے وقت پردے کا اہتمام کیجیے۔

۱۶۔ قبر پر مٹی ڈالتے وقت سرہانے کی طرف سے ابتدا کیجیے اور دونوں ہاتھوں میں مٹی بھر کر تین بار قبر پر ڈالیے۔ پہلی بار مٹی ڈالتے وقت پڑھیے۔ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا) دوسری بار مٹی ڈالتے وقت پڑھیے۔ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (اور اسی میں ہم تمہیں لوٹا رہے ہیں) اور تیسری بار جب مٹی ڈالیں

توڑ دیجئے۔

وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ۔ (اور اسی سے ہم تمہیں دوبارہ اٹھائینگے۔)

۱۷۔ میت کی قبر کو نہ زیادہ اونچا کیجئے۔ اور نہ چوکور بنائیے۔ بس اتنی ہی مٹی قبر پر ڈالئے جو اس کے اندر سے نکالی ہے۔ اور مٹی ڈالنے کے بعد تھوڑا سا پانی چھڑک دیجئے۔

۱۸۔ دفن کرنے کے بعد کچھ دیر قبر کے پاس ٹھیرئیے۔ میت کے لئے دعائے مغفرت کیجئے کچھ قرآن شریف پڑھ کر اس کا ثواب میت کو پہنچائے اور لوگوں کو بھی توجہ دلائیے کہ استغفار کریں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم دفن کے بعد خود بھی استغفار فرماتے اور لوگوں سے بھی فرماتے "یہ وقت حساب کا ہے اپنے بھائی کے لئے ثابت قدمی کی دعا مانگو اور مغفرت طلب کرو۔" (ابوداؤد)

۱۹۔ عزیزوں، رشتہ داروں یا پاس پڑوس میں کسی کے یہاں میّت ہو جائے تو اس کے یہاں دو ایک وقت کا کھانا بھجوا دیجئے۔ اس لئے کہ وہ غم میں پریشان ہوں گے۔ جامع ترمذی میں ہے کہ جب حضرت جعفرؓ کے شہید ہونے کی خبر آئی تو آپؐ نے فرمایا "جعفرؓ کے گھر والوں کے لئے کھانا تیار کردو وہ آج مشغول ہیں۔

۲۰۔ تین دن سے زیادہ میت کا سوگ نہ کیجئے البتہ کسی عورت کا شوہر مرجائے تو اس کے سوگ کی مدت چار مہینے دس دن ہیں۔ جب ام المومنین حضرت اُمّ حبیبہؓ کے والد ابوسفیان رضؓ کا انتقال ہوا تو بی بی زینبؓ ان کے پاس تعزیت کے لئے گئیں۔ حضرت اُمّ حبیبہ رضؓ نے خوشبو منگوائی اس میں زعفران کی زردی وغیرہ ملی

ہوئی تھی۔ اُمّ المومنین نے وہ خوشبو اپنی باندی کے ملی، اور پھر کچھ اپنے منہ پر ملی اور پھر فرمانے لگیں۔ خدا شاہد ہے مجھے خوشبو کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ مگر میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو عورت خدا اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتی ہے وہ کسی مُردے کا سوگ تین دن سے زیادہ نہ منائے البتہ شوہر کے سوگ کی مدّت چار مہینے اور دس دن ہے۔ (ابو داؤد)

۱۲۔ میّت کی طرف سے حسبِ حیثیت صدقہ اور خیرات بھی کیجیے۔ البتہ اس معاملہ میں غیر مسلموں رسموں سے سختی کے ساتھ بچنے کی کوشش کیجیے۔

قبرستان کے آداب

۱۔ جنازے کے ساتھ قبرستان بھی جایئے۔ اور میّت کے دفنانے میں شریک رہیئے۔ اور کبھی ویسے بھی قبرستان جایا کیجیے اس سے آخرت کی یاد تازہ ہوتی ہے اور موت کے بعد کی زندگی کے لئے تیاری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازے کے ساتھ قبرستان تشریف لے گئے اور وہاں ایک قبر کے کنارے بیٹھ کر آپؐ اس قدر روئے کہ زمین تر ہو گئی۔ پھر صحابہ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔ "بھائیو! اس دن کے لئے تیاری کرو۔" (ابن ماجہ)

اور ایک مرتبہ قبر کے پاس بیٹھ کر آپؐ نے فرمایا۔ قبر روزانہ انتہائی بھیانک آواز میں پکارتی ہے۔ اے آدم کی اولاد! کیا تو مجھے بھول گیا! میں تنہائی کا گھر ہوں۔ میں اجنبیت اور وحشت کا مقام ہوں، میں کیڑے مکوڑوں کا مکان ہوں، میں تنگی اور مصیبت کی جگہ ہوں، ان خوش نصیبوں کے علاوہ جن کے لئے خدا مجھ کو کشادہ اور وسیع کر دے، میں سارے انسانوں کے لئے ایسا ہی تکلیف دہ ہوں، اور آپؐ نے فرمایا قبر یا تو جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے یا جنت کے باغوں میں سے ایک باغیچہ ہے۔ (طبرانی)

۲۔ قبرستان جا کر عبرت حاصل کیجیے اور تصور کی قوتیں سمیٹ کر موت کے بعد کی زندگی پر غور و فکر کرنے کی عادت ڈالیے۔ ایک بار ... علیؓ قبرستان

میں تشریف لے گئے۔ آپؓ کے ہمراہ حضرت کمیل رضؓ بھی تھے۔ قبرستان پہنچ کر آپ نے ایک نظر قبروں پر ڈالی۔ اور پھر قبر والوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا!

اے قبر کے بسنے والو! اے کھنڈروں میں رہنے والو! اے وحشت اور تنہائی میں رہنے والو! کہو تمہاری کیا خیر خبر ہے؟ ہمارا حال تو یہ ہے کہ مال تقسیم کر لئے گئے اولاد یتیم ہوگئیں۔ بیویوں نے دوسرے خاوند کر لئے۔ یہ تو ہمارا حال ہے۔ اب تم بھی تو اپنی کچھ خیر خبر سناؤ۔ پھر آپ کچھ دیر خاموش رہے، اس کے بعد حضرت کمیل رضؓ کی طرف دیکھا اور فرمایا کمیل اگر ان قبر کے باشندوں کو بولنے کی اجازت ہوتی تو یہ کہتے کہ "بہترین توشہ پرہیزگاری ہے" یہ فرمایا اور رونے لگے دیر تک روتے رہے پھر بولے کمیل! قبر عمل کا صندوق ہے اور موت کے وقت ہی یہ بات معلوم ہو جاتی ہے"

۳۔ قبرستان میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھیے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ اَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ۔

"سلامتی ہو تم پر اے اس بستی کے رہنے والے اطاعت گزار مومنو! انشاء اللہ ہم بھی بہت جلد تم سے آ ملنے والے ہیں ہم اپنے اور تمہارے لئے خدا سے دعا کرتے ہیں کہ وہ اپنے عذاب اور غضب سے بچائے"

۴۔ قبرستان میں غافل اور لاپرواہ لوگوں کی طرح ہنسی مذاق، اور دنیاوی باتیں نہ کیجیے۔ قبر آخرت کا دروازہ ہے۔ اس دروازہ کو دیکھ کر وہاں کی فکر اپنے

اوپر طاری کرکے رونے کی کوشش کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں نے تمہیں قبرستان جانے سے روک دیا تھا کہ عقیدۂ توحید تمہارے دلوں میں پوری طرح گھر کر جائے، سو اب اگر تم چاہو تو جاؤ کیونکہ قبریں آخرت کی یاد تازہ کرتی ہیں" (مسلم)

۵۔ قبروں کو پختہ بنانے اور سجانے سے پرہیز کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جب نزع کی کیفیت طاری تھی، درد کی تکلیف سے آپ انتہائی مضطرب تھے کبھی آپ چادر منہ پر ڈالتے اور کبھی الٹ دیتے۔ اسی غیر معمولی اضطراب میں حضرت عائشہ رضہ نے سنا۔ زبان مبارک پر یہ الفاظ تھے "یہود و نصاریٰ پر خدا کی لعنت۔ انہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو عبادتگاہ بنا لیا"

۶۔ قبرستان جاکر مُردوں کے لئے ایصالِ ثواب کیجئے اور خدا سے مغفرت کی دعا کیجئے۔ حضرت سفیان رح فرماتے ہیں جس طرح زندہ انسان کھانے پینے کے محتاج ہوتے ہیں اسی طرح مُردے دُعا کے انتہائی محتاج ہوتے ہیں۔

طبرانی کی ایک روایت میں ہے کہ خدا جنت میں ایک نیک بندے کا مرتبہ بلند فرماتا ہے تو وہ بندہ پوچھتا ہے پروردگار مجھے یہ مرتبہ کہاں سے ملا۔ خدا فرماتا ہے "تیرے لڑکے کی وجہ سے کہ وہ تیرے لئے استغفار کرتا رہا"

کسوف و خسوف کے آداب

۱۔ سورج یا چاند میں گہن[1] لگے تو خدا کی یاد میں لگ جائیے، اس سے دعائیں کیجیے، تکبیر و تہلیل اور صدقہ و خیرات کیجیے۔ ان اعمالِ صالحہ کی برکت سے خدا مصائب و آفات کو ٹال دیتا ہے۔ حضرت مغیرہ ابن شعبہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سورج اور چاند خدا کی دو نشانیاں ہیں، کسی کے مرنے یا پیدا ہونے سے ان میں گہن نہیں لگتا۔ جب تم دیکھو کہ ان میں گہن لگ گیا ہے تو خدا کو پکارو اس سے دعائیں کرو اور نماز پڑھو۔ یہاں تک کہ سورج یا چاند صاف ہو جائے۔ (بخاری، مسلم)

۲۔ جب سورج میں گہن لگے تو مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھیے البتہ اس نماز کے لئے اذان اور اقامت نہ کہیئے یوں ہی لوگوں کو دوسرے ذرائع سے جمع کر لیجیے۔ اور جب چاند میں گہن لگے تو اپنے طور پر نوافل پڑھیئے۔ جماعت نہ کیجیے۔

---

[1] سورج اور چاند میں گہن لگنے کو کسوف کہتے اور چاند میں گہن لگنے کو خسوف کہتے ہیں اور جب خسوف کے مقابلہ میں یا اس کے ساتھ کسوف بولتے ہیں تو اس سے مراد محض سورج گہن ہوتا ہے۔

۴۔ کسوفِ شمس میں جب جماعت کے ساتھ دو رکعت نفل پڑھیں تو اس میں طویل قرارت کیجیے اور اس وقت تک نماز میں مشغول رہیے جب تک کہ سورج صاف نہ ہو جائے ۔ اور قرارت بلند آواز سے کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دَور میں ایک بار سورج گرہن پڑا۔ اتفاق سے اسی دن آپؐ کے ایک شیرخوار بچے حضرت ابراہیم کا بھی انتقال ہوا۔ لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ چونکہ حضرت ابراہیم ابن محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا ہے اس لئے یہ سورج گرہن پڑا ہے۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو جمع کیا۔ دو رکعت نماز پڑھائی۔ اس نماز میں آپؐ نے نہایت طویل قرارت کی۔ سورۂ بقرہ کے بقدر قرآن پڑھا۔ طویل رکوع اور سجود کئے۔ نماز سے فارغ ہوئے تو سورج صاف ہو چکا تھا۔ اس کے بعد آپؐ نے لوگوں کو بتایا کہ سورج اور چاند خدا کی دو نشانیاں ہیں ان میں کسی کے مَرنے یا پیدا ہونے سے گرہن نہیں لگتا لوگو! جب تمہیں کوئی ایسا موقع پیش آئے تو خدا کے ذکر میں مصروف ہو جاؤ۔ اس سے دعائیں مانگو۔ تکبیر و تہلیل میں مشغول رہو۔ نماز پڑھو اور صدقہ و خیرات کرو۔" (بخاری، مسلم)

حضرت عبدالرحمٰن ابن سمرہ رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں ایک بار سورج گہن لگا۔ میں مدینے کے باہر تیر اندازی کر رہا تھا میں نے فوراً تیروں کو پھینک دیا کہ دیکھوں آج اس حادثے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیا عمل کرتے ہیں۔ چنانچہ مَیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے اپنے ہاتھ اٹھائے خدا کی حمد و تسبیح تکبیر و تہلیل اور دعا ، و فریاد میں لگے ہوئے تھے۔ پھر آپؐ نے دو رکعت نماز پڑھی اور اس میں دو لمبی لمبی سورتیں پڑھیں اور

اس وقت تک مشغول رہے جب تک سورج صاف نہ ہو گیا۔

صحابۂ کرام بھی کسوف اور خسوف میں نماز پڑھتے۔ ایک بار مدینے میں گہن لگا تو حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ نے نماز پڑھی ایک اور موقع پر گہن لگا تو حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے لوگوں کو جمع کیا اور جماعت سے نماز ادا فرمائی۔

۴۔ نمازِ کسوف میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ عنکبوت پڑھیے اور دوسری رکعت میں سورۂ روم پڑھیے۔ ان سورتوں کا پڑھنا مسنون ہے البتہ ضروری نہیں ہے۔ دوسری سورتیں بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

۵۔ کسوف کی نمازِ باجماعت میں اگر خواتین شریک ہونا چاہیں اور شریک کرنے کی سہولت ہو تو ضرور شریک کیجیے اور بچوں کو بھی ترغیب دیجیے تاکہ شروع ہی سے ان کے دلوں پر توحید کا نقش بیٹھے اور توحید کے خلاف کوئی تصور راہ نہ پائے۔

۶۔ جن اوقات میں نماز پڑھنے کی شرعی ممانعت ہے یعنی طلوعِ آفتاب، غروبِ آفتاب، اور زوال کے اوقات ہیں، اگر سورج گرہن ہو تو نماز نہ پڑھیے البتہ ذکر و تسبیح کیجیے غریبوں اور فقیروں کو صدقہ و خیرات دیجیے اور اگر سورج کے طلوع ہو جانے اور زوال کا وقت نکل جانے کے بعد بھی گرہن باقی رہے تو پھر نماز بھی پڑھیے۔

رمضان المبارک کے آداب

۱۔ رمضان المبارک کا شایانِ شان استقبال کرنے کے لئے شعبان ہی سے ذہن کو تیار کیجئے۔ اور شعبان کی پندرہ تاریخ سے پہلے پہلے کثرت سے روزے رکھیئے۔ حضرت عائشہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سب مہینوں سے زیادہ شعبان کے مہینے میں روزے رکھا کرتے تھے۔

۲۔ پورے اہتمام اور اشتیاق کے ساتھ رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کی کوشش کیجئے اور چاند دیکھ کر یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ، وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی۔ رَبُّنَا وَرَبُّکَ اللّٰہُ۔

”خدا سب سے بڑا ہے۔ خدایا! یہ چاند ہمارے لئے امن وایمان سلامتی اور اسلام کا چاند بنا کر طلوع فرما۔ اور ان کاموں کی توفیق کے ساتھ جو تجھے محبوب اور پسند ہیں۔ اے چاند! ہمارا رب اور تیرا رب اللہ ہے“

اور ہر مہینے کا نیا چاند دیکھ کر یہی دعا پڑھیئے۔ (ترمذی ابن حبان وغیرہ)

۳۔ رمضان میں عبادات سے خصوصی شغف پیدا کیجئے۔ فرض نمازوں کے علاوہ نوافل کا بھی خصوصی اہتمام کیجئے اور زیادہ سے زیادہ نیکی کمانے کے لئے

کمربستہ ہو جائیے۔ یہ عظمت و برکت والا مہینہ خدا کی خصوصی عنایت اور رحمت کا مہینہ ہے۔ شعبان کی آخری تاریخ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کی برکتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

" لوگو! تم پر ایک بہت عظمت و برکت کا مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے یہ وہ مہینہ ہے جس میں ایک رات ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے خدا نے اس مہینے کے روزے فرض قرار دیئے ہیں۔ اور قیام لیل (مسنون تراویح) کو نفل قرار دیا ہے جو شخص اس مہینے میں دل کی خوشی سے بطورِ خود کوئی ایک نیک کام کرے گا وہ دوسرے مہینوں کے فرض کے برابر اجر پائے گا۔ اور جو شخص اس مہینے میں ایک فرض ادا کرے گا۔ خدا اس کو دوسرے مہینوں کے ستر فرضوں کے برابر ثواب بخشے گا "

۴۔ پورے مہینے کے روزے نہایت ذوق و شوق اور اہتمام کے ساتھ رکھیئے اور اگر کبھی مرض کی شدت یا شرعی عذر کی بنا پر روزے نہ رکھ سکیں تب بھی احترامِ رمضان میں کھلم کھلا کھانے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجیے اور اس طرح رہیئے کہ گویا آپ روزے سے ہیں۔

۵۔ تلاوت قرآن کا خصوصی اہتمام کیجیے۔ اس مہینے کو قرآن پاک سے خصوصی مناسبت ہے۔ قرآن پاک اسی مہینے میں نازل ہوا اور دوسری آسمانی کتابیں بھی اسی مہینے میں نازل ہوئیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اسی مہینے کی پہلی یا تیسری تاریخ کو صحیفے عطا کیے گئے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو اسی مہینے کی ۱۲ یا ۱۸ کو زبور دی گئی۔ حضرت موسیٰؑ پر اسی مبارک مہینے کی ۶ تاریخ کو تورات نازل ہوئی

اور حضرت عیسیٰ ؑ کو بھی اسی مبارک مہینے کی ۱۲، یا ۱۳ رتاریخ کو انجیل دی گئی۔ اسلیئے اس مہینے میں زیادہ سے زیادہ قرآن پاک پڑھنے کی کوشش کیجیے حضرت جبریل ؑ ہر سال رمضان میں نبی ؐ کو پورا قرآن سناتے اور سنتے تھے اور آخری سال آپ نے دو بار رمضان میں نبی ؐ کے ساتھ دور فرمایا۔

۶۔ قرآن پاک ٹھیر ٹھیر کر اور سمجھ کر پڑھنے کی کوشش کیجیے۔ کثرت تلاوت کے ساتھ ساتھ سمجھنے اور اثر لینے کا بھی خاص خیال رکھیئے۔

۷۔ تراویح میں پورا قرآن سننے کا اہتمام کیجیے۔ ایک بار رمضان میں پورا قرآن پاک سننا مسنون ہے۔

۸۔ تراویح کی نماز خشوع خضوع اور ذوق وشوق کے ساتھ پڑھیئے اور جوں توں بیس رکعت کی گنتی پوری نہ کیجیے بلکہ نماز کو نماز کی طرح پڑھیئے تاکہ آپ کی زندگی پر اس کا اثر پڑے اور خدا سے تعلق مضبوط ہو اور خدا توفیق دے تو تہجد کا بھی اہتمام کیجیے۔

۹۔ صدقہ اور خیرات کیجیے، غریبوں، بیواؤں، اور یتیموں کی خبرگیری کیجیے اور ناداروں کی سحری اور افطار کا اہتمام کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "یہ مواسات[1] کا مہینہ ہے" حضرت ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سخی اور

---

[1] یعنی غریبوں اور حاجتمندوں کے ساتھ ہمدردی کا مہینہ ہے۔ ہمدردی سے مراد مالی ہمدردی بھی ہے اور زبانی ہمدردی بھی، ان کے ساتھ گفتار اور سلوک میں نرمی برتئے۔ ملازمین کو سہولتیں دیجیے۔ اور مالی اعانت کیجیے۔

فیاض تو تھے ہی مگر رمضان میں تو آپؐ کی سخاوت بہت ہی بڑھ جاتی تھی۔ جب حضرت جبریلؑ ہر رات کو آپ کے پاس آتے اور قرآنِ پاک پڑھتے اور سنتے تھے تو ان دنوں نبیؐ تیز چلنے والی ہوا سے بھی زیادہ فیاض ہوتے تھے۔"

۱۰۔ شبِ قدر میں زیادہ سے زیادہ نوافل کا اہتمام کیجیے اور قرآن کی تلاوت کیجیے۔ اس رات کی اہمیت یہ ہے کہ اس رات میں قرآن نازل ہوا قرآن میں ہے۔

"ہم نے اس قرآن کو شبِ قدر میں نازل کیا۔ اور تم کیا جانو کہ شبقدر کیا ہے۔ شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس میں فرشتے اور حضرت جبریلؑ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر کام کے انتظام کے لئے اترتے ہیں۔ سلامتی ہی سلامتی یہاں تک کہ صبح ہو جائے۔

حدیث میں ہے کہ شبِ قدر رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے کوئی رات ہوتی ہے۔ اس رات کو یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔ (حصن حصین)

"خدایا! تو بہت ہی زیادہ معاف فرمانے والا ہے کیونکہ معاف کرنا تجھے پسند ہے، پس تو مجھے معاف فرما دے۔"

حضرت انسؓ فرماتے ہیں ایک سال رمضان آیا تو نبیؐ نے فرمایا "تم لوگوں پر ایک مہینہ آیا ہے جس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے جو شخص اس رات سے محروم رہ گیا وہ سارے کے سارے خیر سے محروم رہ گیا۔ اور اس رات کی خیر و برکت سے محروم وہی رہتا ہے جو واقعی محروم ہے۔" (ابن ماجہ)

۱۱۔ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رمضان

کے آخری دس دنوں میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔

حضرت عائشہ رضؓ کا بیان ہے کہ "رمضان کا آخری عشرہ آتا تو نبیؐ راتوں کو زیادہ سے زیادہ جاگ کر عبادت فرماتے۔ اور گھر والیوں کو بھی جگانے کا اہتمام کرتے۔ اور پورے جوش اور انہماک کے ساتھ خدا کی بندگی میں لگ جاتے"۔

۱۲۔ رمضان میں لوگوں کے ساتھ نہایت نرمی اور شفقت کا سلوک کیجیے۔ ملازمین کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دیجیے۔ اور فراخ دلی کے ساتھ ان کی ضرورتیں پوری کیجیے اور گھر والوں کے ساتھ بھی رحمت اور فیاضی کا برتاؤ کیجیے۔

۱۳۔ نہایت عاجزی اور ذوق شوق کے ساتھ زیادہ سے زیادہ دعائیں کیجیے۔ دُرِّ منثور میں ہے کہ جب رمضان کا مبارک مہینہ آتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ بدل جاتا تھا۔ اور نماز میں اضافہ ہو جاتا تھا۔ اور دعا میں بہت عاجزی فرماتے تھے اور خوف بہت زیادہ غالب ہو جاتا تھا۔

اور حدیث میں ہے کہ "خدا رمضان میں عرش اٹھانے والے فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ اپنی عبادت چھوڑ دو اور روزہ رکھنے والوں کی دعاؤں پر آمین کہو"۔

۱۴۔ صدقہ فطر دل کی رغبت کے ساتھ پورے اہتمام سے ادا کیجیے اور عید کی نماز سے پہلے ادا کر دیجیے۔ بلکہ اتنا پہلے ادا کیجیے کہ حاجتمند اور نادار لوگ بسہولت عید کی ضروریات مہیا کر سکیں اور وہ بھی سب کے ساتھ عیدگاہ جا سکیں اور عید کی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔

حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر امت کے لئے اس لئے ضروری قرار دیا تاکہ وہ ان بیہودہ اور فحش باتوں سے جو روزے میں روزہ دار سے سرزد ہوگئی ہوں، کفارہ بنے۔ اور غریبوں اور مسکینوں کے کھانے کا انتظام ہو جائے۔ (ابوداؤد)

۱۵۔ رمضان کے مبارک دنوں میں خود زیادہ سے زیادہ نیکی کمانے کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی نہایت سوز، تڑپ، نرمی اور حکمت کے ساتھ نیکی اور خیر کے کام کرنے پر ابھارئیے۔ تاکہ پوری فضا پر، خدا ترسی، خیر پسندی اور بھلائی کے جذبات چھائے رہیں اور سوسائٹی زیادہ سے زیادہ رمضان کی بیش بہا برکتوں سے فائدہ اٹھا سکے۔

روزے کے آداب

۱۔ روزے کے عظیم اجر اور عظیم فائدوں کو نگاہ میں رکھ کر پورے ذوق و شوق کے ساتھ روزہ رکھنے کا اہتمام کیجیے۔ یہ ایک ایسی عبادت ہے جس کا بدل کوئی دوسری عبادت نہیں ہو سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ روزہ ہر امت پر فرض رہا ہے۔ خدا تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ○

"ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلے کے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم متقی اور پرہیزگار بن جاؤ۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کے اس عظیم مقصد کو یوں بیان فرمایا۔

"جس شخص نے روزہ رکھ کر بھی جھوٹ بولنا اور جھوٹ پر عمل کرنا نہ چھوڑا تو خدا کو اس سے کوئی دلچسپی نہیں کہ وہ بھوکا اور پیاسا رہتا ہے۔" (بخاری)

اور آپ نے ارشاد فرمایا۔

"جس شخص نے ایمانی کیفیت اور احتساب[1] کے ساتھ رمضان کا روزہ رکھا

---

[1] احتساب سے مراد یہ ہے کہ روزہ محض خدا کی خوشنودی اور اجرِ آخرت کیلئے رکھا جائے اور اُن تمام لغو باتوں سے بچا جائے جو روزے کو بے جان کر دیتی ہیں۔

تو خدا اُس کے اُن گناہوں کو معاف فرما دے گا جو پہلے ہو چکے ہیں۔" (بخاری)

۲۔ رمضان کے روزے پورے اہتمام کے ساتھ رکھیئے اور کسی شدید بیماری یا عذرِ شرعی کے بغیر کبھی روزہ نہ چھوڑیئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جس شخص نے کسی بیماری یا شرعی عذر کے بغیر رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑا تو عمر بھر کے روزے رکھنے سے بھی اس ایک روزے کی تلافی نہ ہو سکے گی۔" (ترمذی)

۳۔ روزے میں ریاکاری اور دکھاوے سے بچنے کے لئے معمول کے مطابق ہشاش بشاش اور چاق چوبند، اپنے کاموں میں لگے رہیئے، اور اپنے انداز و اطوار سے روزے کی کمزوری اور سستی کا اظہار نہ کیجئے۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ کا ارشاد ہے۔ کہ "آدمی جب روزہ رکھے تو چاہیئے کہ حسب معمول تیل لگائے کہ اس پر روزے کے اثرات نہ دکھائی دیں۔

۴۔ روزے میں نہایت اہتمام کے ساتھ ہر برائی سے دُور رہنے کی بھرپور کوشش کیجئے اس لئے کہ روزے کا مقصود ہی زندگی کو پاکیزہ بنانا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"روزہ ڈھال ہے اور جب تم میں سے کوئی روزے سے ہو تو اپنی زبان سے کوئی بے شرمی کی بات نہ نکالے اور نہ شور و ہنگامہ کرے۔ اور اگر کوئی اس سے گالی گلوچ کرنے لگے یا لڑائی پہ آمادہ ہو تو اس روزے دار کو سوچنا چاہیئے کہ میں تو روزے دار ہوں بھلا میں کیسے گالی کا جواب دے سکتا ہوں۔)

(بخاری، مسلم)۔

۵۔ احادیث میں روزے کا جو عظیم اجر بیان کیا گیا ہے اس کی آرزو کیجیے اور خاص طور پر افطار کے قریب خدا سے دعا کیجیے کہ خدایا! میرے روزے کو قبول فرما اور مجھے وہ اجر و ثواب دے جس کا تو نے وعدہ کیا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "روزے دار جنت میں ایک مخصوص دروازے سے داخل ہوں گے۔ اس دروازے کا نام ریّان[1] ہے جب روزے دار داخل ہو چکیں گے تو یہ دروازہ بند کر دیا جائے گا پھر کوئی اور اس دروازے سے نہ جا سکے گا۔" (بخاری)

اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ قیامت کے روز روزہ سفارش کرے گا اور کہے گا پروردگار! میں نے اس شخص کو دن میں کھانے پینے اور دوسری لذتوں سے روکے رکھا، خدایا! تو اس شخص کے حق میں میری سفارش قبول فرما۔ اور خدا اس کی سفارش کو قبول فرمالے گا۔ (مشکوٰۃ)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ افطار کے وقت روزے دار جو دعا مانگے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے رد نہیں کی جاتی۔ (ترمذی)

۶۔ روزے کی تکلیفوں کو ہنسی خوشی برداشت کیجیے اور بھوک پیاس کی شدت یا کمزوری کی شکایت کر کرکے روزے کی ناقدری نہ کیجیے۔

۷۔ سفر کے دوران یا مرض کی شدت میں روزہ نہ رکھ سکتے ہوں تو چھوڑ دیجیے اور دوسرے دنوں میں اس کی قضا کیجیے۔ قرآن میں ہے۔

---

[1] ریّان کے معنی ہیں سیراب کرنے والا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے باب الریّان سے داخل ہونے والوں کو کبھی پیاس نہ ستائے گی۔ (ترمذی)

فَمَنْ كَانَ مِنْكُم مَّرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ

(البقرہ)۔

"جو کوئی بیمار ہو یا سفر میں ہو، تو وہ دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے۔"

حضرت انس رض فرماتے ہیں جب ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان میں سفر پر ہوتے تو کچھ لوگ روزہ رکھتے اور کچھ لوگ نہ رکھتے پھر نہ تو روزہ دار روزہ چھوڑنے والے پر اعتراض کرتا اور نہ روزہ چھوڑنے والا روزے دار پر اعتراض کرتا۔ (بخاری)

۸۔ روزے میں غیبت اور بدنگاہی سے بچنے کا خاص طور پر اہتمام کیجئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

روزے دار صبح سے شام تک خدا کی عبادت میں ہے جب تک وہ کسی کی غیبت نہ کرے۔ اور جب وہ کسی کی غیبت کر بیٹھتا ہے تو اس کے روزے میں شگاف پڑ جاتا ہے۔ (الدیلمی)

۹۔ حلال روزی کا اہتمام کیجئے۔ حرام کمائی سے پلنے والے جسم کی کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "حرام کمائی سے جو بدن پلا ہو وہ جہنم ہی کے لائق ہے" (بخاری)

۱۰۔ سحری ضرور کھائیے۔ اس سے روزہ رکھنے میں سہولت ہوگی۔ اور کمزوری اور سستی پیدا نہ ہوگی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"سحری کھا لیا کرو، اس لیے کہ سحری کھانے میں برکت ہے" (بخاری)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا۔

"سحری کھانے میں برکت ہے کچھ نہ ہو تو پانی کے چند گھونٹ ہی پی لیا کرو۔ اور خدا کے فرشتے سحری کھانے والوں پر سلام بھیجتے ہیں" (احمد)

اور آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

"دوپہر کو تھوڑی دیر آرام کر کے قیام لیل میں سہولت حاصل کرو۔ اور سحری کھا کر دن میں روزے کے لئے قوت حاصل کرو" (ابن ماجہ) اور صحیح مسلم میں ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ہمارے اور اہلِ کتاب کے روزں میں صرف سحری کھانے کا فرق ہے۔

۱۱۔ سورج غروب ہو جانے کے بعد افطار میں تاخیر نہ کیجیے۔ اس لئے کہ روزے کا اصل مقصود فرمانبرداری کا جذبہ پیدا کرنا ہے نہ کہ بھوکا پیاسا رکھنا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مسلمان اچھی حالت میں رہیں گے جب تک افطار کرنے میں جلدی کریں گے" (بخاری)۔

۱۲۔ افطار کے وقت یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ۔ (مسلم)

"خدایا! میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا"

اور جب روزہ افطار کرلیں تو یہ دعا پڑھیے۔

ذَھَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْشَاءَ اللّٰہُ۔ (ابوداؤد)

"پیاس جاتی رہی۔ رگیں تروتازہ ہوگئیں۔ اور اجر بھی ضرور ملے گا اگر خدا نے چاہا"

۱۳۔ کسی کے یہاں روزہ افطار یں تو یہ دعا پڑھیے۔

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ۔ (ابوداؤد)

"(خدا کرے) تمہارے یہاں روزے دار روزے افطار کریں۔ اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھایا کریں۔ اور فرشتے تمہارے لئے رحمت کی دعائیں کریں"

۱۴۔ روزہ افطار کرانے کا بھی اہتمام کیجیے اس کا بڑا اجر ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو شخص رمضان میں کسی کا روزہ کھلوائے تو اس کے صلے میں خدا اس کے گناہ بخش دے گا اور اس کو جہنم کی آگ سے نجات دے گا۔ اور افطار کرانے والے کو روزے دار کے برابر ثواب ملے گا اور روزہ دار کے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی" لوگوں نے کہا "یا رسول اللہ! ہم سب کے پاس اتنا کہاں ہے کہ روزے دار کو افطار کرائیں اور اس کو کھانا کھلائیں" ارشاد فرمایا "صرف ایک کھجور سے یا دودھ اور پانی کے ایک گھونٹ سے افطار کرا دینا بھی کافی ہے۔ (ابن خزیمہ)

زکوٰۃ اور صدقے کے آداب

۱۔ خدا کی راہ میں جو بھی دیں محض خدا کی خوشنودی کے لئے دیجئے۔ کسی اور غرض کی لاگ سے اپنے پاکیزہ عمل کو ہرگز ضائع نہ کیجئے۔ یہ آرزو ہرگز نہ رکھیئے کہ جن کو آپ نے دیا ہے وہ آپ کا احسان مانیں آپ کا شکریہ ادا کریں۔ اور آپ کی بڑائی کا اعتراف کریں۔ مومن اپنے عمل کا بدلہ صرف اپنے خدا سے چاہتا ہے قرآن پاک میں مومنوں کے جذبات کا اظہار اس طرح کیا گیا ہے۔

اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا۔

(الدہر)۔

"ہم تم کو خالص لوجہ اللہ کھلا رہے ہیں نہ تم سے صلے کے طلبگار ہیں اور نہ شکر گزاری کے۔

۲۔ نمود و نمائش اور دکھاوے سے پرہیز کیجئے۔ ریاکاری اچھے سے اچھے عمل کو خاک میں ملا دیتی ہے۔

۳۔ زکوٰۃ کھلم کھلا دیجئے۔ تاکہ دوسروں میں بھی فرض ادا کرنے کا جذبہ ابھرے۔ البتہ دوسرے صدقات چھپا کر دیجئے تاکہ زیادہ سے زیادہ اخلاص پیدا ہو۔ خدا کی نظر میں اسی عمل کی قیمت ہے جو اخلاص کے ساتھ کیا گیا۔ قیامت کے ہیبت خیز میدان میں جب کہ کہیں سایہ نہ ہوگا۔ خدا اپنے اس بندے کو عرش کے سائے

میں رکھے گا۔ جس نے انتہائی پوشیدہ طریقوں سے خدا کی راہ میں خرچ کیا ہوگا۔ یہاں تک کہ بائیں ہاتھ کو یہ خبر نہ ہوگی کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا۔ (بخاری)

۴۔ خدا کی راہ میں خرچ کرنے کے بعد نہ احسان جتائیے اور نہ اُن لوگوں کو دکھ دیجیے جن کو آپ دے رہے ہیں۔ دینے کے بعد محتاجوں اور ناداروں کے ساتھ حقارت کا سلوک کرنا۔ ان کی خودداری کو ٹھیس لگانا اُن پر احسان جتا جتا کر اُن کے ٹوٹے ہوئے دلوں کو دکھانا اور یہ سوچنا کہ وہ آپ کا احسان مانیں۔ آپ کے سامنے جھکے رہیں۔ آپ کی برتری کو تسلیم کریں، انتہائی گھناؤنے جذبات ہیں مومن کا دل ان جذبات سے پاک ہونا چاہیئے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْأَذَى كَالَّذِي يُنْفِقُ مَالَهُ رِئَاءَ النَّاسِ۔

"مومنو! اپنے صدقہ وخیرات کو احسان جتا جتا کر اور غریبوں کا دل دکھا کر، اُس شخص کی طرح خاک میں نہ ملا دو جو محض لوگوں کو دکھانے کے لئے خرچ کرتا ہے۔"

۵۔ خدا کی راہ میں دینے کے بعد فخر وغرور نہ کیجیے۔ لوگوں پر اپنی بڑائی نہ جتائیے بلکہ یہ سوچ کر لرزتے رہیئے کہ معلوم نہیں خدا کے یہاں میرا یہ صدقہ قبول بھی ہوا یا نہیں۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ ۝

۶۔ فقیروں اور محتاجوں کے ساتھ نرمی کا سلوک کیجیے نہ ان کو ڈانٹیے نہ اُن پر رُعب جمائیے، نہ اُن پر اپنی برتری کا اظہار کیجیے۔ سائل کو دینے کے لئے اگر کچھ نہ ہو تب بھی نہایت نرمی اور خوش اخلاقی سے معذرت کیجیے تاکہ وہ کچھ نہ پانے کے باوجود خاموشی سے دعا دیتا ہوا رخصت ہو جائے۔ قرآن میں ہے۔

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل)

"اگر تم ان سے اعراض کرنے پر مجبور ہو جاؤ۔ اپنے رب کے فضل کی توقع رکھتے ہوئے تو ان سے نرمی کی کوئی بات کہہ دیا کرو۔"

اور خدا کا ارشاد یہ بھی ہے۔

وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔

"اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دو۔"

۷۔ خدا کی راہ میں، کشادہ دلی اور شوق کے ساتھ خرچ کیجیے۔ تنگ دلی، کڑھن اور زبردستی کا تاوان سمجھ کر نہ خرچ کیجیے فلاح و کامرانی کے مستحق وہی لوگ ہوتے ہیں۔ جو بخل، تنگ دلی اور خست جیسے جذبات سے اپنے دل کو پاک رکھتے ہیں۔

۸۔ خدا کی راہ میں حلال مال خرچ کیجیے، خدا صرف وہی مال قبول فرماتا ہے جو پاک اور حلال ہو۔ جو مومن خدا کی راہ میں دینے کی تڑپ رکھتا ہے وہ بھلا یہ کیسے گوارا کر سکتا ہے۔ کہ اس کی کمائی میں حرام مال شامل ہو۔ خدا کا ارشاد ہے۔

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ۔

"ایمان والو! خدا کی راہ میں اپنی پاک کمائی خرچ کرو۔"

۹۔ خدا کی راہ میں بہترین مال خرچ کیجیے۔ قرآن میں ہے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۝ (آل عمران)

"تم ہرگز نیکی حاصل نہ کر سکو گے جب تک وہ مال خدا کی راہ میں نہ دو جو تمہیں عزیز ہے۔"

صدقے میں دیا ہوا مال آخرت کی دائمی زندگی کے لئے جمع ہو رہا ہے۔ بھلا مومن یہ کیسے سوچ سکتا ہے کہ وہ اپنی ہمیشہ کی زندگی کے لئے خراب اور ناکارہ مال جمع کرائے۔

۱۰۔ زکوٰۃ واجب ہونے پر دیر نہ لگایئے۔ فوراً ادا کرنے کی کوشش کیجیے اور اچھی طرح حساب لگا کر دیجیے کہ خدانخواستہ آپ کے ذمہ کچھ رہ نہ جائے۔

۱۱۔ زکوٰۃ اجتماعی طور پر ادا کیجیے۔ اور اس کے خرچ کا انتظام بھی اجتماعی طور پر کیجیے۔ جہاں جہاں مسلمانوں کی حکومت نہیں ہے وہاں مسلمانوں کی جماعتیں بیت المال قائم کر کے اس کا انتظام کریں۔

حج کے آداب

۱۔ حج کرنے میں تاخیر اور ٹال مٹول ہرگز نہ کیجیے۔ جب بھی خدا اتنا دے کہ آپ اس خوشگوار فریضے کو ادا کر سکیں تو پہلی فرصت میں روانہ ہو جایئے زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہے کہ آپ اس فریضے کو ایک سال سے دوسرے سال پر ٹالتے رہیں۔ قرآن میں ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ○

"اور لوگوں پر خدا کا یہ حق ہے کہ جو اس کے گھر تک پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو وہ اس کا حج کرے۔ اور جو اس حکم کی پیروی سے انکار کرے تو اُسے معلوم ہونا چاہیے کہ خدا سارے جہان والوں سے بے نیاز ہے"

انسان کی اس سے بڑی تباہی اور محرومی اور کیا ہو گی کہ خدا اس سے بے نیازی اور بے تعلقی کا اعلان فرمائے۔

حدیث میں ہے "جو شخص حج کا ارادہ کرے اُسے حج کرنے میں جلدی کرنی چاہیے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ بیمار پڑ جائے۔ ممکن ہے اونٹنی کھو جائے۔ اور ممکن ہے کوئی اور ایسی ضرورت پیش آجائے کہ حج ناممکن ہو جائے۔ (ابن ماجہ)

مطلب یہ ہے وسعت ہونے کے بعد خواہ مخواہ ٹال مٹول نہ کرنی چاہیے معلوم

نہیں آئندہ یہ ذرائع اور وسعت وسہولت باقی رہے یا نہ رہے اور پھر خدانخواستہ آدمی حج بیت اللہ سے محروم ہی رہ جائے۔ خدا اس محرومی سے ہر بندۂ مومن کو بچائے رکھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے لوگوں کو انتہائی سخت انداز میں تنبیہ فرمائی ہے۔ حدیث میں ہے۔

"جس شخص کو کسی بیماری نے یا کسی واقعی ضرورت نے یا کسی ظالم و جابر حکمران نے نہ روک رکھا ہو اور پھر بھی وہ حج نہ کرے تو چاہے وہ یہودی مرے چاہے نصرانی" (سنن کبریٰ جلد ۴)

اور حضرت عمرؓ کو یہ کہتے سنا گیا ہے کہ "جو لوگ قدرت رکھنے کے باوجود حج نہیں کرتے میرا جی چاہتا ہے کہ اُن پر جزیہ لگا دوں وہ مسلمان نہیں ہیں وہ مسلمان نہیں ہیں"

۲۔ خدا کے گھر کی زیارت اور حج محض اپنے خدا کو خوش کرنے کے لئے کیجئے کسی اور دنیوی غرض سے اس پاکیزہ مقصد کو آلودہ نہ کیجئے۔ قرآن پاک میں ہے۔

وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رِضْوَانًا ط (المائدہ-۲)

"اور نہ ان لوگوں کو چھیڑو، جو اپنے رب کے فضل اور اس کی خوشنودی کی تلاش میں احترام والے گھر کی طرف جا رہے ہیں"

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ۔ (البقرہ ۱۹۶)

"حج اور عمرے کو محض خدا کی خوشنودی کے لئے پورا کرو"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، حج مبرور[1] کا صلہ تو جنت سے کم ہے ہی نہیں۔ (مسلم کتاب الحج)

۳۔ حج کے لئے جانے کا چرچا نہ کیجئے خاموشی سے جائیے اور آئیے اور ہر اس رسم اور طریقے سے سختی کے ساتھ بچئیے جس میں نمود و نمائش اور دکھاوے کا شائبہ ہو۔ یوں تو ہر عمل کے عملِ صالح اور عملِ مقبول ہونے کا انحصار اس پر ہے کہ وہ محض خدا کے لئے ہو اور کسی دوسری خواہش کا اس میں ذرہ بھر آمیزہ بھی نہ ہو۔ لیکن خاص طور پر حج میں اس کا اور زیادہ دھیان رکھنا اس لئے ضروری ہے کہ یہ روحانی انقلاب اور تزکیۂ نفس و اخلاق کی ایک آخری تدبیر ہے اور جو روحانی مریض اس جامع علاج سے بھی شفایاب نہ ہو پھر اس کی شفایابی کی امید کسی دوسرے علاج سے بہت ہی کم رہ جاتی ہے۔

۴۔ حج کو جانے کی وسعت نہ ہو تب بھی خدا کے گھر کو دیکھنے کی تمنا اور روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنے کی آرزو۔ اور حج سے پیدا ہونے والے ابراہیمی جذبات سے اپنے سینے کو آباد اور منوّر رکھیے۔ ان جذبات کے بغیر کوئی سینہ مومن کا سینہ نہیں بلکہ ایک ویران کھنڈر ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"حج اور عمرے کے لئے جانے والے خدا کے خصوصی مہمان ہیں۔ وہ خدا سے دعا کریں تو خدا قبول فرماتا ہے اور مغفرت طلب کریں تو بخش

---

[1] حج مبرور وہ حج ہے جو محض خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے پورے آداب و شرائط کے ساتھ کیا گیا ہو۔

دیتا ہے۔ (طبرانی)

۵۔ حج کے لئے بہترین زادِ راہ ساتھ لیجیے۔ بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے، اس پاکیزہ سفر کے دوران خدا کی نافرمانیوں سے بچئے اور حج بیت اللہ کی برکتوں سے زیادہ سے زیادہ مستفیض ہونے والا بندہ وہی ہے جو ہر حال میں خدا سے ڈرتا رہے اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے کا والہانہ جذبہ رکھے۔ قرآن میں ہے۔

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔

"اور سفر حج کے لئے زادِ راہ ساتھ لو۔ اور سب سے بہتر زادِ راہ خدا کا تقویٰ ہے۔

۶۔ حج کا ارادہ کرتے ہی حج کے لئے ذہنی یکسوئی اور تیاری شروع کر دیجیے حج کی تاریخ کو تازہ کیجیے اور حج کے ایک ایک رکن کی حقیقت پر غور کیجیے اور خدا کا دین، حج کے ان ارکان کے ذریعے بندۂ مومن کے دل میں جو جذبات پیدا کرنا چاہتا ہے انہیں سمجھنے کی کوشش کیجیے اور پھر ایک باشعور مومن کی طرح پورے شعور کے ساتھ حج کے ارکان ادا کر کے ان حقیقتوں کو جذب کرنے اور ان کے مطابق زندگی میں صالح انقلاب لانے کی کوشش کیجیے جس کے لئے خدا نے مومنوں پر حج فرض کیا ہے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ۝ (البقرہ)

"اور خدا کو یاد کرو جس طرح یاد کرنے کی اس نے تمہیں ہدایت کی ہے۔ اور یہ حقیقت ہے کہ تم لوگ اس سے پہلے ان حقیقتوں سے بھٹکے ہوئے تھے۔"

اس مقصد کے لئے قرآن پاک کے ان حصوں کا گہری نظر سے مطالعہ کیجئے جن میں حج کی حقیقت داہمیت اور حج سے پیدا ہونے والے جذبات کا اظہار کیا گیا ہے اور اس کے لئے احادیث رسولؐ اور ان کتابوں کا مطالعہ بھی مفید رہے گا جن میں حج کی تاریخ اور حج کے ارکان کی حقیقت پر گفتگو کی گئی ہو۔

۷۔ حج کے دوران جو مسنون دعائیں حدیث کی کتابوں میں ملتی ہیں انہیں یاد کیجئے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ میں خدا سے وہی مانگیے جو خدا کے رسولؐ نے مانگا تھا۔

۸۔ اپنے حج کی پوری پوری حفاظت کیجئے اور دھیان رکھیئے کہ آپ کا حج کہیں اُن دنیا پرستوں کا حج نہ بن جائے جن کا آخرت میں کوئی حصّہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ وہ آخرت سے آنکھیں بند کر کے سب کچھ دنیا ہی چاہتے ہیں وہ جب بیت اللہ پہنچتے ہیں تو ان کی دعا یہ ہوتی ہے کہ

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ (البقرہ)

"خدایا ہمیں جو دینا ہے بس اسی دنیا میں دے دے۔ ایسے (دنیا پرست) لوگوں کا آخرت میں کوئی حصّہ نہیں ہے"

آپ حج کے ذریعہ دونوں جہان کی سعادت و کامرانی طلب کیجئے اور خدا سے دعا کیجئے کہ پروردگار میں تیرے حضور اس لئے آیا ہوں کہ تو دونوں زندگیوں میں مجھے کامران اور بامراد بنا اور یہ دعا کرتے رہیئے۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (البقرہ)

"خدایا ہمیں اس دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔"

۹۔ حج کے دوران خدا کی نافرمانی سے بچنے میں انتہائی حسّاس رہیئے۔ حج کا سفر خدا کے گھر کا سفر ہے آپ خدا کے مہمان بن کر گئے ہیں اس سے عہدِ بندگی تازہ کرنے گئے ہیں۔ حجرِ اسود پر ہاتھ رکھ کر آپ گویا خدا کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر عہد و پیمان باندھتے ہیں اور اس کو بوسہ دے کر خدا کے آستانے پر بوسہ دیتے ہیں۔ بار بار تکبیر و تہلیل کی صدائیں بلند کر کے اپنی وفاداری کا اظہار کرتے ہیں ایسی فضا میں غور کیجئے کسی معمولی گناہ اور خطا کی آلودگی بھی کتنی گھناؤنی ہے۔ خدا نے اپنے دربار میں حاضر ہونے والے بندوں کو ہوشیار فرمایا ہے۔

وَلَا فُسُوْقَ۔

"خدا کی نافرمانی کی باتیں نہ ہونی چاہئیں"

۱۰۔ دورانِ حج لڑائی جھگڑے کی باتوں سے پوری طرح بچے رہیئے۔ سفر کے دوران جب جگہ جگہ بھیڑ ہو، زحمتیں ہوں، قدم قدم پر مفاد ٹکرائیں، قدم قدم پر جذبات کو ٹھیس لگے تو خدا کے مہمان کا کام یہ ہے کہ وہ فراخدلی اور ایثار سے کام لے اور ہر ایک کے ساتھ عفو و درگزر اور فیاضی کا برتاؤ کرے۔ یہاں تک کہ خادم کو ڈانٹنے سے بھی پرہیز کرے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ۔

"اور لڑائی جھگڑے کی باتیں نہ ہوں"

۱۱۔ دورانِ حج شہوانی باتوں سے بھی بچنے اور بچے رہنے کا پورا پورا اہتمام کیجئے۔

دَورانِ سفر جب جذبات کے برانگیختہ ہونے اور نگاہ کے آزاد ہو جانے کا اندیشہ کچھ زیادہ ہوتا ہے آپ بھی زیادہ چوکنے ہو جائیں اور نفس و شیطان کی چالوں سے خود کو محفوظ رکھنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کریں۔ اور اگر آپ کا جوڑا آپ کے ساتھ ہو تو نہ صرف یہ کہ اس سے مخصوص تعلق قائم نہ کیجیے بلکہ ایسی باتوں سے بھی شعور کے ساتھ بچے رہیئے جو شہوانی جذبات کو بھڑکانے کا باعث بن سکتی ہوں خدا نے ہوشیار کرتے ہوئے فرمایا ہے۔

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ۔

"حج کے مہینے سب کو معلوم ہیں جو شخص ان مقررہ مہینوں میں حج کی نیت کرے، اسے خبردار رہنا چاہیئے کہ حج کے دَوران شہوانی باتیں نہ ہوں"

(البقرہ ۱۹۷)۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو شخص خدا کے اس گھر کی زیارت کے لئے یہاں آیا اور وہ بے حیائی اور شہوانی باتوں سے بچا رہا اور فسق و فجور میں بھی مبتلا نہیں ہوا تو وہ پاک صاف ہو کر اس طرح لوٹتا ہے جس طرح وہ ماں کے پیٹ سے پاک صاف پیدا ہوا تھا"

(بخاری، مسلم)

۱۲۔ شعائر اللہ کا پورا پورا احترام کیجیے، کسی روحانی اور معنوی حقیقت کو محسوس کرانے اور یاد دلانے کے لئے خدا نے جو چیز علامت کے طور پر مقرر فرمائی ہے اس کو "شعیرہ" کہتے ہیں شعائر اسی کی جمع ہے، حج کے سلسلے کی ساری ہی چیزیں خدا پرستی کی کسی نہ کسی حقیقت کو محسوس کرانے کے لئے علامت کے طور پر مقرر کی گئی ہیں۔ ان سب کی تعظیم کیجیے۔ قرآن میں خدا کا ارشاد ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا

"اور اے مومنو! خدا پرستی کی ان نشانیوں کو بے حرمت نہ کرو۔ نہ حرمت کے ان مہینوں کی بے حرمتی کرو۔ نہ قربانی کے جانوروں پر دست درازی کرو۔ نہ ان جانوروں پر ہاتھ ڈالو۔ جن کی گردنوں میں نذرِ خداوندی کی علامت کے طور پر پٹے پڑے ہیں۔ اور نہ ان لوگوں کی راہ میں رکاوٹ ڈالو۔ جو اپنے پروردگار کے فضل اور اس کی خوشنودی کی تلاش میں مکان محترم (کعبہ) کی طرف جا رہے ہوں" (المائدہ)

اور سورہ حج میں ہے۔

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ۔

"اور جو خدا پرستی کی ان نشانیوں کا احترام کرے جو خدا نے مقرر کی ہیں تو یہ دلوں کے تقویٰ کی بات ہے"

۱۳۔ ارکان حج ادا کرتے ہوئے انتہائی عجز و احتیاج بے کسی اور بے بسی کا اظہار کیجیے کہ خدا کو بندے کی عاجزی اور درماندگی ہی سب سے زیادہ پسند ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا حاجی کون ہے؟ فرمایا "جس کے بال پریشان ہوں، اور میلا کچیلا ہو"

۱۴۔ احرام باندھنے کے بعد، ہر نماز کے بعد، ہر بلندی پر چڑھتے وقت اور ہر پستی کی طرف اترتے وقت اور ہر قافلے سے ملتے وقت اور ہر صبح کو نیند سے بیدار

ہو کر بلند آواز سے تلبیہ پڑھیے۔ تلبیہ یہ ہے۔

لَبَّیْكَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ ۔ (مشکوٰۃ)

"میں حاضر ہوں خدایا میں حاضر ہوں۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔ میں حاضر ہوں۔ بیشک ساری تعریف تیرے ہی لئے ہے نعمت سب تیری ہی ہے، ساری بادشاہی تیری ہی ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔

۱۵۔ عرفات کے میدان میں حاضر ہو کر زیادہ سے زیادہ توبہ استغفار کیجیے قرآن کی ہدایت ہے۔

ثُمَّ اَفِیْضُوْا مِنْ حَیْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ (البقرہ)

"پھر تم (اہل مکہ) بھی وہیں سے پلٹو جہاں سے اور سارے لوگ پلٹتے ہیں اور خدا سے مغفرت چاہو، بلاشبہ خدا بہت زیادہ معاف فرمانے والا اور بہت زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا کے نزدیک عرفہ کا دن تمام دنوں سے زیادہ بہتر ہے، اس دن خدا آسمان دنیا پر خصوصی طور سے متوجہ ہو کر فرشتوں کے سامنے اپنے حاجی بندوں کی عاجزی اور درماندگی کی حالت پر فخر کرتا ہے فرشتوں سے فرماتا ہے "فرشتو! دیکھو میرے بندے پریشان، دھوپ میں میرے سامنے کھڑے ہیں یہ لوگ دور دور سے یہاں آئے ہیں میری رحمت کی امید انہیں یہاں لائی ہے حالانکہ انہوں نے میرے

عذاب کو نہیں دیکھا۔" اس فخر کے بعد لوگوں کو جہنم کے عذاب سے آزاد کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ اور عرفے کے دن میں اتنے لوگ بخشے جاتے ہیں کہ اتنے کسی دن بھی نہیں بخشے جاتے" (ابن حبان)

۱۶۔ منیٰ میں پہنچ کر انہی جذبات کے ساتھ قربانی کیجئے جن جذبات کے ساتھ خدا کے دوست حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے پیارے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی گردن پر چھری رکھی تھی۔ اور قربانی کے ان جذبات کو اپنے دل و دماغ پر اس طرح طاری کیجئے کہ زندگی کے ہر میدان میں آپ قربانی پیش کرنے کے لئے تیار ہیں! اور زندگی واقعی اس عہد کی عملی تصویر بن جائے کہ

إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔ (الانعام)

"بے شک میری نماز، اور میری قربانی، میری زندگی اور میری موت ایک اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے، جس کا کوئی شریک نہیں"

۱۷۔ حج کے ایام میں برابر خدا کی یاد میں مشغول رہیے اور کسی وقت دل کو اس کے ذکر سے غافل نہ ہونے دیجئے۔ خدا کی یاد ہی تمام عبادتوں کا اصل جوہر ہے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْ أَيَّامٍ مَّعْدُوْدَاتٍ۔

"اور خدا کی یاد میں مشغول رہو گنتی کے ان چند دنوں میں" (البقرہ ۲۰۳)

اور فرمایا:۔

فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ

اَشَدَّ ذِکْرًا۔

"پھر جب تم حج کے تمام ارکان ادا کر چکو تو جس طرح پہلے اپنے آباؤ اجداد کا ذکر کرتے تھے اسی طرح اب خدا کا ذکر کرو۔ بلکہ اس سے بھی بڑھ کر"

حج کے ارکان کا مقصود ہی یہ ہے کہ آپ ان ایام میں مسلسل خدا کی یاد میں ڈوبے رہیں اور ان دنوں میں اس کی یاد اس طرح دل میں رچ بس جائے کہ پھر زندگی کی ہماہمی اور کشمکش میں کوئی چیز اس کی یاد سے آپ کو غافل نہ کر سکے۔ جاہلیت کے دور میں لوگ ارکان حج ادا کرنے کے بعد اپنے باپ دادا کی بڑائی بیان کرتے اور ڈینگیں مارتے تھے۔ خدا نے ہدایت دی کہ یہ ایام خدا کی یاد میں بسر کرو۔ اور اسی کی بڑائی بیان کرو۔ جو واقعی بڑا ہے۔

۱۸۔ خدا کے گھر کا پروانہ وار طواف کیجئے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

"اور چاہیئے کہ بیت اللہ کا طواف کریں"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا ہر روز اپنے حاجی بندوں کے لیے۔ ایک سو بیس رحمتیں نازل فرماتا ہے جس میں سے ساٹھ رحمتیں ان کے لئے ہوتی ہیں جو بیت اللہ کا طواف کرتے ہیں۔ چالیس ان کے لئے جو وہاں نماز پڑھتے ہیں اور بیس ان لوگوں کے لئے جو صرف کعبے کو دیکھتے رہتے ہیں" (بیہقی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا۔

"جس نے پچاس بار بیت اللہ کا طواف کر لیا وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہو گیا جیسے اس کی ماں نے اس کو آج ہی جنم دیا ہے" (ترمذی)



باب سوم

بندگی کرو اللہ کی

—— کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ

اور

اچھا سلوک کرو

ماں باپ کے ساتھ۔
قرابت داروں کے ساتھ۔
یتیموں کے ساتھ۔
غریبوں کے ساتھ۔
پڑوسی کے ساتھ —— جو رشتہ دار ہو
اور اس پڑوسی کے ساتھ —— جو رشتہ دار نہ ہو
ساتھی کے ساتھ —— جس کی رفاقت ذرا دیر کو بھی میسر آجائے۔
اور مسافر کے ساتھ
اور اُن زیر دستوں کے ساتھ جو تمہارے قبضے میں ہوں۔

(النساء ۳۶)

والدین سے سلوک کے آداب

۱۔ ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کیجیے۔ اور اس حُسنِ سلوک کی توفیق کو دونوں جہان کی سعادت سمجھیے۔ خدا کے بعد انسان پر سب سے زیادہ حق ماں باپ ہی کا ہے۔ ماں باپ کے حق کی اہمیت اور عظمت کا اندازہ اس سے کیجیے کہ قرآن پاک نے جگہ جگہ ماں باپ کے حق کو خدا کے حق کے ساتھ بیان کیا ہے اور خدا کی شکر گزاری کی تاکید کے ساتھ ساتھ ماں باپ کی شکر گزاری کی تاکید کی ہے۔

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا۔

(بنی اسرائیل)

"اور آپ کے رب نے فیصلہ فرما دیا ہے کہ تم خدا کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو۔"

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضؓ کہتے ہیں، "میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کون سا عمل خدا کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "وہ نماز جو وقت پر پڑھی جائے"۔ میں نے پھر پوچھا "اس کے بعد کون سا کام خدا کو سب سے زیادہ محبوب ہے"۔ فرمایا "ماں باپ کے ساتھ حُسنِ سلوک" میں نے پوچھا "اس کے بعد" فرمایا "خدا کی راہ میں جہاد کرنا"۔ (بخاری، مسلم)

حضرت عبداللہ رضہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا "میں آپ کے ہاتھ پر ہجرت اور جہاد کے لئے بیعت کرتا ہوں اور خدا سے اس کا اجر چاہتا ہوں نبی صلعم نے پوچھا "کیا تمہارے ماں باپ میں سے کوئی ایک زندہ ہے اس نے کہا جی ہاں بلکہ (خدا کا شکر ہے) دونوں زندہ ہیں" آپ نے فرمایا "تو کیا تم واقعی خدا سے اپنی ہجرت اور جہاد کا بدلہ چاہتے ہو"؟ اس نے کہا "جی ہاں (میں خدا سے اجر چاہتا ہوں") نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تو جاؤ اپنے ماں باپ کی خدمت میں رہ کر ان کے ساتھ نیک سلوک کرو" (مسلم)

حضرت ابوامامہ رضہ فرماتے ہیں ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا "یا رسول اللہ! ماں باپ کا اولاد پر کیا حق ہے"؟ ارشاد فرمایا "ماں باپ ہی تمہاری جنت ہیں اور ماں باپ ہی دوزخ" (ابن ماجہ)

یعنی ان کے ساتھ نیک سلوک کرکے تم جنت کے مستحق ہوگے اور ان کے حقوق کو پامال کرکے تم جہنم کا ایندھن بنو گے۔

۲۔ والدین کے شکر گزار رہیئے محسن کی شکر گزاری اور احسان مندی کا اولین تقاضا ہے اور یہ حقیقت ہے کہ ہمارے وجود کا محسوس سبب والدین ہیں۔ پھر والدین ہی کی پرورش اور نگرانی میں ہم پلتے بڑھتے اور شعور کو پہنچتے ہیں اور وہ جس غیر معمولی قربانی بے مثل جاں فشانی اور انتہائی شفقت سے ہماری سرپرستی فرماتے ہیں۔ اس کا تقاضا ہے کہ ہمارا سینہ ان کی عقیدت و احسان مندی اور عظمت و محبت سے سرشار ہو اور ہمارے دل کا ریشہ ریشہ ان کا شکر گزار ہو یہی وجہ ہے کہ خدا نے اپنی شکر گزاری کے ساتھ ساتھ ان کی شکر گزاری کی تاکید فرمائی ہے۔

اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ۔

"ہم نے وصیت کی) کہ میرا شکر ادا کرو اور اپنے ماں باپ کے شکر گزار رہو"

۳۔ ماں باپ کو ہمیشہ خوش رکھنے کی کوشش کیجیے اور ان کی مرضی اور مزاج کے خلاف کبھی کوئی ایسی بات نہ کیجیے جو ان کو ناگوار ہو، بالخصوص بڑھاپے میں جب مزاج کچھ چڑچڑا اور کھرا ہو جاتا ہے۔ اور والدین کچھ ایسے تقاضے، مطالبے کرنے لگتے ہیں جو توقع کے خلاف ہوتے ہیں۔ اس وقت بھی ہر بات کو خوشی خوشی برداشت کیجیے اور ان کی کسی بات سے اکتا کر جواب میں کوئی ایسی بات ہرگز نہ کیجیے جو ان کو ناگوار ہو، اور ان کے جذبات کو ٹھیس لگے۔

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَا اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا۔

"اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کی عمر کو پہنچ جائیں تو تم ان کو اُف تک نہ کہو، اور نہ انہیں جھڑکیاں دو"

دراصل بڑھاپے کی عمر میں بات کی برداشت نہیں رہتی اور کمزوری کے باعث اپنی اہمیت کا احساس بڑھ جاتا ہے، اس لئے ذرا ذرا سی بات بھی محسوس ہونے لگتی ہے، لہٰذا اس نزاکت کا لحاظ کرتے ہوئے اپنے کسی قول و عمل سے ماں باپ کو ناراض ہونے کا موقع نہ دیجیے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "خدا کی خوشنودی والد کی خوشنودی میں ہے اور خدا کی ناراضی والد کی ناراضی میں ہے"۔ (ترمذی، ابن حبان، حاکم)

یعنی اگر کوئی اپنے خدا کو خوش رکھنا چاہے تو وہ اپنے والد کو خوش رکھے، والد کو ناراض کر کے خدا کو خوش نہیں کیا جا سکتا۔ جو والد کو ناراض کرے گا وہ خدا کے غضب کو بھڑکائے گا۔

حضرت عبداللہؓ ہی کا بیان ہے کہ آدمی اپنے ماں باپ کو روتا ہوا چھوڑ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہجرت پر بیعت کرنے کے لئے حاضر ہوا۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جاؤ اپنے ماں باپ کے پاس واپس جاؤ اور ان کو اسی طرح خوش کر کے آؤ۔ جس طرح تم ان کو رُلا کر آئے ہو۔" (ابو داؤد)

۴۔ دل و جان سے ماں باپ کی خدمت کیجیے۔ اگر آپ کو خدا نے اس کا موقع دیا ہے تو در اصل یہ اس بات کی توفیق ہے کہ آپ خود کو جنت کا مستحق بنا سکیں۔ اور خدا کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔ ماں باپ کی خدمت سے ہی دونوں جہان کی بھلائی سعادت اور عظمت حاصل ہوتی ہے، اور آدمی دونوں جہان کی آفتوں سے محفوظ رہتا ہے۔

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جو آدمی یہ چاہتا ہو کہ اس کی عمر دراز کی جائے اور اس کی روزی میں کشادگی ہو، اس کو چاہیئے کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرے اور صلہ رحمی کرے (الترغیب والترہیب)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے،

"وہ آدمی ذلیل ہو، پھر ذلیل ہو، پھر ذلیل ہو، لوگوں نے پوچھا اے خدا کے رسول! کون آدمی؟ آپ نے فرمایا وہ آدمی جس نے اپنے ماں باپ کو بڑھاپے کی حالت میں پایا ——— دونوں کو پایا، یا کسی ایک کو ——— اور پھر ان کی خدمت کر کے، جنت میں داخل نہ ہوا۔" (مسلم)

ایک موقع پر تو آپ نے خدمت والدین کو جہاد جیسی عظیم عبادت پر بھی ترجیح دی۔ اور ایک صحابی کو جہاد میں جانے سے روک کر والدین کی خدمت کی تاکید فرمائی۔

حضرت عبداللہ ابن عمرو فرماتے ہیں ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جہاد میں شریک ہونے کی غرض سے حاضر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا تمہارے ماں باپ زندہ ہیں اس نے کہا، جی ہاں زندہ ہیں، ارشاد فرمایا۔ جاؤ اور ان کی خدمت کرتے رہو یہی جہاد ہے، (بخاری، مسلم)

۵۔ ماں باپ کا ادب و احترام کیجئے اور کوئی بھی ایسی بات یا حرکت نہ کیجئے جو ان کے احترام کے خلاف ہو، قرآن میں ہے۔

وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا۔ (بنی اسرائیل ۲۳)

"اور ان سے احترام کی بات کیجئے۔"

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا کیا آپ یہ چاہتے ہیں کہ جہنم سے دور رہیں اور جنت میں داخل ہوں؟ ابن عباسؓ نے کہا کیوں نہیں۔ خدا کی قسم یہی چاہتا ہوں، حضرت ابن عمرؓ نے پوچھا، آپ کے والدین زندہ ہیں؟ ابن عباسؓ نے کہا جی ہاں میری والدہ زندہ ہیں۔ ابن عمرؓ نے فرمایا۔ اگر تم ان کے ساتھ نرمی سے گفتگو کرو۔ ان کے کھانے پینے کا خیال رکھو تو ضرور جنت میں جاؤ گے۔ بشرطیکہ تم کبیرہ گناہوں سے بچتے رہو۔ (الادب المفرد)

حضرت ابوہریرہؓ نے ایک بار دو آدمیوں کو دیکھا۔ ایک سے پوچھا یہ دوسرے تمہارے کون ہیں؟ اس نے کہا یہ میرے والد ہیں۔ آپ نے فرمایا دیکھو نہ ان کا نام لینا۔ نہ کبھی ان سے آگے آگے چلنا اور نہ کبھی ان سے پہلے بیٹھنا۔ (الادب المفرد)

۶۔ والدین کے ساتھ، عاجزی اور انکساری سے پیش آیئے۔

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ۔

"اور عاجزی اور نرمی سے ان کے سامنے بچھے رہو۔"

عاجزی سے بچھے رہنے سے مراد یہ ہے کہ ہر وقت ان کے مرتبہ کا لحاظ رکھو۔ اور کبھی ان کے سامنے اپنی بڑائی نہ جتاؤ۔ اور نہ ان کی شان میں گستاخی کرو۔

۷۔ والدین سے محبت کیجئے اور اس کو اپنے لئے باعث سعادت و اجر آخرت سمجھیئے۔ حضرت ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ "جو نیک اولاد بھی ماں باپ پر محبت بھری ایک نظر ڈالتی ہے، اس کے بدلے خدا اس کو ایک حج مقبول کا ثواب بخشتا ہے لوگوں نے پوچھا اے خدا کے رسول! اگر کوئی ایک دن میں سو بار اسی طرح رحمت و محبت کی نظر ڈالے۔ آپ نے فرمایا جی ہاں اگر کوئی سو بار ایسا کرے تب بھی، خدا (تمہارے تصور سے) بہت بڑا اور (تنگ دلی جیسے عیبوں سے) بالکل پاک ہے۔" (مسلم)

۸۔ ماں باپ کی دل و جان سے اطاعت کیجئے۔ اگر وہ کچھ زیادتی بھی کر رہے ہوں تب بھی خوش دلی سے اطاعت کیجئے اور ان کے عظیم احسانات کو پیش نظر رکھ کر ان کے وہ مطالبے بھی خوشی خوشی پورے کیجئے جو آپ کے ذوق اور مزاج پر گراں ہوں بشرطیکہ وہ دین کے خلاف نہ ہوں۔

حضرت ابو سعیدؓ کا بیان ہے کہ یمن کا ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا "یمن میں تمہارا کوئی ہے"؟ اس نے کہا جی ہاں! میرے ماں باپ ہیں۔ آپ نے پوچھا "انہوں نے تمہیں اجازت

دے دی ہے، اس نے کہا نہیں (میں نے ان سے تو اجازت نہیں لی ہے) آپ نے فرمایا اچھا تو تم واپس جاؤ اور ماں باپ سے اجازت لو، اگر وہ اجازت دیدیں تب تو جہاد میں شرکت کرو ورنہ (ان کی خدمت میں رہ کر) ان کے ساتھ سلوک کرتے رہو، (ابوداؤد)۔

والدین کی اطاعت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے کیجئے کہ ایک شخص میلوں دُور سے آتا ہے اور چاہتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں دین کی سربلندی کے لیے جہاد میں شریک ہو لیکن نبیؐ اس کو لوٹا دیتے ہیں اور فرماتے ہیں جہاد میں شرکت بھی تم اسی صورت میں کر سکتے ہو جب تمہارے ماں باپ دونوں تمہیں اجازت دیں۔

حضرت ابن عباس رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس آدمی نے اس حال میں صبح کی کہ وہ ان ہدایات و احکام میں خدا کا اطاعت گزار رہا جو اس نے ماں باپ کے حق میں نازل فرمائے ہیں تو اس نے اس حال میں صبح کی کہ اس کے لیے جنت کے دو دروازے کھلے ہوئے ہیں اور اگر ماں باپ میں سے کوئی ایک ہو تو جنت کا ایک دروازہ کھلا ہوا ہے؟ اور جس شخص نے اس حال میں صبح کی۔ کہ وہ ماں باپ کے بارے میں خدا کے بھیجے ہوئے احکام و ہدایات سے منہ موڑے ہوئے ہے تو اس نے اس حال میں صبح کی۔ کہ اس کے لئے دوزخ کے دو دروازے کھلے ہوئے ہیں، اور اگر ماں باپ میں سے کوئی ایک ہے تو دوزخ کا ایک دروازہ کھلا ہوا ہے، اس آدمی نے پوچھا۔ اے خدا کے رسول! اگر ماں باپ اس کے ساتھ زیادتی کر رہے ہوں تب بھی، فرمایا ہاں اگر زیادتی کر رہے ہوں تب بھی اگر زیادتی کر رہے ہوں تب بھی۔ اگر زیادتی کر

رہے ہوں تب بھی۔ (مشکوٰۃ)

۹۔ ماں باپ کو اپنے مال کا مالک سمجھیے اور ان پر دل کھول کر خرچ کیجیے۔ قرآن میں ہے۔

یَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَیْرٍ فَلِلْوَالِدَیْنِ۔ (البقرہ)

"لوگ آپ سے پوچھتے ہیں ہم کیا خرچ کریں؟ جواب دیجیے کہ جو مال بھی تم خرچ کرو، اس کے اوّلین حقدار والدین ہیں۔"

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اور اپنے باپ کی شکایت کرنے لگا کہ وہ جب چاہتے ہیں میرا مال لے لیتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کے باپ کو بلوایا۔ لاٹھی ٹیکتا ہوا ایک بوڑھا کمزور شخص حاضر ہوا۔ آپؐ نے اس بوڑھے شخص سے تحقیق فرمائی۔ تو اس نے کہنا شروع کیا۔

"خدا کے رسولؐ! ایک زمانہ تھا جب یہ کمزور اور بے بس تھا اور مجھ میں طاقت تھی۔ میں مالدار تھا اور یہ خالی ہاتھ تھا، میں نے کبھی اس کو اپنی چیز لینے سے نہیں روکا۔ آج میں کمزور ہوں اور یہ تندرست وقوی ہے۔ میں خالی ہاتھ ہوں اور یہ مالدار ہے۔ اب یہ اپنا مال مجھ سے بچا بچا کر رکھتا ہے۔"

بوڑھے کی یہ باتیں سن کر رحمتِ عالمؐ رو پڑے۔ اور بوڑھے کے لڑکے کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا "تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے"

۱۰۔ ماں باپ اگر غیر مسلم ہوں تب بھی ان کے ساتھ سلوک کیجیے، ان کا ادب و احترام اور ان کی خدمت برابر کرتے رہیے۔ البتہ اگر وہ شرک و معصیت کا حکم دیں تو

ان کی اطاعت سے انکار کردیجیے اور ان کا کہا ہرگز نہ مانیے۔

وَاِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا۔

"اور اگر ماں باپ دباؤ ڈالیں کہ میرے ساتھ کسی کو شریک بناؤ جس کا تمہیں کوئی علم نہیں ہے تو ہرگز ان کا کہنا نہ مانو اور دنیا میں ان کے ساتھ نیک برتاؤ کرتے رہو۔"

حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں میرے پاس میری والدہ آئیں اور اس وقت وہ مشرکہ تھیں۔ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے پاس میری والدہ آئی ہیں اور وہ اسلام سے متنفر ہیں۔ کیا میں ان کے ساتھ سلوک کروں؟ آپ نے فرمایا ہاں تم اپنی ماں کے ساتھ صلہ رحمی کرتے رہو۔" (بخاری)

۱۱۔ ماں باپ کے لئے برابر دعا بھی کرتے رہیے۔ اور ان کے احسانات کو یاد کرکر کے خدا کے حضور گڑگڑایئے اور انتہائی دل سوزی اور قلبی جذبات کے ساتھ ان کے لیے رحم و کرم کی درخواست کیجیے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا۔

"اور دعا کرو کہ پروردگار! ان دونوں پر رحم فرما۔ جس طرح ان دونوں نے بچپن میں میری پرورش فرمائی تھی۔"

یعنی اے پروردگار بچپن کی بے بسی میں، جس رحمت و جانفشانی اور شفقت و محبت سے انہوں نے میری پرورش کی۔ اور میری خاطر اپنے عیش کو قربان کیا

پروردگار! اب یہ بڑھاپے کی کمزوری اور بے بسی میں مجھ سے زیادہ خود رحمت و شفقت کے محتاج ہیں، خدایا! میں ان کا کوئی بدلہ نہیں دے سکتا۔ تو ہی ان کی سرپرستی فرما، اور ان کے حالِ زار پر رحم کی نظر کر۔

۱۴۔ ماں کی خدمت کا خصوصی خیال رکھیئے۔ ماں طبعًا زیادہ کمزور اور حساس ہوتی ہے۔ اور آپ کی خدمت و سلوک کی نسبتًا زیادہ ضرورت مند بھی، پھر اس کے احسانات اور قربانیاں بھی باپ کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہیں اس لئے دین نے ماں کا حق زیادہ بتایا ہے اور ماں کے ساتھ سلوک کی خصوصی ترغیب دی ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا ۚ

(الاحقاف)

"اور ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرنے کی تاکید کی۔ اس کی ماں تکلیف اٹھا اٹھا کر اس کو پیٹ میں لئے لئے پھری، اور تکلیف ہی سے جنا۔ اور پیٹ میں اٹھانے اور دودھ پلانے کی یہ (تکلیف دِہ) مدت ڈھائی سال ہے۔

قرآن نے ماں باپ دونوں کے ساتھ سلوک کی تاکید کرتے ہوئے خصوصیت کے ساتھ ماں کے پیہم دکھ اٹھانے اور کٹھنائیاں جھیلنے کا نقشہ بڑے ہی اثرانگیز انداز میں کھینچا ہے۔ اور نہایت ہی خوبی کے ساتھ نفسیاتی انداز میں اس حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جاں نثار ماں، باپ کے مقابلے میں تمہاری خدمت و

سلوک کی زیادہ مستحق ہے۔ اور پھر اسی حقیقت کو خدا کے رسول نے بھی کھول کھول کر بیان فرمایا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ فرماتے ہیں ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور پوچھا۔ اے خدا کے رسول! میرے نیک سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا۔ تیری ماں، اس نے پوچھا پھر کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون ہے؟ ارشاد فرمایا تیری ماں۔ اس نے کہا پھر کون؟ تو آپؐ نے فرمایا تیرا باپ، (الادب المفرد)

حضرت جاہمہ رضؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا یا رسول اللہ! میرا ارادہ ہے کہ میں آپ کے ہمراہ جہاد میں شرکت کروں اور اسی لئے آیا ہوں کہ آپؐ سے اس معاملہ میں مشورہ لوں۔ (فرمایئے کیا حکم ہے؟) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا۔ تمہاری والدہ (زندہ) ہیں؟ جاہمہ رضؓ نے کہا، جی ہاں (زندہ ہیں)، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تو پھر جاؤ اور انہی کی خدمت میں لگے رہو کیونکہ جنت انہی کے قدموں میں ہے۔ (ابن ماجہ، نسائی)

حضرت اویس رحؒ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں موجود تھے مگر آپؐ کی ملاقات کا شرف حاصل نہ کر سکے۔ ان کی ایک بوڑھی ماں تھیں۔ دن رات انہی کی خدمت میں لگے رہتے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار کی بڑی آرزو تھی اور کون مومن ہوگا جو اس تمنا میں نہ تڑپتا ہو کہ اس کی آنکھیں دیدارِ رسول ﷺ سے روشن ہوں چنانچہ حضرت اویس رحؒ نے آنا بھی چاہا لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ———— فریضہ حج ادا کرنے کی بھی ان کے دل میں بڑی آرزو تھی لیکن جب تک ان کی والدہ زندہ

رہیں ان کی تنہائی کے خیال سے حج نہیں کیا۔ اور ان کی وفات کے بعد ہی یہ آرزو پوری ہو سکی۔

۱۳۔ رضاعی ماں کے ساتھ بھی اچھا سلوک کیجئے، اس کی خدمت کیجئے اور ادب واحترام سے پیش آیئے حضرت ابوطفیل رضؓ کہتے ہیں، میں نے جعرانہ کے مقام پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ گوشت تقسیم فرما رہے ہیں۔ اتنے میں ایک عورت آئیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بالکل ہی قریب پہنچ گئیں۔ آپؐ نے ان کے لئے اپنی چادر بچھا دی وہ اس پر بیٹھ گئیں۔ میں نے لوگوں سے پوچھا یہ کون صاحبہ ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ ماں ہیں جنہوں نے آپؐ کو دودھ پلایا تھا۔ (ابوداؤد)

۱۴۔ والدین کی وفات کے بعد بھی ان کا خیال رکھیئے اور ان کے ساتھ نیک سلوک کرنے کے لئے ذیل کی باتوں پر کاربند رہیئے۔

(۱) ماں باپ کے لیئے مغفرت کی دعائیں برابر کرتے رہیئے۔

قرآن پاک نے مومنوں کو یہ دعا سکھائی ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ۔

"پروردگار! میری مغفرت فرما اور میرے والدین کی۔ اور سب ایمان لانے والوں کو اس روز معاف فرما دے جب کہ حساب قائم ہو گا۔"

حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ مرنے کے بعد جب میت کے درجات بلند ہوتے ہیں تو وہ حیرت سے پوچھتا ہے یہ کیونکر ہوا۔ خدا کی جانب سے اس کو بتایا جاتا ہے کہ تمہاری اولاد تمہارے لئے مغفرت کی دعا کرتی ہے۔ اور خدا نے اس

کو قبول فرمالیا۔)

حضرت ابوہریرہ رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب کوئی آدمی مرجاتا ہے تو اس کے عمل کی مہلت ختم ہوجاتی ہے صرف تین چیزیں ایسی ہیں جو مرنے کے بعد بھی فائدہ پہنچاتی رہتی ہیں، ایک صدقہ جاریہ، دوسرے اس کا (پھیلایا ہوا دہ) علم جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں تیسرے وہ صالح اولاد جو اس کے لئے دعائے مغفرت کرتی رہے۔

(۲) والدین کے کئے ہوئے عہد و پیمان اور وصیت کو پورا کیجیے۔ ماں باپ نے اپنی زندگی میں بہت سے لوگوں سے کچھ وعدے کئے ہوں گے (اپنے خدا سے کچھ عہد کیا ہوگا۔ کوئی نذر مانی ہوگی۔ کسی کو کچھ مال دینے کا وعدہ کیا ہوگا۔ ان کے ذمہ کسی کا قرضہ رہ گیا ہوگا اور ادا کرنے کا موقع نہ پاسکے ہوں گے۔ مرتے وقت کچھ وصیتیں کی ہوں گی۔ آپ اپنے امکان بھر ان سارے کاموں کو پورا کیجیے۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ کا بیان ہے کہ حضرت سعد ابن عبادہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔ یارسول اللہ! میری والدہ نے نذر مانی تھی، لیکن وہ نذر پوری کرنے سے پہلے ہی وفات پاگئیں کیا میں ان کی طرف سے یہ نذر پوری کرسکتا ہوں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیوں نہیں تم ضرور ان کی طرف سے نذر پوری کردو"

(۳) باپ کے دوستوں اور ماں کی سہیلیوں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرتے رہیے۔ ان کا احترام کیجیے۔ ان کو اپنے مشوروں میں اپنے بزرگوں کی طرح شریک رکھیے ان کی رائے اور مشوروں کی تعظیم کیجیے۔ ایک موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نے ارشاد فرمایا "سب سے زیادہ نیک سلوک یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کے دوست احباب کے ساتھ بھلائی کرے۔"

ایک بار حضرت ابوالدرداءؓ بیمار ہوئے اور مرض بڑھتا ہی گیا۔ یہاں تک کہ بچنے کی کوئی امید نہ رہی، تو حضرت یوسف ابن عبداللہؓ دور دراز سے سفر کرکے ان کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ حضرت ابوالدرداء نے انہیں دیکھا تو تعجب سے پوچھا تم یہاں کہاں؟ یوسف ابن عبداللہ نے کہا میں یہاں محض اس لئے آیا ہوں کہ آپ کی عیادت کروں۔ کیونکہ والد بزرگوار سے آپ کے تعلقات بڑے گہرے تھے۔

حضرت ابوبردہؓ فرماتے ہیں کہ جب میں مدینے آیا تو میرے پاس عبداللہ ابن عمرؓ تشریف لائے اور کہنے لگے ابوبردہؓ! تم جانتے ہو میں تمہارے پاس کیوں آیا ہوں۔ میں نے کہا۔ میں تو نہیں جانتا کہ آپ کیوں تشریف لائے ہیں۔ اس پر حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے فرمایا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ جو شخص قبر میں اپنے باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنا چاہتا ہو اس کو چاہیئے کہ باپ کے مرنے کے بعد باپ کے دوست احباب کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور پھر فرمایا بھائی میرے باپ حضرت عمرؓ اور آپ کے والد میں گہری دوستی تھی۔ میں چاہتا ہوں کہ اس دوستی کو نباہوں اور اس کے حقوق ادا کروں۔

(ابن حبان)۔

(۴) ماں باپ کے رشتہ داروں کے ساتھ بھی برابر نیک سلوک کرتے رہیئے اور رحم کے ان رشتوں کا پوری طرح پاس و لحاظ رکھیئے ان رشتہ داروں سے

بے نیازی اور بے پروائی دراصل والدین سے بے نیازی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم اپنے آباؤ اجداد سے ہرگز بے پروائی نہ برتو، ماں باپ سے بے پروائی برتنا خدا کی ناشکری ہے۔

۱۵۔ اگر زندگی میں خدانخواستہ ماں باپ کے ساتھ سلوک کرنے اور ان کے حقوق ادا کرنے میں کوئی کوتاہی ہوگئی ہے تو پھر بھی خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہوں مرنے کے بعد ان کے حق میں برابر خدا سے دعائے مغفرت کرتے رہیئے توقع ہے کہ خدا آپ کی کوتاہی سے درگزر فرمائے اور آپ کا شمار اپنے صالح بندوں میں فرمادے۔

حضرت انس رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"اگر کوئی بندۂ خدا زندگی میں ماں باپ کا نافرمان رہا اور والدین میں سے کسی ایک کا یا دونوں کا اسی حال میں انتقال ہوگیا۔ تو اب اس کو چاہیئے کہ وہ اپنے والدین کے لئے برابر دعا کرتا رہے، اور خدا سے ان کی بخشش کی درخواست کرتا رہے، یہاں تک کہ خدا اس کو اپنی رحمت سے نیک لوگوں میں لکھ دے"

ازدواجی زندگی کے آداب

اسلام جس اعلیٰ تہذیب و تمدن کا داعی ہے وہ اسی وقت وجود میں آسکتا ہے، جب ہم ایک پاکیزہ معاشرہ تعمیر کرنے میں کامیاب ہوں اور پاکیزہ معاشرے کی تعمیر کے لئے ضروری ہے کہ آپ خاندانی نظام کو زیادہ سے زیادہ مضبوط اور کامیاب بنائیں ــــــــ خاندانی زندگی کا آغاز شوہر اور بیوی کے پاکیزہ ازدواجی تعلق سے ہوتا ہے اور اس تعلق کی خوشگواری اور استواری اسی وقت ممکن ہے جب شوہر اور بیوی دونوں ہی ازدواجی زندگی کے آداب و فرائض سے بخوبی واقف بھی ہوں، اور ان آداب و فرائض کو بجالانے کے لئے پوری دلسوزی، خلوص اور یکسوئی کے ساتھ سرگرم کار بھی، ذیل میں ہم پہلے ان آداب و فرائض کو بیان کرتے ہیں جن کا تعلق شوہر سے ہے اور پھر ان آداب و فرائض کو جن کا تعلق بیوی سے ہے۔

ا۔ بیوی کے ساتھ اچھے سلوک کی زندگی گزاریئے۔ اس کے حقوق کشادہ دلی کے ساتھ ادا کیجئے اور ہر معاملے میں احسان اور ایثار کی روش اختیار کیجئے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ۔

"اور ان کے ساتھ بھلے طریقے سے زندگی گزارو۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر ایک بڑے اجتماع

کو خطاب کرتے ہوئے ہدایت فرمائی۔

"لوگو! سنو! عورتوں کے ساتھ اچھے سلوک سے پیش آؤ، کیوں کہ وہ تمہارے پاس قیدیوں کی طرح ہیں، تمہیں ان کے ساتھ سختی کا برتاؤ کرنے کا کوئی حق نہیں. سوائے اس صورت کے جب ان کی طرف سے کھلی ہوئی نافرمانی سامنے آئے، اگر وہ ایسا کر بیٹھیں تو پھر خواب گاہوں میں ان سے علیحدہ رہو، اور انہیں مارو تو ایسا نہ مارنا کہ کوئی شدید چوٹ آئے۔ اور پھر جب وہ تمہارے کہنے پر چلنے لگیں تو ان کو خواہ مخواہ ستانے کے بہانے نہ ڈھونڈو۔ دیکھو سنو! تمہارے کچھ حقوق تمہاری بیویوں پر ہیں۔ اور تمہاری بیویوں کے کچھ حقوق تمہارے اوپر ہیں. ان پر تمہارا حق یہ ہے کہ وہ تمہارے بستروں کو ان لوگوں سے نہ روندوائیں جن کو تم ناپسند کرتے ہو اور تمہارے گھروں میں ایسے لوگوں کو ہرگز نہ گھسنے دیں جن کا آنا تمہیں ناگوار ہو اور سنو ان کا تم پر یہ حق ہے کہ تم انہیں اچھا کھلاؤ اور اچھا پہناؤ" (ریاض الصالحین)

یعنی ان کے کھلانے پلانے کا ایسا انتظام کیجیے جو زوجین کی بے مثال قربت، قلبی تعلق اور جذبۂ رفاقت کے شایانِ شان ہو۔

۲۔ جہاں تک ہو سکے بیوی سے خوش گمان رہیے۔ اور اس کے ساتھ نباہ کرنے میں، تحمل، بردباری اور عالی ظرفی کی روش اختیار کیجیے۔ اگر اس میں شکل صورت یا عادت و اخلاق یا سلیقہ اور ہنر کے اعتبار سے کوئی کمزوری بھی ہو تو صبر کے ساتھ اس کو انگیز کیجیے۔ اور اس کی خوبیوں پر نگاہ رکھتے ہوئے فیاضی، درگزر، ایثار اور مصالحت سے کام لیجیے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَالصُّلْحُ خَيْرٌ۔

"اور مصالحت۔ بہرحال بہتر ہے۔"

اور مومنین کو ہدایت کی گئی ہے۔

فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا۔ (النساء ۱۹)

"پھر اگر وہ تمہیں (کسی وجہ سے) ناپسند ہوں تو ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں پسند نہ ہو، مگر خدا نے اس میں (تمہارے لئے) بہت کچھ بھلائی رکھ دی ہو۔"

اسی مفہوم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں یوں واضح فرمایا ہے:

"کوئی مومن اپنی مومنہ بیوی سے نفرت نہ کرے اگر بیوی کی کوئی عادت اس کو ناپسند ہے تو ہو سکتا ہے کہ دوسری خصلت اس کو پسند آ جائے۔"

حقیقت یہ ہے کہ ہر خاتون میں کسی نہ کسی پہلو سے کوئی کمزوری ضرور ہو گی اور اگر شوہر کسی عیب کو دیکھتے ہی اس کی طرف سے نگاہیں پھیر لے اور دل بُرا کر لے تو پھر کسی خاندان میں گھریلو خوشگواری پل ہی نہ سکے گی۔ حکمت کی روش یہی ہے کہ آدمی درگزر سے کام لے اور خدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے عورت کے ساتھ خوشدلی سے نباہ کرنے کی کوشش کرے۔ ہو سکتا ہے کہ خدا اس عورت کے واسطے سے مرد کو کچھ ایسی بھلائیوں سے نوازے جن تک مرد کی کوتاہ نظر نہ پہنچ رہی ہو۔ مثلاً عورت میں دین و ایمان اور سیرت و اخلاق کی کچھ ایسی ممتاز خوبیاں ہوں، جن کے باعث وہ پورے خاندان کیلئے رحمت ثابت ہو، یا اس کی ذات سے کوئی ایسی روح سعید وجود میں آئے جو ایک عالم کو فائدہ پہنچائے اور رہتی زندگی تک کے لئے باپ کے حق میں صدقہ جاریہ بنے۔ یا عورت مرد کی اصلاح

حال کا ذریعہ بنے اور اس کو جنت سے قریب کرنے میں مددگار ثابت ہو یا پھر اس کی قسمت سے دنیا میں خدا اس مرد کو کشادہ روزی اور خوشحالی سے نوازے۔ بہرحال عورت کے کسی ظاہری عیب کو دیکھ کر بے صبری کے ساتھ ازدواجی تعلق کو برباد نہ کیجئے بلکہ حکیمانہ طرزِ عمل سے دھیرے دھیرے گھر کی فضا کو زیادہ سے زیادہ خوشگوار بنانے کی کوشش کیجئے۔

۳۔ عفو و کرم کی روش اختیار کیجئے۔ اور بیوی کی کوتاہیوں، نادانیوں اور سرکشیوں سے چشم پوشی کیجئے۔ عورت عقل و خرد کے اعتبار سے کمزور اور نہایت ہی جذباتی ہوتی ہے، اس لئے صبر و سکون رحمت و شفقت اور دلسوزی کے ساتھ اس کو سدھارنے کی کوشش کیجئے اور صبر و ضبط سے کام لیتے ہوئے اس کے ساتھ نباہ کیجئے۔

خدا کا ارشاد ہے۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ وَإِنْ تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ۔ (التغابن ۱۴)

"مومنو! تمہاری بعض بیویاں اور بعض اولاد تمہارے دشمن ہیں۔ سو ان سے بچتے رہو، اور اگر تم عفو و کرم، درگزر اور چشم پوشی سے کام لو تو یقین رکھو کہ خدا بہت ہی زیادہ رحم کرنے والا ہے"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور پسلیوں میں سب سے زیادہ اوپر کا حصہ ٹیڑھا ہے، اس کو سیدھا کرو گے تو ٹوٹ جائے گی۔

اور اگر اس کو چھوڑے رہو تو ٹیڑھی ہی رہے گی۔ پس عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔" (بخاری، مسلم)

۱۰۔ بیوی کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کیجیے اور پیار و محبت سے پیش آئیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"کامل ایمان والے مومن وہ ہیں جو اپنے اخلاق میں سب سے اچھے ہوں اور تم میں سب سے اچھے لوگ وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں سب سے اچھے ہوں۔" (ترمذی)

اپنی خوش اخلاقی اور نرم مزاجی کو جانچنے کا اصل میدان گھریلو زندگی ہے گھر والوں ہی سے ہر وقت کا واسطہ رہتا ہے، اور گھر کی بے تکلف زندگی میں ہی مزاج اور اخلاق کا ہر رُخ سامنے آتا ہے۔ اور یہ حقیقت ہے کہ وہی مومن اپنے ایمان میں کامل ہے جو گھر والوں کے ساتھ خوش اخلاقی، خندہ پیشانی اور مہربانی کا برتاؤ رکھے۔ گھر والوں کی دلجوئی کرے اور پیار و محبت سے پیش آئے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی، اور میری سہیلیاں بھی میرے ساتھ کھیلتیں، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے تو سب اِدھر اُدھر چھپ جاتیں، آپؐ ڈھونڈ ڈھونڈ کر ایک ایک کو میرے پاس بھیجتے تاکہ میرے ساتھ کھیلیں۔ (بخاری، مسلم)

ایک بار حج کے موقع پر حضرت صفیہ کا اونٹ بیٹھ گیا اور وہ سب سے پیچھے رہ گئیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ وہ زار و قطار رو رہی ہیں۔ آپؐ رک گئے اور اپنے دست مبارک سے چادر کا پلو لے کر ان کے آنسو پونچھے آپؐ آنسو

پونچھتے جاتے تھے اور وہ بے اختیار روتی جاتی تھیں ۔

۵- پوری فراخدلی کے ساتھ رفیقۂ حیات کی ضروریات فراہم کیجئے اور خرچ میں کبھی تنگی نہ کیجئے ۔ اپنی محنت کی کمائی گھر والوں پر صرف کر کے سکون و مسرت محسوس کیجئے ۔ کھانا کپڑا بیوی کا حق ہے اور اس حق کو خوش دلی اور کشادگی کے ساتھ ادا کرنے کے لئے دوڑ دھوپ کرنا شوہر کا انتہائی خوشگوار فریضہ ہے، اس فریضے کو کھلے دل سے انجام دینے سے نہ صرف دنیا میں خوشگوار ازدواجی زندگی کی نعمت ملتی ہے بلکہ مومن آخرت میں بھی اجر و انعام کا مستحق بنتا ہے ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ۔

"ایک دینار تو وہ ہے جو تم نے خدا کی راہ میں خرچ کیا، ایک دینار وہ ہے جو تم نے کسی غلام کو آزاد کرانے میں صرف کیا ۔ ایک دینار وہ ہے جو تم نے کسی فقیر کو صدقہ میں دیا ۔ اور ایک دینار وہ ہے جو تم نے اپنے گھر والوں پر صرف کیا ان میں سب سے زیادہ اجر و ثواب اس دینار کے خرچ کرنے کا ہے جو تم نے اپنے گھر والوں پر صرف کیا ہے ۔" (مسلم)

۶- بیوی کو دینی احکام اور تہذیب سکھائیے ۔ دین کی تعلیم دیجئے ۔ اسلامی اخلاق سے آراستہ کیجئے اور اس کی تربیت اور سدھار کے لئے ہر ممکن کوشش کیجئے تاکہ وہ ایک اچھی بیوی، اچھی ماں اور خدا کی نیک بندی بن سکے اور اپنے منصبی فرائض کو بحسن و خوبی ادا کر سکے ۔ خدا کا ارشاد ہے ۔

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا ۔

"ایمان والو! اپنے آپ کو اپنے گھر والوں کو جہنم کی آگ سے بچاؤ ۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح باہر تبلیغ و تعلیم میں مصروف رہتے تھے ۔ اسی طرح گھر میں بھی اس فریضے کو ادا کرتے رہتے ۔ اسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے قرآن نے نبی ؐ کی بیویوں کو خطاب کیا ہے ۔

"اور تمہارے گھروں میں جو خدا کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور حکمت کی باتیں سنائی جاتی ہیں ان کو یاد رکھو ۔

قرآن میں نبی ؐ کے واسطے سے مومنوں کو ہدایت کی گئی ہے ۔

وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۔

" اور اپنے گھر والوں کو نماز کی تاکید کیجیے اور خود بھی اس کے پورے پابند رہیے "

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے ۔

"جب کوئی مرد رات میں اپنی بیوی کو جگاتا ہے اور وہ دونوں مل کر دو رکعت نماز پڑھتے ہیں تو شوہر کا نام ذکر کرنے والوں میں اور بیوی کا نام ذکر کرنے والیوں میں لکھ لیا جاتا ہے ۔ (ابوداؤد)

خلیفہ ثانی حضرت عمرؓ شب میں خدا کے حضور کھڑے عبادت کرتے رہتے ۔ پھر جب سحر کا وقت آتا تو اپنی رفیقہ حیات کو جگاتے اور کہتے اٹھو اٹھو نماز پڑھو ، اور پھر یہ آیت بھی پڑھتے ۔

وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۔

۷ ۔ اگر کئی بیویاں ہوں تو سب کے ساتھ برابری کا سلوک کیجیے ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیویوں کے ساتھ برتاؤ میں برابری کا بڑا اہتمام فرماتے ۔ سفر پر جاتے تو

قرعہ ڈالتے اور قرعہ میں جس بیوی کا نام آتا اسی کو ساتھ لے جاتے۔

حضرت ابو ہریرہ رضہ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں، اور اس نے ان کے ساتھ انصاف اور برابری کا سلوک نہ کیا تو قیامت کے روز وہ شخص اس حال میں آئے گا۔ کہ اس کا آدھا دھڑ گر گیا ہو گا" (ترمذی)

انصاف اور برابری سے مراد، معاملات اور برتاؤ میں مساوات برتنا ہے۔ رہی یہ بات کہ کسی ایک بیوی کی طرف دل کا جھکاؤ اور محبت کے جذبات زیادہ ہوں تو یہ انسان کے بس میں نہیں ہے اور اس پہ خدا کے یہاں کوئی گرفت نہ ہو گی۔

۸۔ نہایت خوش دلی کے ساتھ اپنے شوہر کی اطاعت کیجئے اور اس اطاعت میں مسرت اور سکون محسوس کیجیئے اس لئے کہ یہ خدا کا حکم ہے اور جو بندی خدا کے حکم کی تعمیل کرتی ہے وہ اپنے خدا کو خوش کرتی ہے۔ قرآن میں ہے۔

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ۔

"نیک بیویاں (شوہر کی) اطاعت کرنے والی ہوتی ہیں"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"کوئی عورت شوہر کی اجازت کے بغیر روزہ نہ رکھے" (ابوداؤد)

شوہر کی اطاعت اور فرمانبرداری کی اہمیت واضح کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو تنبیہہ کی ہے۔

"دو قسم کے آدمی وہ ہیں جن کی نمازیں ان کے سروں سے اونچی نہیں اٹھتیں ——— اس غلام کی نماز جو اپنے آقا سے فرار ہو جائے جب تک وہ لوٹ نہ آئے۔ اور اس عورت کی نماز جو شوہر کی نافرمانی کرے جب تک کہ شوہر کی نافرمانی سے باز نہ آجائے۔ (الترغیب والترہیب)

۹۔ اپنی آبرو اور عصمت کی حفاظت کا اہتمام کیجیے اور ان تمام باتوں اور کاموں سے بھی دور رہیے جن سے دامن عصمت پر دھبہ لگنے کا اندیشہ بھی ہو، خدا کی ہدایت کا تقاضا بھی یہی ہے اور ازدواجی زندگی کو خوش گوار بنائے رکھنے کے لیے بھی یہ انتہائی ضروری ہے۔ اس لیے کہ اگر شوہر کے دل میں اس طرح کا کوئی شبہ پیدا ہو جائے تو پھر عورت کی کوئی خدمت و اطاعت اور کوئی بھلائی شوہر کو اپنی طرف مائل نہیں کر سکتی۔ اور اس معاملہ میں معمولی سی کوتاہی سے بھی شوہر کے دل میں شیطان شبہ ڈالنے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا انسانی کمزوری کو نگاہ میں رکھتے ہوئے انتہائی احتیاط کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"عورت جب پانچوں وقت کی نماز پڑھے۔ اپنی آبرو کی حفاظت کرے اپنے شوہر کی فرمانبردار رہے تو وہ جنت میں جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔ (الترغیب والترہیب)

۱۰۔ شوہر کی اجازت اور مرضی لیے بغیر گھر سے باہر نہ جائیے۔ اور نہ ایسے گھروں میں جائیے جہاں شوہر آپ کا جانا پسند نہ کرے اور نہ ایسے لوگوں کو اپنے گھر میں آنے کی اجازت دیجیے جن کا آنا شوہر کو ناگوار ہو۔

حضرت معاذ ابن جبل رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"خدا پر ایمان رکھنے والی عورت کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کے گھر میں کسی ایسے شخص کو آنے کی اجازت دے جس کا آنا شوہر کو ناگوار ہو، اور وہ گھر سے ایسی صورت میں نکلے جب کہ اس کا نکلنا شوہر کو ناگوار ہو اور عورت شوہر کے معاملے میں کسی دوسرے کا کہنا نہ مانے"۔ (الترغیب والترہیب)

یعنی شوہر کے معاملے میں شوہر کی مرضی اور اشارہ چشم و ابرو ہی پر عمل کیجیے۔ اور اس کے خلاف ہرگز دوسروں کے مشورے کو نہ اپنائیے۔

۱۱۔ ہمیشہ اپنے قول و عمل اور انداز و اطوار سے شوہر کو خوش رکھنے کی کوشش کیجیے۔ کامیاب ازدواجی زندگی کا راز بھی یہی ہے اور خدا کی رضا اور جنت کے حصول کا راستہ بھی یہی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جس عورت نے بھی اس حالت میں انتقال کیا کہ اس کا شوہر اس سے راضی اور خوش تھا۔ تو وہ جنت میں داخل ہو گی"۔ (ترمذی) اور نبی ؐ نے یہ بھی فرمایا۔

"جب کوئی آدمی اپنی بیوی کو جنسی ضرورت کے لئے بلائے اور وہ نہ آئے اور اس بنا پر شوہر رات بھر اس سے خفا رہے تو ایسی عورت پر صبح تک فرشتے لعنت کرتے رہتے ہیں۔ (بخاری، مسلم)

۱۲۔ اپنے شوہر سے محبت کیجیے اور اس کی رفاقت کی قدر کیجیے ۔ یہ زندگی کی زینت، زندگی کا سہارا اور راہِ حیات کا عظیم معین و مددگار ہے ۔ خدا کی اس عظیم نعمت پر خدا کا بھی شکر ادا کیجیے اور اس نعمت کی بھی دل و جان سے قدر کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا۔

"نکاح سے بہتر کوئی چیز دو محبت کرنے والوں کے لئے نہیں پائی گئی"

حضرت صفیہ رضؓ کو نبی ﷺ سے انتہائی محبت تھی۔ چنانچہ جب آپ بیمار ہوئے تو انتہائی حسرت کے ساتھ بولیں "کاش آپؐ کے بجائے میں بیمار ہوتی" نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری بیویوں نے اس اظہار محبت پر تعجب سے اُن کی طرف دیکھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"یہ دکھاوا نہیں ہے بلکہ سچ کہہ رہی ہیں"

۱۴۔ شوہر کا احسان مانیئے اس کی شکر گزار رہیئے۔ آپ کا سب سے بڑا محسن آپ کا شوہر ہی تو ہے جو ہر طرح آپ کے خوش کرنے میں لگا رہتا ہے، آپ کی ہر ضرورت کو پورا کرتا ہے اور آپ کو ہر طرح کا آرام پہنچا کر آرام محسوس کرتا ہے۔

حضرت اسماء رضؓ کہتی ہیں کہ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے میں اپنی پڑوسن سہیلیوں کے ساتھ تھی آپؐ نے ہمیں سلام کیا۔ اور ارشاد فرمایا "تم پر جن کا احسان ہے ان کی ناشکری سے بچو۔ تم میں کی ایک اپنے ماں باپ کے یہاں دنوں تک بن بیاہی بیٹھی رہتی ہے پھر خدا اس کو شوہر عطا فرماتا ہے۔ پھر خدا اس کو اولاد سے نوازتا ہے، (ان تمام احسانات کے باوجود) اگر کبھی کسی بات پر شوہر سے خفا ہوتی ہے تو کہہ اٹھتی ہے۔ میں نے تو کبھی تمہاری طرف سے کوئی بھلائی دیکھی ہی نہیں" (الادب المفرد)

ناشکر گزار اور احسان فراموش بیوی کو تنبیہ کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"خدا قیامت کے روز اس عورت کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھے گا۔ جو شوہر کی ناشکر گزار ہوگی۔ حالانکہ عورت کسی وقت بھی شوہر سے بے نیاز نہیں ہو سکتی" (نسائی)۔

۱۴۔ شوہر کی خدمت کر کے خوشی محسوس کیجیے اور جہاں تک ہو سکے خود تکلیف اٹھا کر شوہر کو آرام پہنچایئے اور ہر طرح اس کی خدمت کر کے اس کا دل اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کیجیے حضرت عائشہؓ اپنے ہاتھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے دھوتیں۔ سر میں تیل لگاتیں، کنگھا کرتیں۔ خوشبو لگاتیں اور یہی حال دوسری صحابیہ خواتین کا بھی تھا۔

ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"کسی انسان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی دوسرے انسان کو سجدہ کرے۔ اگر اس کی اجازت ہوتی تو بیوی کو حکم دیا جاتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔ شوہر کا اپنی بیوی پر عظیم حق ہے۔ اتنا عظیم حق کہ اگر شوہر کا سارا جسم زخمی ہو اور بیوی شوہر کے زخمی جسم کو زبان سے چاٹے تب بھی شوہر کا حق ادا نہیں ہو سکتا۔ (مسند احمد)

۱۵۔ شوہر کے گھر بار اور مال و اسباب کی حفاظت کیجیے، شادی کے بعد شوہر کے گھر ہی کو اپنا گھر سمجھیے اور شوہر کے مال کو شوہر کے گھر کی رونق بڑھانے شوہر کی عزت بنانے اور اس کے بچوں کا مستقبل سنوارنے میں حکمت اور کفایت و سلیقے سے خرچ کیجیے، شوہر کی ترقی اور خوشحالی کو اپنی ترقی اور خوشحالی سمجھیے قریش کی عورتوں کی تعریف کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"قریش کی عورتیں کیا ہی خوب عورتیں ہیں۔ بچوں پر نہایت مہربان ہیں اور شوہر

کے گھر بار کی انتہائی حفاظت کرنے والی ہیں۔" (بخاری)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نیک بیوی کی خوبیاں بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

"مومن کے لئے خوفِ خدا کے بعد سب سے زیادہ مفید اور باعث خیر نعمت نیک بیوی ہے، کہ جب وہ اس سے کسی کام کو کہے تو وہ خوش دلی سے انجام دے اور جب وہ اس پر نگاہ ڈالے تو وہ اس کو خوش کر دے، اور جب وہ اس کے بھروسے پر قسم کھا بیٹھے تو وہ اس کی قسم پوری کر دے، اور جب وہ کہیں چلا جائے تو وہ اس کے پیچھے اپنی عزت و آبرو کی حفاظت کرے اور شوہر کے مال و اسباب کی نگرانی میں شوہر کی خیر خواہ اور وفادار رہے۔ (ابن ماجہ)

۱۶۔ صفائی، سلیقہ اور آرائش و زیبائش کا بھی پورا پورا اہتمام کیجیے۔ گھر کو بھی صاف ستھرا رکھیے اور ہر چیز کو سلیقے سے سجائیے اور سلیقے سے استعمال کیجیے۔ صاف ستھرا گھر، قرینے سے سجے ہوئے صاف ستھرے کمرے، گھریلو کاموں میں سلیقہ اور سگھڑپن، بناؤ سنگار کی ہوئی بیوی کی پاکیزہ مسکراہٹ سے نہ صرف گھریلو زندگی، پیار و محبت اور خیر و برکت سے مالا مال ہوتی ہے بلکہ ایک بیوی کے لئے اپنی عاقبت بنانے اور خدا کو خوش کرنے کا بھی یہی ذریعہ ہے۔

ایک بار بیگم عثمان ابن مظعون رضؓ سے حضرت عائشہ رضؓ کی ملاقات ہوئی تو آپ نے دیکھا کہ بیگم عثمان نہایت سادہ کپڑوں میں ہیں اور کوئی بناؤ سنگار بھی نہیں کیا ہے تو حضرت عائشہ رضؓ کو بہت تعجب ہوا۔ اور ان سے پوچھا۔

"بی بی! کیا عثمان کہیں باہر سفر پہ گئے ہوئے ہیں"؟

اس تعجب سے اندازہ کیجیے کہ سہاگنوں کا اپنے شوہروں کے لئے بناؤ سنگار

کرنا کیسا ناپسندیدہ فعل ہے!

ایک بار ایک صحابیہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں وہ اپنے ہاتھوں میں سونے کے کنگن پہنے ہوئے تھیں، آپؐ نے ان کو پہننے سے منع فرمایا تو کہنے لگیں۔

یا رسول اللہ! اگر عورت شوہر کے لئے بناؤ سنگار نہ کرے گی تو اس کی نظروں سے گر جائے گی۔ (نسائی)

اولاد کی پرورش کے آداب

۱۔ اولاد کو خدا کا انعام سمجھئے، ان کی پیدائش پر خوشی منائیے۔ ایک دوسرے کو مبارکباد دیجئے۔ خیر و برکت کی دعاؤں کے ساتھ استقبال کیجئے اور خدا کا شکر ادا کیجئے کہ اس نے آپ کو اپنے ایک بندے کی پرورش کی توفیق بخشی۔ اور یہ موقع فراہم فرمایا کہ آپ اپنے پیچھے اپنے دین و دنیا کا جانشین چھوڑ جائیں۔

۲۔ اولاد نہ ہو تو خدا سے صالح اولاد کے لئے دعا کیجئے جس طرح خدا کے برگزیدہ پیغمبر حضرت زکریا علیہ السلام نے صالح اولاد کے لئے دعا فرمائی۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ۔ (آل عمران: ۳۸)

"میرے رب! تو اپنے پاس سے مجھے پاکباز اولاد عطا فرما۔ بے شک تو دعا کا سننے والا ہے۔"

۳۔ اولاد کی پیدائش پر کبھی دل تنگ نہ ہوں، معاشی تنگی یا صحت کی خرابی یا کسی اور وجہ سے اولاد کی پیدائش پر کڑھنے یا اس کو اپنے حق میں ایک مصیبت سمجھنے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجئے۔

۴۔ اولاد کو کبھی ضائع نہ کیجئے۔ پیدا ہونے سے پہلے یا پیدا ہونے کے بعد اولاد کو ضائع کرنا۔ بدترین سنگدلی، بھیانک۔ ظلم انتہائی بزدلی اور دونوں جہان

کی تباہی ہے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ

(الانعام)

"وہ لوگ انتہائی گھاٹے میں ہیں جنہوں نے اپنی اولاد کو ناسمجھی میں اپنی حماقت سے موت کے گھاٹ اتار دیا۔

اور خدا نے انسانی کوتاہ نظری کا دلنشین جواب دیتے ہوئے صاف صاف ممانعت فرمائی ہے کہ اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ۔ (بنی اسرائیل)

"اور اپنی اولاد کو فقر و فاقے کے خوف سے قتل نہ کرو۔ ہم ان کو بھی رزق دیں گے اور ہم ہی تمہیں بھی رزق دے رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اولاد کا قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔

"ایک بار ایک صحابی نے دریافت کیا یا رسول اللہ سب سے بڑا گناہ کیا ہے؟ فرمایا۔ شرک، پوچھا اس کے بعد فرمایا، والدین کی نافرمانی پھر پوچھا اس کے بعد فرمایا تم اپنی اولاد کو اس ڈر سے مار ڈالو کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے گی۔"

۵۔ ولادت کے وقت ولادت والی عورت کے پاس آیۃ الکرسی اور سورۃ الاعراف کی نیچے لکھی ہوئی دو آیتوں کی تلاوت کیجیے اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ پڑھ کر دم کیجیے۔

آیۃ الکرسی: اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْـحَيُّ الْقَيُّوْمُ ڬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا

نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَھُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔ (البقرہ ۲۵۵)

"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ زندۂ جاوید، نظام کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے۔ نہ وہ سوتا ہے اور نہ اُسے اُونگھ آتی ہے۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے، کون ہے جو اس کی جناب میں اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرسکے جو کچھ بندوں کے سامنے ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ ان سے اوجھل ہے اس سے بھی وہ واقف ہے۔ اور انسان اس کے علم میں سے کسی بات کا بھی احاطہ نہیں کرسکتا سوائے اس کے کہ جتنا علم وہ خود انسان کو دینا چاہے، اس کی حکومت آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے اور ان کی حفاظت ونگہبانی اس کے لئے کوئی تھکا دینے والا کام نہیں۔ وہ بڑا ہی بلند مرتبہ اور صاحبِ عظمت ہے"

سورۂ اعراف کی دو آیتیں یہ ہیں۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَي الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ

اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً ۚ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۝ (الاعراف ۵۴، ۵۵)

"حقیقت یہ ہے کہ خدا ہی تمہارا پروردگار ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر اپنے تختِ حکومت پر جلوہ گر ہوا۔ وہی رات کو دن پر ڈھانپ دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے اُسی نے سورج، چاند اور تارے پیدا کئے ہیں جو اس کے حکم سے کام میں لگے ہوئے ہیں۔ سُن رکھو! اسی کا کام ہے پیدا کرنا اور اسی کا حق ہے حکم دینا۔ پس کیا ہی برکت والا ہے خدا سارے جہانوں کا مالک اور پروردگار۔ اپنے رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے اور چپکے چپکے، بے شک وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

۶۔ ولادت کے بعد نہلا دُھلا کر دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہیئے۔ جب حضرت حسین رضؓ کی ولادت ہوئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کان میں اذان و اقامت فرمائی۔ (طبرانی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ جس کے یہاں بچے کی ولادت ہو اور وہ اس بچے کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے تو بچہ اُمّ الصبیان[1] کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ (ابو یعلیٰ، ابن سنی)

---

[1] مرگی جو بچوں کو فاسد ہوا لگنے سے ہو جاتی ہے اور بچے اس مرض میں بے ہوش ہو جاتے ہیں۔

پیدا ہوتے ہی بچے کے کان میں خدا اور رسول کا نام پہنچانے میں بڑی حکمت ہے۔ علامہ ابن قیم اپنی کتاب "تحفۃ الودود" میں فرماتے ہیں۔

"اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کے کان میں سب سے پہلے اللہ تعالےٰ کی عظمت اور کبریائی کی آواز پہنچے۔ اور جس شہادت کو وہ شعوری طور پر ادا کرنے کے بعد داخلِ اسلام ہوگا اس کی تلقین پیدائش کے دن ہی سے کی جاتے جس طرح مرنے کے وقت اس کو کلمۂ توحید کی تلقین کی جاتی ہے، اذان اور اقامت کا دوسرا فائدہ یہ بھی ہے کہ شیطان جو گھات میں بیٹھا ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ پیدا ہوتے ہی انسان کو آزمائش میں مبتلا کرے اذان سنتے ہی بھاگ جاتا ہے اور شیطان کی دعوت سے پہلے بچے کو اسلام اور عبادتِ الٰہی کی دعوت دے دی جاتی ہے۔

۷۔ اذان و اقامت کے بعد کسی نیک مرد یا عورت سے کھجور چبوا کر بچے کے تالو میں لگوائیے اور بچے کے لئے خیر و برکت کی دعا کرائیے حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں کہ عبداللہ ابن زبیرؓ جب پیدا ہوئے تو میں نے ان کو نبیؐ کی گود میں دیا۔ آپؐ نے خرما منگوایا اور چبا کر لعاب مبارک عبداللہ بن زبیرؓ کے منہ میں لگا دیا اور خرما اُن کے تالو میں ملا اور خیر و برکت کی دعا فرمائی۔

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں بچے لائے جاتے تھے۔ آپؐ تحنیک[1] فرماتے اور ان کے حق میں خیر و برکت کی دعا کرتے۔ (مسلم)

---

[1] کھجور وغیرہ کو چبا کر خوب نرم کر کے بچہ کے تالو میں لگانے کو تحنیک کہتے ہیں۔

حضرت امام احمد ابن حنبلؒ کے یہاں بچے کی ولادت ہوئی تو آپؒ نے اس کی تحنیک کے لئے مکے کی کھجور منگوائی جو آپؒ کے گھر میں موجود تھی اور ایک نیک بی بی اُمّ علیؒ سے تحنیک کے لئے درخواست کی۔

۸۔ بچے کے لئے اچھا سا نام تجویز کیجئے جو یا تو پیغمبروں کے نام پر ہو یا خدا کے نام سے پہلے عبد لگا کر ترکیب دیا گیا ہو جیسے عبد اللہ، عبد الرحمٰن وغیرہ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے قیامت کے روز تمہیں اپنے ناموں سے پکارا جائے گا اس لئے بہتر نام رکھا کرو۔ (ابوداؤد)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی ارشاد ہے کہ خدا کو تمہارے ناموں میں سے عبد اللہ اور عبد الرحمٰن سب سے زیادہ پسند ہیں۔ اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ انبیاء کے ناموں پر نام رکھو۔

اور بخاری میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا۔ میرے نام پر نام رکھو میری کنیت پر مت رکھو۔

۹۔ اگر کبھی لاعلمی میں غلط نام رکھ دیا ہو تو اس کو بدل کر اچھا نام رکھ دیجئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم غلط نام کو بدل دیا کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ کی ایک صاحبزادی کا نام عاصیہ تھا۔ آپؐ نے بدل کر جمیلہ رکھ دیا۔ (مسلم)

حضرت زینب، ابوسلمہؓ کی بیٹی ہیں ان کا نام برہ تھا۔ برہ کے معنی ہیں پاکباز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنا تو فرمایا خود ہی اپنی پاکبازی کا دم بھرتی ہو۔ لوگوں نے کہا پھر کیا نام رکھیں۔ آپؐ نے فرمایا زینب نام رکھو۔ (ابوداؤد)

۱۰۔ ساتویں دن عقیقہ کیجئے۔ لڑکے کی طرف سے دو بکرے اور لڑکی کی طرف

سے ایک بکرا کیجئے لیکن لڑکے کی طرف سے دو بکرے کرنا ضروری نہیں ہے ایک بکرا بھی کر سکتے ہیں۔ اور بچے کے بال منڈوا کر اس کے برابر سونا چاندی خیرات کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

ساتویں روز بچے کا نام تجویز کیا جائے اور اس کے بال وغیرہ اتروا کر اس کی طرف سے عقیقہ[1] کیا جائے۔ (ترمذی)

۱۱۔ ساتویں دن ختنہ بھی کرا دیجئے۔ لیکن کسی وجہ سے نہ کرائیں تو سات سال کی عمر کے اندر اندر ضرور کرا دیں۔ ختنہ اسلامی شعار ہے۔

۱۲۔ جب بچہ بولنے لگے تو سب سے پہلے اس کو "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ" سکھائیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

جب تمہاری اولاد بولنے لگے تو اس کو "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ" سکھا دو۔ پھر مت پرواہ کرو کہ کب مرے، اور جب دودھ کے دانت گر جائیں تو نماز کا حکم دو۔ (ابن سنی)

اور حدیث میں یہ بھی ہے کہ حضور کے خاندان میں جب کسی بچے کی زبان کھل جاتی تو آپ اُس کو سورۂ الفرقان کی دوسری آیت سکھاتے، جس میں توحید کی پوری تعلیم کو بڑی خوبی کے ساتھ سمیٹ دیا گیا ہے۔

اَلَّذِیْ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَخَلَقَ کُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَہٗ تَقْدِیْرًا۔

---

[1] عقیقہ کی دُعا صفحہ ۳۵۲ پر دیکھیے۔

"وہ خدا جو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی کا مالک ہے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا ہے جس کے ساتھ بادشاہی میں کوئی شریک نہیں ہے جس نے ہر چیز کی تخلیق کی اور پھر اس کی موزوں تقدیر مقرر فرمائی۔"

۱۳۔ بچے کو اپنا دودھ بھی پلائیے ماں پر بچے کا یہ حق ہے، قرآن نے اولاد کو ماں کا یہی احسان یاد دلا کر ماں کے ساتھ غیر معمولی حسن سلوک کی تاکید کی ہے ماں کا فرض یہ ہے کہ وہ بچے کو اپنے دودھ کے ایک ایک قطرے کے ساتھ توحید کا درس، رسول ﷺ کا عشق اور دین کی محبت بھی پلائے اور اس محبت کو اس کے قلب و روح میں بسانے کی کوشش کرے۔ پرورش کی ذمہ داری ماما پر ڈال کر اپنا بوجھ ہلکا نہ کیجیے بلکہ اس خوشگوار دینی فریضے کو خود انجام دے کر روحانی سکون اور سرور محسوس کیجیے۔

۱۴۔ بچوں کو ڈرانے سے پرہیز کیجیے۔ ابتدائی عمر کا یہ ڈر ساری عمر ذہن و دماغ پر چھایا رہتا ہے۔ اور ایسے بچے بالعموم زندگی میں کوئی بڑا کارنامہ انجام دینے کے لائق نہیں رہتے۔

۱۵۔ اولاد کو بات بات پر ڈانٹنے، جھڑکنے اور برا بھلا کہنے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجیے اور ان کی کوتاہیوں پر بیزار ہونے اور نفرت کا اظہار کرنے کے بجائے حکمت و سوز کے ساتھ ان کی تربیت کرنے کی محبت آمیز کوشش کیجیے۔ اور اپنے طرزِ عمل سے بچوں کے ذہن پر یہ خوف بہرحال غالب رکھیے کہ ان کی کوئی خلافِ شرع بات آپ ہرگز برداشت نہ کریں گے۔

۱۶۔ اولاد کے ساتھ ہمیشہ شفقت، محبت، اور نرمی کا برتاؤ کیجیے۔ اور

حسبِ ضرورت وحیثیت ان کی ضروریات پوری کر کے ان کو خوش رکھیے اور اطاعت وفرمانبرداری کے جذبات ابھارئیے۔

ایک بار حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے احنف ابن قیس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہیئے اولاد کے سلسلے میں کیا سلوک ہونا چاہیئے۔ احنف ابن قیس نے کہا۔

امیر المومنین! اولاد ہمارے قلوب کا ثمرہ ہیں کمر کی ٹیک ہیں، ہماری حیثیت ان کے لئے زمین کی طرح ہے جو نہایت نرم اور بے ضرر ہے۔ اور ہمارا وجود ان کے لئے سایہ فگن آسمان کی طرح ہے اور ہم انہی کے ذریعہ بڑے بڑے کام انجام دینے کی ہمت کرتے ہیں۔ پس اگر وہ آپ سے کچھ مطالبہ کریں تو ان کو خوب دیجیئے اور اگر کبھی گرفتہ دل ہوں تو ان کے دلوں کا غم دور کیجیئے نتیجہ میں وہ آپ سے محبت کریں گے آپ کی پدرانہ کوششوں کو پسند کریں گے اور کبھی ان پر ناقابلِ برداشت بوجھ نہ بنیئے کہ وہ آپ کی زندگی سے اُکتا جائیں اور آپ کی موت کے خواہاں ہوں آپ کے قریب آنے سے نفرت کریں۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ یہ حکیمانہ باتیں سُن کر بہت متاثر ہوئے اور فرمایا۔

احنف! خدا کی قسم جس وقت آپ میرے پاس آکر بیٹھے، میں یزید کے خلاف غصے میں بھرا بیٹھا تھا۔

پھر جب حضرت احنف تشریف لے گئے تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور یزید سے راضی ہو گئے اور اُسی وقت یزید کو دو سو درہم اور دو سو جوڑے بھجوائے۔ یزید کے پاس جب یہ تحفے پہنچے تو یزید نے یہ تحفے دو برابر برابر حصوں میں تقسیم کر کے سو درہم اور سو جوڑے حضرت احنف ابن قیس کی

خدمت میں بھجوا دیئے۔

۷۔ چھوٹے بچوں کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیریئے، بچوں کو گود میں لیجیے۔ پیار کیجیے اور ان کے ساتھ خوش طبعی کا سلوک کیجیے۔ ہر وقت تند خو اور سخت گیر حاکم نہ بنے رہیئے، اس طرزِ عمل سے بچوں کے دل میں والدین کے لئے والہانہ جذبۂ محبت بھی پیدا نہیں ہوتا، ان کے اندر خود اعتمادی بھی پیدا نہیں ہوتی اور ان کی فطری نشو و نما پر بھی خوشگوار اثر نہیں پڑتا۔

ایک مرتبہ اقرع ابن حابس رضؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ حضورؐ اس وقت حضرت حسن رضؓ کو پیار کر رہے تھے۔ اقرع کو دیکھ کر تعجب ہوا اور بولے یا رسول اللہ آپ بھی بچوں کو پیار کرتے ہیں! میرے تو دس بچے ہیں لیکن میں نے تو کبھی کسی ایک کو بھی پیار نہیں کیا ــــــــــ نبیؐ نے اقرع کی طرف نظر اٹھائی اور فرمایا اگر خدا نے تمہارے دل سے رحمت و شفقت کو نکال دیا ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں۔

فاروق اعظم رضؓ کے دور میں حضرت عامر کسی اہم عہدے پر تھے۔ ایک بار حضرت عمر رضؓ سے ملنے کے لئے ان کے گھر پہنچے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت عمر رضؓ لیٹے ہوئے ہیں اور بچے سینے پر چڑھے ہوئے کھیل رہے ہیں ــــــــــ حضرت عامر کو یہ بات کچھ گراں گذری۔ امیر المومنین نے پیشانی کے اتار چڑھاؤ سے ان کی ناگواری کو بھانپ لیا۔ اور حضرت عامر سے بولے کہیے آپ کا اپنے بچوں کے ساتھ کیسا برتاؤ رہتا ہے۔

عامر کو موقع مل گیا۔ بولے امیر المومنین! جب میں گھر میں داخل ہوتا ہوں

تو گھر والوں پر سکتہ طاری ہو جاتا ہے سب اپنی اپنی جگہ دم سادھ کر چپ ہو جاتے ہیں، حضرت عمرؓ نے بڑے سوز کے ساتھ کہا۔

عامر! آپ امتِ محمدؐ کے فرزند ہوتے ہوئے یہ نہیں جانتے کہ مسلمان کو اپنے گھر والوں کے ساتھ کس طرح نرمی اور محبت کا سلوک کرنا چاہیئے!

۱۸۔ اولاد کو پاکیزہ تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنے کے لئے اپنی ساری کوشش وقف کر دیجئے اور اس راہ میں بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہ کیجئے۔ یہ آپ کی دینی ذمہ داری بھی ہے، اولاد کے ساتھ عظیم احسان بھی اور اپنی ذات کے ساتھ سب سے بڑی بھلائی بھی۔ قرآن میں ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ نَارًا۔

"مومنو! بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو جہنم کی آگ سے۔"

اور جہنم کی آگ سے بچنے کا واحد راستہ یہ ہے کہ آدمی دین کے ضروری علم سے بہرہ مند ہوں۔ اور اس کی زندگی خدا اور رسولؐ کی اطاعت و فرمانبرداری میں گذر رہی ہو۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے باپ اپنی اولاد کو جو کچھ دے سکتا ہے اس میں سب سے بہتر عطیہ اولاد کی اچھی تعلیم و تربیت ہے۔ (مشکوٰۃ)

اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ جب انسان مر جاتا ہے تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے مگر تین قسم کے اعمال ایسے ہیں کہ ان کا اجر و ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے ایک یہ کہ وہ صدقہ جاریہ کر جائے دوسرے یہ کہ وہ ایسا علم چھوڑ جائے جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں تیسرے صالح اولاد، جو باپ کے لئے

دعا کرتی رہے۔ (مسلم)

دراصل صالح اولاد ہی آپ کے بعد آپ کی تہذیبی روایات دینی تعلیمات اور پیغام توحید کو زندہ رکھنے کا ذریعہ ہے اور مومن نیک اولاد کی آرزوئیں اسی لئے کرتا ہے تاکہ وہ اس کے بعد اس کے پیغام کو زندہ رکھ سکے۔

۱۹۔ بچے جب سات سال کے ہو جائیں تو ان کو نماز سکھایئے نماز پڑھنے کی تلقین کیجئے اور اپنے ساتھ مسجد لے جا کر شوق پیدا کیجئے اور جب وہ دس سال کے ہو جائیں اور نماز میں کوتاہی کریں تو انہیں مناسب سزا بھی دیجئے اور اپنے قول و عمل سے ان پر یہ واضح کر دیجئے کہ نماز کی کوتاہی کو آپ برداشت نہ کریں گے۔

۲۰۔ بچے جب دس سال کے ہو جائیں تو ان کے بستر الگ کر دیجئے اور ہر ایک کو الگ الگ چارپائی پر سلایئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"اپنی اولاد کو نماز پڑھنے کی تلقین کرو جب وہ سات سال کے ہو جائیں اور نماز کے لئے ان کو سزا دو جب وہ دس سال کے ہو جائیں اور اس عمر کو پہنچنے کے بعد ان کے بستر الگ کر دو"

۲۱۔ بچوں کو ہمیشہ صاف ستھرا رکھئے، ان کی طہارت، نظافت اور غسل وغیرہ کا خیال رکھیئے۔ کپڑے بھی پاک صاف رکھیئے البتہ زیادہ بناؤ سنگار اور نمود و نمائش سے پرہیز کیجئے لڑکی کے کپڑے بھی نہایت سادہ رکھیئے۔ اور زرق برق لباس پہنا کر بچوں کے مزاج خراب نہ کیجئے۔

۲۲۔ دوسروں کے سامنے بچوں کے عیب نہ بیان کیجئے اور کسی کے سامنے ان کو شرمندہ کرنے اور ان کی عزت نفس کو ٹھیس لگانے سے بھی سختی کے ساتھ پرہیز کیجئے۔

۲۳۔ بچوں کے سامنے کبھی بچوں کی اصلاح سے مایوسی کا اظہار نہ کیجئے، بلکہ ان کی ہمت بڑھانے کے لیئے ان کی معمولی اچھائیوں کی بھی دل کھول کر تعریف کیجئے۔ ہمیشہ ان کا دل بڑھانے اور ان میں خود اعتمادی اور حوصلہ پیدا کرنے کی کوشش کیجئے تاکہ یہ کارگاہِ حیات میں اونچے سے اونچا مقام حاصل کرسکیں۔

۲۴۔ بچوں کو نبیوں کے قصے، صالحین کی کہانیاں اور صحابہ کرام رضہ کے مجاہدانہ کارنامے ضرور سناتے رہیں۔ تربیت و تہذیب، کردار سازی اور دین سے شغف کے لئے اس کو انتہائی ضروری سمجھئے اور ہزار مصروفیتوں کے باوجود اس کے لئے وقت نکالیئے اکثر و بیشتر ان کو قرآن پاک بھی خوش الحانی کے ساتھ پڑھ کر سنائیے۔ اور موقع موقع سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پُراثر باتیں بھی بتائیے اور ابتدائی عمر ہی سے ان کے دلوں میں عشقِ رسول ﷺ کی تڑپ پیدا کرنے کی کوشش کیجئے۔

۲۵۔ کبھی کبھی بچوں کے ہاتھ سے غریبوں کو کچھ کھانا یا پیسے وغیرہ بھی دلوائیے تاکہ ان میں غریبوں کے ساتھ سلوک اور سخاوت و خیرات کا جذبہ پیدا ہو۔ اور کبھی کبھی یہ موقع بھی فراہم کیجئے کہ کھانے پینے کی چیزیں بہن بھائیوں میں خود ہی تقسیم کریں تاکہ ایک دوسرے کے حقوق کا احساس اور انصاف کی عادت پیدا ہو۔

۲۶- بچوں کی ہر جا و بے جا ضد پوری نہ کی جائے بلکہ حکمت کے ساتھ ان کی یہ عادت چھڑانے کی کوشش کیجئے۔ کبھی کبھی مناسب سختی بھی کیجئے، بے جا لاڈ پیار سے ان کو ضدی اور خود سر نہ بنائیے۔

۲۷- کرخت آواز سے بولنے اور گلا پھاڑ کر چیخنے چلانے سے خود بھی پرہیز کیجئے اور ان کو بھی تاکید کیجئے کہ درمیانی آواز میں نرمی کے ساتھ گفتگو کریں اور آپس میں بھی ایک دوسرے پر چیخنے چلانے سے سختی کے ساتھ بچیں۔

۲۸- بچوں کو عادت ڈالئے کہ اپنا کام اپنے ہاتھ سے کریں۔ ہر کام میں نوکروں کا سہارا نہ لیں۔ اس سے بچے کاہل سست اور اپاہج بن جاتے ہیں بچوں کو جفاکش محنتی اور سخت کوش بنائیے۔

۲۹- بچوں میں باہم لڑائی ہو جائے تو اپنے بچے کی بے جا حمایت نہ کیجئے۔ یہ خیال رکھیئے کہ اپنے بچے کے لئے آپ کے سینے میں جو جذبات ہیں وہی جذبات دوسروں کے سینے میں اپنے بچوں کے لئے ہیں۔ آپ ہمیشہ اپنے بچے کے قصوروں پر نگاہ رکھیئے اور ہر پیش آنے والے ناخوشگوار واقعہ میں اپنے بچے کی کوتاہی اور غلطی کی کھوج لگا کر حکمت اور مسلسل توجہ سے اس کو دور کرنے کی پُرسوز کوشش کیجئے۔

۳۰- اولاد کے ساتھ ہمیشہ برابری کا سلوک کیجئے اور اس معاملے میں بے اعتدالی سے بچنے کی پوری پوری کوشش کیجئے۔ اگر طبعاً کسی ایک بچے کی طرف زیادہ میلان ہو تو معذوری ہے لیکن سلوک و برتاؤ اور لین دین میں ہمیشہ انصاف اور مساوات کا لحاظ رکھیئے اور کبھی بھی کسی ایک کے ساتھ ایسا امتیازی

سلوک نہ کیجئے جس کو دوسرے بچے محسوس کریں۔ اس سے دوسرے بچوں میں احساس کمتری، نفرت، مایوسی اور آخرکار بغاوت پیدا ہوگی اور یہ بڑے جذبات فطری صلاحیتوں کے پروان چڑھنے میں زبردست رکاوٹ اور اخلاقی اور روحانی ترقی کے لئے سم قاتل ہیں۔

ایک بار حضرت نعمان رضؓ کے والد حضرت بشیر رضؓ اپنے بیٹے کو ساتھ لئے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا۔ یا رسول اللہ! میرے پاس ایک غلام تھا وہ میں نے اپنے اس لڑکے کو بخش دیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا تم نے اپنے ہر لڑکے کو ایک ایک غلام بخشا ہے۔ بشیر رضؓ بولے، نہیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس غلام کو تم واپس لے لو۔ اور فرمایا خدا سے ڈرو اور اپنی اولاد کے ساتھ مساوات اور برابری کا سلوک کرو۔ اب حضرت بشیر رضؓ گھر واپس آئے اور نعمان سے اپنا دیا ہوا غلام واپس لے لیا۔ ایک روایت میں یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا "تو پھر مجھے گناہ پر گواہ نہ بناؤ۔ میں ظلم کا گواہ نہیں بنوں گا۔" اور ایک روایت میں یہ ہے کہ حضورؐ نے پوچھا کیا تم یہ پسند کرتے ہو کہ سب لڑکے تمہارے ساتھ اچھا سلوک کریں۔ حضرت بشیر رضؓ نے کہا یا رسول اللہ کیوں نہیں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "پھر ایسا کام مت کرو۔" (بخاری، مسلم)

۳۱۔ بچوں کے سامنے ہمیشہ اچھا عملی نمونہ پیش کیجئے۔ آپ کی زندگی بچوں کے لئے ایک ہمہ وقتی خاموش معلم ہے۔ جس سے بچے ہر وقت پڑھتے اور سیکھتے رہتے ہیں۔ بچوں کے سامنے کبھی مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولئے۔

حضرت عبداللہ ابن عامر رضؓ اپنا ایک قصہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضور

صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف رکھتے تھے۔ میری والدہ نے مجھے بلایا اور کہا "یہاں آ، میں تجھے چیز دوں گی" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ لیا پوچھا "تم بچے کو کیا دینا چاہتی ہو"؟ والدہ بولیں "میں اس کو کھجور دینا چاہتی ہوں" آپ نے والدہ سے فرمایا "اگر تم دینے کا بہانہ کر کے بلائیں اور بچے کے آنے پر کچھ نہ دیتیں تو تمہارے اعمال نامہ میں یہ جھوٹ لکھ دیا جاتا" (ابوداؤد)

۳۲۔ لڑکی کی پیدائش پر بھی اسی طرح خوشی منایئے جس طرح لڑکے کی پیدائش پر مناتے ہیں۔ لڑکی ہو یا لڑکا دونوں ہی خدا کا عطیہ ہیں اور خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ آپ کے حق میں لڑکی اچھی ہے یا لڑکا۔ لڑکی کی پیدائش پر ناک بھوؤں چڑھانا اور دل شکستہ ہونا۔ اطاعت شعار مومن کے لئے کسی طرح زیب نہیں دیتا۔ یہ ناشکری بھی ہے اور خدائے علیم و کریم کی توہین بھی۔

حدیث میں ہے کہ "جب کسی کے یہاں لڑکی پیدا ہوتی ہے تو خدا اس کے ہاں فرشتے بھیجتا ہے جو آکر کہتے ہیں۔ اے گھر والو! تم پر سلامتی ہو، وہ لڑکی کو اپنے پروں کے سائے میں لے لیتے ہیں اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتے ہیں "یہ کمزور جان ہے جو ایک کمزور جان سے پیدا ہوئی ہے، جو اس بچی کی نگرانی اور پرورش کرے گا۔ قیامت تک خدا کی مدد اس کے شامل حال رہے گی" (طبرانی)

۳۳۔ لڑکیوں کی تربیت و پرورش انتہائی خوش دلی، روحانی مسرت اور دینی احساس کے ساتھ کیجئے۔ اور اس کے صلے میں خدا سے بہشت بریں کی آرزو کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس شخص نے تین لڑکیوں یا تین بہنوں کی

سرپرستی کی انہیں تعلیم و تہذیب سکھائی اور ان کے ساتھ رحم کا سلوک کیا۔ یہاں تک کہ خدا ان کو بے نیاز کر دے۔ تو ایسے شخص کے لئے خدا نے جنت واجب فرما دی۔ اس پر ایک آدمی بولا، اگر دو ہی ہوں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو لڑکیوں کی پرورش کا بھی یہی صلہ ہے۔ حضرت ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ اگر لوگ ایک کے بارے میں پوچھتے تو آپؐ ایک کی پرورش پر بھی یہی بشارت دیتے۔ (مشکوٰۃ)

حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ایک دن ایک عورت اپنی دو بچیوں کو لئے میرے پاس آئی اور اس نے کچھ مانگا۔ میرے پاس صرف ایک ہی کھجور تھی وہ میں نے اس کے ہاتھ پر رکھ دی۔ اس عورت نے کھجور کے دو ٹکڑے کئے اور آدھی آدھی دونوں بچیوں میں بانٹ دی اور خود نہ کھائی۔ اس کے بعد وہ اٹھ کھڑی ہوئی اور باہر نکل گئی۔ اسی وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لائے۔ میں نے آپؐ کو یہ سارا ماجرا کہہ سنایا۔ آپؐ نے سُن کر فرمایا۔ جو شخص بھی لڑکیوں کی پیدائش کے ذریعے آزمایا جائے اور وہ اُن کے ساتھ اچھا سلوک کر کے آزمائش میں کامیاب ہو تو یہ لڑکیاں اس کے لئے قیامت کے روز جہنم کی آگ سے ڈھال بن جائیں گی۔ (مشکوٰۃ)

۳۴۔ لڑکی کو حقیر نہ جانیئے نہ لڑکے کو اس پر کسی معاملہ میں ترجیح دیجئے دونوں کے ساتھ یکساں محبت کا اظہار کیجئے اور یکساں سلوک کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جس کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی اور اس نے جاہلیت کے طریقے پر اسے زندہ دفن نہیں کیا۔ اور نہ اس کو حقیر جانا اور نہ لڑکے کو اس کے مقابلے میں

ترجیح دی اور زیادہ سمجھا۔ تو ایسے آدمی کو خدا جنت میں داخل کریگا۔ (ابوداؤد)

۳۵۔ جائداد میں لڑکی کا مقرر حصہ پوری خوش دلی اور اہتمام کے ساتھ دیجیے۔ یہ خدا کا فرض کردہ حصہ ہے اس میں کمی بیشی کرنے کا کسی کو کوئی اختیار نہیں۔ لڑکی کا حصہ دینے میں حیلے کرنا یا اپنی صواب دید کے مطابق کچھ دے دلا کر مطمئن ہو جانا اطاعت شعار مومن کا کام نہیں ہے ایسا کرنا خیانت بھی ہے اور خدا کے دین کی توہین بھی۔

۳۶۔ ان تمام عملی تدبیروں کے ساتھ ساتھ نہایت سوز اور دل کی لگن سے ساتھ اولاد کے حق میں دعا بھی کرتے رہیے۔ خدائے رحمٰن و رحیم سے توقع ہے کہ وہ والدین کے دل کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی پرسوز دعائیں ضائع نہ فرمائے گا۔

دوستی کے آداب

۱۔ دوستوں سے محبت کیجئے اور دوستوں کے لئے مرکزِ محبت بنئے۔ وہ شخص انتہائی خوش نصیب ہے جس کو اس کے دوست احباب عزیز رکھتے ہوں اور وہ دوست احباب کو عزیز رکھتا ہو اور وہ شخص انتہائی محروم ہے جس سے لوگ بیزار رہتے ہوں اور وہ لوگوں سے دور بھاگتا ہو۔ مفلس وہ نہیں ہے جس کے پاس دولت نہ ہو بلکہ حقیقت میں سب سے بڑا مفلس وہ ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو، دوست زندگی کی زینت، سفرِ حیات کا سہارا اور خدا کا انعام ہے دوست بنائیے اور دوست بنیئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مومن سراپا الفت و محبت ہے اور اس آدمی میں سرے سے کوئی خیر و خوبی نہیں ہے جو نہ تو دوسروں سے محبت کرے اور نہ دوسرے ہی اس سے محبت کریں۔ (مشکوٰۃ، باب الشفقۃ)

قرآن پاک میں ہے۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ۔ (توبہ)

"مومن مرد اور مومن عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے دوست اور معاون ہیں"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں سے انتہائی محبت فرماتے تھے اور ہر ایک یہ محسوس کرتا کہ نبی ؐ سب سے زیادہ اسی کو چاہتے ہیں۔

حضرت عمرو بن العاص رضؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس توجہ اور خلوص کے ساتھ مجھ سے گفتگو فرماتے اور اتنا خیال رکھتے کہ مجھے یہ خیال ہونے لگا کہ شاید میں اپنی قوم کا سب سے بہتر آدمی ہوں۔ اور ایک دن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ بیٹھا کہ یا رسول اللہ! میں افضل ہوں یا ابوبکرؓ؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ابوبکرؓ افضل ہیں۔ پھر میں نے پوچھا، میں افضل ہوں یا عمرؓ؟ فرمایا۔ عمرؓ، میں نے پھر پوچھا یا رسول اللہ! میں افضل ہوں یا عثمانؓ ارشاد فرمایا عثمانؓ، پھر میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑی وضاحت کے ساتھ حقیقت معلوم کی اور آپؐ نے بلا رُو رعایت صاف صاف بات کہہ دی۔ تب تو مجھے اپنی اس حرکت پر بڑی ہی شرم آئی۔ اور میں دل میں خیال کرنے لگا کہ بھلا ایسی بات پوچھنے کی مجھے کیا ضرورت تھی!

۲۔ دوستوں کے ساتھ مل جل کر میل محبت کی زندگی گزاریے اور مخلصانہ تعلقات قائم کرنے اور قائم رکھنے کی کوشش کیجیے۔ دوستوں سے نفرت بیزاری اور رلئے دیئے رہنے کی روش چھوڑیئے۔ جب آدمی دوستوں میں مل جل کر رہتا ہے اور ہر معاملہ میں ان کا شریک رہتا ہے تو اس کے نتیجے میں اس کو طرح طرح کی تکلیفیں پہنچتی ہیں۔ کبھی اس کے جذبات کو ٹھیس لگتی ہے، کبھی اس کے وقار کو صدمہ پہنچتا ہے، کبھی اس کے آرام میں خلل پڑتا ہے، کبھی اس کے معمولات متاثر ہوتے ہیں۔ کبھی اس کی خواہش اور رجحان کے خلاف کچھ

باتیں سامنے آتی ہیں کبھی اس کے صبر و برداشت کی آزمائش ہوتی ہے کبھی اس کو مالی نقصان پہنچتا ہے۔ غرض مختلف قسم کی اذیتیں اور تکلیفیں اس کو پہنچتی ہیں لیکن جب یہ شخص ان اذیتوں کو برداشت کرتا ہے تو اس کے قلب میں اس سے جلا پیدا ہوتی ہے، اچھے اخلاق نشو و نما پاتے ہیں اور وہ تربیت و تزکیے کے فطری منازل سے گزرتا ہوا روحانی اور اخلاقی ترقی کرتا ہے۔ اس میں تحمل و بردباری، ایثار و شفقت، ہمدردی و غمگساری، مروت و وفاداری، خیر خواہی اور تعاون، خلوص و محبت، سخاوت و شجاعت اور مرگت و مواساۃ کے اعلیٰ ترین جذبات پیدا ہوتے ہیں اور وہ انسانی معاشرے کے لئے سراپا خیر و برکت بن جاتا ہے۔ ہر دل میں اس کے لئے قدر و عظمت کے جذبات ہوتے ہیں اور ہر انسان اس کے وجود کو اپنے حق میں رحمت کا سایہ سمجھتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو مسلمان لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتا ہے اور ان کی طرف سے پہنچنے والی تکلیفوں کو برداشت کرتا ہے وہ کہیں بہتر ہے اس شخص سے جو لوگوں سے الگ تھلگ رہتا ہے اور ان کی طرف سے پہنچنے والی تکلیفوں پر برداشتہ خاطر ہوتا ہے" (ترمذی)

۳۔ ہمیشہ نیک اور صالح لوگوں سے دوستی کیجئے، دوستی کے انتخاب میں اس بات کا ضرور لحاظ رکھئے کہ جن لوگوں سے آپ قلبی تعلق بڑھا رہے ہیں وہ دین و اخلاق کے پہلو سے آپ کے لئے کس حد تک مفید ہو سکتے ہیں ایک مشہور مثل ہے کہ "اگر کسی کی اخلاقی حالت معلوم کرنا چاہو تو اس کے دوستوں کی اخلاقی حالت معلوم

کرو۔" اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے۔ اس لئے ہر آدمی کو غور کر لینا چاہیئے۔ کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔" (مسند احمد، مشکوٰۃ)

دوست کے دین پر ہونے کے معنی یہ ہیں کہ جب وہ دوست کی صحبت میں بیٹھے گا تو وہی جذبات و خیالات اور وہی ذوق و رجحان اس میں بھی پیدا ہوگا جو دوست میں ہے۔ اور پسند و ناپسند کا وہی معیار اس کا بھی بنے گا جو اس کے دوست کا ہے اس لئے آدمی کو دوست کے انتخاب میں انتہائی غور و فکر سے کام لینا چاہیئے اور قلبی لگاؤ اسی سے بڑھانا چاہیئے جس کا ذوق و رجحان افکار و خیالات اور دوڑ دھوپ دین و ایمان کے تقاضوں کے مطابق ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی کہ مومن ہی سے رشتۂ محبت استوار کرو۔ اور اسی کے ساتھ اپنا کھانا پینا رکھو۔ آپؐ کا ارشاد ہے۔

"مومن ہی کی صحبت میں رہو۔ اور تمہارے دسترخوان پر پرہیزگار ہی کھانا کھائے۔"

ایک دسترخوان پر بیٹھ کر کھانا پینا قلبی تعلق اور محبت کا فطری محرک ہے اور یہ تعلق و محبت اسی مومن سے ہونا چاہیئے جو متقی اور پرہیزگار ہو۔ خدا سے غافل، غیر ذمہ دار، بے عمل اور بد اخلاق لوگوں سے ہمیشہ دور رہیئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھے اور برے دوست سے تعلق کی کیفیت کو ایک بلیغ تمثیل میں یوں بیان فرمایا ہے۔

اچھے اور برے دوست کی مثال مشک بیچنے والے اور بھٹی دھونکنے والے لوہار کی طرح ہے۔ مشک بیچنے والے کی صحبت سے تم کو کچھ فائدہ ضرور پہنچے گا یا مشک خریدو گے یا مشک کی خوشبو پاؤ گے۔ لیکن لوہار کی بھٹی تمہارا گھر یا

کپڑے جلائے گی یا تمہارے دماغ میں اس کی بدبو پہنچے گی۔ (بخاری، مسلم)

اور ابوداؤد میں حدیث کے الفاظ اس طرح ہیں۔

نیک دوست کی مثال ایسی ہے جیسے مشک بیچنے والے کی دکان، کہ اور جو کچھ فائدہ نہ بھی ہو تو خوشبو تو ضرور آئے گی اور بُرا دوست ایسا ہے جیسے بھٹی سے آگ نہ لگے تب بھی دھوئیں سے کپڑے تو ضرور کالے ہوجائیں گے۔"

۴۔ دوستوں سے صرف خدا کے لئے محبت کیجئے خدا کے محبوب بندے وہی ہیں جو خدا کے دین کی بنیاد پر باہم جڑتے ہیں اور کندھے سے کندھا اور دل سے دل ملا کر اس طرح خدا کے دین کی اقامت اور حفاظت کا فریضہ انجام دیتے ہیں کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار معلوم ہوتے ہیں۔

قرآن میں ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۔ (الصف ۴)

"حقیقت میں خدا کے محبوب وہ لوگ ہیں جو خدا کی راہ میں اس طرح پرے جما کر لڑتے ہیں گویا کہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"قیامت میں خدا فرمائے گا وہ لوگ کہاں ہیں جو صرف میرے لئے لوگوں سے محبت کیا کرتے تھے۔ آج میں اُن کو اپنے سائے میں جگہ دوں گا۔ (مسلم)۔

اور قیامت کے دن ایسے لوگوں کو جو قابلِ رشک شان وشوکت حاصل

ہوگی اس کا ذکر کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خدا کے بندوں میں کچھ (ایسے سعادت مند) ہیں جو نبی اور شہید تو نہیں ہیں لیکن قیامت کے روز خدا ان کو ایسے مرتبوں پر سرفراز فرمائے گا کہ انبیاء اور شہداء بھی ان کے مرتبوں پر رشک کریں گے۔ صحابہ رض نے پوچھا یہ کون خوش نصیب ہوں گے؟ یا رسول اللہ! ارشاد فرمایا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو آپس میں ایک دوسرے سے محض خدا کے دین کی بنیاد پر محبت کرتے تھے ———— نہ یہ آپس میں رشتہ دار تھے اور نہ ان کے درمیان کوئی مالی لین دین کا تعلق تھا۔ خدا کی قسم قیامت کے روز ان کے چہرے نور سے جگمگا رہے بلکہ یہ سراپا نور ہوں گے اور جب سارے لوگ خوف سے کانپ رہے ہوں گے تو انہیں کوئی خوف نہ ہوگا۔ اور جب سارے لوگ غم میں مبتلا ہوں گے اس وقت انہیں قطعاً کوئی غم نہ ہوگا اور آپ نے قرآن پاک کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔

(یونس)

"سنو! اللہ کے چاہنے والوں کے لئے نہ کسی بات کا کوئی خوف ہوگا اور نہ (گزری ہوئی زندگی کے بارے میں) کسی قسم کا غم"

حضرت ابو الدرداء رض کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قیامت کے روز کچھ لوگ اپنی قبروں سے آئیں گے اور ان کے چہرے نور سے جگمگا رہے ہوں گے وہ موتیوں کے ممبروں پر بٹھائے جائیں گے لوگ

ان کی شان پر رشک کریں گے یہ لوگ نہ نبی ہوں گے نہ شہید، ایک بدو نے سوال کیا یا رسول اللہ! یہ کون لوگ ہیں ہمیں ان کی پہچان بتا دیجیے۔ فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو آپس میں خدا کی خاطر محبت کرتے ہیں" (طبرانی)

۵۔ نیک لوگوں سے محبت کو آخرت کی نجات اور خدا کی خوشنودی کا ذریعہ سمجھیے اور خدا سے دعا کیجیے کہ خدایا نیک لوگوں کی محبت عطا کر اور نیک لوگوں میں شامل فرما حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! ایک شخص کسی نیک آدمی سے اس کی نیکی کی بنا پر محبت کرتا ہے۔ مگر خود اس شخص جیسے اچھے اعمال نہیں کرتا۔ ارشاد فرمایا "کوئی مضائقہ نہیں آدمی قیامت کے روز اسی کی معیت میں ہوگا جس سے وہ محبت کرے گا" (بخاری)

ایک شب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کا دیدار ہوا، خدا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا مانگیے۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَ فِتْنَةً فِیْ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ وَاَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّكَ۔ (مسند احمد)

"خدایا! میں تجھ سے نیک کاموں کی توفیق چاہتا ہوں، اور برے کاموں سے بچنے کی قوت چاہتا ہوں، اور مسکینوں کی محبت چاہتا ہوں، اور یہ کہ تو میری مغفرت فرما دے اور مجھ پر رحم فرمائیے۔ اور جب تو کسی کو عذاب میں

مبتلا کرنا چاہے تو مجھے اس حال میں اٹھا لے کہ میں اس سے محفوظ رہوں، اور میں تجھ سے تیری محبت کا سوال کرتا ہوں، اور اس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور اس عمل کی توفیق چاہتا ہوں جو تیرے قرب کا ذریعہ ہو۔"

اور حضرت معاذ ابن جبل رضؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"خدا تعالیٰ کا ارشاد ہے مجھ پر واجب ہے کہ میں ان لوگوں سے محبت کروں جو لوگ میری خاطر آپس میں محبت اور دوستی کرتے ہیں اور میرا ذکر کرنے کے لئے ایک جگہ جمع ہو کر بیٹھتے ہیں اور میری محبت کے سبب ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور میری خوشنودی چاہنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ نیک سلوک کرتے ہیں۔" (احمد، ترمذی)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو دوستوں کی ملاقات کا ایمان افروز نقشہ کھینچتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"ایک شخص اپنے دوست سے جو کسی دوسری بستی میں تھا ملاقات کے لئے چلا۔ خدا نے اس کے راستہ پر ایک فرشتے کو بٹھا دیا۔ فرشتے نے اس سے پوچھا کہاں کا ارادہ ہے؟ اس نے جواب دیا۔ اس گاؤں میں اپنے بھائی سے ملاقات کے لئے جا رہا ہوں۔ فرشتے نے کہا کیا تمہارا اس پر کوئی حقِ نعمت ہے جو وصول کرنے جا رہے ہو؟ اس نے کہا نہیں، بس صرف اس غرض سے اُس کے پاس جا رہا ہوں کہ میں اُس سے خدا کی خاطر محبت کرتا ہوں۔ فرشتہ بولا تو سنو! مجھے خدا نے تمہارے پاس بھیجا ہے اور یہ بشارت دی ہے کہ وہ بھی

تجھ سے ایسی ہی محبت رکھتا ہے جیسی تو اس کی خاطر اپنے دوست سے رکھتا ہے۔" (مسلم)

۶۔ دوستی ایسے لوگوں سے کیجئے جو اسلامی نقطۂ نظر سے دوستی کے لائق ہوں اور پھر زندگی بھر اس دوستی کو نباہنے کی کوشش بھی کیجئے۔ جس طرح یہ ضروری ہے کہ دوستی کے لئے اچھے لوگوں کا انتخاب کیا جائے اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ دوستی کو ہمیشہ ہمیشہ نباہنے اور قائم رکھنے کی بھی کوشش کی جائے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت کے روز جب عرش الٰہی کے سوا کہیں کوئی سایہ نہ ہوگا۔ اس روز سات قسم کے افراد عرش الٰہی کے سائے میں ہوں گے۔ ان میں ایک قسم کے افراد وہ دو آدمی ہوں گے جو محض خدا کے لئے ایک دوسرے کے دوست ہوں گے۔ خدا کی محبت ہی نے ان کو باہم جوڑا ہوگا اور اسی بنیاد پر وہ ایک دوسرے سے جدا ہوئے ہوں گے۔ یعنی ان کی دوستی خدا کی خاطر ہوگی اور زندگی بھر وہ اس دوستی کو قائم رکھنے اور نباہنے کی کوشش کریں گے اور جب ان میں سے کوئی ایک دوسرے سے جدا ہو کر دنیا سے رخصت ہو رہا ہوگا تو اسی حال میں کہ ان کی یہ دوستی قائم ہوگی اور اسی دوستی کی حالت میں وہ ایک دوسرے سے علیحدہ ہوں گے۔

۷۔ دوستوں پر اعتماد کیجئے، ان کے درمیان ہشاش بشاش رہیئے۔ فسردہ رہنے اور دوستوں کو فسردہ کرنے سے پرہیز کیجئے دوستوں کی صحبت میں بے تکلف اور خوش مزاج رہیئے۔ تیوری چڑھانے اور لئے دیئے رہنے سے پرہیز کیجئے دوستوں کے ساتھ ایک بے تکلف ساتھی، خوش مزاج ہم نشین اور خوش طبع رفیق بننے کی

کوشش کیجیے۔ آپ کی صحبت سے احباب اُکتائیں نہیں بلکہ مسرّت، زندگی اور کشش محسوس کریں۔

حضرت عبداللہ ابن حارث رضؓ فرماتے ہیں "میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔" (ترمذی)

حضرت جابر ابن سمرہ رضؓ فرماتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں سو مجلسوں سے بھی زیادہ میں بیٹھا ہوں، ان مجلسوں میں صحابۂ کرام رضؓ اشعار بھی پڑھتے تھے اور زمانۂ جاہلیت کے قصّے کہانیاں بھی سناتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاموشی سے یہ سب سنتے رہتے تھے بلکہ کبھی کبھی خود بھی ان کے ساتھ ہنسنے میں شریک ہو جایا کرتے تھے۔ (ترمذی)

حضرت شرید رضؓ کہتے ہیں کہ میں ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر آپؐ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا ——— سواری پر بیٹھے بیٹھے میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمیّہ ابن الصّلت کے سَو شعر سنائے ہر شعر پر آپؐ فرماتے کچھ اور سناؤ، اور میں سناتا۔" (ترمذی)

اسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس میں خود بھی کبھی کبھی قصّے سناتے حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ ایک بار آپؐ نے گھر والوں کو ایک قصہ سنایا۔ ایک عورت نے کہا یہ عجیب و غریب قصّہ تو بالکل خرافہ کے قصّوں کی طرح ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں خرافہ کا صحیح قصّہ بھی معلوم ہے اور پھر خود ہی آپؐ نے خرافہ کا اصل قصّہ تفصیل سے سنایا۔ اسی طرح ایک بار حضرت عائشہ رضؓ کو گیارہ عورتوں کی ایک بہت ہی دلچسپ کہانی سنائی۔

حضرت بکر ابن عبداللہ صحابۂ کرام رضؓ کی بے تکلفی اور خوش طبعی کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"صحابۂ کرام ہنسی اور تفریح کے طور پر ایک دوسرے کی طرف تربوز کے چھلکے پھینکا کرتے تھے لیکن جب لڑنے اور مدافعت کرنے کا وقت آتا تھا تو اس میدان کے شہسوار بھی صحابہ ہی ہوتے تھے" (الادب المفرد)

حضرت محمد ابن زیاد رحؒ فرماتے ہیں "میں نے سلف صالحین کو دیکھا ہے کہ ان کے کئی کئی کنبے ایک ہی حویلی میں رہتے بستے تھے۔ بار ہا ایسا ہوتا کہ ان میں سے کسی ایک کے یہاں مہمان آتا اور کسی دوسرے کے یہاں چولہے پر ہانڈی چڑھی ہوتی تو مہمان والا دوست اپنے مہمان کے لئے اپنے دوست کی ہانڈی اُتار لے جاتا، بعد میں ہانڈی والا اپنی ہانڈی کو ڈھونڈتا پھرتا۔ اور لوگوں سے پوچھتا پھرتا میری ہانڈی کون لے گیا؟ وہ میزبان دوست بتاتا کہ بھائی اپنے مہمان کے لئے ہم لے گئے تھے۔ اس وقت ہانڈی والا کہتا۔ خدا تمہارے لئے اس میں برکت دے۔ اور محمد ابن زیاد رحؒ فرماتے ہیں کہ یہ لوگ جب روٹی پکاتے تب بھی یہی صورت پیش آتی" (الادب المفرد)

حضرت علی رضؓ کا قول ہے "دل کو آزاد بھی چھوڑ دیا کرو۔ خوش کن نکتے بھی سوچا کرو۔ کیونکہ جسم کی طرح دل بھی تھک جاتا ہے"

۸۔ خشک مزاج اور مردہ دل نہ بنئے، خوش طبع اور ہشاش بشاش رہیئے لیکن اس بات کی احتیاط ضرور کیجیے کہ آپ کی خوش طبعی اور ظرافت حد سے بڑھنے نہ پائے۔ خوش مزاجی، اور تفریح کے ساتھ ساتھ دینی وقار، حمیت وغیرت اور توازن و اعتدال

کا بھی لحاظ رکھیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ نبیؐ کے صحابی نہ خشک مزاج تھے اور نہ مُردوں کی سی چال چلتے تھے۔ وہ اپنی مجلسوں میں شعر و شاعری بھی کرتے تھے اور دورِ جاہلیت کے قصے کہانیاں بھی بیان کرتے تھے۔ لیکن جب ان سے کسی معاملے میں حق کے خلاف کسی بات کا مطالبہ ہوتا تو اُن کی آنکھوں کی پتلیاں غصے میں اس طرح پھر جاتیں کہ جیسے ان پر جنون کی کیفیت طاری ہے۔ (الادب المفرد)

مشہور محدث حضرت سفیان ابن عیینہؒ سے کسی نے کہا کہ مذاق بھی ایک آفت ہے انہوں نے جواب دیا نہیں بلکہ سنت ہے مگر اس شخص کے لئے جو اس کے مواقع جانتا ہو اور اچھا مذاق کر سکتا ہو۔ (شرح شمائل ترمذی)

۹۔ آپ جس شخص سے محبت رکھتے ہوں اس سے اپنی محبت کا اظہار ضرور کیجیے۔ اس کا نفسیاتی اثر یہ ہوگا کہ اس کو بھی قرب کا احساس ہوگا۔ اور دونوں طرف کے جذبات و احساسات کے تبادلے سے محبت و خلوص میں غیر معمولی اضافہ ہوگا اور پھر محبت محض ایک قلبی کیفیت نہیں رہے گی بلکہ اس کے تقاضے عملی زندگی پر اثر انداز ہوں گے اور اس طرح شخصی معاملات میں دلچسپی لینے اور زیادہ سے زیادہ ایک دوسرے سے قریب ہونے کا موقع ملے گا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "جب کسی شخص کے دل میں اپنے بھائی کے لئے خلوص و محبت کے جذبات ہوں تو اُسے چاہیئے کہ وہ اپنے دوست

کو بھی ان جذبات سے آگاہ کر دے اور اُسے بتا دے کہ وہ اس سے محبت رکھتا ہے۔ (ابوداؤد)

ایک بار آپؐ کے سامنے سے ایک شخص گزرا، کچھ لوگ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ان میں سے ایک نے کہا۔ یا رسول اللہ مجھے اس شخص سے محض خدا کی خاطر محبت ہے۔ یہ سن کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تو کیا تم نے اس شخص کو یہ بات بتا دی ہے؟ وہ شخص بولا نہیں تو نبیؐ نے فرمایا جاؤ اور اس پر ظاہر کر دو کہ تم خدا کے لئے اس سے محبت کرتے ہو، وہ شخص فوراً اٹھا اور جا کر اس جانے والے سے اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ اس کے جواب میں اُس نے کہا، تجھ سے وہ ذات محبت کرے جس کی خاطر تو مجھ سے محبت کرتا ہے۔ (ترمذی، ابوداود)

دوستانہ تعلقات کو زیادہ سے زیادہ استوار اور نتیجہ خیز بنانے اور دوستوں سے قریب ہونے کے لئے ضروری ہے کہ آپ دوستوں کے شخصی اور ذاتی معاملات میں معروف حد تک دلچسپی لیں اور ان سے اپنے قرب اور خصوصی تعلق کا اظہار کریں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب ایک آدمی دوسرے سے دوستی اور اخوت کا رشتہ جوڑے تو اس سے اس کا نام، اس کے باپ کا نام اور اس کے خاندان کے حالات معلوم کرلے کہ اس سے باہمی محبت کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں۔" (ترمذی)

۱۰۔ محبت کے اظہار اور تعلقات کی نوعیت میں ہمیشہ [illegible] ضروری اختیار

کیجیے نہ تو ایسی سرد مہری کا مظاہرہ کیجیے کہ آپ کی محبت اور تعلق مشکوک نظر آنے لگے اور نہ جوشِ محبت میں اتنا آگے بڑھیے کہ آپ کی محبت اور دوستی جنون کی شکل اختیار کر لے۔ اور خدانخواستہ کسی وقت آپ کو پچھتانا پڑے توازن اور اعتدال کا ہمیشہ لحاظ رکھیے اور مستقل مزاجی کے ساتھ ایسی متوازن روش اختیار کیجیے جس کو آپ برابر نباہ سکیں۔ حضرت اسلم رضؓ کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضؓ نے فرمایا تمہاری محبت جنون کی شکل نہ اختیار کرنے پائے اور تمہاری دشمنی ایذا رسانی کا باعث نہ بننے پائے۔ میں نے کہا حضرت وہ کیسے؟ آپ نے فرمایا (وہ ایسے کہ) جب محبت کرنے لگو تو بچوں کی طرح چمٹنے اور طفلانہ حرکتیں کرنے لگو۔ اور جب کسی سے ناراض ہو تو اس کے جان و مال تک کی تباہی اور بربادی کے درپے ہو جاؤ۔ (الادب المفرد)

حضرت عبید کندیؒ فرماتے ہیں "میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا۔ فرما رہے تھے۔ اپنے دوست سے دوستی میں نرمی اور میانہ روی اختیار کرو۔ ہوسکتا ہے کہ وہ کسی وقت تمہارا دشمن بن جائے۔ اسی طرح دشمن سے دشمنی میں نرمی اور اعتدال کا رویہ اختیار کرو ہوسکتا ہے کہ وہ کسی وقت تمہارا دوست بن جائے۔ (الادب المفرد)

۱۱۔ دوستوں کے ساتھ وفاداری اور خیرخواہی کا سلوک کیجیے دوست کے ساتھ سب سے بڑی خیرخواہی یہ ہے کہ آپ اُس کو اخلاقی اعتبار سے زیادہ سے زیادہ اونچا اٹھانے کی کوشش کریں۔ اور اس کی دنیا بنانے سے زیادہ اُس کی آخرت بنانے کی فکر کریں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دین

سرتاسر خیر خواہی ہے" خیر خواہی کا اصل معیار یہ ہے کہ آپ اپنے دوست کے لئے بھی وہی پسند کریں جو اپنے لئے پسند کرتے ہوں، اس لئے کہ آدمی اپنا برا کبھی نہیں چاہتا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے کوئی بندہ مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ بھائی کے لئے بھی وہی نہ پسند کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

اور مسلمان پر مسلمان کے چھ حقوق بیان کرتے ہوئے آپؐ نے فرمایا ہے۔

" اور یہ کہ وہ اپنے بھائی کی خیر خواہی کرے خواہ وہ غائب ہو یا موجود اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا۔

"بے شک خدا نے اس شخص پر آگ کو واجب کر دیا ہے، اور جنت حرام کر دی ہے جس نے قسم کھا کر کسی مسلمان کا حق مارا (صحابہ میں کسی نے پوچھا) اگرچہ وہ کوئی معمولی سی چیز ہو؟ آپؐ نے فرمایا ہاں اگرچہ وہ پیلو کی معمولی سی شاخ ہی کیوں نہ ہو"

۱۲۔ دوستوں کے دکھ درد میں شریک رہیئے۔ اور اسی طرح ان کی خوشیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیجئے۔ ان کے غم میں شریک ہو کر غم غلط کرنے کی کوشش کیجئے اور ان کی مسرتوں میں شریک ہو کر مسرتوں میں اضافہ کرنے کی کوشش کیجئے۔ ہر دوست اپنے مخلصین سے بجا طور پر یہ توقع رکھتا ہے کہ وہ مصیبت میں اس کا ساتھ دیں گے اور کوئی وقت پڑنے پر اس کا ساتھ

نہ چھوڑیں گے۔ اسی طرح وہ یہ بھی توقع رکھتا ہے کہ اس کے دوست اس کی خوشیوں میں اضافہ کریں اور اس کی اجتماعی تقریبات کی زینت اور رونق بڑھائیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے ایک عمارت کی طرح ہے کہ ایک دوسرے کو قوت پہنچاتا اور سہارا دیتا ہے جیسے عمارت کی ایک اینٹ دوسری اینٹ کا سہارا بنتی اور قوت پہنچاتی ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال دیں (اور اس طرح مسلمانوں کے باہمی تعلق اور قرب کو واضح فرمایا)۔ (بخاری، مسلم)

اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا "تم مسلمانوں کو باہم رحم دلی، باہم الفت و محبت اور باہم تکلیف کے احساس میں ایسا پاؤ گے جیسے ایک جسم کہ اگر ایک عضو بیمار پڑ جائے تو سارا جسم بخار اور بے خوابی میں اس کا شریک رہتا ہے۔ (بخاری، مسلم)

۱۳۔ دوستوں سے خوشدلی، نرم خوئی اور مسرت و اخلاص سے ملئے اور نہایت توجہ اور خندہ پیشانی سے ان کا استقبال کیجئے۔ لاپرواہی، بے نیازی اور روکھے پن سے پرہیز کیجئے یہ دلوں کو پھاڑنے والی برائیاں ہیں۔ ملاقات کے وقت ہمیشہ مسرت اطمینان اور شکر و حمد کے کلمات کہیئے۔ یاس و حزن اور مردہ دلی کے کلمات ہرگز زبان پر نہ لائیے۔ ملاقات کے وقت ایسا انداز اختیار کیجئے کہ آپ کے دوست، خوشی اور زندگی محسوس کریں ایسے فسردہ چہرے سے ان کا استقبال نہ کیجئے کہ ان کا دل بجھ جائے اور وہ آپ

کی ملاقات کو وبال جان سمجھنے لگیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"نیکیوں میں کسی نیکی کو حقیر نہ جانو چاہے وہ اتنی ہی ہو کہ تم اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملو" (مسلم)

اور ایک موقع پر آپؐ نے فرمایا" اپنے بھائی کو دیکھ کر تمہارا مُسکرا دینا بھی صدقہ ہے" (ترمذی)

نرم خوئی، خوش اخلاقی، اور نرمی سے ہی دلوں میں الفت و محبت پیدا ہوتی ہے۔ اور ان ہی صفات کی بدولت اچھا معاشرہ وجود میں آتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

"میں تمھیں اس آدمی کی پہچان بتاتا ہوں جس پر جہنم کی آگ حرام ہے اور وہ آگ پر حرام ہے۔ یہ وہ آدمی ہے جو نرم مزاج ہو، نرم طبیعت ہو اور نرم خو ہو" (ترمذی)

صحابہؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ملاقات کے وقت کسی کی طرف متوجہ ہوتے تو پورے جسم سے متوجہ ہوتے اور جب کوئی آپؐ سے بات کرتا تو آپؐ پوری طرح متوجہ ہو کر اس کی بات سنتے۔

ایک مرتبہ آپؐ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص آیا تو آپؐ نے اپنے جسم کو حرکت دی اور ذرا سمٹے اس شخص نے کہا یا رسول اللہ! جگہ تو کشادہ ہے، نبیؐ نے فرمایا۔

"مسلمان کا یہ حق ہے کہ جب اس کا بھائی اُسے دیکھے تو وہ اُس کے لئے ذرا اپنے جسم کو حرکت دے۔" (بیہقی)

مومنین کی تعریف میں قرآن کا ارشاد ہے۔

أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ۔

"وہ مومنوں کے لئے بڑے نرم خو ہوتے ہیں۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حقیقت کو یوں واضح فرمایا ہے۔

"مومن، بُردبار اور نرم دل ہوتے ہیں اس اونٹ کی طرح جس کی ناک میں نکیل پڑی ہو، اس کو کھینچا جائے تو وہ کھنچتا چلا آئے اور پتھر پہ بٹھایا جائے تو پتھر پہ بیٹھ جائے۔ (ترمذی)

۱۴۔ اگر کبھی کسی بات پر اختلاف ہو جائے تو فوراً صلح صفائی کر لیجیے۔ اور ہمیشہ معافی طلب کرنے اور اپنے قصور کا اعتراف کرنے میں پیش قدمی کیجیے۔

حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ میں کسی معاملے پر سخت کلامی ہو گئی۔ بعد میں حضرت ابوبکرؓ کو بہت احساس ہوا۔ اور وہ انتہائی مغموم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے۔ اور فرمایا۔ یا رسول اللہ! میرے اور عمر کے درمیان کچھ اختلاف ہو گیا مجھے غصہ آ گیا اور کچھ سخت باتیں ہو گئیں۔ مجھے بعد میں بڑی شرمندگی ہوئی اور میں نے عمرؓ سے معافی چاہی لیکن یا رسول اللہ! وہ معاف کرنے کو تیار نہ ہوئے۔ میں پریشان ہو کر آپ کی خدمت میں آیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خدا

تمہیں معاف فرمائے گا اور تمہیں بخش دے گا۔ اسی دوران حضرت عمرؓ کو بھی اپنی غلطی کا احساس ہوا اور وہ دوڑے دوڑے حضرت ابوبکرؓ کے گھر پہنچے وہاں معلوم ہوا کہ ابوبکرؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گئے ہیں تو وہ بھی اسی وقت حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت عمرؓ کو دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر غصے کے آثار نمودار ہوئے۔ یہ دیکھ کر حضرت ابوبکرؓ بہت ڈرے اور نہایت عاجزی اور انکساری کے ساتھ گھٹنوں کے بل ہو کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ! عمرؓ کا کوئی قصور نہیں۔ قصور سارا میرا ہی ہے۔ میں نے ہی زیادتی کی ہے۔ میں نے ہی انہیں سخت سست کہا ہے۔

یہ دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"خدا نے مجھے تمہارے پاس پیغمبر بنا کر بھیجا اور جب ابتدا میں تم لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے اس وقت ابوبکرؓ نے میری تصدیق کی، اور جان و مال سے ہر طرح میرا ساتھ دیا۔ تو کیا اب تم میرے ساتھی کو رنجیدہ کر کے چھوڑ دو گے؟

صلح صفائی کی کوشش میں کبھی تاخیر نہ کیجئے جتنی تاخیر ہوتی جاتی ہے اتنی ہی خرابی بڑھتی جاتی ہے۔ اور دلوں میں دوری پیدا ہوتی جاتی ہے۔ انجیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یہ نصیحت بڑی ہی ایمان افروز ہے۔

"پس اگر تو قربان گاہ پر اپنی نذر گزارتا ہو اور وہاں تجھے یاد آئے کہ میرے بھائی کو مجھ سے شکایت ہے تو وہیں قربان گاہ کے آگے ہی اپنی نذر چھوڑ دے اور جا کر اپنے بھائی سے ملاپ کر تب اپنی نذر گزران"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"لوگوں کے اعمال ہر پیر اور جمعرات کو ہفتہ میں دو روز پیش ہوتے ہیں۔ اور ہر مومن کو بخش دیا جاتا ہے سوائے اس کے جس کے دل میں اپنے مومن بھائی سے کوئی عداوت ہو کہا جاتا ہے ان کو چھوڑ دو تاکہ یہ آپس میں صلح کر لیں۔"

کسے معلوم کہ آئندہ لمحہ زندگی کا ہے یا موت کا اور کون جانتا ہے کہ اسے پیر یا جمعرات کا دن زندگی میں دیکھنا نصیب ہوگا یا نہیں تو پھر قلب کی صفائی اور دوستوں کی شکایت دور کرنے میں تاخیر کیوں اور کس امید پر؟ کیا یوم آخر پر یقین رکھنے والا کوئی ہوشمند اس کے لئے تیار ہے کہ وہ کھوٹ کپٹ سے بھرا ہوا تاریک اور گھناؤنا دل لے کر خدا کے حضور پہنچے!

اسی کے ساتھ ساتھ اس کا بھی خیال رکھیئے کہ جب آپ کا دوست اپنی غلطی کا اعتراف کرے اور معافی چاہے تو اس کا عذر قبول کیجئے اور اس کو معاف کر دیجئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جس نے کسی مسلمان بھائی سے اپنی غلطی پر عذر کیا۔ اور اس نے اس کو معذور نہ سمجھا یا اس کے عذر کو قبول نہ کیا اس پر اتنا گناہ ہوگا جتنا ایک ناجائز محصول وصول کرنے والے پر اس کی ظلم و زیادتی کا گناہ ہوتا ہے۔"

۱۵۔ دوستوں کی جانب سے اگر کوئی بات طبیعت اور ذوق کے خلاف بھی ہو جائے تو آپ اپنی زبان پر قابو رکھیئے اور جواب میں کبھی سخت کلامی یا بدزبانی نہ کیجئے بلکہ حکمت اور نرمی کے ساتھ بات کو ٹال جائیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا سے پوچھا۔ اے میرے رب! آپ کے نزدیک آپ کے بندوں میں کون سب سے پیارا ہے خدا نے جواب دیا وہ جو انتقام کی قدرت رکھنے کے باوجود معاف کر دے" (مشکوٰۃ)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ۔

"مومن کی میزان میں قیامت کے روز جو سب سے زیادہ وزنی چیز رکھی جائے گی وہ اس کا حسن اخلاق ہوگا۔ اور خدا کو وہ شخص بڑا ہی مبغوض ہے جو زبان سے بے حیائی کی بات نکالتا اور بدزبانی کرتا ہے"

حضرت عبداللہ ابن مبارکؒ نے حسن اخلاق کی تعریف تین باتوں سے فرمائی ہے۔

(۱) جب آدمی کسی سے ملے تو ہنستے مسکراتے چہرے سے ملے۔

(۲) خدا کے محتاج اور ضرورت مند بندوں پر خرچ کرے۔

(۳) اور کسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ خدا کی نظر میں بدترین آدمی قیامت کے روز وہ ہوگا جس کی بدزبانی اور فحش کلامی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا چھوڑ دیں۔ (بخاری، مسلم)

۱۶۔ اپنے دوستوں کی اصلاح و تربیت سے کبھی غفلت نہ کیجیے اور اپنے دوستوں میں وہ بیماری کبھی نہ پیدا ہونے دیجیے جو اصلاح و تربیت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ یعنی خود پسندی اور کبر۔ دوستوں کو ہمیشہ آمادہ

کرتے رہیئے کہ وہ اپنی کوتاہیوں اور غلطیوں کو محسوس کریں اپنی خطاؤں کے اعتراف میں جرأت سے کام لیں۔ اور اس حقیقت کو ہمہ وقت نگاہ میں رکھیں کہ اپنی کوتاہی کو محسوس نہ کرنے اور اپنی برأت پر اصرار کرنے سے نفس کو بدترین غذا ملتی ہے۔

دراصل نمائشی عاجزی دکھانا۔ الفاظ میں اپنے کو حقیر کہنا، رفتار اور انداز میں خشوع کا اظہار کرنا، یہ نہایت آسان ہے لیکن اپنے نفس پر چوٹ سہنا۔ اپنی کوتاہیوں کو ٹھنڈے دماغ سے سننا اور تسلیم کرنا اور اپنے نفس کے خلاف دوستوں کی تنقیدیں برداشت کرنا۔ انتہائی مشکل کام ہے لیکن حقیقی دوست وہی ہیں جو بیدار ذہن کے ساتھ ایک دوسرے کی زندگی پر نگاہ رکھیں اور اس پہلو سے ایک دوسرے کی تربیت و اصلاح کرتے ہوئے کبر اور خود پسندی سے بچاتے رہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

دو تین باتیں ہلاکت میں ڈالنے والی ہیں۔

(۱) ایسی خواہش کہ انسان اس کا تابع اور غلام بن کر رہ جائے۔

(۲) ایسی حرص جس کو پیشوا مان کر آدمی اس کی پیروی کرنے لگے۔

(۳) اور خود پسندی ——— اور یہ بیماری ان تینوں میں سب سے زیادہ خطرناک ہے۔ (بیہقی، مشکوٰۃ)

تنقید و احتساب ایک ایسا نشتر ہے جو اخلاقی وجود کے تمام فاسد مادوں کو باہر نکال پھینکتا ہے۔ اور اخلاقی توانائیوں میں خاطر خواہ اضافہ کرکے فرد اور

معاشرے میں نئی زندگی کی روح پھونک دیتا ہے۔ دوستوں کے احتساب اور تنقید پر بپھرنا، ناک بھوؤں چڑھانا اور خود کو اس سے بے نیاز سمجھنا بھی ہلاکت ہے اور اس خوشگوار فریضے کو ادا کرنے میں کوتاہی برتنا بھی ہلاکت ہے۔ دوستوں کے دامن پر گھناؤنے دھبے نظر آئیں تو بے چینی محسوس کیجئے اور انہیں صاف کرنے کی حکیمانہ تدبیریں کیجئے اور اسی طرح خود بھی فراخدلی اور عاجزی کے ساتھ دوستوں کو ہر وقت یہ موقع دیجئے کہ وہ آپ کے داغ دھبوں کو آپ پر نمایاں کریں۔ اور جب وہ یہ تلخ فریضہ انجام دیں تو اپنے نفس کو پھلانے کے بجائے انتہائی عالی ظرفی، خوش دلی اور احسان مندی کے جذبات سے ان کی تنقید کا استقبال کیجئے اور ان کے اخلاص و کرم کا شکریہ ادا کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مثالی دوستی کی اس کیفیت کو ایک بلیغ تمثیل سے اس طرح واضح فرمایا ہے۔

"تم میں سے ہر ایک" اپنے بھائی کا آئینہ" ہے پس اگر وہ اپنے بھائی میں کوئی خرابی دیکھے تو اسے دُور کر دے"۔ (ترمذی)

اس تمثیل میں پانچ ایسے روشن اشارات ملتے ہیں جس کو پیش نظر رکھ کر آپ اپنی دوستی کو واقعی مثالی دوستی بنا سکتے ہیں۔

(۱) آئینہ آپ کے داغ دھبے اسی وقت ظاہر کرتا ہے جب آپ اپنے داغ دھبے دیکھنے کے ارادے سے اس کے سامنے جا کھڑے ہوتے ہیں اور جب آپ اس کے سامنے سے ہٹ جاتے ہیں تو وہ بھی مکمل خاموشی اختیار کر لیتا ہے۔

اسی طرح آپ بھی اپنے دوست کے عیوب اسی وقت واضح کریں جب وہ خود کو تنقید کے لئے آپ کے سامنے پیش کرے اور فراخدلی سے تنقید واحتساب کا موقع دے۔ اور آپ بھی محسوس کریں کہ اس وقت اس کا ذہن تنقید سننے کے لئے تیار ہے اور دل میں اصلاح قبول کرنے کے جذبات موجزن ہیں۔ اور اگر آپ یہ کیفیت نہ پائیں تو حکمت کے ساتھ اپنی بات کو کسی اور موقع کے لئے اٹھا رکھیں اور خاموشی اختیار کریں۔ اور اس کی غیر موجودگی میں تو اس قدر احتیاط کریں کہ آپ کی زبان پر کوئی ایسا لفظ بھی نہ آئے جس سے اس کے کسی عیب کی طرف اشارہ ہوتا ہو، اس لئے کہ یہ غیبت ہے اور غیبت سے دل جڑتے نہیں بلکہ پھٹتے ہیں۔

(۲) آئینہ چہرے کے انہیں داغ دھبوں کی صحیح صحیح تصویر پیش کرتا ہے جو فی الواقع چہرے پر موجود ہوتے ہیں، نہ وہ کم بتاتا ہے اور نہ وہ ان کی تعداد بڑھا کر پیش کرتا ہے۔ پھر وہ چہرے کے صرف انہیں عیوب کو نمایاں کرتا ہے جو اس کے سامنے آتے ہیں، وہ چھپے ہوئے عیوب کا تجسس نہیں کرتا اور نہ کرید کرید کر عیوب کی کوئی خیالی تصویر پیش کرتا ہے۔ اسی طرح آپ بھی اپنے دوست کے عیوب بے کم وکاست بیان کریں۔ نہ تو بے جا مروت اور خوشامد میں عیوب چھپائیں اور نہ اپنی خطابت اور زور بیان سے اس میں اضافہ کریں۔ اور پھر صرف وہی عیوب بیان کریں جو عام زندگی سے آپ کے سامنے آئیں تجسس اور ٹوہ میں نہ لگیں۔ پوشیدہ عیبوں کو کریدنا کوئی اخلاقی خدمت نہیں بلکہ ایک تباہ کن اور اخلاق سوز عیب ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار ممبر پر چڑھے اور نہایت اونچی آواز میں آپ نے حاضرین کو تنبیہہ فرمائی۔

"مسلمانوں کے عیوب کے پیچھے نہ پڑو۔ جو شخص اپنے مسلمان بھائیوں کے پوشیدہ عیوب کے درپے ہوتا ہے تو پھر خدا اس کے پوشیدہ عیوب کو طشت ازبام کرنے پر تل جاتا ہے اور جس کے عیب افشا کرنے پر خدا تل جائے تو وہ اس کو رسوا کر کے ہی چھوڑتا ہے۔ اگرچہ وہ اپنے گھر کے اندر گھس کر ہی کیوں نہ بیٹھ جائے"۔ (ترمذی)

(۳) آئینہ ہر غرض سے پاک ہو کر بے لاگ انداز میں اپنا فرض ادا کرتا ہے اور جو شخص بھی اس کے سامنے اپنا چہرہ پیش کرتا ہے وہ بغیر کسی غرض کے اس کا صحیح صحیح نقشہ اس کے سامنے رکھ دیتا ہے نہ وہ کسی سے بغض اور کینہ رکھتا ہے اور نہ کسی سے انتقام لیتا ہے۔ آپ بھی ذاتی اغراض، جذبۂ انتقام، بغض وکینہ اور ہر طرح کی بدنیتی سے پاک ہو کر بے لاگ احتساب کیجئے اور اس لئے کیجئے کہ آپ کا دوست اپنے کو سنوار لے جس طرح آئینہ کو دیکھ کر آدمی اپنے کو بنا سنوار لیتا ہے۔

(۴) آئینہ میں اپنی صحیح تصویر دیکھ کر نہ تو کوئی جھنجھلاتا ہے اور نہ غصے سے بے قابو ہو کر آئینہ توڑ دینے کی احماقت کرتا ہے۔ بلکہ فوراً اپنے کو بنانے سنوارنے میں لگ جاتا ہے اور دل ہی دل میں آئینے کی قدر و قیمت محسوس کرتے ہوئے زبانِ حال سے اس کا شکریہ ادا کرتا ہے اور کہتا ہے واقعی آئینے نے میرے بنانے سنوارنے میں میری بڑی مدد کی اور اپنا فطری فریضہ انجام دیا اور پھر

نہایت احتیاط کے ساتھ دوسرے وقت کے لئے اس کو بحفاظت رکھ دیتا ہے۔ اسی طرح جب آپ کا دوست اپنے الفاظ کے آئینے میں آپ کے سامنے آپ کی صحیح تصویر رکھے تو آپ جھنجھلا کر دوست پر جوابی حملہ نہ کریں۔ بلکہ اسکے شکر گزار ہوں کہ اس نے دوستی کا حق ادا کیا اور نہ صرف زبان سے بلکہ دل سے اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اسی لمحے سے اپنی اصلاح و تربیت کے لئے فکر مند ہو جائیں اور انتہائی فراخدلی اور احسان مندی کے ساتھ دوست کی قدر و عظمت محسوس کرتے ہوئے اس سے درخواست کریں کہ آئندہ بھی وہ آپ کو اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتا رہے۔

(۵) اور آخری اشارہ یہ ہے کہ مسلمانوں میں سے ہر ایک "اپنے بھائی کا آئینہ" ہے اور بھائی بھائی کے لئے اخلاص و محبت کا پیکر ہوتا ہے، وفادار اور خیر خواہ ہوتا ہے، ہمدرد اور غمگسار ہوتا ہے۔ بھائی کو مصیبت میں دیکھ کر تڑپ اٹھتا ہے۔ اور خوش دیکھ کر باغ باغ ہو جاتا ہے۔ اس لئے بھائی اور دوست جو تنقید کرے گا اس میں انتہائی دلسوزی اور غمخواری ہو گی۔ محبت اور خلوص ہو گا۔ بے پایاں دردمندی اور خیر خواہی ہو گی۔ اور لفظ لفظ جذبۂ اصلاح کا آئینہ دار ہو گا۔ اور ایسی ہی تنقید سے دلوں کو جوڑنے اور زندگیوں کو بنانے کی توقع کی جا سکتی ہے۔

۱۷۔ دوستوں سے خلوص و محبت کا اظہار کرنے اور محبت کو اور زیادہ بڑھانے کے لئے ہدیوں اور تحفوں کا تبادلہ بھی کیجیے۔ ہدیوں کے لینے دینے سے دل جڑتے ہیں اور محبتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا

ارشاد ہے۔

"ایک دوسرے کو ہدیہ بھیجا کرو۔ تو آپس میں محبت پیدا ہوگی۔ اور دلوں کی کدورت اور دوری جاتی رہے گی۔" (مشکوٰۃ)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود اپنے اصحاب کو کثرت سے ہدیئے دیتے تھے اور آپ کے صحابہ بھی آپس میں کثرت سے ایک دوسرے کو ہدیے اور تحفے دیتے رہتے تھے۔

ہدیہ دیتے وقت اپنی حیثیت کو سامنے رکھیئے اور یہ نہ سوچیئے کہ آپ جس کو ہدیہ دیں قیمتی ہدیہ ہی دیں۔ جو کچھ بھی میسّر ہو دیجئے ہدیہ کے قیمتی ہونے نہ ہونے کا انحصار آپ کے اخلاص اور جذبات پر ہے۔ اور یہی خلوص و جذبات دلوں کو جوڑتے ہیں۔ ہدیے کی قیمت نہیں جوڑتی۔ اسی طرح دوست کے ہدیئے کو بھی کبھی حقیر نہ سمجھیئے اس کے اخلاص و محبت پر نگاہ رکھیئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

اگر مجھے تحفے میں کوئی بکری کا ایک پایا بھی پیش کرے تو میں ضرور قبول کرونگا۔ اور اگر کوئی دعوت میں ایک پایا ہی کھلائے تو میں ضرور اس دعوت میں جاؤں گا۔" (ترمذی)

ہدیئے کے بدلے میں ہدیہ ضرور دیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کا اہتمام فرماتے تھے۔ آپ کے نزدیک پسندیدہ تحفہ، خوشبو کا تحفہ تھا۔ آپ بھی اس تحفے کو پسندیدہ سمجھیئے۔ اور آج کے حالات میں کتاب بھی بہترین تحفہ ہے۔

اسی سلسلہ میں کبھی کبھی ساتھ مل کر کھانے پینے کا بھی اہتمام کیجیئے۔ دوستوں کو

اپنے یہاں کھانے پر بلایئے۔ دوست احباب دعوت کریں تو نہایت خوشی سے ان کے یہاں جایئے۔ اس سے بھی محبت و خلوص کے جذبات بڑھتے اور مستحکم ہوتے ہیں البتہ اس طرح کے مواقع پر غیر معمولی تکلفات برتنے اور سامانِ خورد و نوش میں فراوانی دکھانے کے بجائے آپ اخلاص و محبت کے جذبات کی مقدار بڑھانے پر زیادہ توجہ دیجئے۔

۱۸۔ دوستوں کی خبر گیری کیجئے۔ ضرورتوں میں اُن کے کام آیئے اور ہر طرح جان و مال سے ان کی مدد کیجئے۔ اصبہانی کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کے پاس ایک آدمی آیا اور پوچھا کہ لوگوں میں خدا کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ آپ نے جواب دیا۔

"تمام لوگوں میں خدا کے نزدیک زیادہ محبوب وہ آدمی ہے جو انسانوں کو زیادہ نفع پہنچانے والا ہو اور اعمال میں خدا کے نزدیک زیادہ پسندیدہ یہ ہے کہ تو کسی مسلمان کو خوش کر دے۔ اس طرح کہ اس کی مصیبت و مشکل دور کرے۔ یا اس کی بھوک مٹا دے اور یہ بات کہ میں کسی بھائی کے ساتھ اس کی ضرورت پوری کرنے کے لئے جاؤں مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں (نبیؐ کی) اس مسجد میں اعتکاف کروں، اور جس شخص نے اپنا غصہ اس حال میں پی لیا کہ اگر وہ چاہتا تو اپنے غصے کو پورا کر لیتا۔ تو قیامت کے روز خدا اس کے دل کو اپنی خوشنودی سے بھر دے گا اور جو اپنے بھائی کے ساتھ اس کی ضرورت پوری کرنے کی خاطر چلا اور اس کی وہ ضرورت پوری کر دی تو خدا اس کے دونوں قدموں کو اس دن ثبات بخشے گا جب قدم لڑکھڑا رہے

ہوں گے ۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے " جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے گا تو خدا اس کی ضرورت پوری کرنے میں لگا رہے گا ۔ اور جو کسی مسلمان کی کوئی مصیبت دور کرے گا تو خدا قیامت کی مصیبتوں میں سے کسی مصیبت کو اس سے دور فرمائے گا ۔" (بخاری، مسلم)

○ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا " خدا اپنے بندے کی مدد میں اس وقت تک لگا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے ۔ (ترمذی)

○ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی مسلمان کی حاجت پوری کرنے کا اجر و ثواب دس سال کے اعتکاف سے بھی زیادہ ہے ۔" (طبرانی)

○ اور حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو آدمی اپنے مسلمان بھائی کے پاس خوشی اور مسرت کی بات لے کر پہنچتا ہے اور اس بات سے اس کو خوش کر دیتا ہے تو خدا قیامت کے دن اس بندے کو خوش کر دے گا ۔ (طبرانی)

۱۹ ۔ بہترین راز دار بنیئے ۔ دوست آپ پر اعتماد کر کے آپ سے دل کی بات کہہ دے تو اس کی حفاظت کیجیے اور کبھی دوست کے اعتماد کو ٹھیس نہ لگائیے ۔ اپنے سینے کو رازوں کا محفوظ دفینہ بنائیے ۔ تاکہ دوست بغیر کسی جھجک کے ہر معاملہ میں مشورہ لے سکے ۔ اور آپ دوست کو اچھے مشورے دے سکیں اور

تعاون کر سکیں۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ حفصہؓ جب بیوہ ہوئیں تو میں عثمانؓ سے ملا اور کہا کہ اگر تم چاہو تو حفصہؓ کا نکاح تم سے کر دوں، عثمانؓ نے جواب دیا میں اس معاملے پر غور کر دوں گا۔ میں نے کئی راتوں تک ان کا انتظار کیا پھر عثمان مجھ سے ملے اور بولے میرا ابھی شادی کرنے کا خیال نہیں ہے میں پھر ابوبکرؓ کے پاس گیا۔ اور کہا اگر آپ پسند فرمائیں تو حفصہؓ کو اپنی زوجیت میں لے سکتے ہیں۔ وہ خاموش رہے اور کوئی جواب نہیں دیا مجھے ان کی خاموشی بہت کھلی عثمانؓ سے بھی زیادہ کھلی۔ اس طرح کئی دن گذر گئے۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حفصہؓ کا پیغام بھیجا اور میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حفصہؓ کا نکاح کر دیا۔ اس کے بعد ابوبکرؓ ایک دن مجھ سے ملے اور فرمایا تم نے مجھ سے حفصہؓ کا ذکر کیا تھا۔ اور میں نے خاموشی اختیار کی تھی ہو سکتا ہے تمہیں میری خاموشی سے تکلیف ہوئی ہو۔ میں نے کہا ہاں تکلیف تو ہوئی تھی۔ فرمایا مجھے معلوم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خود ایسا خیال ہے۔ اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک راز تھا جس کو میں ظاہر کرنا نہ چاہتا تھا۔ اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم حفصہؓ کا ذکر نہ فرماتے تو میں ضرور قبول کر لیتا۔ (بخاری)

حضرت انسؓ ایک دن لڑکوں میں کھیل رہے تھے کہ اتنے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ہمیں سلام کیا۔ پھر اپنی ایک ضرورت بتا کر مجھے بھیجا۔ مجھے اس کام کے کرنے میں دیر لگی۔ کام سے فارغ ہو کر جب میں گھر گیا۔ تو ماں نے پوچھا "اتنی دیر کہاں لگائی؟" میں نے کہا "نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

اپنی ایک ضرورت سے بھیجا تھا۔" بولیں "کیا ضرورت تھی؟" مَیں نے کہا "وہ راز کی بات ہے۔" ماں نے کہا "دیکھو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا راز کسی کو نہ بتانا!" (مسلم)

۲۰۔ اجتماعی اخلاق میں ایسی وسعت، ہمہ جہتی، تحمل اور رسائی پیدا کیجیے کہ ہر ذوق و طبیعت اور ہر فکر و رجحان رکھنے والا آپ کی ذات میں غیر معمولی کشش محسوس کرے۔ اور آپ ہر ایک کے مخصوص ذوق و رجحان اور مخصوص افتادِ طبع کی رعایت کرتے ہوئے ایسا حکیمانہ سلوک کیجیے کہ کسی کے جذبات کو ٹھیس نہ لگے۔ ہر ایک کو اپنے مخصوص ذوق کے پیمانے سے ناپنے کی غیر حکیمانہ کوشش نہ کیجیے اور نہ ہر ایک کو اپنی افتادِ طبع پر ڈھالنے کی ناکام اور جہل کوشش کیجیے۔ ذوق و طبیعت کا اختلاف ایک فطری حُسن ہے۔ فطرت کے حسن کو مصنوعی حُسن کی بے جا توقع میں مسخ نہ کیجیے ہر دوست کو اس کے فطری مقام پر رکھتے ہوئے اس سے دلچسپی لیجیے اور اس کی قدر و عظمت کیجیے اور اپنے ہمہ گیر اخلاق کے ذریعے اس کو اپنی ذات سے وابستہ رکھنے کی کوشش کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمہ جہتی عبقریت ہی کا یہ کمال تھا کہ ہر ذوق اور ہر طبیعت کا انسان آپ کی مجلس میں سکون پاتا اور اپنی افتادِ طبع کی حکیمانہ رعایت پاتے ہوئے کوئی ادنیٰ اجنبیت بھی محسوس نہ کرتا۔ آپ کی مجلس میں ابوبکرؓ جیسے سراپا حلم و شفقت بھی تھے اور عمر فاروقؓ جیسے برہنہ شمشیر بھی۔ حسان ابن ثابتؓ جیسے جنگ سے لرزنے والے بھی اور علیؓ جیسے فاتحِ خیبر بھی، ابوذر غفاریؓ جیسے فقیر منش، غم پسند بھی، اور عبدالرحمٰن ابن عوفؓ جیسے صاحبِ دولت و جاہ بھی۔ لیکن نبی صلی اللہ

علیہ وسلم کے وسعت اخلاق اعلیٰ کردار اور حسن فکر و تدبیر کا کمال یہ تھا کہ یہ سب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے بھی بے مثال والہانہ عشق رکھنے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کا اس قدر لحاظ رکھتے کہ ہر ایک یہ سمجھتا کہ شاید نبی صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ مجھ ہی کو چاہتے ہیں۔ اور اسی وسعت اخلاق، حسن فکر و تدبیر اور غیر معمولی ایثار کی بدولت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کا وہ مثالی جتھا تیار کیا۔ جن میں طبیعتوں کے باہمی اختلاف کے باوجود وہ بے مثال یکجہتی غیر معمولی اتحاد و تعاون اور قابل رشک الفت و لگاؤ تھا کہ انسانی تاریخ اپنے ان صفحات کو بجا طور پر اپنی طویل عمر کا حاصل سمجھتی ہے۔

آپ کی دوستیاں درحقیقت اسی وقت کامیاب اور پائیدار ہو سکتی ہیں جب آپ اجتماعی اخلاق میں حکیمانہ لچک اور غیر معمولی صبر و تحمل پیدا کریں اور دوستانہ تعلقات میں رواداری، عفو و درگزر، فیاضانہ برتاؤ جذباتی ایثار۔ باہمی مراعات، کسر و انکسار، ایک دوسرے کے جذبات کا پاس و لحاظ اور خیر خواہی کا ضروری حد تک اہتمام کریں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چند واقعات سے اندازہ کیجیے کہ آپؐ کس عالی ظرفی، فراخدلی، تحمل و بردباری اور رواداری کے ساتھ لوگوں کی فطری ضروریات، جذبات اور کمزوریوں کا لحاظ فرماتے تھے۔

○ میں نماز کے لئے آتا ہوں اور جی چاہتا ہے کہ لمبی نماز پڑھاؤں، پھر کسی بچے کے رونے کی آواز کان میں آتی ہے تو میں نماز کو مختصر کر دیتا ہوں کیونکہ مجھ پر یہ بات انتہائی گراں ہے کہ میں نماز کو طول دے کر بچے کی ماں

کو زحمت میں مبتلا کردں۔" (بخاری)

○ حضرت مالک ابن الحویرث فرماتے ہیں کہ "ہم چند ہم عمر نوجوان دین کا علم حاصل کرنے کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں پہنچے۔ ہم نے بیس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں قیام کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی رحیم اور نرم معاملہ کرنے والے تھے۔ (جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں رہتے ہوئے ہمیں بیس دن ہو گئے تو) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے محسوس کیا کہ ہم گھر جانے کے شوق میں ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے پوچھا تم اپنے گھروں میں اپنے پیچھے کن کن لوگوں کو چھوڑ آئے ہو۔ ہم نے گھر کے حالات بتائے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جاؤ اپنے بیوی بچوں میں واپس جاؤ۔ اور ان کے درمیان رہ کر انہیں بھی وہ سب سکھاؤ جو تم نے سیکھا ہے۔ اور انہیں بھلے کاموں کی تلقین کرو۔ اور فلاں نماز فلاں وقت پڑھو۔ اور فلاں نماز فلاں وقت پڑھو۔ اور جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں کا کوئی ایک اذان دے دے اور جو تم لوگوں میں علم واخلاق کے لحاظ سے بڑھا ہوا ہو وہ نماز پڑھائے۔ (بخاری، مسلم)

○ حضرت معاویہ ابن حکم سُلمیؓ اپنا قصہ سناتے ہیں کہ "مَیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ اتنے میں ایک آدمی کو چھینک آئی۔ نماز پڑھتے ہی میں میری زبان سے "یَرْحَمُكَ اللّٰہُ" نکل گیا۔ تو لوگ مجھے گھورنے لگے میں نے کہا خدا تمہیں سلامت رکھے مجھے کیوں گھور رہے ہو! پھر جب میں نے دیکھا کہ وہ مجھ سے خاموش رہنے کو کہہ رہے ہیں تو میں خاموش ہو گیا جب نبی صلی اللہ

علیہ وسلم نماز سے فارغ ہو گئے ــــــ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان، میں نے نبیؐ سے زیادہ بہتر تعلیم و تربیت کرنے والا نہ تو پہلے دیکھا نہ بعد میں۔ آپؐ نے نہ تو مجھے ڈانٹا، نہ مارا اور نہ بُرا بھلا کہا۔ صرف اتنا کہا یہ نماز ہے نماز میں بات چیت کرنا مناسب نہیں۔ نماز تو نام ہے خدا کی پاکی بیان کرنے کا، اس کی بڑائی بیان کرنے کا، اور قرآن پڑھنے کا"۔ (مسلم)

۲۱۔ دعا کا خصوصی اہتمام کیجئے خود بھی دوستوں کے لئے دعا کیجئے اور ان سے بھی دعا کی درخواست کیجئے۔ دعا دوستوں کے سامنے بھی کیجئے اور ان کی عدم موجودگی میں بھی، عدم موجودگی میں دوستوں کا خیال کر کے اور ان کا نام لے کر بھی دعا کیجئے۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں "میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرہ کی اجازت چاہی" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دیتے ہوئے فرمایا "اے میرے بھائی اپنی دعاؤں میں ہمیں نہ بھولنا۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں "مجھے اس بات سے خوشی ہوئی کہ اگر اس کے بدلے مجھے پوری دنیا بھی ملتی تو اتنی خوشی نہ ہوتی"۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے لئے غائبانہ دعا کرتا ہے تو خدا اس کو قبول فرماتا ہے اور دعا کرنے والے کے سرہانے ایک فرشتہ مقرر رہتا ہے کہ جب وہ شخص اپنے بھائی کے لئے اچھی دعا کرتا ہے تو فرشتہ آمین کہتا ہے اور کہتا ہے تیرے لئے بھی وہی کچھ ہے جو تو اپنے بھائی کے لئے مانگ رہا ہے۔ (صحیح مسلم)

اپنی مخلصانہ دعاؤں میں خدا سے یہ درخواست کرتے رہیئے۔ کہ خدایا ہمارے دلوں کو بغض و عناد اور کدورتوں کے غبار سے دھو دے، اور ہمارے سینوں کو

خلوص و محبت سے جوڑ دے۔ اور ہمارے تعلقات کو باہمی اتحاد و الفت کے ذریعے خوشگوار بنا۔ قرآن پاک کی اس دعا کا بھی اہتمام کیجئے۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ۔ (الحشر)

"اے رب! ہماری اور ہمارے ان بھائیوں کی مغفرت فرما جو ایمان میں ہم سے سبقت لے گئے۔ اور ہمارے دلوں میں ایک دوسرے کے خلاف کینہ اور کدورت نہ رہنے دے۔ اے ہمارے رب تو بڑا ہی مہربان اور بہت ہی رحم فرمانے والا ہے"

میزبانی کے آداب

۱۔ مہمان کے آنے پر خوشی اور محبت کا اظہار کیجئے اور نہایت خوش دلی، وسعت قلب اور عزت و اکرام کے ساتھ اس کا استقبال کیجئے۔ تنگ دلی، بیزاری سرد مہری اور کڑھن کا اظہار ہرگز نہ کیجئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو لوگ خدا اور یوم آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہیں اپنے مہمان کی خاطر تواضع کرنی چاہیئے۔ (بخاری، مسلم)

خاطر تواضع کرنے میں وہ ساری ہی باتیں داخل ہیں جو مہمان کے اعزاز و اکرام، آرام و راحت، سکون و مسرت، اور تسکین جذبات کے لئے ہوں، خندہ پیشانی اور خوش اخلاقی سے پیش آنا، ہنسی خوشی کی باتوں سے دل بہلانا۔ عزت و اکرام کے ساتھ بیٹھنے لیٹنے کا انتظام کرنا۔ اپنے معزز دوستوں سے تعارف اور ملاقات کرانا۔ اس کی ضروریات کا لحاظ رکھنا۔ نہایت خوش دلی اور فراخی کے ساتھ کھانے پینے کا انتظام کرنا۔ اور خود بنفس نفیس خاطر مدارات میں لگے رہنا یہ سب ہی باتیں "اکرام ضیف" میں داخل ہیں۔

○ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب معزز مہمان آتے تو آپ خود بنفس نفیس ان کی خاطر داری فرماتے تھے۔

"جب آپؐ مہمان کو اپنے دستر خوان پر کھانا کھلاتے تو بار بار فرماتے اور کھائیے اور کھائیے۔ جب مہمان خوب آسودہ ہو جاتا اور انکار کرتا تب آپؐ اصرار سے باز آتے۔"

۲۔ مہمان کے آنے پر سب سے پہلے اس سے سلام دعا کیجیے اور خیر و عافیت معلوم کیجیے۔ قرآن میں ہے۔

هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ۘ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ۔

کیا آپ کو ابراہیمؑ کے معزز مہمانوں کی حکایت بھی پہنچی ہے کہ جب وہ ان کے پاس آئے تو آتے ہی سلام کیا۔ ابراہیم علیہ السلام نے جواب میں سلام کیا۔

۳۔ دل کھول کر مہمان کی خاطر تواضع کیجیے اور جو اچھے سے اچھا میسر ہو مہمان کے سامنے فوراً پیش کیجیے ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مہمان جب آئے تو حضرت فوراً ان کے کھانے پینے کے انتظام میں لگ گئے اور جو موٹا تازہ بچھڑا انہیں میسر تھا اسی کا گوشت بھون کر مہمانوں کی خدمت میں پیش کیا۔ قرآن میں ہے۔

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ ۔ (الذاریات)

تو جلدی سے گھر میں جا کر ایک موٹا تازہ بچھڑا (ذبح کر کے بھنوا) لائے اور مہمانوں کے سامنے پیش کیا۔

"فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ" کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ وہ چپکے سے گھر میں مہمانوں

کی خاطر تواضع کرنے کا انتظام کرنے کے لئے چلے گئے اس لئے کہ مہمانوں کو دکھا کر اور جتا کر ان کے کھانے پینے اور خاطر تواضع کرنے کی دوڑ دھوپ ہو گی تو وہ شرم اور میزبان کی تکلیف کی وجہ سے منع کریں گے اور پسند نہ کریں گے کہ ان کی وجہ سے میزبان کسی غیر معمولی زحمت میں پڑے اور پھر مہمان کے لئے موقع نہ ہوگا کہ وہ خاطر خواہ خاطر داری کر سکے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہمان کی خاطر داری پر جس انداز سے ابھارا ہے اس کا نقشہ کھینچتے ہوئے حضرت ابو شریح فرماتے ہیں۔

"میری ان دو آنکھوں نے دیکھا اور ان دو کانوں نے سنا جب کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہدایت دے رہے تھے" "جو لوگ خدا اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہوں، انہیں اپنے مہمان کی خاطر تواضع کرنی چاہیئے۔ مہمان کے انعام کا موقع پہلا شب و روز ہے" (بخاری مسلم)

پہلے شب و روز کی میزبانی کو انعام سے تعبیر کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ جس طرح انعام دینے والا دل کی انتہائی خوشی اور محبت کے گہرے جذبات کے ساتھ انعام دیتے ہوئے روحانی سرور محسوس کرتا ہے ٹھیک یہی کیفیت پہلے شب و روز میں میزبان کی ہونی چاہیئے اور جس طرح انعام لینے والا مسرت و شادمانی کے جذبات سے سرشار انعام دینے والے کے احساسات کی قدر کرتے ہوئے اپنا حق سمجھ کر انعام وصول کرتا ہے ٹھیک اسی کیفیت کا مظاہرہ پہلے شب و روز میں مہمان کو بھی کرنا چاہیئے۔ اور بغیر کسی جھجک کے اپنا حق سمجھتے ہوئے خوشی اور قربت کے جذبات کے ساتھ میزبان کی پیشکش

قبول کرنی چاہیئے۔

۴۔ مہمان کے آتے ہی اس کی انسانی ضرورتوں کا احساس کیجیئے۔ رفع حاجت کے لئے پوچھیئے۔ منہ ہاتھ دھونے کا انتظام کیجیئے۔ ضرورت ہو تو غسل کا انتظام بھی کیجیئے۔ کھانے پینے کا وقت نہ ہو جب بھی معلوم کر لیجیئے۔ اور اس خوش اسلوبی سے کہ مہمان تکلف میں انکار نہ کرے۔ جس کمرے میں لیٹنے بیٹھنے اور ٹھیرانے کا نظم کرنا ہو وہ مہمان کو بتا دیجیئے۔

۵۔ ہر وقت مہمان کے پاس دھرنا مارے بیٹھے نہ رہیئے اور اسی طرح رات گئے تک مہمان کو پریشان نہ کیجیئے۔ تاکہ مہمان کو آرام کرنے کا موقع ملے اور وہ پریشانی محسوس نہ کرے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جب مہمان آئے تو اُن کے کھانے پینے کا انتظام کرنے کے لئے مہمانوں سے کچھ دیر کے لئے الگ ہو گئے۔

۶۔ مہمانوں کے کھانے پینے پر مسرت محسوس کیجیئے تنگدلی، کڑھن اور کوفت محسوس نہ کیجیئے۔ مہمان زحمت نہیں بلکہ رحمت اور خیر و برکت کا ذریعہ ہوتا ہے اور خدا جس کو آپ کے یہاں بھیجتا ہے اس کا رزق بھی اتار دیتا ہے وہ آپ کے دستر خوان پر آپ کی قسمت کا نہیں کھاتا بلکہ اپنی قسمت کا کھاتا ہے اور آپ کے اعزاز و اکرام میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

۷۔ مہمان کی عزت و آبرو کا بھی لحاظ رکھیئے۔ اور اس کی عزت و آبرو کو اپنی عزت و آبرو سمجھیئے۔ آپ کے مہمان کی عزت پر کوئی حملہ کرے تو اس کو اپنی غیرت و حمیت کے خلاف چیلنج سمجھیئے۔

قرآن میں ہے کہ جب حضرت لوط علیہ السلام کے مہمانوں پر بستی کے

لوگ بدنیتی کے ساتھ حملہ آور ہوئے تو وہ مدافعت کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا۔ یہ لوگ میرے مہمان ہیں۔ ان کے ساتھ بدسلوکی کر کے مجھے رسوا نہ کرو ان کی رسوائی میری رسوائی ہے۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَیْفِیْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ۔ (الحجر ۶۸-۶۹)

"لوط نے کہا بھائیو! یہ میرے مہمان ہیں مجھے رسوا نہ کرو۔ خدا سے ڈرو اور میری بے عزتی سے باز رہو"

۸۔ تین دن تک انتہائی شوق اور ولولے کے ساتھ میزبانی کے تقاضے پورے کیجیے۔ تین دن تک کی ضیافت مہمان کا حق ہے اور حق ادا کرنے میں مومن کو انتہائی فراخ دل ہونا چاہیئے۔ پہلا دن خصوصی خاطر مدارات کا ہے۔ اس لئے پہلے روز مہمان نوازی کا پورا پورا اہتمام کیجیے ـــــ بعد کو دو دنوں میں اگر وہ غیر معمولی اہتمام نہ رہ سکے۔ تو کوئی مضائقہ نہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

وَالضِّیَافَةُ ثَلَاثَةُ اَیَّامٍ فَمَا بَعْدَ ذَالِكَ فَهُوَ لَهٗ صَدَقَةٌ۔ (بخاری مسلم)

"اور مہمان نوازی تین دن تک ہے اس کے بعد میزبان جو کچھ کرے گا وہ اس کے لئے صدقہ ہوگا۔"

۹۔ مہمان کی خدمت کو اپنا اخلاقی فرض سمجھیئے اور مہمان کو ملازموں یا بچوں کے حوالے کرنے کے بجائے خود اس کی خدمت اور آرام کے لئے کمربستہ رہیئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم معزز مہمانوں کی مہمان نوازی خود فرماتے تھے۔ حضرت امام

شافعیؒ جب امام مالکؒ کے یہاں جا کر بطورِ مہمان ٹھیرے تو امام مالکؒ نے نہایت عزت و احترام سے انھیں ایک کمرے میں سُلا دیا۔ سحر کے وقت امام شافعیؒ نے سُنا کہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا اور بڑی ہی شفقت سے آواز دی "آپ پر خدا کی رحمت ہو نماز کا وقت ہو گیا ہے۔" امام شافعیؒ فوراً اُٹھے، کیا دیکھتے ہیں کہ امام مالکؒ ہاتھ میں پانی کا بھرا ہوا لوٹا لئے کھڑے ہیں امام شافعیؒ کو کچھ شرم سی محسوس ہوئی۔ امام مالکؒ تاڑ گئے اور نہایت محبت کے ساتھ بولے۔ بھائی! تم کوئی خیال نہ کرو۔ مہمان کی خدمت تو کرنا ہی چاہیئے۔

۱۰۔ مہمان کو ٹھیرانے کے بعد، بیت الخلاء بتا دیجئے۔ پانی کا لوٹا دے دیجئے، قبلے کا رُخ بتا دیجئے۔ نماز کی جگہ اور مصلّے وغیرہ مہیا کر دیجئے۔ امام شافعیؒ کو امام مالکؒ کے خادم نے ایک کمرے میں ٹھیرانے کے بعد کہا۔ حضرت قبلے کا رُخ یہ ہے۔ پانی کا برتن یہاں رکھا ہے۔ بیت الخلاء اس طرف ہے۔

۱۱۔ کھانے کے لئے جب ہاتھ دھلائیں تو پہلے خود ہاتھ دھو کر دسترخوان پر پہنچیئے اور پھر مہمان کے ہاتھ دُھلوائیے۔ امام مالکؒ نے جب یہی عمل کیا۔ تو امام شافعیؒ نے اس کی وجہ پوچھی۔ تو فرمایا۔ کھانے سے پہلے تو میزبان کو پہلے ہاتھ دھونا چاہیئے اور دسترخوان پر پہنچ کر مہمان کو خوش آمدید کہنے کے لئے تیار ہو جانا چاہیئے اور کھانے کے بعد مہمانوں کے ہاتھ دُھلوا لے چاہئیں اور سب کے بعد میزبان کو ہاتھ دھونے چاہئیں۔ ہو سکتا ہے کہ اُٹھتے اُٹھتے کوئی اور آپہنچے۔

۱۲۔ دستر خوان پر خورد و نوش کا سامان اور برتن وغیرہ مہمانوں کی تعداد سے کچھ زیادہ رکھیئے ہو سکتا ہے کہ کھانے کے دوران کوئی اور صاحب آجائیں اور پھر ان کے لئے انتظام کرنے کو دوڑنا بھاگنا پڑے۔ اور اگر برتن اور سامان پہلے سے موجود ہو گا تو آنے والا بھی سُبکی کے بجائے مسرت اور عزت افزائی محسوس کرے گا۔

۱۳۔ مہمان کے لئے ایثار سے کام لیجئے۔ خود تکلیف اٹھا کر اس کو آرام پہنچائیے۔

ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص آیا اور بولا حضور! میں بھوک سے بے تاب ہوں، آپؐ نے اپنی کسی بیوی کے یہاں کہلایا، کھانے کے لئے جو کچھ موجود ہو بھیج دو۔ جواب آیا۔ اُس خدا کی قسم جس نے آپؐ کو پیغمبر بنا کر بھیجا ہے یہاں تو پانی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ پھر آپؐ نے دوسری بیوی کے یہاں کہلا بھیجا وہاں سے بھی یہی جواب آیا۔ یہاں تک کہ آپؐ نے ایک ایک کر کے سب بیویوں کے یہاں کہلوایا اور سب کے یہاں سے اسی طرح کا جواب آیا۔ اب آپؐ اپنے صحابیوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا آج رات کے لئے اس مہمان کو کون قبول کرتا ہے۔ ایک انصاری صحابیؓ نے کہا یا رسول اللہ! میں قبول کرتا ہوں۔

انصاری مہمان کو لے کر گھر لے گئے۔ اور گھر جا کر بیوی کو بتایا "میرے ساتھ یہ رسول اللہ کے مہمان ہیں ان کی خاطر داری کرو"۔ بیوی نے کہا "میرے پاس تو صرف بچوں کے لائق کھانا ہے"۔ صحابی نے کہا بچوں کو کسی طرح بہلا کر سُلا دو اور

جب مہمان کے سامنے کھانا رکھو تو کسی بہانے سے چراغ بجھا دینا اور کھانے پر مہمان کے ساتھ بیٹھ جانا تاکہ اس کو یہ محسوس ہو کہ ہم بھی کھانے میں شریک ہیں۔"

اس طرح مہمان نے تو پیٹ بھر کر کھایا اور گھر والوں نے ساری رات فاقے سے گزاری۔ صبح جب یہ صحابیؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ تو آپؐ نے دیکھتے ہی فرمایا۔ تم دونوں نے رات اپنے مہمان کے ساتھ جو حسن سلوک کیا وہ خدا کو بہت ہی پسند آیا۔ (بخاری، مسلم)

۱۴۔ اگر آپ کے مہمان نے کبھی کسی موقع پر آپ کے ساتھ بے مروتی اور روکھے پن کا سلوک کیا ہو تب بھی آپ اس کے ساتھ نہایت فراخدلی، وسعت ظرف اور فیاضی کا سلوک کیجیے۔

حضرت ابوالاحوص جشمیؓ اپنے والد کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ ایک بار انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا "اگر کسی کے پاس میرا گزر ہو اور وہ میری ضیافت اور مہمانی کا حق ادا نہ کرے اور پھر کچھ دنوں کے بعد اس کا گزر میرے پاس ہو تو کیا میں اس کی مہمانی کا حق ادا کروں؟ یا اس (کی بے مروتی اور بے رخی) کا بدلہ اُسے چکھاؤں؟" نبیؐ نے ارشاد فرمایا "نہیں بلکہ تم بہر حال اس کی مہمانی کا حق ادا کرو۔" (مشکوٰۃ)

۱۵۔ مہمان سے اپنے حق میں خیر و برکت کی دُعا کے لئے درخواست کیجیے بالخصوص اگر مہمان نیک، دیندار اور صاحب فضل ہو۔ حضرت عبداللہ ابن بسرؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد کے یہاں مہمان ٹھیرے۔ ہم نے

آپؐ کے سامنے ہریسہ پیش کیا۔ آپؐ نے تھوڑا سا تناول فرمایا پھر ہم نے کھجوریں پیش کیں۔ آپؐ کھجوریں کھاتے تھے اور گٹھلیاں شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی میں پکڑ پکڑ کر پھینکتے جاتے تھے۔ پھر پینے کے لئے کچھ پیش کیا گیا۔ آپؐ نے نوش فرمایا۔ اور اپنے دائیں طرف بیٹھنے والے کے آگے بڑھا دیا۔ جب آپؐ تشریف لے جانے لگے تو والد محترم نے آپؐ کی (سواری) کی لگام پکڑ لی اور درخواست کی کہ حضورؐ ہمارے لئے دعا فرمائیں ــــــــ اور نبیؐ نے دُعا فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ، وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ۔

(ترمذی)۔

"خدایا! تو نے ان کو جو رزق دیا ہے اس میں برکت فرما۔ ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم کر۔"

مہمانی کے آداب

۱۔ کسی کے یہاں مہمان جائیں تو حسبِ حیثیت، میزبان، یا میزبان کے بچوں کے لئے کچھ تحفے تحائف لیتے جایئے اور تحفے میں میزبان کے ذوق اور پسند کا لحاظ کیجئے۔ تحفوں اور ہدیوں کے تبادلے سے محبت اور تعلق کے جذبات بڑھتے ہیں۔ اور تحفہ دینے والے کے لئے دل میں گنجائش پیدا ہوتی ہے۔

۲۔ جس کے یہاں بھی مہمان بن کر جائیں کوشش کریں کہ تین دن سے زیادہ نہ ٹھیریں اِلّا یہ کہ خصوصی حالات ہوں اور میزبان ہی شدید اصرار کرے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مہمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ میزبان کے یہاں اتنا ٹھیرے کہ اس کو پریشانی میں مبتلا کر دے" (الادب المفرد)

اور صحیح مسلم میں ہے کہ "مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کے یہاں اتنا ٹھیرے کہ اس کو گنہگار کر دے۔ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ! گنہگار کیسے کرے گا۔ فرمایا۔ اس طرح کہ وہ اس کے پاس اتنا ٹھیرے کہ میزبان کے پاس ضیافت کے لئے کچھ نہ رہے"

۳۔ ہمیشہ دوسروں کے ہی مہمان نہ بنیئے۔ دوسروں کو بھی اپنے یہاں

آنے کی دعوت دیجیے۔ اور دل کھول کر خاطر تواضع کیجیے۔

۴۔ مہمانی میں جائیں تو موسم کے لحاظ سے ضروری سامان اور بستر وغیرہ لے کر جائیے۔ جاڑے میں خاص طور پر بغیر بستر کے ہرگز نہ جائیے ورنہ میزبان کو ناقابلِ برداشت تکلیف ہوگی اور یہ ہرگز مناسب نہیں کہ مہمان میزبان کے لئے وبالِ جان بن جائے۔

۵۔ میزبان کی مصروفیات اور ذمہ داریوں کا بھی لحاظ رکھیے۔ اور اس کا اہتمام کیجیے کہ آپ کی وجہ سے میزبان کی مصروفیات متاثر نہ ہوں اور ذمہ داریوں میں خلل نہ پڑے۔

۶۔ میزبان سے طرح طرح کے مطالبے نہ کیجیے۔ وہ آپ کی خاطر مدارات اور دلجوئی کے لئے از خود جو اہتمام کرے اسی پر میزبان کا شکریہ ادا کیجیے اور اس کو کسی بے جا مشقت میں نہ ڈالئے۔

۷۔ اگر آپ میزبان کی خواتین کے لئے غیر محرم ہیں تو میزبان کی غیر موجودگی میں بلا وجہ ان سے گفتگو نہ کیجیے نہ ان کی آپس کی گفتگو پر کان لگائیے۔ اور اس انداز سے رہیے کہ آپ کی گفتگو اور طرزِ عمل سے انہیں کوئی پریشانی بھی نہ ہو اور کسی وقت بے پردگی بھی نہ ہونے پائے۔

۸۔ اور اگر کسی وجہ سے آپ میزبان کے ساتھ نہ کھانا چاہیں یا روزے سے ہوں تو نہایت اچھے انداز میں معذرت کریں۔ اور میزبان کے لئے خیر و برکت کی دعا مانگیں۔

جب حضرت ابراہیمؑ نے آنے والے معزز مہمانوں کے سامنے پُر تکلف

کھانا رکھا اور وہ ہاتھ کھینچتے ہی رہے تو حضرت نے درخواست کی۔ آپ حضرات کھاتے کیوں نہیں؟ جواب میں فرشتوں نے حضرت کو تسلی دیتے ہوئے کہا۔ "آپ ناگوار نہ محسوس فرمائیں در اصل ہم کھا نہیں سکتے ہم تو صرف آپ کو ایک لائق بیٹے کے پیدا ہونے کی خوشخبری دینے آئے ہیں"

۹۔ جب کسی کے یہاں دعوت میں جائیں تو کھانے پینے کے بعد میزبان کے لئے کشادہ روزی، خیر و برکت، اور مغفرت و رحمت کی دعا کیجیے۔ حضرت ابو الہیثم بن تیہان رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رض کی دعوت کی جب آپ لوگ کھانے سے فارغ ہوئے۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اپنے بھائی کو صلہ دو" صحابہ رض نے پوچھا "صلہ کیا دیں؟ یا رسول اللہ! فرمایا "جب آدمی اپنے بھائی کے یہاں جائے اور وہاں کھائے پیئے تو اس کے حق میں خیر و برکت کی دعا کرے یہ اس کا صلہ ہے" (ابوداؤد)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار حضرت سعد ابن عبادہ رض کے یہاں تشریف لے گئے۔ حضرت سعد رض نے روٹی اور زیتون پیش کیا۔ آپ نے تناول فرمایا اور یہ دعا فرمائی۔

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَ صَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ۔ (ابوداؤد)

"تمہارے یہاں روزے دار روزہ افطار یں۔ نیک لوگ تمہارا کھانا کھائیں۔ اور فرشتے تمہارے لئے رحمت و مغفرت کی دعا کریں"

مجلس کے آداب

۱۔ ہمیشہ اچھے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنے کی کوشش کیجیے۔

۲۔ مجلس میں جو گفتگو ہو رہی ہو، اس میں حصہ لیجیے۔ مجلس کی گفتگو میں شریک نہ ہونا اور ماتھے پر شکنیں ڈالے بیٹھے رہنا، غرور کی علامت ہے، مجلس میں صحابۂ کرام جب گفتگو میں مصروف ہوتے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس گفتگو میں شریک رہتے۔ مجلس میں غمگین اور مضمحل ہو کر نہ بیٹھیے۔ مسکراتے چہرے کے ساتھ ہشاش بشاش ہو کر بیٹھیے۔

۳۔ کوشش کیجیے کہ آپ کی کوئی مجلس خدا اور آخرت کے ذکر سے خالی نہ رہے اور جب آپ محسوس کریں کہ حاضرین دینی گفتگو میں دلچسپی نہیں لے رہے ہیں تو گفتگو کا رُخ کسی دنیوی مسئلہ کی طرف پھیر دیں اور پھر جب مناسب موقع پائیں تو گفتگو کا رُخ حکمت کے ساتھ دینی موضوع کی طرف پھیرنے کی کوشش کریں۔

۴۔ مجلس میں جہاں جگہ ملے بیٹھ جائیے۔ مجمع کو چیرتے اور کودتے پھلانگتے آگے جانے کی کوشش نہ کیجیے۔ ایسا کرنے سے پہلے آنے والوں اور بیٹھنے والوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے اور ایسا کرنے والوں میں بھی اپنی بڑائی کا احساس اور غرور پیدا ہوتا ہے۔

۵۔ مجلس میں سے کسی بیٹھے ہوئے آدمی کو اُٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنے کی کوشش نہ کیجئے یہ انتہائی بری عادت ہے۔ اس سے دوسروں کے دل میں نفرت اور کدورت بھی پیدا ہوتی ہے، اور اپنے کو بڑا سمجھنے اور اہمیت جتانے کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

۶۔ اگر مجلس میں لوگ گھیرا ڈالے بیٹھے ہوں تو ان کے بیچ میں نہ بیٹھئے یہ سخت قسم کی بدتمیزی اور مسخرہ پن ہے۔ نبی ﷺ نے ایسا کرنے والے پر لعنت بھیجی ہے۔

۷۔ مجلس میں بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے اگر کوئی کسی ضرورت سے اُٹھ کر چلا جائے تو اس کی جگہ پر قبضہ نہ کیجئے۔ اس کی جگہ محفوظ رکھئے۔ ہاں اگر یہ معلوم ہو جائے کہ وہ شخص اب واپس نہ آئے گا تو پھر بے تکلف اس جگہ بیٹھ سکتے ہیں۔

۸۔ اگر مجلس میں دو آدمی ایک دوسرے کے قریب بیٹھ گئے ہوں تو ان سے اجازت لئے بغیر ان کو الگ الگ نہ کیجئے کیونکہ آپس کی بے تکلفی یا محبت یا کسی اور مصلحت سے قریب بیٹھے ہوں گے اور ان کو الگ الگ کرنے سے ان کے دل کو تکلیف ہو گی۔

۹۔ مجلس میں کسی امتیازی جگہ پر بیٹھنے سے پرہیز کیجئے کسی کے یہاں جائیں تو وہاں بھی اس کی معزز جگہ پر بیٹھنے کی کوشش نہ کیجئے۔ ہاں اگر وہ خود ہی اصرار کرے تو بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور مجلس میں ہمیشہ ادب سے بیٹھئے پاؤں پھیلا کر یا پنڈلیاں کھول کر نہ بیٹھئے۔

۱۰۔ یہ کوشش نہ کیجئے کہ آپ بہرحال صدر کے قریب ہی بیٹھیں بلکہ جہاں

جگہ ملے بیٹھ جائیے اور اس طرح بیٹھئے کہ بعد میں آنے والوں کو جگہ ملنے اور بیٹھنے میں کوئی زحمت نہ ہو، اور جب لوگ زیادہ آجائیں تو سمٹ کر بیٹھ جائیے اور آنے والوں کو کشادہ دلی سے جگہ دے دیجئے۔

۱۱۔ مجلس میں کسی کے سامنے با ادب دگرد کھڑا نہ رہنا چاہیئے تعظیم کا یہ طریقہ اسلامی مزاج کے خلاف ہے۔

۱۲۔ مجلس میں دو آدمی آپس میں چپکے چپکے باتیں نہ کریں۔ اس سے دوسروں کو یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ انہوں نے ہمیں اپنی راز کی باتوں میں شریک کرنے کے قابل نہ سمجھا اور یہ بدگمانی بھی ہوتی ہے کہ شاید ہمارے بارے ہی میں کوئی بات کہہ رہے ہوں۔

۱۳۔ مجلس میں جو کچھ کہنا ہو۔ صدرِ مجلس سے اجازت لے کر کہیئے اور گفتگو یا سوال وجواب میں ایسا انداز اختیار نہ کیجیے کہ آپ ہی صدرِ مجلس معلوم ہونے لگیں یہ خود نمائی بھی ہے اور صدرِ مجلس کے ساتھ زیادتی بھی۔

۱۴۔ ایک وقت میں ایک ہی شخص کو بولنا چاہیئے اور ہر شخص کی بات غور سے سننا چاہیئے۔ اپنی بات کہنے کے لئے ایسی بے تابی نہیں ہونی چاہیئے کہ سب بیک وقت بولنے لگیں اور مجلس میں ہڑبونگ ہونے لگے۔

۱۵۔ مجلس میں جو باتیں راز کی ہوں ان کو جگہ جگہ بیان نہ کرنا چاہیئے۔ مجلس کا یہ حق ہے کہ اس کے رازوں کی حفاظت کی جائے۔

۱۶۔ مجلس میں جس موضوع پر گفتگو ہو رہی ہو، جب تک اس کے بارے میں کچھ طے نہ ہو جائے۔ دوسرا موضوع نہ چھیڑیئے۔ اور نہ دوسرے کی بات

کاٹ کر اپنی بات شروع کیجیے اگر کبھی کوئی ایسی ضرورت پیش آجائے کہ آپ کے لئے فوراً بولنا ضروری ہو تو بولنے والے سے پہلے اجازت لے لیجیے۔

۷ا۔ صدرِ مجلس کو مسائل پر گفتگو کرتے وقت سارے ہی حاضرین کی طرف توجہ رکھنی چاہیئے۔ اور دائیں بائیں ہر طرف رُخ پھیر پھیر کر بات کرنی چاہیئے۔ اور آزادی کے ساتھ ہر ایک کو اظہارِ خیال کا موقع دینا چاہیئے۔

۸ا۔ مجلس برخاست ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھیئے۔ اور پھر مجلس برخاست کیجیے۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا۔ اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔ (ترمذی)

"خدایا! تو ہمیں اپنا خوف اور اپنی خشیت نصیب کر جو ہمارے اور معصیت کے درمیان آڑ بن جائے اور وہ فرمانبرداری دے جو ہمیں تیری جنت میں پہنچا دے۔ اور ہمیں وہ پختہ یقین عطا فرما جس سے ہمارے لئے دنیا کے نقصانات ہیچ ہو جائیں۔ خدایا! تو جب تک ہمیں زندہ رکھے ہمیں

ہمارے سننے، دیکھنے کی قوتوں اور جسمانی توانائیوں سے فائدہ اٹھانے کا
موقع دے اور اس خیر کو ہمارے بعد بھی برقرار رکھ۔ اور جو ہم پہ ظلم کرے
اس سے ہمارا بدلہ لے۔ اور جو ہم سے دشمنی کرے اس پہ ہمیں غلبہ عطا فرما اور
ہمیں دین کی آزمائش میں مبتلا نہ کر۔ اور دنیا کو ہمارا مقصودِ اعظم نہ بنا اور
نہ دنیا کو ہمارے علم و بصیرت کی انتہا ٹھیرا اور نہ ہم پہ اس شخص کو قابو دے
جو ہم پر رحم نہ کرے۔

سلام کے آداب

جب کسی مسلمان بھائی سے ملاقات ہو تو اس سے اپنے تعلق اور مسرت کا اظہار کرنے کے لئے "السلام علیکم" کہیے۔

قرآن پاک میں ہے۔

وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ

(الانعام ۵۴)۔

"اے نبی! جب آپ کے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں تو ان سے کہیئے "السلام علیکم"۔

اس آیت میں نبیؐ سے خطاب کرتے ہوئے بالواسطہ امت کو یہ اصولی تعلیم دی گئی ہے۔ کہ مسلمان جب بھی مسلمان سے ملے تو دونوں ہی جذبات محبت و مسرت کا تبادلہ کریں اور اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ وہ ایک دوسرے کے لیے سلامتی اور عافیت کی دعا کریں۔ ایک السلام علیکم کہے تو دوسرا جواب میں وعلیکم السلام کہے۔ سلام باہمی الفت و محبت کو بڑھانے اور استوار کرنے کا ذریعہ ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"تم لوگ جنت میں نہیں جا سکتے جب تک کہ مؤمن نہیں بنتے اور تم مؤمن

نہیں بن سکتے جب تک کہ ایک دوسرے سے محبت نہ کرو۔ میں تمہیں وہ تدبیر کیوں نہ بتا دوں جس کو اختیار کر کے تم آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو۔ آپس میں سلام کو پھیلاؤ۔" (مشکوٰۃ)

۲۔ ہمیشہ اسلامی طریقے پر سلام کیجئے۔ کسی سے ہمکلام ہوں یا مکاتبت کریں۔ ہمیشہ کتاب و سنت کے بتائے ہوئے یہ الفاظ ہی استعمال کیجئے اس اسلامی طریقے کو چھوڑ کر سوسائٹی کے رائج کئے ہوئے الفاظ و انداز اختیار نہ کیجئے۔ اسلام کا بتایا ہوا یہ اندازِ خطاب نہایت سادہ، بامعنی اور پُر اثر بھی ہے اور سلامتی و عافیت کی جامع ترین دعا بھی۔ آپ جب اپنے کسی بھائی سے ملتے ہوئے السلام علیکم کہتے ہیں تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ خدا تم کو ہر قسم کی سلامتی اور عافیت سے نوازے۔ خدا تمہارے جان و مال کو سلامت رکھے۔ گھر بار کو سلامت رکھے، اہل و عیال اور متعلقین کو سلامت رکھے۔ دین و ایمان کو سلامت رکھے۔ دنیا بھی سلامت رہے اور آخرت بھی، خدا تمہیں ان سلامتیوں سے بھی نوازے جو میرے علم میں ہیں اور ان سلامتیوں سے بھی نوازے جو میرے علم میں نہیں۔ میرے دل میں تمہارے لئے نصح و خیر خواہی، محبت و خلوص اور سلامتی و عافیت کے انتہائی گہرے جذبات ہیں۔ اسلئے تم میری طرف سے کبھی کوئی اندیشہ محسوس نہ کرنا۔ میرے طرزِ عمل سے تمہیں کبھی کوئی دُکھ نہ پہنچے گا۔ سلام کے لفظ پر الف لام داخل کر کے اور السلام علیکم کہہ کر آپ مخاطب کے لئے سلامتی اور عافیت کی ساری دعائیں سمیٹ لیتے ہیں۔ آپ اندازہ کیجئے کہ اگر یہ الفاظ، شعور کے ساتھ سوچ سمجھ کر آپ اپنی

زبان سے نکالیں تو مخاطب کی ملاقات پر قلبی مسرت کا اظہار کرنے اور خلوص و محبت، خیر خواہی اور وفاداری کے جذبات کو ظاہر کرنے کے لئے اس سے بہتر الفاظ کیا ہو سکتے ہیں۔ السلام علیکم کے الفاظ سے بھائی کا استقبال کر کے آپ یہ کہتے ہیں کہ آپ کو وہ ہستی سلامتی سے نوازے جو عافیت کا سرچشمہ اور سراپا سلام ہے۔ جس کا نام ہی السلام ہے اور وہی سلامتی اور عافیت پا سکتا ہے جس کو وہ سلامت رکھے اور جس کو وہ سلامتی سے محروم کر دے۔ وہ دونوں جہان میں سلامتی سے محروم ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"السلام" خدا کے ناموں میں سے ایک نام ہے جس کو خدا نے زمین میں زمین والوں کے لئے، رکھ دیا ہے۔ پس "السلام" کو آپس میں خوب پھیلاؤ۔"

(الادب المفرد)۔

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خدا نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو ان کو فرشتوں کی ایک جماعت کے پاس بھیجتے ہوئے یہ حکم دیا کہ جاؤ اور ان بیٹھے ہوئے فرشتوں کو سلام کرو۔ اور وہ سلام کے جواب میں جو دعا دیں اس کو غور سے سننا (اور محفوظ رکھنا) اس لئے کہ یہی تمہاری اور تمہاری اولاد کی دعا ہوگی۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام فرشتوں کے پاس پہنچے اور کہا "السلام علیکم" فرشتوں نے میں کہا "السلام علیک ورحمۃ اللہ" یعنی ورحمۃ اللہ کا اضافہ کر کے جواب دیا۔

(بخاری، مسلم)

قرآن حکیم میں ہے کہ فرشتے جب مومنوں کی روح قبض کرنے آتے ہیں تو آکر سلام علیک کرتے ہیں۔

كَذٰلِكَ يَجْزِى اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ (النحل ۳۱، ۳۲)

"ایسی ہی جزا دیتا ہے خدا متقی لوگوں کو اُن متقی لوگوں کو جن کی روحیں پاکیزگی کی حالت میں جب فرشتے قبض کرتے ہیں تو کہتے ہیں "سلامٌ علیکم" جاؤ جنت میں داخل ہو جاؤ اپنے اعمال صالحہ کے صلہ میں۔ (النحل ۳۱، ۳۲)

جنت کے دروازوں پر جب یہ متقی لوگ پہنچیں گے تو جنت کے ذمہ دار بھی انہی الفاظ کے ساتھ ان کا شاندار خیر مقدم کریں گے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔ (الزمر ۷۳)

"اور جو لوگ پاکیزگی اور فرمانبرداری کی زندگی گزارتے رہے، ان کے جتھے جنت کی طرف روانہ کر دیئے جائیں گے اور جب وہ وہاں پہنچیں گے تو اس کے دروازے پہلے ہی سے (ان کے استقبال میں) کھلے ہوئے ہوں گے۔ تو جنت کے ذمہ دار ان سے کہیں گے "سلام علیکم" بہت ہی اچھے رہے داخل ہو جاؤ اس جنت میں ہمیشہ کے لیے۔"

اور جب یہ لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے تو فرشتے جنت کے

ہر ہر دروازے سے داخل ہو کر ان کو السلام علیکم کہیں گے۔

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ۔

"اور فرشتے ہر ہر دروازے سے ان کے استقبال کے لئے آئیں گے اور ان سے کہیں گے۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ" یہ صلہ ہے تمہارے صبر و ثبات کی روش کا پس کیا ہی خوب ہے یہ آخرت کا گھر"۔

اور اہلِ جنت آپس میں خود بھی ایک دوسرے کا استقبال انہی کلمات کے ساتھ کریں گے۔

دَعْوٰهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ۔

"وہاں ان کی زبان پر یہ صدا ہوگی کہ" اے خدا تو پاک و برتر ہے اور ان کی باہمی دعا یہ ہوگی کہ "سلام" (ہو تم پر)"۔

اور خدا کی طرف سے بھی ان کے لئے سلام و رحمت کی صدائیں ہوں گی

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔

(یٰس ۵۵ — ۵۸)۔

"جنت والے اس دن عیش و نشاط کے مشغلوں میں ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیگمات گھنے سایوں میں مسہریوں پر تکیہ لگائے (شاد کام بیٹھے) ہوں گے۔ ان کے لئے جنت میں ہر قسم کے لذیذ میوے ہوں گے اور وہ سب

کچھ ہوگا جو وہ طلب کریں گے۔ رب رحیم کی جانب سے ان کے لئے سلام کی صدا ہے۔" (یٰسٓ ۵۵-۵۸)

غرض جنت میں مومنوں کے لئے چار سُو سلام ہی سلام کی صدا ہوگی۔

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا۔

"نہ وہ وہاں بیہودہ بکواس سُنیں گے اور نہ گناہ کی باتیں بس ہر طرف سلام ہی سلام کی صدا ہوگی۔

کتاب و سنت کی ان واضح ہدایات اور شہادتوں کے ہوتے ہوئے مومن کے لیے کسی طرح جائز نہیں کہ وہ خدا اور رسول کے بتائے ہوئے طریقے کو چھوڑ کر اظہارِ محبت و مسرت کے لیے دوسرے طریقے اختیار کرے۔

۳۔ ہر مسلمان کو سلام کیجیے چاہے اس سے پہلے سے تعارف اور تعلقات ہوں یا نہ ہوں۔ ربط اور تعارف کے لئے اتنی بات بالکل کافی ہے کہ وہ آپ کا مسلمان بھائی ہے اور مسلمان کے لئے مسلمان کے دل میں محبت و خلوص اور خیر خواہی و وفاداری کے جذبات ہونا ہی چاہئیں۔ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اسلام کا بہترین عمل کون سا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "غریبوں کو کھانا کھلانا۔ اور ہر مسلمان کو سلام کرنا، چاہے تمہاری اُس سے جان پہچان ہو یا نہ ہو۔" (بخاری، مسلم)

۴۔ جب آپ اپنے گھر میں داخل ہوں تو گھر والوں کو سلام کیجیے۔

قرآن میں ہے۔

فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً ۔ (النور ۶۱)

"پس جب تم اپنے گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے (گھر والوں) کو سلام کیا کرو دعائے خیر خدا کی طرف سے تعلیم کی ہوئی بڑی ہی بابرکت اور پاکیزہ"

حضرت انس رضؓ کا بیان ہے کہ مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی کہ پیارے بیٹے! جب تم اپنے گھر میں داخل ہوا کرو تو پہلے گھر والوں کو سلام کیا کرو۔ یہ تمہارے لئے اور تمہارے گھر والوں کے لئے خیر و برکت کی بات ہے۔ (ترمذی)

اسی طرح جب آپ کسی دوسرے کے گھر جائیں تو گھر میں داخل ہونے سے پہلے سلام کیجئے، سلام کئے بغیر گھر کے اندر نہ جائیے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ۔ (النور ۲۷)

"اے مومنو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے کے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو جب تک کہ گھر والوں کی رضا نہ لے لو۔ اور گھر والوں کو سلام نہ کر لو۔"

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جب فرشتے معزز مہمانوں کی حیثیت سے پہنچے تو انہوں نے آکر سلام کیا اور ابراہیم ؑ نے جواب میں ان

کو سلام کیا۔

۵۔ چھوٹے بچوں کو بھی سلام کیجئے۔ یہ بچوں کو سلام سکھانے کا بہترین طریقہ بھی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت بھی۔ حضرت انسؓ بچوں کے پاس سے گزرے تو ان کو سلام کیا اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ (بخاری، مسلم)

اور حضرت عبداللہ ابن عمرؓ خط میں بھی بچوں کو سلام لکھا کرتے تھے۔ (الادب المفرد)۔

۶۔ خواتین، مردوں کو سلام کر سکتی ہیں اور مرد بھی خواتین کو سلام کر سکتے ہیں حضرت اسمار انصاریہؓ فرماتی ہیں کہ میں اپنی سہیلیوں میں بیٹھی ہوئی تھی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہمارے پاس سے گزر ہوا تو آپؐ نے ہم لوگوں کو سلام کیا۔ (الادب المفرد)

اور حضرت اُمِّ ہانیؓ فرماتی ہیں کہ "میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ اس وقت غسل فرما رہے تھے میں نے آپؐ کو سلام کیا تو آپؐ نے دریافت فرمایا کون ہو؟ میں نے کہا اُمِّ ہانی ہوں۔ فرمایا خوب! خوش آمدید۔ (الادب المفرد)

۷۔ زیادہ سے زیادہ سلام کرنے کی عادت ڈالئے اور سلام کرنے میں کبھی بخل نہ کیجئے ——— آپس میں زیادہ سے زیادہ سلام کیا کیجئے، سلام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔ اور خدا ہر دکھ اور نقصان سے محفوظ رکھتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"میں تمہیں ایسی تدبیر بتاتا ہوں جس کو اختیار کرنے سے تمہارے مابین دوستی اور محبت بڑھ جائے گی آپس میں کثرت سے ایک دوسرے کو سلام کیا کرو۔" (مسلم)

اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا "سلام" کو خوب پھیلاؤ خدا تم کو سلامت رکھے گا۔"

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ بہت زیادہ سلام کیا کرتے تھے۔ سلام کی کثرت کا حال یہ تھا کہ اگر کسی وقت آپؐ کے ساتھی کسی درخت کی اوٹ میں ہو جاتے اور پھر سامنے آتے۔ تو پھر سلام کرتے۔

اور آپؐ کا ارشاد ہے۔

"جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے ملے تو اس کو سلام کرے۔ اور اگر درخت یا دیوار یا پتھر بیچ میں اوٹ بن جائے اور وہ پھر اس کے سامنے آئے تو اس کو پھر سلام کرے۔" (ریاض الصالحین)

حضرت طفیلؓ کہتے ہیں کہ میں اکثر حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ اور آپ کے ہمراہ بازار جایا کرتا۔ پس جب ہم دونوں بازار جاتے تو حضرت عبداللہ ابن عمر جس کے پاس سے بھی گزرتے اس کو سلام کرتے چاہے وہ کوئی کباڑیہ ہوتا، چاہے کوئی دکاندار ہوتا، چاہے کوئی غریب اور مسکین ہوتا غرض کوئی بھی ہوتا آپ اس کو سلام ضرور کرتے۔

ایک دن میں آپ کی خدمت میں آیا تو آپ نے کہا چلو بازار چلیں، میں نے کہا حضرت بازار جا کے کیا کیجئے گا۔ آپ نہ تو کسی سودا کی خریداری کے

لیے کھڑے ہوتے ہیں نہ کسی مال کے بارے میں معلومات کرتے ہیں۔ نہ مول بھاؤ کرتے ہیں۔ نہ بازار کی محفلوں میں بیٹھتے ہیں۔ آئیے یہیں بیٹھ کر کچھ بات چیت کریں۔ حضرت نے فرمایا۔ اے ابوبطن! (توند والے) ہم تو صرف سلام کرنے کی غرض سے بازار جاتے ہیں کہ ہمیں جو ملے ہم اُسے سلام کریں۔"

(موطا امام مالکؒ)

۸۔ سلام اپنے مسلمان بھائی کا حق تصوّر کیجیے اور اس حق کو ادا کرنے میں فراخ دلی کا ثبوت دیجیے۔ سلام کرنے میں کبھی بخل نہ کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "کہ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر یہ حق ہے کہ جب مسلمان بھائی سے ملے تو اس کو سلام کرے۔" (مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔ (الادب المفرد)

۹۔ سلام کرنے میں ہمیشہ پہل کیجیے۔ اور کبھی خدانخواستہ کسی سے اَن بَن ہو جائے تب بھی سلام کرنے اور صلح اور صفائی کرنے میں پہل کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"وہ آدمی خدا سے زیادہ قریب ہے جو سلام کرنے میں پہل کرتا ہے۔"

(ابوداؤد)

اور آپ نے فرمایا "کسی مسلمان کے لیے یہ بات جائز نہیں کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ تک قطع تعلق کیے رہے کہ جب دونوں ملیں تو ایک اِدھر کترا جائے اور دوسرا اُدھر۔ ان میں افضل وہ ہے جو سلام میں

پہل کرے۔" (الادب المفرد)

○ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ جب دو آدمی ایک دوسرے سے ملیں تو ان دونوں میں سے کون پہلے سلام کرے۔ فرمایا "جو ان دونوں میں خدا کے نزدیک زیادہ بہتر ہو۔" (ترمذی)

○ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سلام میں پہل کرنے کا اتنا اہتمام فرماتے کہ کوئی شخص ان سے سلام کرنے میں پہل نہیں کر پاتا تھا۔

۱۰۔ ہمیشہ زبان سے السلام علیکم کہہ کر سلام کیجئے اور ذرا اونچی آواز سے سلام کیجئے تاکہ وہ شخص سُن سکے جس کو آپ سلام کر رہے ہیں۔ البتہ اگر کہیں زبان سے السلام علیکم کہنے کے ساتھ ساتھ ہاتھ یا سر سے اشارہ کرنے کی ضرورت ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ مثلاً آپ جس کو سلام کر رہے ہیں وہ دور ہے اور خیال ہے کہ آپ کی آواز اس تک نہ پہنچ سکے گی یا کوئی بہرہ ہے اور آپ کی آواز نہیں سُن سکتا۔ تو ایسی حالت میں اشارہ بھی کیجئے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ جب کسی کو سلام کرو تو اپنا سلام اُس کو سناؤ اس لئے کہ سلام خدا کی طرف سے نہایت پاکیزہ اور برکت والی دُعا ہے۔" (الادب المفرد)

حضرت اسماءؓ بنت یزید فرماتی ہیں کہ ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسجد کے پاس سے گزرے وہاں کچھ عورتیں بیٹھی ہوئی تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے ہاتھ کے اشارے سے سلام کیا۔" (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ نبیؐ نے زبان سے السلام علیکم کہنے کے ساتھ ساتھ ہاتھ

کے اشارے سے بھی سلام کیا۔ اسی بات کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جو ابو داؤد میں ہے۔ حضرت اسماءؓ کہتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے تو ہمیں سلام کیا۔ اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ سلام زبان سے ہی کیجئے البتہ کہیں ضرورت ہو تو ہاتھ یا سر کے اشارے سے بھی کام لیجئے۔

۱۱۔ اپنے بڑوں کو سلام کرنے کا اہتمام کیجئے جب آپ پیدل چل رہے ہوں اور کچھ لوگ بیٹھے ہوں تو بیٹھنے والوں کو سلام کیجئے اور جب آپ کسی چھوٹی ٹولی کے ساتھ ہوں اور کچھ زیادہ لوگوں سے ملاقات ہو جائے تو سلام کرنے میں پہل کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"چھوٹا شخص بڑے کو، چلنے والا بیٹھے ہوئے کو، اور تھوڑے افراد زیادہ لوگوں کو سلام کرنے میں پہل کریں" (الادب المفرد)۔

۱۲۔ اگر آپ سواری پر چل رہے ہوں۔ تو پیدل چلنے والوں، اور راہ میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو سلام کیجئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"سواری پر چلنے والے پیدل چلنے والوں کو اور پیدل چلنے والے بیٹھے ہوئے لوگوں کو اور تھوڑے آدمی زیادہ آدمیوں کو سلام کرنے میں پہل کریں۔

(الادب المفرد)۔

۱۳۔ کسی کے یہاں ملنے جائیں، یا کسی کی بیٹھک یا نشستگاہ میں پہنچیں، یا کسی مجمع کے پاس سے گزریں یا کسی مجلس میں پہنچیں تو پہنچتے وقت بھی سلام کیجئے اور جب

وہاں سے رخصت ہونے لگیں تب بھی سلام کیجئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب تم کسی مجلس میں پہنچو تو سلام کرو۔ اور جب وہاں سے رخصت ہونے لگو تو پھر سلام کرو اور یاد رکھو کہ پہلا سلام دوسرے سلام سے زیادہ مستحق اجر نہیں ہے رکہ جاتے وقت تو آپ سلام کا بڑا اہتمام کریں اور جب رخصت ہونے لگیں تو سلام نہ کریں اور رخصتی سلام کو کوئی اہمیت نہ دیں۔" (ترمذی)

۱۴۔ مجلس میں جائیں تو پوری مجلس کو سلام کیجئے مخصوص طور پر کسی کا نام لے کر سلام نہ کیجئے۔ ایک دن حضرت عبداللہ مسجد میں تھے کہ ایک سائل آیا اور اس نے آپ کا نام لے کر سلام کیا۔ حضرت نے فرمایا۔ خدا نے سچ فرمایا اور رسولؐ نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا اور پھر آپ گھر میں تشریف لے گئے لوگ انتظار میں بیٹھے رہے کہ آپ کے فرمانے کا مطلب کیا ہے۔ خیر جب آپ آئے تو حضرت طارق نے پوچھا (حضرت ہم لوگ آپ کی بات کا مطلب نہ سمجھ سکے) تو فرمایا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت کے قریب لوگ مجلسوں میں لوگوں کو مخصوص کر کے سلام کرنے لگیں گے۔" (الادب المفرد)

۱۵۔ اگر اپنے کسی بزرگ یا عزیز اور دوست کو کسی دوسرے کے ذریعے سلام کہلوانے کا موقع ہو یا کسی کے خط میں سلام لکھوانے کا موقع ہو تو اس موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے اور سلام کہلوا لیجئے۔

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ عائشہ! جبریل تم کو سلام کہہ رہے ہیں میں نے کہا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ (بخاری ومسلم)

۱۶۔ اگر آپ کسی ایسی جگہ پہنچیں جہاں کچھ لوگ سو رہے ہوں تو ایسی آواز میں سلام کیجئے کہ جاگنے والے سن لیں اور سونے والوں کی نیند میں خلل نہ پڑے۔

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کچھ دودھ رکھ لیا کرتے تھے۔ جب آپ کچھ رات گئے تشریف لاتے تو آپ اس طرح سلام کرتے کہ سونے والا جاگے نہیں اور جاگنے والا سن لے۔ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور حسب معمول سلام کیا۔ (مسلم)

۱۷۔ سلام کا جواب نہایت خوشدلی اور خندہ پیشانی سے دیجئے یہ مسلمان بھائی کا حق ہے، اس حق کو ادا کرنے میں کبھی بخل نہ دکھائیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

مسلمان پر مسلمان کے پانچ حق ہیں۔

○ سلام کا جواب دینا۔

○ مریض کی عیادت کرنا۔

○ جنازے کے ساتھ جانا۔

○ دعوت قبول کرنا۔

○ چھینک کا جواب دینا۔ (متفق علیہ)

"اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ راستوں میں بیٹھنے سے پرہیز کرو" لوگوں نے کہا "یا رسول اللہ! ہمارے لئے تو راستوں میں بیٹھنا ناگزیر ہے" تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اگر تمہارے لئے راستوں میں بیٹھنا ایسا ہی ضروری ہے تو بیٹھو لیکن راستے کا حق ضرور ادا کرو" لوگوں نے کہا "راستہ کا حق کیا ہے

یارسول اللہ ؟" فرمایا: "نگاہیں نیچی رکھنا، دکھ نہ دینا، سلام کا جواب دینا۔ اور نیکیوں کی تلقین کرنا اور برائیوں سے روکنا۔ (متفق علیہ)

۱۸۔ سلام کے جواب میں وعلیکم السلام کہنے پر ہی اکتفا نہ کیجئے بلکہ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے الفاظ کا اضافہ کیجئے۔

قرآن پاک میں ہے۔

وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا۔

"اور جب کوئی تمہیں دعا سلام کرے تو اس کو اس سے بہتر دعا دو یا پھر اسی طرح کے الفاظ کہہ دو۔ (النساء: ۸۶)

مطلب یہ ہے کہ سلام کے جواب میں بخل نہ کرو۔ سلام کے الفاظ میں کچھ اضافہ کر کے اس سے بہتر دعا دو ورنہ کم از کم وہی الفاظ دہرا دو۔ بہر حال جواب ضرور دو۔ حضرت عمران ابن حصین رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے کہ ایک آدمی آیا۔ اور اس نے آکر "السلام علیکم" کہا۔ آپؐ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا دس (یعنی دس نیکیاں ملیں) پھر ایک دوسرا آدمی آیا اور اس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دے دیا۔ اور فرمایا بیس (یعنی بیس نیکیاں ملیں) اس کے بعد ایک تیسرا آدمی آیا اور اس نے آکر کہا "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" آپؐ نے جواب دیا اور فرمایا تیس (یعنی اس کو تیس نیکیاں ملیں)۔ (ترمذی)

حضرت عمرؓ کہتے ہیں "ایک مرتبہ میں حضرت ابوبکرؓ کے پیچھے سواری پر تھا ہم جن جن لوگوں کے پاس سے گزرتے۔ ابوبکرؓ انہیں السلام علیکم کہتے اور وہ

جواب دیتے ۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ! اور ابوبکرؓ کہتے السلام علیکم ورحمۃ اللہ تو لوگ جواب دیتے وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! اس پر ابوبکرؓ نے فرمایا۔ آج تو لوگ فضیلت میں ہم سے بہت بڑھ گئے ۔“ (الادب المفرد)

۱۹۔ جب کسی سے ملاقات ہو تو سب سے پہلے السلام علیکم کہیئے یکبارگی گفتگو شروع کر دینے سے پرہیز کیجیئے جو بات چیت بھی کرنی ہو۔ سلام کے بعد کیجیئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

”جو کوئی سلام سے پہلے کچھ بات کرنے لگے اس کا جواب نہ دو۔“

۲۰۔ ان حالات میں سلام کرنے سے پرہیز کیجیئے۔

(۱) جب لوگ قرآن و حدیث پڑھنے پڑھانے یا سننے میں مصروف ہوں۔

(۲) جب کوئی خطبہ دینے اور سننے میں مصروف ہو۔

(۳) جب کوئی اذان یا تکبیر کہہ رہا ہو۔

(۴) جب کسی مجلس میں کسی دینی موضوع پر گفتگو ہو رہی ہو یا کوئی کسی کو کوئی دینی احکام سمجھا رہا ہو۔

(۵) جب استاد پڑھانے میں مصروف ہو۔

(۶) جب کوئی قضائے حاجت کے لیئے بیٹھا ہو۔

اور ذیل کے حالات میں نہ صرف سلام کرنے سے پرہیز کیجیئے بلکہ اپنی قلبی اور روحانی اذیت کا اظہار بھی حکمت کے ساتھ کیجیئے۔

(۱) جب کوئی فسق و فجور اور خلاف شرع لہو و لعب اور عیش و طرب میں مبتلا ہو کر دین کی توہین کر رہا ہو،

(۲) جب کوئی گالی گلوچ، بیہودہ بکواس، جھوٹی سچی غیر سنجیدہ باتیں اور فحش مذاق کر کے دین کو بدنام کر رہا ہو۔

(۳) جب کوئی خلافِ دین و شریعت افکار و نظریات کی تبلیغ کر رہا ہو اور لوگوں کو دین سے برگشتہ کرنے اور بدعت و بے دینی اختیار کرنے پر ابھار رہا ہو۔

(۴) جب کوئی دینی عقائد و شعائر کی بے حرمتی کر رہا ہو، اور شریعت کے اصول و احکام کا مذاق اڑا کر اپنی اندرونی خباثت اور منافقت کا ثبوت دے رہا ہو۔

۲۱۔ یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کیجیے۔ قرآن شاہد ہے کہ یہود اپنی بد دینی۔ حق دشمنی، ظلم و درندگی، دجل و فریب اور خباثتِ نفس میں بد ترین قوم ہے۔ خدا نے اس پر بے پایاں انعامات کی بارش کی لیکن اس نے ہمیشہ ناشکری اور بدکرداری کا ثبوت دیا یہی وہ قوم ہے جس نے خدا کے بھیجے ہوئے برگزیدہ پیغمبروں تک کو قتل کر ڈالا۔ اس لئے مومن کو ہر اس روش سے پرہیز کرنا چاہیئے جس میں یہود کے اکرام و احترام کا شائبہ بھی ہو۔ بلکہ ایسی روش رکھنی چاہیئے جس سے بار باران کو محسوس ہو کہ حق کی بدترین مخالفت کا انجام ہمیشہ کی ذلت و مسکنت ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کیا کرو۔ اور جب تم راہ میں اُن سے ملو تو ان کو ایک طرف سمٹ جانے پر مجبور کر دو۔" (الادب المفرد)

یعنی اس طرح وقار اور دبدبے کے ساتھ گزرو کہ یہ راستے میں خود ایک طرف کو سمٹ کر تمہارے لئے راستہ کشادہ چھوڑ دیں۔

۲۲۔ جب کسی مجلس میں مسلمان اور مشرکین دونوں جمع ہوں تو وہاں سلام کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار ایسی مجلس کے پاس سے گزرے جس میں مسلم اور مشرک سب ہی شریک تھے تو آپ نے ان سب کو سلام کیا۔ (الادب المفرد)

۲۳۔ اگر کسی غیر مسلم کو سلام کرنے کی ضرورت پیش آئے تو السلام علیکم نہ کہیئے۔ بلکہ آداب عرض، تسلیمات وغیرہ قسم کے الفاظ استعمال کیجئے اور ہاتھ یا سر سے بھی کوئی ایسا اشارہ نہ کیجئے جو اسلامی عقیدے اور اسلامی مزاج کے خلاف ہو،

ہرقل کے نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مکتوب بھیجا تھا۔ اس میں سلام کے الفاظ یہ تھے۔

سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی۔

"سلام ہے اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔"

۲۴۔ سلام کے بعد محبت و مسرت یا عقیدت کے اظہار کے لئے مصافحہ بھی کیجئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی مصافحہ فرماتے اور آپ کے صحابہؓ بھی آپس میں ملتے تو مصافحہ کرتے۔ آپ نے صحابہ کرام کو مصافحہ کرنے کی تاکید فرمائی اور اس کی فضیلت اور اہمیت پر مختلف انداز سے روشنی ڈالی۔

حضرت قتادہؓ نے حضرت انسؓ سے دریافت کیا، کیا صحابہؓ میں مصافحہ

کرنے کا رواج تھا؟ حضرت انسؓ نے جواب دیا "جی ہاں تھا" (بخاری)

حضرت سلمہ ابن وردانؒ کہتے ہیں کہ "میں نے حضرت مالک ابن انسؓ کو دیکھا کہ لوگوں سے مصافحہ کر رہے ہیں، مجھ سے پوچھا تم کون ہو؟" میں نے کہا "بنی لیث کا غلام ہوں" آپ نے میرے سر پر تین بار ہاتھ پھیرا اور فرمایا "خدا تمہیں خیر و برکت سے نوازے"۔

ایک بار جب یمن کے کچھ لوگ آئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے کہا "تمہارے پاس یمن کے لوگ آئے ہیں اور آنے والوں میں یہ مصافحے کے زیادہ حقدار ہیں"۔ (ابوداؤد)۔

حضرت حذیفہ بن یمانؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جب دو مومن ملتے ہیں اور سلام کے بعد مصافحے کے لئے ایک دوسرے کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں تو دونوں کے گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں، جس طرح درخت سے سوکھے ہوئے پتے" (طبرانی)

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مکمل سلام یہ ہے کہ مصافحہ کے لئے ہاتھ بھی ملائے جائیں۔

۲۵۔ کوئی دوست عزیز یا بزرگ سفر سے واپس آئے تو معانقہ بھی کیجئے حضرت زید ابن حارثہ جب مدینے آئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں پہنچ کر دروازہ کھٹکھٹایا آپؐ اپنی چادر گھسیٹتے ہوئے دروازہ پر پہنچے ان سے معانقہ کیا اور پیشانی کو بوسہ دیا۔ (ترمذی)

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ جب صحابہ کرام آپس میں ملتے تو مصافحہ کرتے اور اگر سفر سے واپس آتے تو معانقہ کرتے (طبرانی)۔

عیادت کے آداب

۱۔ مریض کی عیادت ضرور کیجیے۔ عیادت کی حیثیت محض یہی نہیں ہے کہ وہ اجتماعی زندگی کی ایک ضرورت ہے یا باہمی تعاون اور غم خواری کے جذبے کو ابھارنے کا ایک ذریعہ ہے بلکہ یہ مسلمان پر دوسرے مسلمان بھائی کا دینی حق ہے اور خدا سے محبت کا ایک لازمی تقاضا ہے، خدا سے تعلق رکھنے والا، خدا کے بندوں سے بے تعلق نہیں ہو سکتا۔ مریض کی غم خواری دردمندی اور تعاون سے غفلت برتنا دراصل خدا سے غفلت ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"قیامت کے روز خدا فرمائے گا" اے آدم کے بیٹے! میں بیمار پڑا اور تو نے میری عیادت نہیں کی؟" بندہ کہے گا" پروردگار! آپ ساری کائنات کے رب، بھلا میں آپ کی عیادت کیسے کرتا! خدا کہے گا" میرا فلاں بندہ بیمار پڑا تو تو نے اس کی عیادت نہیں کی اگر تو اس کی عیادت کو جاتا تو مجھے وہاں پاتا، (یعنی تو میری خوشنودی اور رحمت کا مستحق قرار پاتا)۔ (مسلم)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حقوق ہیں۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ! وہ کیا کیا ہیں؟ فرمایا۔

○ جب تم مسلمان بھائی سے ملو تو اس کو سلام کرو۔

○ جب وہ تمہیں دعوت کے لئے مدعو کرے تو اس کی دعوت قبول کرو۔

○ جب وہ تم سے نیک مشورے کا طالب ہو تو اس کی خیر خواہی کرو اور نیک مشورہ دو۔

○ جب اس کو چھینک آئے اور وہ "الحمد للہ" کہے تو اس کے جواب میں کہو "یرحمک اللہ"۔

○ جب وہ بیمار پڑ جائے تو اس کی عیادت کرو۔

○ اور جب وہ مر جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جاؤ"۔ (مسلم)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا۔

"جس نے اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کی وہ جنت کے بالا خانے میں ہوگا۔" (الادب المفرد)

حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جب کوئی بندہ اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے یا اس سے ملاقات کے لئے جاتا ہے۔ تو ایک پکارنے والا آسمان سے پکارتا ہے تم اچھے رہے، تمہارا چلنا اچھا رہا، تم نے اپنے لئے جنت میں ٹھکانا بنالیا۔ (ترمذی)

۲۔ مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس کے سر یا بدن پہ ہاتھ پھیریئے اور تسلی و تشفی کے کلمات کہیئے۔ تاکہ اس کا ذہن آخرت کے اجر و ثواب کی طرف متوجہ ہو، اور بے صبری اور شکوہ و شکایت کا کوئی کلمہ اس کی زبان پہ نہ آئے۔

حضرت عائشہ بنت سعدؓ بیان کرتی ہیں کہ میرے والد نے اپنا قصہ

سنایا کہ "میں ایک بار مکے میں سخت بیمار پڑا نبی صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے۔ تو میں نے پوچھا یا رسول اللہ! میں کافی مال چھوڑ رہا ہوں اور میری صرف ایک ہی بچی ہے۔ کیا میں اپنے مال میں سے دو تہائی کی وصیت کر جاؤں، اور ایک تہائی بچی کے لئے چھوڑ دوں"؟ فرمایا "نہیں" میں نے کہا "آدھے مال کی وصیت کر جاؤں اور آدھا لڑکی کے لئے چھوڑ جاؤں"؟ فرمایا "نہیں" "تو میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! پھر ایک تہائی کی وصیت کر جاؤں"؟ فرمایا "ہاں ایک تہائی کی وصیت کر جاؤ اور ایک تہائی بہت ہے" اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میری پیشانی پر رکھا، اور میرے منہ پر، اور پیٹ پر پھیرا پھر دعا کی۔

"اے خدا سعد کو شفا عطا فرما۔ اور اس کی ہجرت کو مکمل فرما دے۔ اس کے بعد سے آج تک جب کبھی خیال آتا ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک کی ٹھنڈک اپنے جگر پر محسوس کرتا ہوں" (الادب المفرد)

حضرت زید ابن ارقم رضؓ کہتے ہیں کہ ایک بار میری آنکھیں دکھنے آگئیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے اور کہنے لگے زید! تمہاری آنکھ میں یہ تکلیف ہے تو تم کیا کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ صبر و برداشت کرتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم نے آنکھوں کی اس تکلیف میں صبر و برداشت سے کام لیا تو تمہیں اس کے صلے میں جنت نصیب ہو گی۔"

حضرت ابن عباس رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مریض کی عیادت

کو جاتے تھے تو اس کے سرہانے بیٹھتے تھے اس کے بعد سات بار فرماتے۔

اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ۔

"میں عظیم خدا سے جو عرش عظیم کا رب ہے۔ سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفا بخشے!"

اور آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ دعا سات بار پڑھنے سے مریض ضرور شفا یاب ہوگا، اِلّا یہ کہ اس کی موت ہی آگئی ہو۔ (مشکوٰۃ)

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بوڑھی خاتون اُمّ السائب کی عیادت کو آئے۔ اُمّ السائب بخار کی شدت میں کانپ رہی تھیں پوچھا کیا حال ہے؟ خاتون نے کہا۔ خدا اس بخار کو سمجھے اس نے گھیر رکھا ہے یہ سن کر نبیؐ نے فرمایا "بخار کو برا بھلا نہ کہو۔ یہ مومن کے گناہوں کو اس طرح صاف کر دیتا ہے جیسے آگ کی بھٹی لوہے کے زنگ کو صاف کر دیتی ہے۔" (الادب المفرد)

۳۔ مریض کے پاس جا کر اس کی طبیعت کا حال پوچھیے اور اس کے لئے صحت کی دعا کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب مریض کے پاس پہنچتے تو پوچھتے "کَيْفَ تَجِدُكَ" "کہیے طبیعت کیسی ہے؟ پھر تسلی دیتے اور فرماتے لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ" گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ خدا نے چاہا تو یہ مرض جاتا رہے گا۔ اور یہ مرض گناہوں سے پاک ہونے کا ذریعہ ثابت ہوگا" اور درد اور تکلیف کی جگہ پر سیدھا ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ دعا فرماتے۔

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِهٖ وَاَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ (بخاری، مسلم)

"خدایا! اِس تکلیف کو دور فرما، اے انسانوں کے رب اس کو شفا عطا فرما۔ تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کسی سے شفا کی توقع نہیں ____ ایسی شفا بخش کہ بیماری کا نام و نشان نہ رہے!"

۴۔ مریض کے پاس زیادہ دیر تک نہ بیٹھیے اور نہ شور و شغب کیجیے۔ ہاں اگر مریض آپ کا کوئی بے تکلف دوست یا عزیز ہو اور وہ خود آپ کو دیر تک بٹھائے رکھنے کا خواہشمند ہو تو آپ ضرور اس کے جذبات کا احترام کیجیے۔

"حضرت عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ مریض کے پاس زیادہ دیر تک نہ بیٹھنا اور شور و شغب کرنا سنت ہے۔"

۵۔ مریض کے متعلقین سے بھی مریض کا حال پوچھیے۔ اور ہمدردی کا اظہار کیجیے۔ اور جو خدمت اور تعاون کر سکتے ہوں، ضرور کیجیے۔ مثلاً ڈاکٹر کو دکھانا، حال کہنا، دوا وغیرہ لانا اور اگر ضرورت ہو تو مالی امداد بھی کیجیے۔

حضرت ابراہیم ابن ابی عبلہؒ کہتے ہیں ایک بار میری بیوی بیمار پڑ گئیں۔ میں ان دنوں حضرت اُمّ الدرداءؓ کے پاس آیا جایا کرتا تھا۔ جب میں اُن کے پاس پہنچتا تو فرماتیں کہو تمہاری بیوی کی طبیعت کیسی ہے؟ میں جواب دیتا ابھی تو بیمار ہیں پھر وہ کھانا منگواتیں اور میں ان کے یہاں بیٹھ کر کھانا کھاتا اور واپس آجاتا۔ ایک دن جب میں پہنچا اور انھوں نے حال پوچھا تو میں نے بتایا کہ خدا کے فضل و کرم سے اب قریب قریب اچھی ہو گئی ہیں۔ فرمانے لگیں، جب تم کہتے تھے کہ بیوی بیمار ہیں تو میں تمہارے لیے کھانے کا انتظام کر دیا کرتی تھی اب جب وہ ٹھیک

ہو گئی ہیں تو اس انتظام کی کیا ضرورت ہے!"

۶۔ غیر مسلم مریض کی عیادت کے لئے بھی جایئے اور مناسب موقع پا کر حکمت کے ساتھ اس کو دین حق کی طرف متوجہ کیجئے، بیماری میں آدمی خدا کی طرف نسبتاً زیادہ متوجہ ہوتا ہے، اور قبولیت کا جذبہ بھی بالعموم زیادہ بیدار ہوتا ہے۔

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ ایک یہودی لڑکا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ ایک بار وہ بیمار پڑا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سرہانے بیٹھے تو اس کو اسلام کی دعوت دی، لڑکا اپنے باپ کی طرف دیکھنے لگا جو پاس ہی موجود تھا (کہ باپ کا کیا خیال ہے؟) باپ نے لڑکے سے کہا، (بیٹے!) ابوالقاسم کی بات مان لے، چنانچہ لڑکا مسلمان ہو گیا۔ اب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے یہاں سے یہ کہتے ہوئے باہر آئے "شکر ہے اس خدا کا جس نے اس لڑکے کو جہنم سے بچا لیا" (بخاری)

۷۔ مریض کے گھر عیادت کے لئے پہنچیں تو ادھر ادھر تاکنے سے پرہیز کیجئے اور احتیاط کے ساتھ اس انداز سے بیٹھئے کہ گھر کی خواتین پر نگاہ نہ پڑے۔

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ ایک بار کسی مریض کی عیادت کے لئے گئے ان کے ہمراہ کچھ اور لوگ بھی تھے۔ گھر میں ایک خاتون بھی موجود تھیں حضرت کے ساتھیوں میں سے ایک صاحب اس خاتون کو گھورنے لگے۔ ——

حضرت عبداللہؓ کو جب محسوس ہوا تو فرمایا اگر تم اپنی آنکھیں پھوڑ لیتے

تو تمہارے حق میں بہت بہتر ہوتا۔

۸۔ جو لوگ علانیہ فسق و فجور میں مبتلا ہوں اور نہایت بے شرمی اور ڈھٹائی کے ساتھ خدا کی نافرمانی کر رہے ہوں ان کی عیادت کے لئے نہ جایئے۔

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ فرماتے کہ شراب پینے والے جب بیمار پڑیں تو ان کی عیادت کے لئے نہ جاؤ۔

۹۔ مریض کی عیادت کے لئے جائیں تو مریض سے بھی اپنے لئے دعا کرایئے۔

"ابن ماجہ" میں ہے "جب تم کسی مریض کی عیادت کو جاؤ تو اس سے اپنے لئے دعا کی درخواست کرو۔ مریض کی دعا ایسی ہے جیسے فرشتوں کی دعا" (یعنی فرشتے خدا کی مرضی پاکر ہی دعا کرتے ہیں اور ان کی دعا مقبول ہوتی ہے۔

ملاقات کے آداب

۱۔ ملاقات کے وقت مسکراتے چہرے سے استقبال کیجیے، مسرت و محبت کا اظہار کیجیے اور سلام میں پہل کیجیے اس کا بڑا ثواب ہے،

۲۔ سلام اور دعا کے لئے اِدھر اُدھر کے الفاظ نہ استعمال کیجیے، نبیؐ کے بتائے ہوئے الفاظ، "السلام علیکم" استعمال کیجیے، پھر موقعہ ہو تو مصافحہ کیجیے مزاج پوچھیے اور مناسب ہو تو گھر والوں کی خیریت بھی معلوم کیجیے، نبیؐ کے بتائے ہوئے الفاظ "السلام علیکم" بہت جامع ہیں اس میں دین و دنیا کی تمام سلامتیاں اور ہر طرح کی خیر و عافیت شامل ہے یہ بھی خیال رکھیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مصافحہ کرتے وقت اپنا ہاتھ فوراً چھڑانے کی کوشش نہ کرتے انتظار فرماتے کہ دوسرا شخص خود ہی ہاتھ چھوڑ دے۔

۳۔ جب کسی سے ملنے جائیے تو صاف ستھرے کپڑے پہن کر جائیے میلے کچیلے کپڑوں میں نہ جائیے اور نہ اس نیت سے جائیے کہ آپ اپنے بیش بہا لباس سے اس پر اپنا رُعب قائم کریں۔

۴۔ جب کسی سے ملاقات کا ارادہ ہو تو پہلے اُس سے وقت لے لیجیے، یوں ہی وقت بے وقت کسی کے یہاں جانا مناسب نہیں۔ اس سے دوسروں کا وقت بھی خراب ہوتا ہے اور ملاقات کرنے والا بھی بعض اوقات نظروں

سے گر جاتا ہے۔

۵۔جب کوئی آپ کے یہاں ملنے آئے، تو محبت آمیز مسکراہٹ سے استقبال کیجئے۔عزت سے بٹھائیے اور حسب موقع مناسب خاطر تواضع بھی کیجئے۔

۶۔کسی کے پاس جائیے تو کام کی باتیں کیجئے۔بیکار باتیں کرکے اُس کا اور اپنا وقت ضائع نہ کیجئے ورنہ آپ کا لوگوں کے یہاں جانا اور بیٹھنا ان کو کھلنے لگے گا۔

۷۔کسی کے یہاں جائیے تو دروازے پر اجازت لیجئے اور اجازت ملنے پر، السلام علیکم کہہ کر اندر جائیے۔اور اگر تین بار السلام علیکم کہنے کے بعد کوئی جواب نہ ملے تو خوشی خوشی لوٹ آئیے۔

۸۔کسی کے یہاں جاتے وقت کبھی کبھی مناسب تحفہ بھی ساتھ لیتے جائیے تحفہ دینے دلانے سے محبت بڑھتی ہے۔

۹۔جب کوئی ضرورتمند آپ سے ملنے آئے۔تو جہاں تک امکان میں ہو اس کی ضرورت پوری کیجئے۔سفارش کی درخواست کرے تو سفارش کر دیجئے اور اگر اس کی ضرورت پوری نہ کرسکیں تو پیار بھرے انداز میں منع کر دیجئے خواہ مخواہ اس کو امیدوار نہ بنائے رکھیئے۔

۱۰۔آپ کسی کے یہاں اپنی ضرورت سے جائیں۔تو مہذب انداز میں اپنی ضرورت بیان کر دیجئے پوری ہو جائے تو شکریہ ادا کیجئے نہ ہو سکے تو سلام کرکے خوش خوش لوٹ آیئے۔

۱۱۔ ہمیشہ یہی خواہش نہ رکھیے کہ لوگ آپ سے ملنے آئیں۔ خود بھی دوسروں سے ملنے جائیے۔ آپس میں میل جول بڑھانا اور ایک دوسرے کے کام آنا بڑی پسندیدہ بات ہے مگر خیال رکھیے کہ مومنوں کا میل جول ہمیشہ نیک مقاصد کے لیے ہوتا ہے۔

۱۲۔ ملاقات کے وقت اگر آپ دیکھیں کہ ملنے والے کے چہرے یا داڑھی یا کپڑوں پر کوئی تنکا یا کوئی اور چیز ہے تو ہٹا دیجیے اور اگر کوئی دوسرا آپ کے ساتھ یہ حسن سلوک کرے تو شکریہ ادا کیجیے اور یہ دعا دیجیے۔

مَسَحَ اللّٰهُ عَنْكَ مَا تَكْرَهُ۔

"اللہ آپ سے اُن چیزوں کو دور فرمائے جو آپ کو ناگوار ہیں۔"

۱۳۔ رات کے وقت کسی کے یہاں جانے کی ضرورت ہو تو اس کے آرام کا لحاظ رکھیے زیادہ نہ بیٹھیے اور اگر جانے کے بعد اندازہ ہو کہ وہ سو گیا ہے تو بغیر کسی کڑھن کے خوش خوش واپس آجائیے۔

۱۴۔ چند افراد مل کر کسی سے ملاقات کے لیے جائیں تو گفتگو کرنے والے کو گفتگو میں سب کی نمائندگی کرنی چاہیے۔ گفتگو میں اپنی امتیازی شان ظاہر کرنے اپنی اہمیت جتانے، اپنے ساتھیوں کو نظر انداز کرنے اور مخاطب کو صرف اپنی ذات کی طرف متوجہ کرنے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجیے۔

گفتگو کے آداب

۱۔ ہمیشہ سچ بولئے۔ سچ بولنے میں کبھی جھجک نہ محسوس کیجیے چاہے کیسا ہی عظیم نقصان ہو۔

۲۔ ضرورت کے وقت بات کیجیے اور جب بھی بات کیجیے کام کی بات کیجیے۔ ہر وقت بولنا اور بے ضرورت باتیں کرنا وقار اور سنجیدگی کے خلاف ہے اور خدا کے یہاں ہر بات کا جواب دینا ہے آدمی جو بات بھی منہ سے نکالتا ہے خدا کا فرشتہ اُسے فوراً نوٹ کر لیتا ہے۔

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ ؕ

"کوئی بات اس کی زبان پر آتی ہی ہے کہ ایک نگران (اس کو محفوظ کرنے کے لئے) مستعد رہتا ہے۔"

۳۔ جب بات کیجیے نرمی کے ساتھ کیجیے مسکراتے ہوئے میٹھے لہجے میں کیجیے۔ ہمیشہ درمیانی آواز میں بولئے نہ اتنا آہستہ بولیے کہ مخاطب سن ہی نہ سکے اور نہ اتنا چیخ کر بولئے کہ مخاطب پر رعب جمانے کا خطرہ ہونے لگے۔ قرآن شریف میں ہے۔

إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ۔ (لقمٰن)

"سب سے زیادہ کریہہ اور ناگوار آواز گدھے کی آواز ہے۔"

۴۔ کبھی کسی بُری بات سے زبان گندی نہ کیجیے۔ دوسروں کی برائی نہ کیجیے۔ چغلی نہ کھایئے۔ شکایتیں نہ کیجیے۔ دوسروں کی نقلیں نہ اُتاریئے۔ جھوٹا وعدہ نہ کیجیے۔ کسی کی ہنسی نہ اڑایئے۔ اپنی بڑائی نہ جتایئے۔ اپنی تعریف نہ کیجیے، کٹ حجتی نہ کیجیے، منہ دیکھی بات بھی نہ کیجیے، فقرے نہ کسیئے، کسی پر طنز نہ کیجیے، کسی کو ذلت کے نام سے نہ پکاریئے۔ بات بات پر قسم نہ کھایئے۔

۵۔ ہمیشہ انصاف کی بات کہیئے، چاہے اس میں اپنا یا اپنے کسی دوست اور رشتہ دار کا نقصان ہی کیوں نہ ہو۔

وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ۔

"اور جب زبان سے کچھ کہو تو انصاف کی بات کہو چاہے وہ تمہارا رشتہ دار ہی ہو۔"

۶۔ نرمی، معقولیت اور دلجوئی کی بات کیجیے، کھُری، بے لوچ اور تکلیف دہ سخت بات نہ کہیئے۔

۷۔ عورتوں کو اگر کبھی مردوں سے بولنے کا اتفاق ہو، تو صاف، سیدھے اور کھُرے لہجے میں بات کرنی چاہیئے۔ لہجے میں کوئی نزاکت اور گھلاوٹ نہ پیدا کریں کہ سننے والا کوئی برا خیال دل میں لائے۔

۸۔ جاہل لوگ باتوں میں الجھانا چاہیں تو مناسب انداز میں سلام کر کے وہاں سے رخصت ہو جایئے۔ فضول باتیں کرنے والے اور ہر وقت اس میں مبتلا رہنے والے لوگ اُمت کے بدترین لوگ ہیں۔

۹۔ مخاطب کو بات اچھی طرح سمجھانے کے لئے یا کسی بات کی اہمیت

کو جتانے کے لئے مخاطب کے ذہن و فکر کو سامنے رکھ کر مناسب انداز اختیار کیجئے اور اگر مخاطب نہ سمجھ سکے یا نہ سن سکے تو پھر اپنی بات دہرا دیجئے اور ذرا نہ گڑھیئے۔

۱۰۔ ہمیشہ مختصر اور بامطلب کی بات کیجئے بلاوجہ گفتگو کو طول دینا نامناسب ہے۔

۱۱۔ کبھی کوئی دین کی بات سمجھانی ہو یا تقریر کے ذریعے دین کے کچھ احکام اور مسائل ذہن نشین کرانے ہوں تو نہایت سادہ انداز میں سوز کے ساتھ اپنی بات کی وضاحت کیجئے۔

تقریر کے ذریعے شہرت چاہنا، اپنی چرب زبانی سے لوگوں کو مرعوب کرنا، لوگوں کو اپنا گرویدہ بنانا، فخر و غرور کرنا یا محض دل لگی اور تفریح کے لئے تقریریں کرنا وہ بدترین عادت ہے جس سے دل سیاہ ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ کبھی خوشامد اور چاپلوسی کی باتیں نہ کیجئے اپنی عزت کا ہمیشہ خیال رکھیئے اور کبھی اپنے مرتبے سے گری ہوئی بات نہ کیجئے۔

۱۳۔ دو آدمی بات کر رہے ہوں تو اجازت لئے بغیر دخل نہ دیجئے اور نہ کبھی کسی کی بات کاٹ کر بولنے کی کوشش کیجئے، بولنا ضروری ہی ہو تو اجازت لے کر بولیئے۔

۱۴۔ ٹھیر ٹھیر کر سلیقے اور وقار کے ساتھ گفتگو کیجئے، جلدی اور تیزی نہ کیجئے نہ ہر وقت ہنسی مذاق کیجئے، اس سے آدمی کی وقعت جاتی رہتی ہے۔

۱۵۔ کوئی کچھ پوچھے تو پہلے غور سے اس کا سوال سن لیجئے۔ اور خوب سوچ کر

جواب دیجئے۔ بغیر سوچے سمجھے الٹے سیدھے جواب دینا بڑی نادانی ہے۔ اور اگر کوئی دوسرے سے سوال کر رہا ہو تو خود بڑھ بڑھ کر جواب نہ دیجئے۔

۱۶۔ کوئی کچھ بتا رہا ہو تو پہلے ہی یہ نہ کہیئے کہ ہمیں معلوم ہے۔ ہو سکتا ہے اس کے بتانے سے کوئی نئی بات سمجھ میں آجائے یا کسی خاص بات کا دل پر کوئی خاص اثر ہو جائے۔ اس لئے کہ بات کے ساتھ ساتھ بات کرنے والے کا اخلاص اور نیکی بھی اثر کرتی ہے۔

۱۷۔ جس سے بھی بات کریں، اس کی عمر، مرتبے، اور اس سے اپنے تعلق کا لحاظ رکھتے ہوئے بات کیجیے۔ ماں باپ، استاد، اور دوسرے بڑوں سے دوستوں کی طرح گفتگو نہ کیجیے۔ اسی طرح چھوٹوں سے گفتگو کریں، تو اپنے مرتبے کا لحاظ رکھتے ہوئے شفقت اور بڑے پن کی گفتگو کیجیے۔

۱۸۔ گفتگو کرتے وقت کسی کی طرف اشارہ نہ کیجیے کہ دوسرے کو بدگمانی ہو اور خواہ مخواہ اس کے دل میں شک بیٹھے۔ دوسروں کی باتیں چھپ کر سننے سے پرہیز کیجیے

۱۹۔ دوسروں کی زیادہ سنیئے اور خود کم سے کم بات کیجیے اور جو بات راز کی ہو، وہ کسی سے بھی بیان نہ کیجیے۔ اپنا راز دوسرے کو بتا کر اس سے حفاظت کی امید رکھنا سراسر نادانی ہے۔

خطوکتابت کے آداب

۱۔خط کی ابتدا ہمیشہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" سے کیجیے، اختصار کرنا چاہیں تو باسمہ تعالیٰ لکھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کام کے شروع میں بسم اللہ نہیں کی جاتی وہ ادھورا اور بے برکت رہتا ہے، بعض لوگ الفاظ کے بجائے ۸۶، لکھتے ہیں اس سے پرہیز کیجیے۔ اس لئے کہ خدا کے تلقین کئے ہوئے الفاظ میں ہی برکت ہے۔

۲۔اپنا پتہ ہر خط میں ضرور لکھیے۔ یہ سوچ کر پتہ لکھنے میں ہرگز سستی نہ کیجیے کہ آپ مکتوب الیہ کو اپنا پتہ اس سے پہلے لکھ چکے ہیں یا اس کو یاد ہوگا یہ ضروری نہیں کہ آپ کا پتہ مکتوب الیہ کے پاس محفوظ ہو اور یہ بھی ضروری نہیں کہ مکتوب الیہ کو آپ کا پتہ یاد ہی ہو۔

۳۔اپنا پتہ دائیں جانب ذرا سا حاشیہ چھوڑ کر لکھیے۔ پتہ ہمیشہ صاف اور خوشخط لکھیے اور پتے کی صحت اور املا کی طرف سے ضرور اطمینان کر لیجیے۔

۴۔ اپنے پتے کے نیچے یا بائیں جانب سرنوشت پر تاریخ ضرور لکھ دیا کیجیے۔

۵۔تاریخ لکھنے کے بعد مختصر القاب و آداب کے ذریعے مکتوب الیہ کو مخاطب کیجیے۔ القاب و آداب ہمیشہ مختصر اور سادہ لکھیے، جس سے خلوص و قربت محسوس ہو، ایسے القاب سے پرہیز کیجیے جن سے تصنع اور بناوٹ محسوس ہو۔

القاب و آداب کے ساتھ ہی یا القاب کے دوسری سطر میں سلام مسنون، یا السلام علیکم لکھیے۔ آداب، تسلیمات وغیرہ الفاظ نہ لکھیے۔

۶۔ غیر مسلم کو خط لکھ رہے ہوں تو السلام علیکم یا سلام مسنون لکھنے کے بجائے آداب، تسلیمات جیسے الفاظ لکھیے۔

۷۔ القاب و آداب کے بعد اپنا وہ اصل مطلب و مدعا لکھیے جس غرض سے آپ خط لکھنا چاہتے ہیں۔ مطلب اور مدعا کے بعد مکتوب الیہ سے اپنا تعلق ظاہر کرنے والے الفاظ کے ساتھ اپنا نام لکھ کر خط کو ختم کیجیے مثلاً آپ کا خادم، دعا کا طالب، خیر اندیش، دعا گو وغیرہ۔

۸۔ خط نہایت صاف، سادہ اور خوشخط لکھیے کہ آسانی سے پڑھا اور سمجھا جا سکے۔ اور مکتوب الیہ کے دل میں اس کی وقعت ہو۔

۹۔ خط میں نہایت شستہ، آسان اور سلجھی ہوئی زبان استعمال کیجیے۔

۱۰۔ خط مختصر لکھیے اور ہر بات کھول کر وضاحت سے لکھیے محض اشاروں سے کام نہ لیجیے۔

۱۱۔ پورے مکتوب میں القاب و آداب سے لے کر خاتمہ تک مکتوب الیہ کے مرتبے کا لحاظ رکھیے۔

۱۲۔ نیا پیراگراف شروع کرتے وقت لفظ کی جگہ چھوڑ دیجیے۔

۱۳۔ خط میں ہمیشہ سنجیدہ انداز رکھیے۔ غیر سنجیدہ باتوں سے پرہیز کیجیے۔

۱۴۔ خط کبھی غصے میں نہ لکھیے اور نہ کوئی سخت سست بات لکھیے خط ہمیشہ نرم لہجے میں لکھیے۔

۱۵۔ عام خط میں کوئی راز کی بات نہ لکھیے۔

۱۶۔ جملے کے ختم پر ڈیش (۔) ضرور لگائیے۔

۱۷۔ کسی کا مکتوب بغیر اجازت ہرگز نہ پڑھیے یہ زبردست اخلاقی خیانت ہے۔ البتہ گھر کے بزرگوں اور سرپرستوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ چھوٹوں کے خطوط پڑھ کر ان کی تربیت فرمائیں اور انھیں مناسب مشورے دیں۔ لڑکیوں کے خطوط پر خصوصی نظر رکھنی چاہیے۔

۱۸۔ رشتہ داروں اور دوستوں کو خیر و عافیت کے خطوط برابر لکھتے رہیے۔

۱۹۔ کوئی بیمار ہو جائے، خدانخواستہ کوئی حادثہ ہو جائے یا کسی اور مصیبت میں کوئی پھنس جائے تو اس کو ہمدردی کا خط ضرور لکھیے۔

۲۰۔ کسی کے یہاں کوئی تقریب ہو، کوئی عزیز آیا ہو یا خوشی کا کوئی اور موقع ہو تو مبارکباد کا خط ضرور لکھیے۔

۲۱۔ خطوط ہمیشہ نیلی یا سیاہ روشنائی سے لکھیے، پنسل یا سرخ روشنائی سے ہرگز نہ لکھیے۔

۲۲۔ کوئی شخص ڈاک میں ڈالنے کے لیے خط دے تو نہایت ذمہ داری کے ساتھ بروقت ضرور ڈال دیا کیجیے لاپرواہی اور تاخیر ہرگز نہ کیجیے۔

۲۳۔ غیر متعلق لوگوں کو جواب طلب باتوں کے لیے جوابی کارڈ یا ٹکٹ بھیج دیا کیجیے۔

۲۴۔ لکھ کر کاٹنا چاہیں تو ہلکے ہاتھ سے اس پر خط کھینچ دیا کیجیے۔

۲۵۔ خط میں صرف اپنی دلچسپی اور اپنے ہی مطلب کی باتیں نہ لکھیے۔ بلکہ

مخاطب کے جذبات واحساسات اور دلچسپیوں کا بھی خیال رکھیے صرف اپنے ہی متعلقین کی خیروعافیت نہ بتلایئے بلکہ مخاطب کے متعلقین کی خیروعافیت بھی معلوم کیجئے اور یاد رکھیئے خطوط میں بھی کسی سے زیادہ مطالبے نہ کیجئے۔ زیادہ مطالبے کرنے سے آدمی کی وقعت نہیں رہتی۔

کاروبار کے آداب

ا۔ دلچسپی اور محنت کے ساتھ کاروبار کیجئے اپنی روزی خود اپنے ہاتھوں سے کمائیے اور کسی پر بوجھ نہ بنئے۔ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک انصاری آئے اور انہوں نے نبیؐ سے کچھ سوال کیا۔ آپؐ نے دریافت فرمایا تمہارے گھر میں کچھ سامان بھی ہے؟ صحابی نے کہا یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم صرف دو چیزیں ہیں ایک ٹاٹ کا بچھونا ہے جس کو ہم اوڑھتے بھی ہیں اور بچھاتے بھی ہیں اور ایک پانی پینے کا پیالہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں میرے پاس لے آؤ۔ صحابی دونوں چیزیں لے کر حاضر ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ دونوں چیزیں دو درہم میں نیلام کر دیں اور دونوں درہم ان کے حوالے کرتے ہوئے فرمایا جاؤ ایک درہم میں تو کچھ کھانے پینے کا سامان خرید کر گھر والوں کو دے آؤ۔ اور ایک درہم میں کلہاڑی خرید لاؤ۔ پھر کلہاڑی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھوں سے دستہ لگایا اور فرمایا جاؤ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کاٹ کر لاؤ اور بازار میں بیچو۔ پندرہ دن کے بعد ہمارے پاس آکر روداد سنانا۔ پندرہ روز کے بعد جب وہ صحابی حاضر ہوئے۔ تو انہوں نے دس درہم جمع کر لئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوئے اور فرمایا یہ محنت کی کمائی تمہارے لئے اس سے کہیں بہتر ہے کہ تم لوگوں سے مانگتے

پھر وادر قیامت کے روز تمہارے چہرے پر بھیک مانگنے کا داغ ہو۔

۲۔ جم کر کاروبار کیجیے اور خوب کمائیے تاکہ آپ، لوگوں کے محتاج نہ رہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگوں نے ایک بار پوچھا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بہتر کمائی کون سی ہے؟ فرمایا "اپنے ہاتھ کی کمائی اور ہر وہ کاروبار جس میں جھوٹ اور خیانت نہ ہو" حضرت ابو قلابہؒ فرمایا کرتے تھے بازار میں جم کر کاروبار کرو۔ تم دین پر مضبوطی کے ساتھ جم سکو گے۔ اور لوگوں سے بے نیاز رہو گے۔

۳۔ کاروبار کو فروغ دینے کے لئے ہمیشہ سچائی اختیار کیجیے جھوٹی قسموں سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "قیامت کے روز خدا تعالیٰ نہ اس شخص سے بات کرے گا نہ اس کی طرف منہ اٹھا کر دیکھے گا اور نہ اس کو پاک صاف کر کے جنت میں داخل کرے گا۔ جو جھوٹی قسمیں کھا کھا کر اپنے کاروبار کو فروغ دینے کی کوشش کرتا ہے۔" (مسلم) اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ اپنا مال بیچنے کے لئے کثرت سے جھوٹی قسمیں کھانے سے بچو یہ چیز وقتی طور پر تو فروغ کی معلوم ہوتی ہے لیکن آخر کار کاروبار میں برکت ختم ہو جاتی ہے۔ (مسلم)

۴۔ کاروبار میں ہمیشہ دیانت و امانت اختیار کیجیے اور کبھی کسی کو خراب مال دے کر یا معروف نفع سے زیادہ غیر معمولی نفع لے کر اپنی حلال کمائی کو حرام نہ بنائیے، خدا کے رسولؐ کا ارشاد ہے "سچا اور امانت دار تاجر قیامت میں نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ساتھ ہو گا۔" (ترمذی)

۵۔ خریداروں کو اچھے سے اچھا مال فراہم کرنے کی کوشش کیجیے جس مال

پر آپ کو اطمینان نہ ہو وہ ہرگز کسی خریدار کو نہ دیجئے اور اگر کوئی خریدار آپ سے مشورہ طلب کرے تو اس کو مناسب مشورہ دیجیے۔

٦۔ خریداروں کو اپنے اعتماد میں لینے کی کوشش کیجیے کہ وہ آپ کو اپنا خیر خواہ سمجھیں، آپ پر بھروسہ کریں اور ان کو پورا پورا اطمینان ہو کہ وہ آپ کے یہاں کبھی دھوکہ نہ کھائیں گے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جس نے پاک کمائی پر گذارہ کیا، میری سنت پر عمل کیا، اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھا تو یہ شخص جنتی ہے، بہشت میں داخل ہوگا لوگوں نے عرض کیا "یا رسول اللہ! اس زمانے میں تو ایسے لوگ کثرت سے ہیں" آپؐ نے فرمایا "میرے بعد بھی ایسے لوگ ہوں گے" (ترمذی)

٧۔ وقت کی پابندی کا پورا پورا خیال رکھیے وقت پر دکان پہنچ جائیے اور جم کر صبر کے ساتھ بیٹھیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"رزق کی تلاش اور حلال کمائی کے لیے صبح سویرے ہی چلے جایا کرو کیونکہ صبح کے کاموں میں برکت اور کشادگی ہوتی ہے" (طبرانی)

٨۔ خود بھی محنت کیجیے اور ملازموں کو بھی محنت کا عادی بنائیے، البتہ ملازمین کے حقوق فیاضی اور ایثار کے ساتھ ادا کیجیے اور ہمیشہ ان کے ساتھ نرمی اور کشادگی کا سلوک کیجیے، بات بات پر غصہ کرنے اور شبہ کرنے سے پرہیز کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ خدا اس امت کو پاکیزگی سے نہیں نوازتا جس کے ماحول میں کمزوروں کو اُن کا حق نہ دلوایا جائے۔

۹۔ خریداروں کے ساتھ ہمیشہ نرمی کا معاملہ کیجیے اور قرض مانگنے والوں کے ساتھ نہ سختی کیجیے نہ انہیں مایوس کیجیے اور نہ ان سے تقاضے میں شدت کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا اس شخص پر رحم فرمائے جو خرید و فروخت اور تقاضا کرنے میں نرمی اور خوش اخلاقی سے کام لیتا ہے۔" (بخاری)

اور آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ "جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ خدا اس کو روزِ قیامت کے غم اور گھٹن سے بچائے تو اسے چاہیئے کہ تنگدست قرضدار کو مہلت دے یا قرض کا بوجھ اس کے اوپر سے اتار دے۔" (مسلم)

۱۰۔ مال کا عیب چھپانے اور خریدار کو فریب دینے سے پرہیز کیجیے مال کی خرابی اور عیب خریدار پر واضح کر دیجیے۔ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم غلّے کے ایک ڈھیر کے پاس سے گزرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اس ڈھیر میں ڈالا تو انگلیوں میں کچھ تری محسوس ہوئی۔ آپؐ نے غلّے والے سے پوچھا "یہ کیا"؟ دوکاندار نے کہا "یا رسول اللہ! اس ڈھیر پر بارش ہو گئی تھی۔" آپؐ نے فرمایا "پھر تم نے بھیگے ہوئے غلّے کو اوپر کیوں نہیں رکھ دیا کہ لوگ اُسے دیکھ لیتے جو شخص دھوکا دے اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔"

۱۱۔ قیمتیں چڑھنے کے انتظار میں کھانے پینے کی چیزیں روک کر خدا کی مخلوق کو پریشان کرنے سے سختی کے ساتھ بچیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ذخیرہ اندوزی کرنے والا گنہگار ہے۔" ایک اور موقع پر آپؐ نے فرمایا "ذخیرہ اندوزی کرنے والا کیسا بُرا آدمی ہے۔ جب خدا چیزوں کو سستا فرما دیتا ہے تو

وہ غم میں گھلتا ہے اور جب قیمتیں چڑھ جاتی ہیں تو اس کا دل باغ باغ ہو جاتا ہے۔" (مشکوٰۃ)

۱۲۔ خریدار کو اس کا حق پورا پورا دیجیے۔ ناپ تول میں دیانتداری کا اہتمام کیجیے۔ لینے اور دینے کا پیمانہ ایک رکھیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپ، تول والے تاجروں کو خطاب کرتے ہوئے آگاہ کیا۔

"تم لوگ دو ایسے کاموں کے ذمہ دار بنا دیئے گئے ہو جن کی وجہ سے تم سے پہلے گزری ہوئی قومیں ہلاک ہوئیں۔"

قرآن میں ہے۔

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ۔

"ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لئے ہلاکت ہے۔ جو لوگوں سے ناپ کر لیں تو پورا پورا لیں اور جب ان کو ناپ یا تول کر دیں تو کم کر دیں۔ کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ یہ زندہ کر کے اٹھائے بھی جائیں گے ایک بڑے ہی سخت دن میں جس دن تمام انسان رب العالمین کے حضور کھڑے ہوں گے۔" (التطفیف: ۱-۶)

۱۳۔ تجارتی کوتاہیوں کا کفارہ ضرور ادا کرتے رہیئے اور خدا کی راہ میں دل کھول کر صدقہ و خیرات کرتے رہا کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تاجروں کو ہدایت فرمائی کہ

"اے کاروبار کرنے والو! مال کے بیچنے میں لغویات کرنے اور جھوٹی قسم کھا جانے کا بہت امکان رہتا ہے تو تم لوگ اپنے مالوں میں سے صدقہ ضرور کیا کرو۔" (ابوداؤد)

۱۴۔ اور اس تجارت کو کبھی ذہنوں سے اوجھل نہ ہونے دیجیے جو دردناک عذاب سے نجات دلانے والی ہے اور جس کا نفع فانی دولت نہیں بلکہ ہمیشہ کی کامرانی اور لازوال عیش ہے۔ قرآن میں ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ (الصف: ۱۰-۱۱)

"اے مومنو! میں تمہیں ایسی تجارت کیوں نہ بتاؤں؟ جو تمہیں دردناک عذاب سے نجات دلائے (یہ کہ) تم خدا پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور خدا کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانوں سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے حق میں بہت بہتر ہے۔ اگر تم علم سے کام لو۔"



باب چہارم

بھلا اس شخص سے زیادہ بھلی بات کہنے والا

اور کون ہوسکتا ہے

جو

اللہ کی طرف دعوت دے

خود نیک عمل کرے

اور زبان سے اظہار کرے کہ

میں تو خدا کے فرمانبرداروں میں ہوں

(قرآن حکیم)

داعیانہ کردار کے آداب

۱۔ اپنے منصب کا حقیقی شعور پیدا کیجیے، آپ نبی ﷺ کے جانشین ہیں اور دعوت دین، شہادت حق اور تبلیغ کا وہی فریضہ آپ کو انجام دینا ہے جو خدا کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انجام دیتے رہے۔ لہذا وہی داعیانہ تڑپ پیدا کرنے کی کوشش کیجیے جو نبی ﷺ کا خصوصی اور امتیازی وصف ہے۔

قرآن کا ارشاد ہے۔

هُوَ اجْتَبٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ مِلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرٰهِيمَ هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ۔

"اس نے تمہیں منتخب فرمالیا ہے، اور دین کے معاملے میں تم پر کوئی تنگی نہیں رکھی ہے، پیروی کرو۔ اس دین کی جو تمہارے باپ ابراہیم کا دین ہے۔ اس نے پہلے ہی سے تمہیں مسلم کے نام سے نوازا تھا اور اسی سلسلے میں، کہ رسول تمہارے لئے دین حق کی شہادت دیں اور تم دنیا کے سارے انسانوں کے سامنے دین حق کی شہادت دو۔" (الحج)

یعنی امت مسلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانشین ہے اور اس کو وہی کام انجام دینا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انجام دیا ہے

طرح آخری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول و عمل اور شب و روز کی تگ و دو سے خدا کے دین کو واضح کرنے کا حق ادا کر دیا۔ ٹھیک اسی طرح اُمّت کو بھی دنیا کے سارے ہی انسانوں کے سامنے خدا کے دین کو واضح کرنا ہے اور اسی احساس فرض اور داعیانہ تڑپ کے ساتھ دینِ حق کی زندہ شہادت بن کر زندہ رہنا ہے۔

۲۔ اپنی اصلی حیثیت کو ہمیشہ نگاہ میں رکھیے اور اس کے شایانِ شان اپنی زندگی کو بنانے اور بنائے رکھنے کی کوششیں پیہم جاری رکھیے۔ آپ دنیا کی عام اُمّتوں کی طرح ایک اُمّت نہیں ہیں بلکہ آپ کو خدا نے امتیازی شان بخشی ہے۔ آپ کو دنیا کی تمام قوموں میں صدر کی طرح رہنمائی کا مقام حاصل ہے۔ آپ ہر افراط و تفریط سے پاک، خدا کی سیدھی شاہراہ پر اعتدال کے ساتھ قائم ہیں۔

قرآن میں ہے۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا۔ (البقرہ: ۱۴۳)

"اور اسی طرح ہم نے تم کو ایک "امت وسط" بنایا ہے تاکہ تم سارے انسانوں کے لئے دینِ حق کے گواہ ہو، اور ہمارے رسول تمہارے لئے گواہ ہوں"

۳۔ اپنے نصب العین کا واقعی علم حاصل کیجیے اور شرح صدر کے ساتھ اس کو اپنانے کی کوشش کیجیے خدا کی نظر میں امتِ مسلمہ کا نصب العین قطعی طور

پر یہ ہے کہ وہ کامل یکسوئی اور اخلاص کے ساتھ اس پورے دین کو قائم اور نافذ کرے جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے اور جو عقائد و عبادت، اخلاق و معاشرت اور معیشت و سیاست غرض انسانی زندگی سے متعلق تمام ہی آسمانی ہدایات پر مشتمل ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک دور میں اس دین کو اپنی تمام تفصیلات کے ساتھ قائم فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عقائد و اخلاق کی تعلیم بھی دی، عبادات کے طریقے بھی سکھائے۔ دین کی بنیادوں پر سماج کی تعمیر بھی فرمائی اور انسانی زندگی کو منظم کرنے اور خیر و برکت سے مالامال کرنے والی ایک بابرکت اسٹیٹ بھی قائم کی۔

خدا کا ارشاد ہے۔

شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ۔ (الشوریٰ ۱۳)

"مسلمانو! خدا نے تمہارے لئے دین کا وہی طریقہ مقرر کیا ہے جس کی وصیت اس نے نوح ؑ کو کی تھی اور جس کی وحی اے رسول ؐ! ہم نے آپؐ کی طرف بھیجی ہے اور جس کی ہدایت ہم ابراہیم ؑ اور موسیٰ ؑ اور عیسیٰ ؑ کو دے چکے ہیں کہ اس دین کو قائم کرو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو۔"

۴۔ برائیوں کو مٹانے اور بھلائیوں کو قائم کرنے کے لئے ہمہ وقت کمربستہ رہیئے۔ یہی آپ کے ایمان کا تقاضا ہے اور یہی آپ کے ملی وجود کا مقصد ہے۔ اسی مقصد کے لئے زندہ رہیئے اور اسی کے لئے جان دیجئے اسی کام کو انجام

دینے کے لئے خدا نے آپ کو "خیرِ امت" کے عظیم لقب سے سرفراز فرمایا ہے۔

کُنۡتُمۡ خَیۡرَ اُمَّةٍ اُخۡرِجَتۡ لِلنَّاسِ تَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَتَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَتُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ۔

"تم "خیرِ امت" (بہترین امت) ہو جو سارے انسانوں کے لئے وجود میں لائی گئی ہے۔ تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو، اور خدا پر کامل ایمان رکھتے ہو۔ (آل عمران ۱۱۰)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، تم لوگ لازماً نیکی کا حکم دیتے رہو اور برائی سے روکتے رہو، ورنہ عنقریب خدا تم پر ایسا عذاب بھیج دے گا کہ پھر تم پکارتے رہو گے اور کوئی شنوائی نہ ہو گی۔" (ترمذی)

۵۔ خدا کا پیغام پہنچانے اور بندگانِ خدا کو جہنم کے ہولناک عذاب سے بچانے کے لئے داعیانہ تڑپ اور مثالی درد و سوز پیدا کیجئے۔ نبیؐ کی بے مثال تڑپ اور بے پایاں درد کا اعتراف قرآن نے ان الفاظ میں فرمایا ہے۔

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفۡسَكَ عَلٰۤى اٰثَارِهِمۡ اِنۡ لَّمۡ يُؤۡمِنُوۡا بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ اَسَفًا۔ (الکہف: ۶)

"شاید آپ ان لوگوں کے پیچھے اپنی جان ہلاک ہی کر ڈالیں گے اگر یہ لوگ اس کلامِ ہدایت پر ایمان نہ لائیں۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اس کیفیت کو ان الفاظ میں بیان

فرمایا ہے۔

"میری مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ جلائی اور جب آس پاس کا ماحول آگ کی روشنی سے چمک اٹھا تو یہ کیڑے پتنگے اس پر گرنے لگے اور وہ شخص پوری قوت سے ان کیڑے پتنگوں کو روک رہا ہے، لیکن پتنگے ہیں کہ اس کی کوشش کو ناکام بنائے دیتے ہیں اور آگ میں گھسے پڑ رہے ہیں (اسی طرح) میں تمہیں کمر سے پکڑ پکڑ کر آگ سے روک رہا ہوں اور تم ہو کہ آگ میں گرے پڑ رہے ہو" (مشکوٰۃ)

ایک بار حضرت عائشہؓ نے آپؐ سے پوچھا یا رسولؐ اللہ! اُحد سے زیادہ سخت دن بھی آپؐ پر کوئی گزرا ہے، فرمایا "ہاں عائشہ! میری زندگی میں سب سے زیادہ سخت دن عقبہ کا دن تھا" ———— یہ وہ دن تھا جب آپؐ مکے والوں سے مایوس ہو کر طائف والوں کو خدا کا پیغام پہنچانے کے لئے تشریف لے گئے۔ وہاں کے سردار عبد یالیل نے غنڈوں کو آپؐ کے پیچھے لگا دیا اور انہوں نے پیغام رحمت کے جواب میں آپؐ پر پتھر برسائے۔ آپؐ لہولہان ہو گئے اور بے ہوش ہو کر گر پڑے پھر آپؐ انتہائی پریشان اور غمگین وہاں سے چلے۔ جب قرن الثعالب پہنچے تو غم کچھ ہلکا ہوا۔ خدا نے عذاب کے فرشتے کو آپؐ کی خدمت میں بھیجا۔ عذاب کے فرشتے نے کہا۔ یا رسولؐ اللہ! اگر آپؐ فرمائیں تو میں ابوقبیس اور جبل احمر کو آپس میں ٹکرا دوں؟ اور ان دونوں پہاڑوں کے بیچ میں یہ بدبخت پس کر اپنے انجام کو پہنچ جائیں۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "نہیں نہیں مجھے چھوڑ دو

کہ میں اپنی قوم کو خدا کے عذاب سے ڈراتا رہوں، شاید کہ خدا انہی کے دلوں کو ہدایت کے لئے کھول دے یا پھر ان کی اولاد میں ایسے لوگ پیدا ہوں جو ہدایت کو قبول کرلیں ۔ (بخاری، مسلم)

آپؐ مکے میں ہیں اور مکے کے لوگوں میں آپؐ کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں۔ کوئی کہتا ہے انہیں شہر سے نکال دو۔ کوئی کہتا ہے انہیں قتل کر دو۔ انہی دنوں مکے کو اچانک قحط نے آگھیرا ایسا قحط کہ قریش کے لوگ پتے اور چھال کھانے پر مجبور ہو گئے۔ بچے بھوک سے بلبلاتے اور بڑے ان کی حالتِ زار دیکھ کر تڑپ تڑپ اٹھتے۔

رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو اس لرزہ خیز مصیبت میں مبتلا دیکھ کر بے قرار ہو گئے۔ آپؐ کے مخلص ساتھی بھی آپؐ کا اضطراب دیکھ کر تڑپ اٹھے۔ آپؐ نے اپنے ان جانی دشمنوں کو جن کے پہنچائے ہوئے زخم ابھی بالکل تازہ تھے۔ اپنی دلی ہمدردی کا پیغام بھیجا اور ابوسفیان اور صفوان کے پاس پانچ سو دینار بھیج کر کہلوایا کہ یہ دینار ان قحط کے مارے ہوئے غریبوں میں تقسیم کر دیئے جائیں۔

حقیقت یہ ہے کہ گمراہ بندوں کے غم میں گھلنا۔ ان کی گمراہی اور مصیبت پر کڑھنا۔ ان کو خدا کے غضب سے بچانے کے لئے تڑپنا۔ ان کی تکالیف دیکھ کر بے قرار ہونا اور ان کی ہدایت کے لئے غیر معمولی حریص ہونا یہی ایک داعیِ حق کے وہ جوہر ہیں۔ جن کے ذریعے اس کی زندگی انتہائی دلکش اور غیر معمولی اثر انگیز بن جاتی ہے۔

۶۔ قوم کی بے لوث خدمت کیجیے اور اپنی کسی خدمت کا صلہ بندوں سے طلب نہ کیجیے۔ جو کچھ کیجیے محض خدا کی خوشنودی کے لئے کیجیے اور اُسی سے اپنے اجر و ثواب کی توقع رکھیے۔ خدا کی رضا اور خدا ہی سے اجر و ثواب کی طلب ایسا محرّک ہے جو آدمی کی بات میں اثر پیدا کرتا ہے اور آدمی کو مسلسل سرگرم رکھتا ہے۔ خدا ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ نہ اسے نیند آتی ہے۔ نہ اُونگھ۔ اس کی نظر سے بندے کا کوئی عمل پوشیدہ نہیں۔ وہ اپنے مخلصین کا اجر کبھی ضائع نہیں کرتا۔ وہ محنت سے کہیں زیادہ دیتا ہے۔ اور کسی کو محروم نہیں کرتا۔ پیغمبر بار بار اپنی قوم سے کہتے تھے۔

"میں تم سے کسی اجر اور بدلے کا مطالبہ نہیں کرتا۔ میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔"

۷۔ اسلام کی گہری بصیرت حاصل کیجیے اور یہ یقین رکھیے کہ خدا کے نزدیک دین تو بس اسلام ہی ہے، اس دینِ حق کو چھوڑ کر جو طریق بندگی بھی اختیار کیا جائے گا۔ خدا کے یہاں اس کی کوئی قدر و قیمت نہ ہوگی۔ خدا کے یہاں تو وہی دین مقبول ہے جو قرآن میں ہے اور جس کی عملی تفسیر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مبارک زندگی سے پیش فرمائی۔ قرآن پاک میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا ہے کہ لوگوں کو صاف صاف بتا دیجیے کہ میں نے جو راہ بھی اپنائی ہے، سوچ سمجھ کر پوری بصیرت کے ساتھ اپنائی ہے۔

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣعَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ۔ (یوسف ۱۰۸)

"(اے رسولؐ!) آپ اِن سے صاف صاف کہہ دیجیے کہ میرا راستہ تو یہ ہے، میں اور میرے پیچھے چلنے والے پوری بصیرت کے ساتھ اللہ کی طرف دعوت دے رہے ہیں اور خدا ہر عیب سے پاک ہے اور میرا ان سے کوئی واسطہ نہیں جو خدا کے ساتھ شرک کر رہے ہیں۔

اور خدا کا صاف صاف ارشاد ہے۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ (آل عمران ۸۵)

"اور جو کوئی اسلام کے سوا کسی دوسرے دین کو اختیار کرنا چاہے گا۔ اس کا وہ دین ہرگز قبول نہ کیا جائے گا۔ اور آخرت میں وہ ناکام و نامراد ہوگا۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ اور خدا کے نزدیک دین تو بس اسلام ہی ہے۔

۸۔ اپنے نصب العین کی عظمت اور اہمیت کو ہمیشہ نگاہ میں رکھیے اور خیال رکھیے کہ یہ وہ عظیم کام ہے جس کے لئے خدا کی طرف سے ہمیشہ انبیاء مبعوث ہوتے رہے ہیں ——— اور یہ یقین رکھیے کہ خدا نے آپ کو دین کی جو دولت عطا فرمائی ہے یہی دونوں جہان کی عظمت و سربلندی کا سرمایہ ہے بھلا اس کے مقابلہ میں دنیا کی دولت اور شان و شوکت کی کیا قدر و قیمت ہے جو چند روزہ بہار ہے۔ قرآن میں ہے:

"اور ہم نے آپ کو سات دہرائی جانے والی آیتیں اور عظمت والا قرآن عطا کیا ہے تو آپ اس فانی متاع کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھیے جو ہم نے ان

کے مختلف طبقوں کو دے رکھا ہے۔ اور اہل کتاب کو خطاب کرتے ہوئے کہا گیا ہے۔

یَآ اَھْلَ الْکِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰی شَیْءٍ حَتّٰی تُقِیْمُوا التَّوْرٰۃَ وَالْاِنْجِیْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ۔ (المائدہ ۶۸)

"اے اہل کتاب! تم کچھ نہیں ہو، جب تک تم تورات اور انجیل اور دوسری کتابوں کو قائم نہ کرو جو تمہارے رب نے نازل فرمائی ہیں۔"

۹۔ دین کا صحیح فہم حاصل کرنے اور دین کی حکمتوں کو سمجھنے کی برابر کوشش کرتے رہیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا جس شخص کو خیر سے نوازنا چاہتا ہے اسے اپنے دین کا صحیح فہم اور گہری سوجھ بوجھ عطا فرماتا ہے۔" (بخاری، مسلم)

حقیقت یہ ہے کہ دین کا صحیح فہم اور دین کی حکمت ہی تمام بھلائیوں کا سرچشمہ ہے اور جو شخص اس خیر سے محروم ہے وہ دونوں جہان کی سعادتوں سے محروم ہے۔ نہ اس کی زندگی میں توازن اور یکسانیت پیدا ہو سکتی ہے۔ اور نہ وہ زندگی کے ہر میدان میں دین کی صحیح نمائندگی کر سکتا ہے۔

۱۰۔ جو کچھ دنیا کے سامنے پیش کریں اس کا مخاطب سب سے پہلے اپنی ذات کو بنائیے۔ دوسروں کو بتانے سے پہلے خود کو بتائیے اور جو دوسروں سے چاہیں پہلے خود کر کے دکھائیے۔ دینِ حق کے داعی کا امتیاز یہ ہے کہ وہ اپنی دعوت کا سچا نمونہ ہوتا ہے۔ جو کچھ وہ کہتا ہے۔ اپنے عمل و کردار کو اس پر گواہ بناتا ہے۔ جن حقیقتوں کو قبول کرنے میں وہ دنیا کی بھلائی دیکھتا ہے خود اس کا

سب سے زیادہ حریص ہوتا ہے۔ پیغمبر جب جب قوم کے سامنے دعوت دینے اٹھے تو انہوں نے اعلان کیا " اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ " میں خود سب سے پہلا مسلمان ہوں۔

آپ زبان و قلم سے بھی گواہی دیجئے کہ حق وہی ہے جو آپ پیش کر رہے ہیں اور اپنے انفرادی عمل، خانگی تعلقات، سماجی معاملات اور سیاسی اور ملکی سرگرمیوں سے بھی یہ ثابت کیجئے کہ دین حق کو اپنا کر ہی پاکیزہ کردار وجود میں آتا ہے، مستحکم خاندان بنتا ہے، اچھا سماج تشکیل پاتا ہے اور ایک ایسا نظام تہذیب و تمدن بنتا ہے جس کی بنیاد عدل و انصاف پر ہو، جو لوگ اپنی تربیت و اصلاح سے غافل ہو کر دوسروں کی اصلاح و تربیت کی باتیں کرتے ہیں وہ انتہائی نادان ہیں۔ وہ اپنا گھر جلتا ہوا دیکھ کر بے فکر ہیں اور پانی کی بالٹیاں لئے تلاش کر رہے ہیں کہ کسی کے گھر آگ لگ جائے تو اس کو بجھا دیں۔ ایسے لوگ دنیا میں بھی ناکام ہیں اور آخرت میں بھی ناکام رہیں گے۔ یہاں تو ان کی بے عملی ان کی پند و نصیحت کو بے وزن اور بے اثر کرتی رہے گی اور آخرت میں یہ انتہائی عبرتناک عذاب بھگتیں گے۔ خدا کو یہ بات انتہائی ناگوار ہے کہ دوسروں کو نصیحت کرنے والے خود بے عمل رہیں اور وہ کہیں جو خود نہ کرتے ہوں[1]، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے بے عمل داعیوں کو انتہائی ہولناک عذاب سے ڈرایا ہے۔ آپؐ نے فرمایا۔

"قیامت کے روز ایک آدمی لایا جائے گا۔ اور آگ میں پھینک دیا

---

[1] الصف آیت ۲، ۳۔

جائے گا، اس کی انتڑیاں اس آگ میں باہر نکل پڑیں گی۔ پھر وہ آدمی ان انتڑیوں کو اس طرح لئے لئے پھرے گا جس طرح گدھا اپنی چکی میں پھرتا ہے یہ دیکھ کر دوسرے جہنمی لوگ اس کے پاس جمع ہوں گے اور پوچھیں گے اے فلاں یہ تمہارا کیا حال ہے؟ کیا تم دنیا میں ہمیں نیکیوں کی تلقین نہیں کرتے تھے؟ اور برائیوں سے نہیں روکتے تھے؟ (ایسے نیکی کے کام کرنے کے باوجود تم یہاں کیسے آ گئے؟) وہ آدمی کہے گا میں تمہیں تو نیکیوں کا سبق دیتا تھا۔ لیکن خود نیکی کے قریب بھی نہ جاتا تھا تمہیں تو برائیوں سے روکتا تھا لیکن خود برائیوں پر عمل کرتا تھا۔" (مسلم، بخاری)

معراج کی شب کے جو عبرت انگیز مناظر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے سامنے رکھے ہیں ان کا ایک اہم مقصد یہ بھی ہے کہ کوتاہ کار لوگوں کو تنبیہ ہو اور وہ اپنی اصلاحِ حال کی فکر کریں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"میں نے معراج کی شب میں کچھ لوگوں کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔ میں نے جبریلؑ سے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ جبریلؑ نے کہا "یہ آپ کی امت کے مقررین ہیں۔ یہ لوگوں کو نیکی اور تقویٰ کی تلقین کرتے تھے اور خود کو بھولے ہوئے تھے۔" (مشکوٰۃ)

صحابہ کرام بھی اس قسم کے کوتاہ کاروں اور بے عملوں کو سخت تنبیہ فرماتے تھے۔ ایک بار حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے ایک شخص نے کہا حضرت میں چاہتا ہوں کہ لوگوں کو نیکی کا حکم دوں، اور برائیوں سے روکوں اور دعوت و تبلیغ کا کام کروں! حضرت نے فرمایا کیا تم اس مرتبے پر پہنچ چکے ہو کہ مبلغ بنو۔ اس نے کہا، ہاں توقع تو ہے، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اگر تمہیں یہ اندیشہ نہ

ہو کر قرآن پاک کی تین آیتیں تمہیں رسوا کر دیں گی تو شوق سے تبلیغ دین کا کام کرو۔
وہ شخص بولا۔ حضرت وہ کون سی تین آیتیں ہیں۔ حضرت ابن عباس رضؓ نے
فرمایا۔

پہلی آیت یہ ہے۔

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَکُمْ۔ (البقرہ ۴۴)

"کیا تم لوگوں کو نیکی کی تلقین کرتے ہو اور اپنے کو بھول جاتے ہو"

ابن عباس رضؓ نے کہا کیا اس آیت پر اچھی طرح عمل کر لیا ہے؟ اس نے کہا
نہیں۔ اور دوسری آیت یہ ہے۔

لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ۔ (الصف ۲)

"تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو"

تو تم نے اس آیت پر اچھی طرح عمل کر لیا ہے؟ اس نے کہا نہیں۔
اور تیسری آیت یہ ہے۔

مَا اُرِیْدُ اَنْ اُخَالِفَکُمْ اِلٰی مَا اَنْھٰکُمْ عَنْہُ۔ (ہود ۸۸)

"حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا) جن بری
باتوں سے میں تمہیں منع کرتا ہوں ان کو بڑھ کر خود کرنے لگوں میری یہ خواہش
نہیں ہے۔ (بلکہ میں تو ان باتوں سے بہت دور رہوں گا)"

بتاؤ تم نے اس آیت پر بخوبی عمل کر لیا ہے وہ شخص بولا نہیں۔ تو حضرت
نے فرمایا۔ جاؤ پہلے اپنے کو نیکی کا حکم دو۔ اور برائی سے روکو۔

۱۱۔ نماز کو اس کے پورے آداب و شرائط اور شغف کے ساتھ ادا کیجئے

نوافل کا بھی اہتمام کیجئے۔ خدا سے گہرا تعلق قائم کئے بغیر دعوت و تبلیغ کا کام ممکن نہیں۔ اور خدا سے وابستگی پیدا کرنے کا یقینی ذریعہ نماز ہے جو خود خدا ہی نے اپنے بندوں کو بتایا ہے۔

نبی ؐ سے خطاب کرتے ہوئے خدا نے فرمایا۔

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا نِصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا

"اے چادر میں لپٹنے والے! رات میں قیام کیجئے، مگر کچھ رات، آدھی رات یا اس سے کچھ کم یا کچھ زیادہ۔ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھیئے۔ ہم جلد آپ پر ایک بھاری فرمان (کی ذمہ داری) ڈالنے والے ہیں" (المزمل ۱-۵)

بھاری فرمان کی ذمہ داری سے مراد دین حق کی تبلیغ ہے اور یہ حقیقت ہے کہ یہ ذمہ داری دنیا کی تمام ذمہ داریوں میں زیادہ بھاری اور گراں ہے اس عظیم ذمہ داری کا حق ادا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ نماز سے قوت حاصل کریں اور خدا سے تعلق مضبوط کریں۔

۱۲۔ قرآن پاک سے شغف پیدا کیجئے اور پابندی کے ساتھ اس کی تلاوت کیجئے۔ نماز میں بھی انتہائی توجہ کے ساتھ تلاوت کیجئے اور نماز کے باہر بھی ذوق و شوق کے ساتھ ٹھیر ٹھیر کر پڑھیئے۔ دل کی آمادگی اور طبیعت کی حاضری کے ساتھ جو تلاوت کی جاتی ہے اس سے قرآن کو سمجھنے اور غور و فکر کرنے میں بھی مدد ملتی ہے اور ذوق و شوق میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ قرآن پاک ہدایت و

عبرت کا واحد سرچشمہ ہے۔ یہ اسی لئے نازل ہوا ہے کہ اس کی آیات پر غور کیا جائے اور اس کی تذکیر و نصیحت سے فائدہ اٹھایا جائے لہذا اس میں غور و تدبر کی عادت ڈالیئے اور اس عزم کے ساتھ اس کی تلاوت کیجیے کہ اسی کی رہنمائی میں اپنی زندگی بھی تعمیر کرنی ہے اور اسی کی ہدایات کے مطابق سماج کو بھی بدلنا ہے۔ خدا کے دین کو وہی لوگ قائم کر سکتے ہیں جو اپنے غور و فکر کا مرکز اور اپنی دلچسپیوں کا محور قرآن پاک کو بنائیں۔ اس سے بے نیاز ہو کر نہ تو خود دین پر قائم رہنا ممکن ہے اور نہ اقامت دین کی کوشش میں حصہ لینے ہی کا کوئی امکان ہے۔ تلاوت کرنے والوں کو ہدایت کی گئی ہے۔

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔ (ص ۲۹)

”وہ کتاب جو ہم نے آپ کی طرف بھیجی ہے سرتا سر برکت ہے، تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور و تدبر کریں، اور عقل سلیم رکھنے والے اس سے سبق حاصل کریں۔“

اور ہدایت کی گئی ہے ”اور قرآن کو ٹھیر ٹھیر کر پڑھیئے“ (المزمل ۴)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

”یہ قلوب زنگ آلود ہو جاتے ہیں جس طرح لوہا زنگ آلود ہو جاتا ہے جب اس پر پانی پڑتا ہے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ! پھر دلوں کے زنگ کو دور کرنے والی چیز کیا ہے؟ فرمایا۔ دل کا زنگ اس طرح دور ہوتا ہے کہ آدمی موت کو کثرت سے یاد کرے اور دوسرے یہ کہ قرآن کی تلاوت کرے“ (مشکوٰۃ)

۱۳- ہر حال میں خدا کا شکر ادا کیجیے۔ اور جذبۂ شکر پیدا کرنے کے لئے ان لوگوں پر نگاہ رکھیے جو دنیوی شان و شوکت اور مال و دولت میں آپ سے کمتر ہوں،

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"ان لوگوں کی طرف دیکھو جو تم سے مال و دولت اور دنیاوی جاہ و مرتبے میں کم ہیں۔ (تو تمہارے اندر شکر کا جذبہ پیدا ہوگا) اور ان لوگوں کی طرف نہ دیکھو جو تم سے مال و دولت میں اور دنیاوی ساز و سامان میں بڑھے ہوئے ہیں تاکہ جو نعمتیں تمہیں اس وقت ملی ہوئی ہیں وہ تمہاری نگاہ میں حقیر نہ ہوں، (ورنہ خدا کی ناشکری کا جذبہ پیدا ہوگا)۔

۱۴- عیش کوشی سے بچیے۔ اور حق کے ایسے سپاہی بنیے جو ہر وقت ڈیوٹی پر ہو اور کسی وقت بھی ہتھیار نہ اتار رہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"میں عیش و سہولت کی زندگی کیسے گزاروں! جب کہ اسرافیل صور منہ میں لئے، کان لگائے، سر جھکائے انتظار کر رہے ہے کہ کب صور پھونکنے کا حکم ہوتا ہے" اور قرآن پاک میں مومنوں کو خطاب کرتے ہوئے خدا نے ارشاد فرمایا ہے۔

وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِن دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ

اللّٰهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ۔ (الانفال ۶۰)

"اور تم لوگ، جہاں تک تمہارا بس چلے، زیادہ سے زیادہ طاقت اور تیار بندھے رہنے والے گھوڑے ان کے مقابلے کے لئے مہیا رکھو تاکہ اس کے ذریعے سے خدا کے دشمنوں اور خود اپنے دشمنوں کو اور ان دوسرے اعدائے دین کو خوف زدہ کر دو۔ جنہیں تم نہیں جانتے خدا جانتا ہے۔ خدا کی راہ میں تم جو کچھ بھی خرچ کرو گے۔ اس کا پورا پورا بدلہ تمہاری طرف پلٹایا جائے گا اور تمہارا حق دینے میں ذرا کمی نہ کی جائے گی۔"

۱۵۔ دین کی خاطر ہر قربانی دینے اور ضرورت پڑنے پر اپنے وطن عزیز سے ہجرت کرنے کے لئے بھی خود کو آمادہ رکھیئے اور خود کو برابر تولتے رہیئے کہ کس حد تک آپ کے اندر یہ جذبہ قوت پکڑ رہا ہے۔ قرآن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ ہجرت بیان کرتے ہوئے ہجرت کی ترغیب اور قربانیوں کے لئے تیار رہنے کی تلقین اس طرح کی گئی ہے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِبْرٰهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يٰأَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنْكَ شَيْئًا ۝ يٰأَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ۝ يٰأَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطٰنَ إِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ۝ يٰأَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطٰنِ وَلِيًّا ۝ قَالَ أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِي

يَا إِبْرَاهِيمُ لَئِن لَّمْ تَنتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ۝ قَالَ سَلَامٌ عَلَيْكَ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ۝ وَأَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا۔

(مریم ۴۱ - ۴۸)

" اور اس کتاب میں ابراہیم علیہ السلام کے قصّے سے نصیحت حاصل کیجئے۔ بلاشبہ وہ ایک سچے نبی تھے (لوگوں کو اس وقت کا ذکر سنائیے) جب انہوں نے اپنے والد سے کہا۔ ابا جان! آپ ان چیزوں کی عبادت کیوں کر رہے ہیں؟ جو نہ سنتی ہیں اور نہ دیکھتی ہیں اور نہ آپ کے کسی کام آسکتی ہیں، ابا جان! میرے پاس وہ علم آیا ہے جو آپ کے پاس نہیں آیا ہے، آپ میرے کہے پر چلیں میں آپ کو سیدھی راہ پر چلاؤں گا، ابا جان! آپ شیطان کی بندگی نہ کیجئے۔ شیطان تو رحمان کا بڑا نافرمان ہے، ابا جان! مجھے ڈر ہے (کہ آپ اسی روش پر اگر رہے تو) رحمان کا عذاب آپ کو آپکڑے اور آپ شیطان کے ساتھی بن کر رہ جائیں۔

باپ نے کہا ابراہیم! کیا تم میرے معبودوں سے پھر گئے ہو؟ اگر تم باز نہ آئے تو میں تمہیں پتھر مار مار کر ہلاک کر دوں گا، اور جاؤ ہمیشہ کے لئے مجھ سے دور ہو جاؤ۔ ابراہیم علیہ السّلام نے کہا آپ کو میرا سلام ہے میں اپنے پروردگار سے دعا کروں گا کہ وہ آپ کی بخشش

فرما دے۔ بے شک میرا رب مجھ پر بڑا ہی مہربان ہے۔ میں آپ لوگوں سے بھی کنارہ کرتا ہوں اور ان ہستیوں سے بھی جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پکارا کرتے ہو، میں تو اپنے رب ہی کو پکاروں گا مجھے پوری امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر ہرگز نامراد نہ ہوں گا۔

۱۶۔ خدا کی راہ میں نکلنے کی تڑپ، جان و مال سے جہاد کرنے کا جذبہ اور اس کی راہ میں شہادت پانے کی پاکیزہ آرزو پیدا کیجئے۔ واقعہ یہ ہے کہ جہاد ایمان کا معیار ہے اور جس دل میں اس کی آرزو نہ ہو وہ ایمان و ہدایت سے محروم ایک بے رونق اور ویران کھنڈر ہے۔ میدان جہاد میں پہنچنے کی توفیق اور خدا کی راہ میں جان و مال قربان کر دینے کا موقع پانا واقعی بہت بڑی سعادت ہے لیکن اگر ایسے حالات نہ ہوں کہ آپ اس کا موقع پا سکیں۔ یا وسائل و ذرائع نہ ہوں کہ آپ میدانِ جہاد میں پہنچ کر ایمان کے جوہر دکھا سکیں۔ تب بھی آپ کا شمار خدا کے یہاں ان مجاہدوں میں ہو سکتا ہے، جو راہ خدا میں شہید ہوئے یا غازی بن کر لوٹے بشرطیکہ آپ کے دل میں راہ خدا میں نکلنے کی تڑپ ہو، دین کی راہ میں قربان ہونے کا جذبہ ہو اور شہادت کی آرزو ہو۔ اس لئے کہ خدا کی نظر ان قلبی جذبات پر ہوتی ہے جو مجاہدانہ کارناموں کے لئے آدمی کو بے چین کرتے ہیں۔ غزوہ تبوک سے جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم واپس ہو رہے تھے تو راہ میں آپ نے اپنے ساتھیوں کو خطاب فرماتے ہوئے کہا تھا۔

"مدینے میں کچھ لوگ ایسے ہیں کہ تم نے جو کوچ بھی کیا اور جو وادی بھی طے

کی وہ برابر تمہارے ساتھ رہے" نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں نے تعجب سے پوچھا "کیا مدینے میں رہتے ہوئے؟" فرمایا "ہاں مدینے میں رہتے ہوئے، کیونکہ ان کو مجبوری نے روک لیا تھا۔ وہ خود رکنے والے نہ تھے۔"

قرآن پاک میں بھی خدا نے ایسے لوگوں کی تعریف فرمائی ہے جو جذبہ رکھنے کے باوجود شرکتِ جہاد سے محروم رہے، اور اپنی اس محرومی پر ان کی آنکھیں آنسو بہاتی رہیں۔

وَلَا عَلَى الَّذِينَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوا وَّأَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنفِقُونَ ۔ (التوبہ ۹۲)

"اور نہ ان (بے سروسامان) لوگوں پر الزام ہے جو خود آپ کے پاس آئے کہ آپ ان کے لئے سواریاں مہیا فرمادیں اور جب آپ نے کہا کہ میں تمہارے لئے سواریوں کا انتظام نہیں کر سکتا تو وہ اس حال میں واپس ہوئے۔ کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اس غم میں کہ ان کے پاس جہاد میں شریک ہونے کے لئے خرچ کرنے کو کچھ موجود نہیں ہے۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص خدا کی راہ میں جہاد کئے بغیر مر گیا۔ اور اس کے دل میں اس کی آرزو بھی نہیں تھی تو وہ نفاق کی ایک کیفیت میں مرا۔" (مسلم)

حقیقت یہی ہے کہ خدا کی راہ میں لڑنے اور جان و مال کی قربانی پیش کرنے کے جذبے سے جو سینہ خالی ہے وہ مومن کا سینہ نہیں ہو سکتا۔

دعوت و تبلیغ کے آداب

۱۔ دعوت و تبلیغ میں حکمت اور سلیقے کا پورا پورا خیال رکھیے اور ایسا طریق کار اختیار کیجیے جو ہر لحاظ سے انتہائی موزوں پُر وقار، مقصد سے ہم آہنگ اور مخاطب میں شوق اور ولولہ پیدا کرنے والا ہو۔

قرآن پاک کا ارشاد ہے۔

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ۔ (النحل: ۱۲۵)

"اپنے رب کے راستے کی طرف دعوت دیجیے حکمت کے ساتھ عمدہ نصیحت کے ساتھ اور مباحثہ کیجیے تو ایسے طریقے پر جو انتہائی بھلا ہو۔"

قرآن کی اس جامع آیت سے تین اصولی ہدایات ملتی ہیں۔

(۱) دعوت حکمت کے ساتھ دی جائے۔

(۲) نصیحت اور فہمائش عمدہ انداز میں کی جائے۔

(۳) مباحثہ بھلے طریقے پر کیا جائے۔

○ حکمت کے ساتھ دعوت دینے کا مطلب یہ ہے کہ خود آپ کو اپنی دعوت کے تقدس اور عظمت کا پورا پورا احساس ہو، اور آپ اس

گویں نہیں دعوت کو نادانی سے ساتھ یوں ہی جا بجا نہ بکھیریں بلکہ آپ موقع محل کا بھی پورا پورا لحاظ رکھیے اور مخاطب کا بھی، ہر طبقے ہر گروہ اور ہر فرد سے اس کی فکری رسائی، استعداد، صلاحیت، ذہنی کیفیت اور سماجی حیثیت کے مطابق بات کیجیے۔ اور ان اٹل قدروں کو باہمی افہام و تفہیم اور دعوت کی بنیاد بنائیے جن میں باہم اتفاق ہو۔ اور جو قربت و قبولیت کے لئے راہ ہموار کریں۔

○ عمدہ نصیحت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ اِس سوز، خیر خواہی اور خلوص کے ساتھ نیک جذبات کو اُبھاریئے کہ مخاطب شوق و رغبت کے جذبات سے سرشار ہو جائے اور دین سے اس کا تعلق محض ذہنی اطمینان کی حد تک نہ رہے بلکہ دین اس کے دل کی آواز، روح کی غذا اور جذبات کی تسکین بن جائے۔

○ تنقید و مباحثے میں اچھا طریقہ اختیار کرنے کا مفہوم یہ ہے کہ آپ کی تنقید تعمیری ہو، دلسوزی اور اخلاص کی آئینہ دار ہو، اور انداز ایسا دلنشین اور سادہ ہو کہ مخاطب میں، ضد، نفرت، ہٹ دھرمی، تعصب اور حمیت جاہلیت کے جذبات نہ اُبھریں بلکہ وہ واقعی کچھ سوچنے سمجھنے پر مجبور ہو، اور اس میں حق کی طلب پیدا ہو، اور جہاں یہ کیفیتیں پیدا ہوتی نظر نہ آئیں آپ اپنی زبان بند کر لیجیے اور اس مجلس سے اُٹھ کر چلے آئیے۔

۲- ہر حال میں پورے دین کی دعوت دیجیے اور اپنی سمجھ سے اس میں کانٹ چھانٹ نہ کیجیے۔ اسلام کی دعوت دینے والے کو یہ حق ہرگز نہیں ہے

کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اس کے کچھ اجزا پیش کرے اور کچھ چھپائے رکھے۔ خدا کا ارشاد ہے۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِي إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ قُلْ لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُمْ بِهِ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِنْ قَبْلِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ۝ (یونس ۱۵-۱۷)

"اور جب ان کو ہماری کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو جو لوگ ہماری ملاقات کا یقین نہیں رکھتے۔ وہ کہتے ہیں۔ اس قرآن کے بجائے کوئی دوسرا قرآن لائیے یا اسی میں کچھ تغیر تبدل کر دیجئے آپ فرما دیجئے کہ میں اپنی طرف سے ہرگز اس میں کچھ کمی بیشی نہیں کر سکتا۔ میں تو خود اسی وحی کا پیرو ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے۔ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب کا خوف ہے۔ اور کہیئے اگر خدا نے یہ نہ چاہا ہوتا کہ میں یہ قرآن تمہیں سناؤں تو میں کبھی نہ سنا سکتا۔ اور نہ وہ ہی تمہیں اس سے واقف کرتا۔ پھر اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا جو ایک جھوٹی بات گھڑ کر خدا کی طرف منسوب کرے یا خدا کی (واقعی) آیات

کو جھوٹا قرار دے۔ یقیناً مجرم لوگ کبھی فلاح نہیں پا سکتے "

حالات کیسے ہی ناسازگار ہوں داعی کا کام بہرحال یہی ہے کہ وہ دین کو اپنی اصل اور مکمل حالت میں پیش کرے، اور خدا کے دین میں کمی بیشی، اور حالات کے تقاضوں کے تحت اپنی سمجھ سے اس میں تغیر و تبدل بہت بڑا ظلم ہے اور ایسے لوگوں کی دنیا بھی تباہ ہوتی ہے اور آخرت بھی، ——— اسلام، اُس خدا کا بھیجا ہوا دین ہے، جس کا علم پوری کائنات کا احاطہ کئے ہوئے ہے جو ازل سے ابد تک کا یقینی علم رکھتا ہے۔ اور جس کا نقطۂ نظر غلطی سے قطعاً پاک ہے جو انسانی زندگی کے آغاز سے بھی واقف ہے اور انجام سے بھی اور جس کی مشیت کے تحت ہی انسانی معلومات میں روز بروز حیرت انگیز وسعت پیدا ہو رہی ہے اور انسانی زندگی میں غیر معمولی ترقیاں رونما ہوتی جا رہی ہیں، ——— کسی اور کے لئے تو بھلا کسی کمی بیشی کی کیا گنجائش ہوگی جب کہ خود داعیٔ اوّل کا مقام یہ بتایا گیا ہے کہ وہ ایک مثالی فرمانبردار کی طرح اس دین کی پیروی کریں اور نافرمانی کے تصور سے لرزتے رہیں۔

۳۔ دین کو اس حکمت کے ساتھ فطری انداز میں پیش کیجئے کہ وہ غیر فطری بوجھ نہ محسوس ہو۔ اور لوگ بدکنے اور متنفر ہونے کے بجائے، اس کو قبول کرنے میں سکون اور راحت محسوس کریں، اور آپ کی نرمی، شیریں زبانی اور حکیمانہ طرزِ دعوت سے لوگ دین میں غیر معمولی کشش محسوس کریں۔ حضرت معاویہ ابن حکم رضؓ فرماتے ہیں "ایک بار میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ ایک آدمی کو چھینک آئی میں نے نماز ہی میں " یَرْحَمُكَ اللہُ "

کہہ کر چھینک کا جواب دے دیا۔ لوگ مجھے گھورنے لگے۔ میں نے کہا۔ خدا تمہارا بھلا کرے مجھے کیوں گھور رہے ہو؟ تو لوگوں نے مجھے خاموش رہنے کا اشارہ کیا ــــــ میں خاموش ہو گیا۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے ــــــ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان، میں نے ایسا بہترین تعلیم و تربیت کرنے والا نہ ان سے پہلے کبھی دیکھا اور نہ ان کے بعد۔ آپؐ نے نہ تو مجھے ڈانٹا۔ نہ مارا۔ اور نہ بُرا بھلا کہا۔ صرف یہ فرمایا۔ دیکھو! یہ نماز ہے۔ نماز میں بات چیت کرنا مناسب نہیں۔ نماز تو نام ہے خدا کی پاکی اور برتری بیان کرنے کا۔ اس کی بڑائی بیان کرنے اور قرآن پڑھنے کا۔"

۴۔ اپنی تحریر، تقریر اور دعوتی گفتگوؤں میں ہمیشہ اس اعتدال کا اہتمام رکھیئے کہ سننے والوں پر اُمید کی کیفیت بھی طاری رہے اور خوف کی بھی۔ نہ تو خوف پر ایسا مبالغہ آمیز زور دیجیئے کہ وہ خدا کی رحمت سے مایوس ہونے لگیں اور اپنی اصلاح اور نجات انہیں نہ صرف مشکل بلکہ محال نظر آنے لگے۔ اور نہ خدا کی رحمت اور بخشش کا ایسا تصور پیش کیجیئے کہ وہ بالکل ہی بے باک اور غیر ذمہ دار بن جائیں اور خدا کی بے پایاں رحمت و بخشش کا سہارا لے کر نافرمانیوں پر کمر باندھ لیں۔

حضرت علیؓ فرماتے ہیں۔

"بہترین عالم وہ ہے جو لوگوں کو ایسے انداز سے خدا کی طرف دعوت دیتا ہے کہ خدا سے مایوس نہیں کرتا اور نہ خدا کی نافرمانی کے لئے انہیں رخصتیں دیتا ہے اور نہ خدا کے عذاب سے انہیں بے خوف بناتا ہے۔"

۵- دعوتی کوششوں میں دوام اور تسلسل پیدا کیجئے۔ اور جو پروگرام بنائیں اسے استقلال اور ذمہ داری کے ساتھ برابر چلاتے رہنے کی کوشش کیجئے۔ پروگراموں کو ادھورا چھوڑنے اور نئے نئے پروگرام بنانے کی عادت سے بچئے۔ تھوڑا کام کیجئے لیکن مسلسل کیجئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"بہترین عمل وہ ہے جو مسلسل کیا جاتا رہے۔ چاہے وہ کتنا ہی تھوڑا ہو۔"

۶- دعوت و تبلیغ کی راہ میں پیش آنے والی مشکلات، تکالیف اور آزمائشوں کا خندہ پیشانی سے استقبال کیجئے اور صبر و استقامت دکھائیے۔

قرآن میں ہے۔

وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنكَرِ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ۔ (لقمان)

"اور نیکی کا حکم دو۔ اور برائی سے روکو اور اس راہ میں جو مصائب بھی آئیں ان کو استقلال کے ساتھ برداشت کرتے رہو۔"

راہِ حق میں مصائب اور مشکلات کا آنا ضروری ہے، آزمائش کی منزلوں سے گزر کر ہی ایمان میں قوت آتی ہے اور اخلاق و کردار میں پختگی پیدا ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خدا اپنے ان بندوں کو ضرور آزماتا ہے جو ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں اور جو اپنے دین و ایمان میں جتنا زیادہ پختہ ہوتا ہے اس کی آزمائش بھی اسی لحاظ سے سخت ہوتی ہے۔

خدا کا ارشاد ہے۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ۔ (البقرہ)

"اور ہم ضرور تمہیں خوف و خطر، فاقہ کشی، جان و مال کے نقصانات اور آمدنیوں کے گھاٹے میں مبتلا کر کے تمہاری آزمائش کریں گے۔ ان حالات میں جو لوگ صبر کریں اور جب کوئی مصیبت پڑے تو کہیں کہ "ہم خدا ہی کے ہیں اور خدا ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے" انہیں خوشخبری دے دیجیے ان پر ان کے رب کی طرف سے عنایات ہوں گی۔ اس کی رحمت ان پر سایہ کرے گی اور ایسے ہی لوگ راست رو ہیں"

(البقرہ ۱۵۵-۱۵۷)

حضرت سعدؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ یا رسول اللہ! سب سے زیادہ سخت آزمائش کس شخص کی ہوتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "انبیاء علیہ السلام کی، پھر جو دین و ایمان میں ان سے زیادہ قریب ہو اور پھر جو اس سے قریب ہو۔ آدمی کی آزمائش اس کے دین کے اعتبار سے ہوتی ہے پس جو شخص اپنے دین میں پختہ ہوتا ہے اس کی آزمائش سخت ہوتی ہے اور جو دین میں کمزور ہوتا ہے اس کی آزمائش ہلکی ہوتی ہے۔ اور یہ آزمائش

برابر ہوتی رہتی ہے یہاں تک کہ وہ زمین پر اس حال میں چلتا ہے کہ اس پر گناہ کا کوئی اثر نہیں رہ جاتا۔" (مشکوٰۃ)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا مجھے خدا کی راہ میں اتنا اتنا ستایا گیا کہ کبھی کوئی انسان اتنا نہیں ستایا گیا اور مجھے خدا کی راہ میں اتنا اتنا ڈرایا گیا کہ کبھی کوئی آدمی اتنا نہیں ڈرایا گیا۔ اور ہم پر تیس تیس شب و روز ایسے گزرے ہیں کہ میرے اور بلال رضی اللہ عنہ کے کھانے کے لئے کوئی ایسی چیز نہ تھی جسے کوئی جاندار کھا سکے سوائے اس مختصر توشے کے جو بلال رضی اللہ عنہ کی بغل میں تھا۔" (ترمذی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جو شخص صبر کرنے کی کوشش کرے گا خدا اس کو صبر بخشے گا۔ اور صبر سے زیادہ بہتر اور بہت سی بھلائیوں کو سمیٹنے والی بخشش اور کوئی نہیں۔" (بخاری، مسلم)

دراصل آزمائشیں تحریک کو قوت پہنچانے اور آگے بڑھانے کا لازمی ذریعہ ہیں۔ آزمائشوں کی منزلوں سے گزرے بغیر کوئی تحریک کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی، بالخصوص وہ تحریک جو عالم انسانی میں ایک ہمہ گیر انقلاب کی دعوت دیتی ہو اور پوری انسانی زندگی کو نئی بنیادوں پر تعمیر کرنے کا منصوبہ رکھتی ہو۔

جس زمانے میں مکے کے سنگدل نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں پر بے پناہ ظلم و ستم توڑ رہے تھے انہی دنوں کا ایک واقعہ حضرت خباب ابن الارت رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں۔

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے سائے میں چادر سر کے نیچے رکھے آرام فرما رہے تھے۔ ہم آپؐ کے پاس شکایت لے کر پہنچے۔ یا رسول اللہ! آپ ہمارے لئے خدا سے مدد طلب نہیں فرماتے۔ آپؐ اس ظلم کے خاتمے کی دعا نہیں کرتے (آخر یہ سلسلہ کب تک دراز رہے گا اور کب یہ مصائب کا دور ختم ہوگا؟) نبیؐ نے یہ سن کر فرمایا۔ تم سے پہلے ایسے لوگ گزرے ہیں کہ ان میں سے بعض کے لئے گڑھا کھودا جاتا۔ پھر اس کو اس گڑھے میں کھڑا کر دیا جاتا، پھر آرا لایا جاتا اور اس کے جسم کو چیرا جاتا۔ یہاں تک کہ اس کے جسم کے دو ٹکڑے کر دیئے جاتے۔ پھر بھی وہ اپنے دین سے نہ پھرتا اور اس کے جسم میں لوہے کے کنگھے چبھوئے جاتے جو گوشت سے گزر کر ہڈیوں اور پٹھوں تک پہنچ جاتے۔ مگر وہ خدا کا بندہ حق سے نہ پھرتا۔ قسم ہے خدا کی، یہ دین غالب ہو کر رہے گا۔ یہاں تک کہ سوار یمن کے دارالخلافے، صنعاء سے حضر موت تک کا سفر کرے گا اور راستے میں خدا کے سوا اس کو کسی کا خوف نہ ہوگا۔ البتہ چرواہوں کو صرف بھیڑیوں کا خوف رہے گا کہ کہیں بکری اٹھا نہ لے جائیں۔ لیکن افسوس کہ تم جلدی مچا رہے ہو۔" (بخاری)

حضرت معاویہؓ فرماتے ہیں میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے کہ "میری امت میں برابر ایک گروہ ایسا موجود رہے گا جو خدا کے دین کا محافظ رہے گا۔ جو لوگ ان کا ساتھ نہ دیں گے اور جو لوگ ان کی مخالفت کریں گے وہ ان کو تباہ نہ کر سکیں گے۔ یہاں تک کہ خدا کا فیصلہ آجائے اور یہ دین کے محافظ لوگ اپنی اسی حالت

پر قائم رہیں گے" (بخاری، مسلم)

۷۔ بے جا رواداری مداہنت اور اصولوں کی قربانی دینے سے سختی کے ساتھ پرہیز کیجئے۔ قرآن میں مومنوں کی تعریف میں کہا گیا ہے۔

اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ۔

"وہ کافروں پر سخت ہوتے ہیں"

یعنی وہ اپنے دین اور اصول کے معاملے میں انتہائی شدید ہوتے ہیں وہ کسی حال میں بھی اپنے اصولوں کے معاملے میں کوئی مصالحت یا مداہنت نہیں کرتے۔ وہ سب کچھ برداشت کر سکتے ہیں لیکن دینی اصول کی قربانی نہیں دے سکتے۔ مسلمانوں کو خدا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے توسط سے ہدایت دی ہے۔

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ۔

"پس آپ اسی دین کی طرف دعوت دیجئے اور جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے اسی پر مضبوطی کے ساتھ جمے رہیئے اور ان لوگوں کی خواہشات کے پیچھے نہ چلیئے" (الشوریٰ ۱۵)

دین کے معاملے میں مداہنت، بے جا رواداری اور باطل سے مصالحت وہ خطرناک کمزوری ہے جو دین و ایمان کو تباہ کر کے رکھ دیتی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب بنی اسرائیل خدا کی نافرمانیوں کے کام کرنے لگے تو اُن کے علماء نے ان کو روکا لیکن وہ نہیں رُکے۔ تو ان کے علماء ان کا بائیکاٹ کرنے کے بجائے، ان کی مجلسوں میں بیٹھنے لگے اور ان کے ساتھ کھانے پینے لگے جب ایسا ہوا تو خدا نے ان سب کے دل ایک جیسے کر دیئے اور پھر حضرت داؤدؑ اور حضرت عیسیٰ ابن مریمؑ کی زبان سے خدا نے ان پر لعنت کی یہ اس لئے کہ انہوں نے نافرمانی کی راہ اختیار کی اور اسی میں بڑھتے چلے گئے اس حدیث کے راوی عبداللہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ٹیک لگائے بیٹھے تھے پھر سیدھے بیٹھ گئے اور فرمایا "نہیں، اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے تم ضرور لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے رہوگے اور برائی سے روکتے رہوگے اور ظالم کا ہاتھ پکڑو گے اور ظالم کو حق کے آگے جھکاؤ گے اگر تم لوگ ایسا نہ کروگے تو تم سب کے دل بھی ایک ہی طرح کے ہو جائیں گے اور پھر خدا تمہیں اپنی رحمت اور ہدایت سے دور پھینک دے گا جس طرح بنی اسرائیل کو اس نے محروم کر دیا۔

۸۔ اپنے بچوں کی اصلاح و تربیت اور ان کو اقامتِ دین کا فریضہ انجام دینے کے لئے تیار کرنا آپ کا اولین فرض بھی ہے اور آپ کی سرگرمیوں کا فطری میدان بھی۔ اس میدان کو چھوڑ کر اپنی تبلیغی اور اصلاحی کوششوں کے لئے محض باہر کے میدان تلاش کرنا غیر حکیمانہ اور غیر فطری عمل ہے۔ اور یہ بہت بڑی کوتاہی اور فرار ہے اس کی مثال ایسی ہے کہ آپ قحط کے زمانے میں اپنے گھر والوں کو بھوک پیاس سے نڈھال اور بیمار بلبلاتا چھوڑ کر باہر

ضرورت مندوں کو تلاش کر کے غلہ تقسیم کرنے کی فیاضی کا مظاہرہ کریں۔ گویا نہ تو آپ کو بھوک پیاس اور قربت و محبت کا احساس ہے اور نہ غلے کی تقسیم کی حکمت ہی سے آپ کا ذہن آشنا ہے۔ قرآن میں مومنوں کو ہدایت دی گئی ہے۔

یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْا اَنْفُسَکُمْ وَاَھْلِیْکُمْ نَارًا ط

"مومنو! بچاؤ اپنے کو اور گھر والوں کو جہنم کی آگ سے"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تشریح ان الفاظ میں فرمائی ہے "تم میں سے ہر ایک نگران اور ذمہ دار ہے، اور تم میں سے ہر ایک سے ان لوگوں کے بارے میں باز پرس کی جائے گی جو تمہاری نگرانی میں ہوں گے۔ حاکم نگراں ہے اور اس سے اس کی رعیّت کے بارے میں پوچھا جائے گا اور شوہر اپنے گھر والوں کا نگراں ہے اور عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں کی نگراں ہے۔ تو تم میں سے ہر ایک نگراں اور ذمّہ دار ہے اور تم میں سے ہر ایک سے ان لوگوں کے بارے میں پوچھ گچھ ہو گی جو اس کی نگرانی میں دیئے گئے ہیں۔ (بخاری، مسلم)

۹۔ اپنے پڑوسیوں اور محلے والوں کی اصلاح و تعلیم کی بھی فکر کیجیے اور اس کو بھی اپنا فریضہ سمجھیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ دیا اور اس میں کچھ مسلمانوں کی تعریف فرمائی۔ پھر فرمایا۔ ایسا کیوں ہے کہ کچھ لوگ اپنے پڑوسیوں میں دین کی سمجھ بوجھ پیدا نہیں کرتے اور انہیں دین نہیں سکھاتے اور انہیں دین سے ناواقف

رہنے کے عبرتناک نتائج نہیں بتاتے۔ اور انہیں برے کاموں سے نہیں روکتے؟ اور ایسا کیوں ہے کہ کچھ لوگ اپنے پڑوسیوں سے دین کا علم حاصل نہیں کرتے اور دین کی سمجھ بوجھ پیدا نہیں کرتے اور دین سے جاہل رہنے کے عبرتناک نتائج معلوم نہیں کرتے۔ خدا کی قسم! لوگ اپنے پڑوسیوں کو لازماً دین کی تعلیم دیں۔ ان کے اندر دین کی سمجھ بوجھ پیدا کریں۔ انہیں نصیحت کریں۔ ان کو اچھی باتیں بتائیں اور ان کو بری باتوں سے روکیں نیز لوگوں کو چاہیئے کہ لازماً اپنے پڑوسیوں سے دین سیکھیں، دین کی سمجھ پیدا کریں اور ان کی نصیحتوں کو قبول کریں ورنہ میں انہیں بہت جلد سزا دونگا۔ پھر آپؐ منبر سے اتر آئے، اور تقریر ختم فرمادی۔

سننے والوں میں سے بعض لوگوں نے دوسروں سے پوچھا یہ کون لوگ تھے جن کے خلاف نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تقریر فرمائی؟ دوسرے لوگوں نے بتایا کہ آپؐ کا روئے سخن قبیلۂ اشعر کے لوگوں کی طرف تھا۔ یہ لوگ دین کا علم رکھنے والے لوگ ہیں اور ان کے پڑوس میں چشموں پر رہنے والے دیہاتی اُجڈ لوگ ہیں۔ جب اس تقریر کی خبر اشعری لوگوں کو پہنچی تو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا۔ اے خدا کے رسول! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے میں کچھ لوگوں کی تعریف فرمائی اور ہمارے اوپر غصہ فرمایا۔ تو فرمائیے ہم سے کیا قصور ہوا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں کا فرض ہے کہ وہ اپنے پڑوسیوں کو دین کی تعلیم دیں انہیں وعظ و نصیحت کریں، اچھی باتوں کی تلقین کریں اور بُری باتوں سے روکیں اسی

طرح لوگوں کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ اپنے پڑوسیوں سے دین کا علم حاصل کریں۔ ان کی نصیحتوں کو قبول کریں اور اپنے اندر دین کی سمجھ پیدا کریں ورنہ میں بہت جلد ان کو دنیا میں سزا دوں گا۔" یہ سُن کر قبیلہ اشعر کے لوگوں نے کہا۔ اے خدا کے رسول! کیا ہم دوسرے لوگوں میں سمجھ پیدا کریں؟ آپؐ نے فرمایا "جی ہاں یہ تمہاری ذمہ داری ہے" تو یہ لوگ بولے حضورؐ ہمیں ایک سال کی مہلت دیجیے۔ چنانچہ حضورؐ نے ان کو ایک سال کی مہلت دی جس میں وہ اپنے پڑوسیوں کو دین سکھائیں اور دینی سمجھ پیدا کریں۔ اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیتیں تلاوت فرمائیں۔

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰي لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

(المائدہ: ۷۸،۷۹)

"بنی اسرائیل کے کفر کرنے والوں پر لعنت کی گئی داؤدؑ کی زبان سے اور عیسیٰ ابن مریمؑ کی زبان سے اور یہ لعنت اس لئے کی گئی کہ انہوں نے نافرمانی کی راہ اختیار کی اور برابر خدا کے احکام توڑتے چلے گئے۔ یہ آپس میں ایک دوسرے کو بری باتوں کے کرنے سے نہیں روکتے تھے۔ بلاشبہ ان کی یہ حرکت انتہائی بُری تھی۔"

۱۔ جن لوگوں کے درمیان آپ دعوت و تبلیغ کا خوشگوار فریضہ انجام

دے رہے ہوں، ان کے مذہبی معتقدات اور جذبات کا احترام ولحاظ کیجیے۔ نہ ان کے بزرگوں اور پیشواؤں کو برے نام سے یاد کیجیے، نہ اُن کے معتقدات پر حملے کیجیے نہ ان کے مذہبی نظریات کی تحقیر کیجیے۔ مثبت انداز میں حکمت کے ساتھ اپنی دعوت پیش کیجیے اور تنقید میں بھی مخاطبین کو بھڑکانے کے بجائے نہایت دلسوزی کے ساتھ اُن کے دل میں اپنی بات اُتارنے کی کوشش کیجیے۔ اس لئے کہ جذباتی تنقید اور توہین آمیز گفتگو سے مخاطب میں کسی خوشگوار تبدیلی کی توقع نہیں ہوتی۔ البتہ یہ اندیشہ رہتا ہے، کہ کہیں حمیتِ جاہلیت اور تعصب کے ہیجان میں وہ خدا اور دین کی شان میں گستاخی کرنے لگے اور دین سے قریب آنے کے بجائے وہ اور زیادہ دین سے دور ہو جائے۔

قرآن کی ہدایت ہے۔

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ط

"اے مومنو! یہ لوگ خدا کے سوا جن کو پکارتے ہیں ان کو گالیاں نہ دو، کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ شرک سے آگے بڑھ کر جہالت کی بنا پر خدا کو گالیاں دینے لگیں۔"

۱۱۔ "داعی الی اللہ" بن کر دعوت کا فریضہ انجام دیجیے۔ یعنی صرف اللہ کی طرف دعوت دینے والے بنیے۔ خدا کے بندوں کو خدا کے سوا کسی اور چیز کی طرف ہرگز نہ بلائیے نہ وطن کی طرف بلائیے نہ قوم اور نسل کی طرف، نہ

کسی زبان کی طرف دعوت دیجیے نہ کسی جماعت کی طرف، مومن کا نصب العین صرف خدا کی رضا ہے۔ اسی نصب العین کی طرف دعوت دیجیے اور یہ یقین پیدا کرنے کی کوشش کیجیے کہ بندے کا کام محض یہ ہے کہ وہ اپنے خالق و مالک کی بندگی کرے، اپنی انفرادی زندگی میں بھی اور خانگی زندگی میں بھی، سماجی زندگی میں بھی اور ملکی معاملات میں بھی، غرض پوری زندگی میں اپنے مالک اور پروردگار کے کہنے پر چلے اور اس کے قانون کی مخلصانہ پیروی کرے۔ اس کے سوا کوئی چیز ایسی نہیں جس کو مسلمان اپنا نصب العین قرار دے۔ اور اس کی طرف لوگوں کو دعوت دے۔ مومن جب بھی خدا کی ہدایت سے منہ موڑ کر خدا کی رضا کے سوا کسی اور چیز کو اپنا نصب العین قرار دے گا۔ دونوں جہان میں ناکام و نامراد ہوگا۔

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَا اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

"اس شخص کی بات سے اچھی بات اور کس کی ہوگی جس نے اللہ کی طرف دعوت دی، اور نیک عمل کیا اور کہا کہ میں خدا کا فرمانبردار اور مسلم ہوں۔"

نظم جماعت کے آداب

۱۔ دعوت تبلیغ کا فریضہ انجام دینے کے لئے مضبوط تنظیم وجود میں لائیے اور اقامت دین کے لئے اجتماعی جدوجہد کیجیے۔

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔

"اور تم میں ایک جماعت تو ایسی ضرور ہی ہونا چاہیئے جو خیر کی طرف دعوت دے، اچھے کاموں کا حکم دے اور برے کاموں سے روکے"

"الخیر" سے مراد ہر وہ فطری بھلائی ہے جسے ہمیشہ انسانی فطرت نے بھلائی سمجھا ہے اور جس کی بھلائی ہونے کی شہادت آسمانی کتابوں نے دی ہے ان تمام بھلائیوں اور خوبیوں کی ایک جامع اور مرتب شکل خدا کا بھیجا ہوا وہ دین ہے جو ہر دور میں خدا کے پیغمبر لاتے رہے ہیں اور جس کی آخری مکمل، مستند اور محفوظ شکل وہ کتاب وسنت ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم امت کو دے گئے ہیں۔ اسی خیر کی طرف دعوت دینے اور بھلائیوں سے دنیا کو مالا مال کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مسلمان جماعت بن کر منظم طور پر اس کام کو انجام دیں۔ اور زندگی کے ہر میدان میں باطل پر غلبہ حاصل کرنے کے

لئے مضبوط اجتماعیت وجود میں لائیں اور انتہائی منظم اجتماعی جدوجہد کریں۔ خدا نے مومنوں کی اس مضبوط اجتماعیت اور اجتماعی جدوجہد کا نقشہ کھینچتے ہوئے ان کی مثالی اجتماعیت کی تعریف کی ہے اور ان کو اپنا محبوب قرار دیا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝

"بلاشبہ وہ لوگ خدا کے محبوب ہیں جو اس کی راہ میں استقلال کے ساتھ صف باندھے لڑتے رہتے ہیں گویا کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہیں۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اجتماعی زندگی کی اہمیت اور جماعت بن کر زندگی گزارنے کی تلقین کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

"تین آدمی جو کسی جنگل میں رہتے ہوں، ان کے لئے جائز نہیں ہے مگر یہ کہ وہ اپنے میں سے کسی کو اپنا امیر منتخب کرلیں۔" (منتقیٰ)

اور آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

"جو شخص جنت کے وسط میں اپنا گھر بنانا چاہتا ہو اسے "الجماعت" سے چمٹا رہنا چاہیئے۔ اس لئے کہ شیطان ایک آدمی کے ساتھ ہوتا ہے، اور جب وہ دو ہو جاتے ہیں تو وہ دور بھاگ جاتا ہے۔"

"الجماعت" سے مراد مسلمانوں کی ایسی منظم اجتماعیت ہے، جب اقتدار اسلام کے ہاتھ میں ہو، اور مسلمان خلیفہ اسلامی احکام و قوانین نافذ کر رہا ہو

اور سارے اہلِ اسلام اس کی قیادت و رہنمائی پر متفق ہوں، ـــــــ ایسی حالت میں کسی مسلمان کے لیے قطعاً گنجائش نہیں کہ وہ جماعت سے الگ رہ کر زندگی گزارے اور جب یہ الجماعت موجود نہ ہو تو امّت کا فرض ہے کہ وہ منظم ہو کر اجتماعی جدّ و جہد کے ذریعے اس الجماعت کو وجود میں لانے کی کوشش کرے۔

۲۔ اتحاد و تنظیم کی بنیاد صرف دین کو بنائیے۔ اسلامی تنظیم وہی ہے جس کی بنیاد خدا کا دین ہو۔ خدا کے دین کو چھوڑ کر کسی اور بنیاد پر مسلمانوں کا اتحاد و اتفاق، وہ اتحاد نہیں ہے جس کا حکم اسلام نے دیا ہے اور ایسی تنظیم اور جماعت درحقیقت اسلامی تنظیم نہیں ہے مسلمانوں میں حقیقی رشتۂ اخوّت و اتحاد صرف دین ہے، دین کے سوا جس چیز کو بھی یہ اپنے اتحاد کی بنیاد بنائیں گے متحد ہونے کے بجائے منتشر ہوں گے اور ایک "الجماعت" بننے کے بجائے گروہ، گروہ اور فرقہ، فرقہ بن جائیں گے۔

جماعت بنائیے تو صرف اس لئے کہ خدا کا دین قائم کرنا آپ کا نصب العین ہو اور آپ کی ساری تگ و دو محض اسی کی خاطر ہو۔

قرآن کا ارشاد ہے۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاۤءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا۔ (آل عمران ۱۰۳)

"اور تم سب مل کر خدا کی رسّی کو مضبوط پکڑے رہنا، اور الگ الگ

فرقے نہ بن جانا اور خدا کے اس احسان کو یاد رکھنا جو اس نے تم پر کیا ہے، تم ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ اس نے تمہارے دل جوڑ دیئے اور تم اس کے فضل وکرم سے بھائی بھائی بن گئے۔

خدا کی رسّی سے مراد خدا کا دین، اسلام ہے، قرآن کے نزدیک مسلمانوں کی وحدت واجتماعیت کی بنیاد یہی دین ہے اس کے سوا کوئی بھی بنیاد مسلمانوں کو جوڑنے والی نہیں بلکہ پارہ پارہ کر دینے والی ہے۔

۳۔ دعوتِ حق کے کارکنوں سے دلی محبت کیجئے اور اس رشتے کو ہر رشتے سے زیادہ اہم اور قابلِ احترام سمجھیئے۔

قرآن میں مومنوں کی تعریف میں کہا گیا ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ۔ (المجادلہ ۲۲)

"تم اس گروہ کو جو خدا اور یوم آخر پر ایمان رکھتا ہے ان لوگوں سے محبت اور الفت کرتے نہ دیکھو گے جو خدا اور اس کے رسول کی دشمنی اور مخالفت پر کمر بستہ ہوں، چاہے وہ اس کے اپنے ہی باپ یا اپنے ہی بیٹے یا اپنے ہی بھائی یا اپنے ہی خاندان والے کیوں نہ ہوں۔

۴۔ جماعتی رفتار کی نصح وخیر خواہی کا اہتمام کیجئے اور جماعتی زندگی میں باہمی تلقین کے جذبے کو بیدار رکھیئے۔ اس لئے کہ یہی کامیابی کی ضمانت ہے۔

وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔

"زمانہ گواہ ہے کہ انسان گھاٹے میں ہے سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور جو نیک عمل کرتے رہے، اور جو ایک دوسرے کو دینِ حق کی وصیت کرتے رہے اور صبر و ثبات کی تلقین کرتے رہے۔

۵- جماعتی نظم کی پوری پوری پابندی کیجیے اور اس کو محض جماعتی استحکام کا ذریعہ ہی نہ سمجھیے بلکہ دینی فریضہ تصور کیجیے۔

خدا کا ارشاد ہے۔

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ۔ (النور ۶۲)

"مومن تو حقیقت میں وہی لوگ ہیں جو خدا اور اس کے رسول کو دل سے مانیں، اور جب کسی اجتماعی کام کے موقع پر رسول کے ساتھ ہوں، تو اُن سے اجازت لئے بغیر نہ جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ آپ سے اجازت لیتے ہیں وہی لوگ خدا اور اس کے رسول کو ماننے والے ہیں"

نظمِ جماعت کی پابندی اور اپنے قائد کی اطاعت و فرمانبرداری محض ایک قانونی معاملہ ہی نہیں ہے بلکہ یہ ایک اہم شرعی معاملہ ہے اور قرآن

پاک نے ان لوگوں کے ایمان کی سچائی کی شہادت دی جو نظم جماعت کے پابند ہوں اور کسی جماعتی ڈیوٹی سے اسی وقت ہٹیں جب اپنے سربراہ کار سے اجازت حاصل کرلیں۔

۶۔ جماعتی زندگی میں نیکی کے جو کام بھی ہو رہے ہوں اخلاص دل سے اس میں تعاون کیجئے اور جو کچھ کرسکتے ہوں اس سے دریغ نہ کیجئے۔ خود غرضی مطلب برآری اور خود پرستی جیسے گندے جذبات سے اپنا اخلاقی دامن پاک رکھیئے۔

قرآن کی ہدایت ہے۔

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى۔

"اور نیکی اور خدا ترسی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرتے رہو۔"

۷۔ رفقاء سے تعلقات خوشگوار رکھیئے۔ اور کبھی کسی سے کوئی اختلاف ہو جائے تو فوراً اصلاح صفائی کر لیجئے اور دل کو کدورت سے پاک رکھیئے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ۔

"پس خدا سے ڈرو، اور آپس کے تعلقات کو خوشگوار رکھو۔"

۸۔ اسلامی جماعت کے امیر کی خوش دلی کے ساتھ اطاعت کیجئے اور س کے خیر خواہ اور وفادار رہیئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"مسلمانوں کو اپنے ذمہ دار کی بات سننی اور ماننی ضروری ہے چاہے

وہ حکم اپنی طبیعت کے لیے خوشگوار ہو یا ناخوشگوار بشرطیکہ وہ خدا کی نافرمانی کی بات نہ ہو، ہاں جب خدا کی نافرمانی کا حکم دیا جائے تو وہ بات نہ سننی چاہیئے اور نہ ماننی چاہیئے" (بخاری، مسلم)

حضرت تمیم داری فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"دین مخلصانہ خیر خواہی اور وفاداری کا نام ہے" ——— تین بار آپؐ نے یہ بات دہرائی۔ ہم لوگوں نے پوچھا "کس کی خیر خواہی اور وفاداری؟" ارشاد فرمایا "خدا کی، اس کے رسول کی، اس کی کتاب کی، مسلمانوں کے ذمہ داروں کی اور عام مسلمانوں کی وفاداری" (مسلم)

۹۔ جماعتی عصبیت، تنگ نظری اور دھڑے بندی سے پرہیز کیجیے، کشادہ دلی اور خوش اخلاقی کے ساتھ ہر ایک سے تعاون کیجیے۔ اور جو لوگ بھی دین کا کام کر رہے ہوں ان کی قدر کیجیے۔ ان کے ساتھ خیر خواہی اور اخلاص کا برتاؤ کیجیے اور ان کو اپنا رفیقِ سفر اور معینِ کار سمجھیے۔ دین کا کام کرنے والے درحقیقت سب ایک دوسرے کے ناصر و حامی ہیں۔ سب کا مطلوب دین ہے اور سب اپنی اپنی سمجھ کے مطابق دین کی خدمت ہی کرنا چاہتے ہیں۔ خلوص کے ساتھ افہام و تفہیم کے ذریعے ایک دوسرے کی غلطی واضح کرنا اور صحیح طرزِ فکر و عمل کی نشان دہی کرنا تو ایک نہایت ہی مبارک عمل ہے اور یہ ہونا ہی چاہیئے۔ البتہ باہمی بغض و نفرت، کشیدگی، بغض و عناد ایک دوسرے کو نیچا دکھانا اور ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈہ کرنا وہ رکیک طرزِ عمل ہے جو کسی طرح بھی داعیانِ دین کے شایانِ شان نہیں ہے۔ اور ان لوگوں کا دامن اس طرح کے داغوں

سے بالکل ہی صاف ہونا چاہیے جو واقعی دل کی گہرائی سے یہ چاہتے ہیں کہ اپنی قوتوں اور صلاحیتوں کو خدا کی راہ میں لگائیں اور زندگی میں خدا کے دین کی کچھ خدمت کر جائیں۔

قیادت کے آداب

۱۔ اسلامی جماعت کی قیادت اور رہنمائی کے لئے ایسے شخص کو منتخب کیجیے جو خدا ترسی اور پرہیزگاری میں سب سے بڑھا ہوا ہو، دین میں بزرگی اور بڑائی کا معیار نہ مال و دولت ہے نہ خاندان بلکہ دین میں وہی شخص سب سے افضل ہے جو سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والا ہے۔

قرآن کا ارشاد ہے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ

(الحجرات)

"اے انسانو! ہم نے تم کو ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا، تمہارے کنبے اور قبیلے بنائے تاکہ تم باہم پہچانے جاؤ۔ بلاشبہ خدا کے نزدیک تم سب میں زیادہ معزز اور مکرم وہ ہے جو تم سب میں زیادہ متقی اور پرہیزگار ہے"

۲۔ قیادت کے انتخاب کو ایک خالص دینی فریضہ سمجھیے اور اپنی رائے کو خدا کی امانت سمجھتے ہوئے صرف اسی شخص کے حق میں استعمال کیجیے جس کو آپ واقعی اس بارِ گراں کو اٹھانے اور اس کا حق ادا کرنے کے لائق

سمجھتے ہوں گے۔

خدا کا ارشاد ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا۔ (النساء ۵۸)

"بلاشبہ خدا تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم اپنی امانتیں انہیں کے سپرد کرو جو اس کے اہل ہیں۔"

یہ ایک اصولی اور جامع ہدایت ہے، جو ہر طرح کی امانتوں پر حاوی ہے اور سلسلہ بیان میں امانتوں سے مراد اسلامی جماعت کی ذمہ داریاں ہیں یعنی اسلامی جماعت کی قیادت اور رہنمائی کے لئے اپنی رائے اور پسند کی امانت اسی اہل تر شخص کے حوالے کیجئے۔ جو واقعی اس بارِ امانت کو اٹھانے کی اہلیت اور صلاحیت رکھتا ہو اس معاملے میں جانبداری یا بے جا رواداری اور اسی طرح کے دوسرے عوامل سے متاثر ہو کر رائے دینا خیانت ہے جس سے مومن کا دامن پاک ہونا چاہیئے۔

۳۔ اگر آپ مسلمانوں کی جماعت کی ذمہ داری سنبھالیں۔ تو اپنے فرائض کا پورا پورا شعور رکھیئے اور کامل دیانت، محنت، احساس ذمہ داری اور تن دہی کے ساتھ ڈیوٹی انجام دیجئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو شخص مسلمانوں کے اجتماعی امور کا ذمہ دار ہو اور وہ ان کے ساتھ خیانت کرے تو خدا اس پر جنت حرام کر دے گا۔ (بخاری، مسلم)

اور آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا۔

"جس شخص نے مسلمانوں کے اجتماعی معاملات کی ذمہ داری قبول کی پھر اس نے اُن کے ساتھ خیر خواہی نہ کی اور اُن کے کام انجام دینے میں اپنے آپ کو اس طرح نہیں تھکایا جس طرح وہ اپنی ذاتی ضرورت کے لئے خود کو تھکاتا ہے تو خدا اس شخص کو منہ کے بل جہنم میں گرا دے گا۔ (طبرانی)

۴۔ اپنے مامورین کے ساتھ نرمی، شفقت، انصاف اور بُردباری کا برتاؤ کیجئے تاکہ وہ کھلے دل سے آپ کے ساتھ تعاون کریں اور خدا آپ کی جماعت کو اپنے دین کی کچھ خدمت کرنے کی توفیق بخشے۔ قرآن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں کہا گیا ہے۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ۔ (آل عمران: ۱۵۹)

"یہ خدا کی رحمت ہی تو ہے کہ آپ ان لوگوں کے لئے انتہائی نرم دِل ہیں ورنہ اگر کہیں آپ سخت مزاج اور سخت گیر ہوتے تو یہ سب آپ کے گرد و پیش سے چھٹ جاتے۔

اور آپؐ کو تاکید کی گئی ہے۔

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

(الشعراء: ۲۱۵)

"اور آپ اپنے شفقت کے بازو پھیلا دیجئے ان مومنوں کے لئے جو آپ کی پیروی کر رہے ہیں۔

حضرت عمر ابن خطابؓ نے ایک بار تقریر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

"اے لوگو ہمارا تم پر حق ہے کہ پیٹھ پیچھے، ہماری مخلصانہ خیر خواہی کرو اور نیکی کے امور میں ہماری مدد کرو" پھر ارشاد فرمایا۔

"اے حکومت کے ذمہ دارو! سربراہ کی بردباری اور نرمی سے زیادہ نفع بخش اور خدا کے نزدیک زیادہ پسندیدہ اور کوئی بردباری نہیں ہے۔ اسی طرح سربراہ کی ناسمجھی اور جذبانیت اور بے سوچے سمجھے کام کرنے سے زیادہ نقصان دہ اور ناپسندیدہ کوئی دوسری نادانی اور بدسلیقگی نہیں ہے"

۵۔ اپنے رفقار کی اہمیت کو محسوس کیجیے۔ ان کے جذبات کا احترام کیجیے ان کی ضرورتوں کا احساس کیجیے۔ اور ان کے ساتھ ایسا برادرانہ سلوک کیجیے کہ وہ آپ کو اپنا سب سے بڑا خیر خواہ سمجھیں۔

حضرت مالک ابن حویرثؓ کہتے ہیں ایک بار ہم کچھ ہم عمر نوجوان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہنے کے لئے پہنچے اور ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیس رات تک رہے، واقعی خدا کے رسول انتہائی نرم دل اور رحیم تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ محسوس کیا کہ اب ہمیں گھر والوں کی یاد ستا رہی ہے تو ہم سے پوچھنے لگے کہ تم لوگ اپنے پیچھے گھر میں کن کن لوگوں کو چھوڑ کر آئے ہو؟ ہم نے تفصیل بتائی تو فرمایا۔ اچھا تو اب تم لوگ اپنے گھروں کو واپس جاؤ اور انہی کے ساتھ رہو اور جو کچھ تم نے سیکھا ہے ان کو سکھاؤ، اور انہیں نیک باتوں کی تلقین کرو۔ اور فلاں نماز فلاں وقت پڑھو۔ اور فلاں نماز فلاں وقت پڑھو۔ اور جب نماز

وقت آجائے تو تم میں سے کوئی ایک اذان دے دے اور جو تم میں علم و کردار کے لحاظ سے سب سے بڑھ کر ہو وہ نماز پڑھائے۔

۶- اپنے رفقاء کی قدر کیجیے۔ اور انہی کو اپنا اصل سرمایہ سمجھتے ہوئے پوری تن دہی اور دلسوزی کے ساتھ ان کی تربیّت کیجیے اور ان کو نادار اور مفلس سمجھ کر ان لوگوں کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے نہ دیکھیے جن کو خدا نے دنیوی شان و شوکت اور مال و اسباب دے کر ڈھیل دی ہے۔

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا۔ (الکہف ۲۸)

"اور اپنے آپ کو ان لوگوں کی معیت اور رفاقت پر مطمئن رکھیے جو اپنے رب کی رضا کے طالب بن کر صبح و شام اس کو پکارتے رہتے ہیں۔ اور ان کو نظر انداز کر کے دنیوی شان و شوکت کی طلب میں اپنی نگاہیں نہ دوڑائیے۔"

درحقیقت دینی جماعت کا اصل سرمایہ وہی لوگ ہیں جو تن من دھن سے دین کی تبلیغ و اشاعت میں لگ گئے ہیں۔ جماعت کے قائد کا فرض ہے کہ ان کی اہمیت کا احساس کرے اور اپنی ساری توجہ انہی کی تربیت اور تیاری پر مرکوز رکھے۔

۷- جماعت کے سارے اہم کام رفقاء کے مشوروں سے طے کیجیے اور انجام دیجیے اور رفقاء کے مخلصانہ مشوروں سے فائدہ اٹھا کر جماعت کے

کاموں سے ان کا لگاؤ اور شغف بڑھایئے۔ مومنوں کی صفت خدا نے یہ بھی بیان کی ہے کہ ان کے معاملات باہمی مشوروں سے طے ہوتے ہیں۔

وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ۔

"اور ان کے معاملات باہمی مشوروں سے طے پاتے ہیں"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تاکید کی گئی ہے کہ خاص معاملات میں اپنے ساتھیوں سے مشورہ لیجیے۔

وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ۔

"اور خاص معاملے میں ان سے مشورہ کیجیے۔"

۸۔ جماعتی معاملات میں ہمیشہ فراخدلی اور ایثار سے کام لیجیے اپنے اور اپنے گھر والوں کو کسی معاملے میں ترجیح نہ دیجئے۔ بلکہ ہمیشہ ایثار اور فیاضی کا برتاؤ کیجیے تاکہ رفقاء خوش دلی کے ساتھ ہر قربانی دینے کے لیے پیش پیش رہیں۔ اور ان میں جماعت سے بددلی اور بے تعلقی نہ پیدا ہو اور نہ خود غرضی اور مطلب براری کے جذبات اُبھرنے پائیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے ایک بار حضرت عمرؓ سے کہا۔

"اے خطاب کے بیٹے! میں نے مسلمانوں پر تمہیں اس لیے منتخب کیا ہے کہ تم ان کے ساتھ مشفقانہ برتاؤ کرو۔ تم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اٹھائی ہے تم نے دیکھا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح ہم کو اپنے اوپر اور ہمارے گھر والوں کو اپنے گھر والوں کے اوپر ترجیح دیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ہم کو جو کچھ آپ کی طرف سے ملتا۔ اس میں سے کچھ بچ جاتا تو وہ ہم نبیؐ کے گھر

والوں کو ہدیہ بھیجا کرتے تھے۔ (کتاب الخراج)

۹۔ جانبداری اور خویش پروری سے ہمیشہ بچتے رہیئے اور بیجا مروت اور رواداری سے بھی پرہیز کیجیے۔ حضرت یزید ابن سفیانؓ کہتے ہیں کہ جب حضرت ابوبکرؓ نے مجھے سپہ سالار بنا کر شام کی طرف روانہ کیا۔ تو اس وقت یہ نصیحت فرمائی۔

"اے یزید! تمہارے کچھ عزیز اور رشتہ دار ہیں، ہوسکتا ہے کہ تم ان کو کچھ ذمہ داریاں دینے میں ترجیح دینے لگو۔ تمہارے لئے میرے نزدیک سب سے زیادہ اندیشے اور خوف کی بات یہی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مسلمانوں کے اجتماعی امور کا ذمہ دار ہو اور وہ مسلمانوں پر کسی کو محض رشتہ داری کی بنا پر یا محض دوستی کی وجہ سے حکمران بنائے تو خدا اس کی طرف سے کوئی فدیہ قبول نہ کرے گا۔ یہاں تک کہ جہنم میں ڈال دے گا" (کتاب الخراج)

۱۰۔ جماعت کے نظم کو زیادہ سے زیادہ مضبوط رکھنے کی کوشش کیجیے اور کبھی اس معاملے میں بیجا نرمی اور ڈھیل سے کام نہ لیجیے۔

خدا کا ارشاد ہے۔

فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ۔ (النور ۶۲)

"تو جب وہ اپنے کسی خاص کام کے لئے آپ سے اجازت مانگیں تو آپ جس کو چاہیں اجازت دے دیا کریں، اور ان لوگوں کے حق میں خدا سے

استغفار کیا کریں۔

یعنی جب جماعت کے رفقا کسی اجتماعی ضرورت کے لئے جمع ہوں اور پھر بعض لوگ اپنی نجی ضرورت اور معذوریوں کی وجہ سے اجازت مانگنے لگیں تو سربراہِ جماعت کا فرض ہے کہ وہ تنظیم جماعت کی اہمیت کے پیشِ نظر صرف انہی لوگوں کو اجازت دے جن کی ضرورت واقعی اس اجتماعی دینی کام کے مقابلے میں زیادہ قابل ترجیح ہو یا جن کی معذوری واقعی شرعی معذوری ہو اور اس کا قبول کرنا ضروری ہو۔

احساسِ عبدیت

بابِ پنجم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خدا فرماتا ہے۔

میرے بندو! تم میں سے ہر ایک گمراہ ہے سوائے اس کے جس کو میں ہدایت دوں، پس تم مجھی سے ہدایت طلب کرو کہ میں تمہیں ہدایت دوں۔ میرے بندو! تم میں سے ہر ایک بھوکا ہے سوائے اس کے جس کو میں کھلاؤں پس تم مجھی سے روزی مانگو کہ میں تمہیں روزی دوں۔ میرے بندو! تم میں سے ہر ایک ننگا ہے سوائے اس کے جس کو میں پہناؤں، پس تم مجھی سے لباس مانگو کہ میں تمہیں پہناؤں۔ میرے بندو! تم رات میں بھی گناہ کرتے ہو اور دن میں بھی اور میں سارے گناہ معاف کر سکتا ہوں پس تم مجھ سے مغفرت چاہو تو میں تمہارے گناہ معاف کر دوں۔

(صحیح مسلم)

توبہ و استغفار کے آداب

۱۔ توبہ کی قبولیت سے کبھی مایوس نہ ہوں، کیسے ہی بڑے بڑے گناہ ہو گئے ہوں، توبہ سے اپنے نفس کو پاک کیجئے اور خدا سے پر امید رہیئے، مایوسی کافروں کا شیوہ ہے۔ مومنوں کی تو امتیازی خوبی ہی یہ ہے کہ وہ بہت زیادہ توبہ کرنے والے ہوتے ہیں اور کسی حال میں خدا سے مایوس نہیں ہوتے گناہوں کی زیادتی سے گھبرا کر مایوسی میں مبتلا ہونا اور توبہ کی قبولیت سے ناامید ہونا ذہن و فکر کی تباہ کن گمراہی ہے۔ خدا نے اپنے محبوب بندوں کی یہ تعریف نہیں فرمائی ہے کہ اُن سے گناہوں کا صدور نہیں ہوتا بلکہ فرمایا ان سے گناہ ہوتے ہیں لیکن وہ اپنے گناہوں پر اصرار نہیں کرتے۔ صفائی سے ان کا اعتراف کرتے ہیں اور خود کو پاک کرنے کے لئے بے چین ہوتے ہیں۔

وَالَّذِينَ إِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللَّهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ وَمَن يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ وَلَمْ يُصِرُّوا عَلَىٰ مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ۔ (آل عمران ۱۳۵)

"اور اگر کبھی ان سے کوئی فحش کام سرزد ہو جاتا ہے یا وہ اپنے اوپر کبھی زیادتی کر بیٹھتے ہیں تو معًا انہیں خدا یاد آ جاتا ہے اور وہ اس سے اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں اور خدا کے سوا کون ہے جو گناہوں کو معاف کر سکتا ہو؟

اور وہ جانتے بوجھتے اپنے کئے پر ہرگز اصرار نہیں کرتے۔

اور دوسرے مقام پر فرمایا۔

إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ ۔ (الاعراف ۲۰۱)

"فی الواقع جو لوگ خدا سے ڈرنے والے ہیں ان کا حال یہ ہوتا ہے کہ کبھی شیطان کے اثر سے کوئی برا خیال اگر انہیں چھو بھی جاتا ہے تو وہ فوراً چوکنے ہو جاتے ہیں اور پھر انہیں صاف نظر آنے لگتا ہے کہ صحیح روش کیا ہے"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"سارے کے سارے انسان خطاکار ہیں اور بہترین خطاکار وہ ہیں جو بہت زیادہ توبہ کرنے والے ہیں" (ترمذی)

قرآن پاک میں خدا نے اپنے پیارے بندوں کی یہ امتیازی خوبی بیان فرمائی ہے کہ وہ سحر کے اوقات میں خدا کے حضور گڑگڑاتے ہیں اور توبہ واستغفار کرتے ہیں۔ اور مومنوں کو تلقین فرمائی ہے کہ وہ توبہ واستغفار کرتے رہیں۔ اور یہ یقین رکھیں کہ خدا ان کے گناہوں پر عفو ودرگزر کا پردہ ڈال دے گا اس لئے کہ وہ بڑا ہی معاف فرمانے والا اور اپنے بندوں سے انتہائی محبت کرنے والا ہے"

وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ ۝ (ہود ۹۰)

"اور اپنے پروردگار سے مغفرت چاہو اور اس کے آگے توبہ کرو۔ بلاشبہ میرا رب بڑا ہی رحم فرمانے والا اور بہت ہی محبت کرنے والا ہے۔

۲۔ خدا کی رحمت سے ہمیشہ پرامید رہیئے اور یہ یقین رکھیئے کہ میرے گناہ خواہ کتنے ہی زیادہ ہوں خدا کی رحمت اس سے کہیں زیادہ وسیع ہے۔ سمندر کے جھاگ سے زیادہ گناہ کرنے والا بھی جب اپنے گناہوں پر شرمسار ہوکر خدا کے حضور گڑگڑاتا ہے تو خدا اس کی سنتا ہے اور اس کو اپنے دامنِ رحمت میں پناہ دیتا ہے۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝

(الزمر ۵۳، ۵۴)

"اے میرے وہ بندو! جو اپنی جانوں پر زیادتی کر بیٹھے ہو۔ خدا کی رحمت سے ہرگز مایوس نہ ہونا یقیناً خدا تمہارے سارے کے سارے گناہ معاف فرما دے گا وہ بہت ہی معاف فرمانے والا اور بڑا ہی مہربان ہے اور تم اپنے رب کی طرف رجوع ہوجاؤ اور اس کی فرمانبرداری بجالاؤ اس سے پہلے کہ تم پر کوئی عذاب آپڑے اور پھر تم کہیں سے مدد نہ پاسکو۔"

۳۔زندگی کے کسی حصے میں گناہوں پر شرمساری اور ندامت کا احساس پیدا ہوا سے خدا کی توفیق سمجھیے اور توبہ کے دروازے کو کھلا سمجھیے۔ خدا اپنے بندوں کی توبہ اس وقت تک قبول فرماتا ہے جب تک ان کی سانس نہیں اکھڑتی البتہ سانس اکھڑنے کے بعد جب انسان دوسرے عالم میں جھانکنے لگتا ہے تو توبہ کی گنجائش ختم ہو جاتی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا اپنے بندے کی توبہ قبول کرتا ہے مگر سانس اکھڑنے سے پہلے پہلے" (ترمذی)

حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کو اندھیرے کنوئیں میں دھکیل کر اپنی دانست میں انہیں ختم کر دیا۔ گویا وہ نبی کے قتل کا گناہ کر بیٹھے۔ اور ان کا کرتہ خون میں رنگ کر اپنے باپ یعقوب علیہ السلام کو یقین دلانے کی کوشش کرنے لگے کہ یوسفؑ مر گئے اور ان کو بھیڑیئے نے اپنی غذا بنا لیا ——— لیکن ایسے عظیم گناہ کا ارتکاب کرنے کے کئی سال بعد جب ان میں اپنے جرم کا احساس ابھرتا ہے اور وہ شرمسار ہو کر اپنے والد سے درخواست کرتے کہ ابا جان ہمارے لئے خدا سے دعا کیجئے کہ خدا ہمارے گناہ کو معاف فرما دے تو خدا کے پیغمبر حضرت یعقوب علیہ السلام یہ کہہ کر انہیں مایوس نہیں کرتے کہ تمہارا گناہ بہت عظیم ہے۔ اور اس عظیم ترین گناہ پر اب برسوں گزر چکے ہیں لہٰذا اب معافی کا کیا سوال؟ بلکہ وہ اُن سے وعدہ کرتے ہیں کہ میں صرف تمہارے لئے اپنے پروردگار سے

دعائے مغفرت کروں گا۔ اور انہیں یہ یقین دلاتے ہیں کہ خدا ضرور تمہیں معاف فرما دے گا اس لئے کہ وہ بہت زیادہ درگزر کرنے والا اور بڑا ہی رحم فرمانے والا ہے۔

قَالُوْا یٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِیْنَ۔

(یوسف ۹۷)

"اُن سب نے کہا" اے ابا جان! ہمارے گناہوں کی بخشش کے لئے دعا کیجئے واقعی ہم بڑے خطا کار تھے"

قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔ (یوسف ۹۸)

"حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا۔ میں اپنے رب سے تمہارے لئے ضرور معافی کی دعا کروں گا ر اور وہ تمہیں ضرور معاف فرما دے گا) یقیناً وہ بڑا ہی معاف کرنے والا اور انتہائی رحم فرمانے والا ہے"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمّت کو مایوسی کی تباہی سے بچانے کے لئے صحابہؓ کو ایک عجیب و غریب قصہ سنایا جس سے یہ سبق ملتا ہے کہ مومن عمر کے جس حصّے میں بھی اپنے گناہوں پر شرمندہ ہو کر سچے دل سے خدا کے حضور گڑگڑائے گا تو وہ اپنے دامنِ مغفرت میں ڈھانپ لے گا اور کبھی نہیں دُھتکارے گا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پچھلی قوم میں ایک شخص تھا۔ جس نے

ننانوے خون کئے تھے۔ اس نے لوگوں سے معلوم کیا کہ دنیا میں سب سے بڑے عالم کون ہے؟ لوگوں نے اس کو ایک خدا رسیدہ راہب کا پتہ دیا۔ وہ اس راہب کے پاس گیا اور بولا۔ حضرت! میں نے ننانوے خون کئے ہیں کیا میری توبہ بھی قبول ہو سکتی ہے؟ راہب نے کہا نہیں تمہاری توبہ قبول ہونے کی اب کوئی صورت نہیں۔ یہ سنتے ہی اس شخص نے مایوسی میں اس راہب کو بھی قتل کر دیا۔ اور اب وہ پورے سو افراد کا قاتل تھا۔ اب اس نے پھر لوگوں سے دریافت کرنا شروع کیا کہ روئے زمین میں دین کا سب سے بڑا عالم کون ہے۔ لوگوں نے اس کو ایک اور راہب کا پتہ دیا۔ اب وہ توبہ کی غرض سے اس راہب کی خدمت میں پہنچا اور اس کو اپنی حالت بتلاتے ہوئے کہا کہ حضرت! میں نے سو قتل کئے ہیں۔ یہ بتائیے کیا میری توبہ بھی قبول ہو سکتی ہے؟ اور میری بخشش کی بھی کوئی صورت ہے۔ راہب نے کہا کیوں نہیں۔ بھلا تمہارے اور توبہ کے درمیان میں کون سی چیز رکاوٹ بن سکتی ہے تم فلاں ملک میں جاؤ۔ وہاں خدا کے کچھ برگزیدہ بندے خدا کی عبادت میں مصروف ہیں تم بھی ان کے ساتھ خدا کی عبادت میں لگ جاؤ اور پھر کبھی اپنے وطن میں لوٹ کر نہ آنا کیونکہ اب یہ جگہ دینی لحاظ سے تمہارے لئے مناسب نہیں ہے (یہاں تمہارے لئے توبہ پر قائم رہنا اور اصلاحِ حال کی کوشش کرنا بہت مشکل ہے) وہ شخص روانہ ہوا۔ ابھی آدھے راستے تک ہی پہنچا تھا کہ موت کا پیغام آ گیا۔ اب رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے باہم جھگڑنے لگے۔ رحمت کے فرشتوں نے کہا یہ گناہوں سے توبہ کر کے اور خدا

کی طرف متوجہ ہوکر ادھر آیا ہے عذاب کے فرشتوں نے کہا نہیں ابھی اس نے کوئی بھی نیک عمل نہیں کیا ہے ــــــــــ یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ ایک فرشتہ انسان کی صورت میں آیا۔ ان فرشتوں نے اس کو اپنا حکم بنالیا کہ وہ ان دونوں کے درمیان کوئی فیصلہ کردے۔ اس نے کہا۔ دونوں طرف کی زمین ناپو اور دیکھو کہ وہ جگہ یہاں سے قریب ہے جہاں سے یہ شخص آیا ہے یا وہ جگہ یہاں سے قریب ہے جہاں اس شخص کو جانا تھا۔ فرشتوں نے زمین کو ناپا تو وہ جگہ قریب نکلی جہاں اُس شخص کو جانا تھا۔ اور جاتے ہوئے راہ میں فرشتہ رحمت نے اس کی روح قبض کرلی اور خدا نے اس کو بخش دیا۔ (بخاری، مسلم)

۴۔ صرف خدا کے حضور اپنے گناہوں کا اقرار کیجیے اسی کے حضور گڑگڑایئے اور اسی کے سامنے اپنی عاجزی، بے کسی اور خطا کاری کا اظہار کیجیے۔ عجز و انکساری انسان کا وہ سرمایہ ہے جو صرف خدا ہی کے حضور پیش کیا جاسکتا ہے۔ اور جو بدنصیب اپنے عجز و احتیاج کا یہ سرمایہ اپنے ہی جیسے مجبور، بے بس انسانوں کے سامنے پیش کرتا ہے تو پھر اس دیوالیئے کے پاس خدا کے حضور پیش کرنے کے لیئے کچھ نہیں رہ جاتا۔ اور وہ ذلیل و رسوا ہوکر ہمیشہ کے لیئے دردر کی ٹھوکریں کھاتا ہے اور کہیں عزت نہیں پاتا۔

خدا کا ارشاد ہے۔

وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا

مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا۔ (الکہف ۵۸)

"اور آپ کا پروردگار گناہوں کو ڈھانپنے والا اور بہت زیادہ رحم فرمانے والا ہے اگر وہ ان کے کرتوتوں پر اُن کو فوراً پکڑنے لگے تو عذاب بھیج دے مگر اس نے (اپنی رحمت سے) ایک وقت ان کے لئے مقرر کر رکھا ہے اور یہ لوگ بچنے کے لئے اس کے سوا کوئی پناہ گاہ نہ پائیں گے۔"

اور سورۂ شوریٰ میں ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ۔ (الشوریٰ ۲۵)

"اور وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کی خطاؤں کو معاف فرماتا ہے اور وہ سب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔"

دراصل انسان کو یہ یقین رکھنا چاہیئے۔ کہ فوز و فلاح کا ایک ہی دروازہ ہے اس دروازہ سے جو دھتکار دیا گیا پھر وہ ہمیشہ کے لئے ذلیل اور محروم ہو گیا۔ مومنانہ طرزِ فکر یہی ہے کہ بندے سے خواہ کیسے بھی گناہ کیوں نہ ہو جائیں اس کا کام یہ ہے کہ وہ خدا ہی کے حضور گڑگڑائے اور اسی کے دامن پر اپنی ندامت کے آنسو ٹپکائے۔ بندے کے لئے خدا کے سوا کوئی اور دروازہ نہیں جہاں سے اُسے معافی مل سکے حد یہ ہے کہ اگر آدمی خدا کو چھوڑ کر رسول کو خوش کرنے کی کوشش بھی کرے گا تو خدا کے دربار میں اس کی اس کوشش کی کوئی قیمت نہ لگے گی اور وہ دھتکار دیا جائے گا۔ رسول

بھی خدا کا بندہ ہے اور وہ بھی اسی در کا فقیر ہے، اُسے بھی جو عظیم مرتبہ ملا ہے اور اس کی عظمت کا راز بھی یہی ہے کہ وہ خدا کا سب سے زیادہ عاجز بندہ ہوتا ہے اور عام انسانوں کے مقابلہ میں کہیں زیادہ خدا کے حضور گڑگڑاتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

لوگو! خدا سے اپنے گناہوں کی معافی چاہو اور اس کی طرف پلٹ آؤ۔ مجھے دیکھو میں دن میں سو سو بار خدا سے مغفرت کی دعا کرتا رہتا ہوں۔" (مسلم)۔

منافقوں کا ذکر کرتے ہوئے خدا تعالیٰ نے فرمایا۔

يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ۔ (توبہ ۹۶)

"یہ منافقین آپ کے سامنے قسمیں کھائیں گے کہ آپ ان سے راضی ہو جائیں۔ اگر آپ ان سے راضی ہو بھی گئے تو خدا ہرگز ایسے بے دینوں سے راضی نہ ہوگا۔

قرآن پاک میں حضرت کعب ابن مالک کا عبرت انگیز واقعہ ہمیشہ کے لئے سبق ہے کہ بندہ سب کچھ سہے ہر آزمائش برداشت کرے۔ لیکن خدا کے در سے اُٹھنے کا تصور تک دل میں نہ لائے۔ دین کی راہ میں آدمی پر جو کچھ بیتے اور خدا کی طرف سے اس کو جتنا بھی روندا جائے وہ اس کی زندگی کو چمکانے اور اس کے درجات کو بلند کرنے کا ذریعہ ہے۔ یہ

بے عزتی دائمی عزت کا یقینی راستہ ہے اور جو خدا کے دروازے کو چھوڑ کر کہیں اور عزت تلاش کرتا ہے اس کو کہیں بھی عزت میسر نہیں آ سکتی۔ وہ ہر جگہ ذلیل ہوگا اور زمین و آسمان کی کوئی ایک آنکھ بھی اس کو عزت کی نظر سے نہیں دیکھ سکتی۔

وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّىٰ إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللَّهِ إِلَّا إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

(التوبہ ۱۱۸)

"اور ان تینوں کو بھی خدا نے معاف کر دیا جن کا معاملہ ملتوی کر دیا گیا تھا۔ جب زمین اپنی ساری وسعتوں کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی اور ان کی جانیں بھی ان پر بار ہونے لگیں اور انہوں نے جان لیا کہ خدا سے بچنے کے لئے کوئی پناہ گاہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ خود اسی کی پناہ لی جائے تو خدا اپنی مہربانی سے ان کی طرف پلٹا تاکہ وہ اس کی طرف پلٹ آئیں بلاشبہ وہ بڑا ہی معاف فرمانے والا اور انتہائی مہربان ہے۔"

ان تین بزرگوں سے حضرت کعب ابن مالکؓ، حضرت مرارہ ابن ربیعؓ اور حضرت ہلال ابن امیہؓ مراد ہیں۔ اور ان تینوں کی مثالی توبہ رہتی زندگی تک کے لئے مومنوں کے واسطے مشعل راہ ہے۔ حضرت کعب ابن

مالکؓ جو بڑھاپے میں نابینا ہو گئے تھے اور اپنے صاحبزادے کے سہارے چلا کرتے تھے۔ انہوں نے خود اپنی مثالی توبہ کا نصیحت آموز واقعہ اپنے بیٹے سے بیان کیا تھا جو حدیث کی کتابوں میں محفوظ ہے۔

"غزوۂ تبوک کی تیاری کے زمانے میں جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کو غزوہ میں شریک ہونے پر ابھارا کرتے تھے۔ میں بھی ان صحبتوں میں شریک رہتا۔ میں جب بھی آپؐ کی باتیں سنتا دل میں سوچتا کہ میں ضرور جاؤں گا۔ لیکن واپس جب گھر آتا تو سستی کر جاتا اور سوچتا ابھی بہت وقت ہے میرے پاس سفر کا سامان موجود ہے میں صحت مند ہوں، سواری اچھی سے اچھی مہیا ہے پھر روانہ ہوتے کیا دیر لگے گی۔ اور بات ٹلتی رہی یہاں تک کہ سارے مجاہدین میدان جنگ میں پہنچ گئے۔ اور میں مدینہ میں بیٹھا ارادہ ہی کرتا رہا۔

اب خبریں آنے لگیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم واپس آنے والے ہیں اور ایک دن معلوم ہوا کہ آپ واپس آ گئے اور حسب معمول مسجد میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔ میں بھی مسجد میں پہنچا۔ یہاں منافقین حضور کی خدمت میں پہنچ رہے تھے اور لمبی چوڑی قسمیں کھا کھا کر اپنے عذرات پیش کر رہے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کی بناوٹی باتیں سن کر ان کے ظاہری عذر قبول کر رہے تھے۔ اور فرماتے جاتے خدا تمہیں معاف کرے۔

جب میری باری آئی تو نبیؐ نے مجھ سے کہا۔ کہو تمہیں کس چیز نے روک دیا تھا؟ میں نے دیکھا کہ آپؐ کی مسکراہٹ میں غصہ کے آثار ہیں۔ اور میں

نے صاف صاف بات کہہ ڈالی۔ اے خدا کے رسولؐ! واقعہ یہ ہے کہ مجھے کوئی عذر نہ تھا۔ میں صحت مند تھا۔ خوشحال تھا۔ سواری بھی میرے پاس موجود تھی۔ بس میری سُستی اور غفلت نے مجھے اس سعادت سے محروم رکھا۔

میری صاف صاف بات سن کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا جاؤ اور انتظار کرو کہ خدا تمہارے معاملہ میں کوئی فیصلہ فرمائے۔ میں اٹھا اور اپنے قبیلے کے لوگوں میں آبیٹھا۔ قبیلے کے لوگوں نے مجھے بُرا بھلا کہنا شروع کیا کہ تم نے کوئی بات کیوں نہ بنا دی، تم تو ہمیشہ دین کے کاموں میں پیش پیش رہے ہو، لیکن جب مجھے یہ معلوم ہوا کہ میرے دو اور ساتھیوں نے بھی اسی طرح سچی بات کہی ہے تو میرا دل مطمئن ہو گیا اور میں نے طے کر لیا کہ میں اپنی سچائی پہ جما رہوں گا۔

اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عام اعلان فرمایا کہ ہم تینوں سے کوئی بات نہ کرے۔ یہ اعلان ہوتے ہی میرے لئے مدینے کی زمین بالکل بدل گئی۔ اور میں اپنوں میں بے یارو مددگار بالکل اجنبی بن کر رہ گیا۔ کوئی بھی معاشرے میں مجھ سے سلام کلام نہ کرتا۔ ایک دن جب میں بہت زیادہ اُکتا گیا۔ اور طبیعت بہت گھبرائی تو اپنے ایک بچپن کے دوست اور چچازاد بھائی ابوقتادہؓ کے پاس گیا میں نے جا کر سلام کیا لیکن اس خدا کے بندے نے سلام کا جواب تک نہ دیا۔ میں نے پوچھا ابوقتادہ! میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں بتاؤ کیا مجھے

خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت نہیں ہے؟ وہ خاموش رہے۔ میں نے پھر پوچھا لیکن انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ تیسری بار جب میں نے قسم دے کر پوچھا تو بس انھوں نے اتنا کہا "خدا اور خدا کے رسول ہی بہتر جانتے ہیں" میرا دل بھر آیا اور میری آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔ اور میں اپنا غم لیئے ہوئے واپس آگیا۔

انہی دنوں بازار میں شام کے ایک تاجر نے مجھے "شاہِ غسّان" کا ایک خط دیا۔ عیسائیوں کے اس بادشاہ نے لکھا تھا۔ ہم نے سنا ہے کہ تمہارے صاحب تم پر بہت ہی ستم توڑ رہے ہیں تم کوئی ذلیل آدمی تو ہو نہیں۔ تمہاری قدر ہم جانتے ہیں تم ہمارے پاس آؤ۔ ہم تمہارے ساتھ تمہارے مرتبے کے لائق سلوک کریں گے۔ خط دیکھتے ہی میری زبان سے نکلا یہ ایک اور مصیبت نازل ہوئی۔ اور اسی وقت اس خط کو میں نے چولہے میں جھونک دیا۔

چالیس دن اس حالت پر گزر چکے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرستادہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم لے کر آیا کہ اپنی بیوی سے بھی علیحدہ ہو جاؤ۔ میں نے پوچھا طلاق دے دوں؟ جواب ملا نہیں، بس الگ رہو اور میں نے اپنی بیوی کو میکے روانہ کر دیا اور اس خدا کی بندی سے کہہ دیا کہ اب تم بھی خدا کے فیصلے کا انتظار کرتی رہو۔

پچاسویں دن میں فجر کی نماز کے بعد اپنی جان سے بیزار نہایت ہی مایوس اور غمزدہ اپنے مکان کی چھت پر بیٹھا ہوا تھا۔ کہ یکایک کسی نے پکار کر

کہا "کعب! مبارک ہو" یہ سنتے ہی میں سمجھ گیا اور اپنے خدا کے حضور سجدے میں گر پڑا۔ پھر تو لوگوں کا تانتا بندھ گیا۔ فوج در فوج میرے پاس مبارکباد دینے کے لئے آنے لگے۔ میں اُٹھا اور سیدھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مسجد میں پہنچا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ خوشی سے چمک رہا ہے۔ میں نے آگے بڑھ کر سلام کیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کعب! مبارک ہو یہ تمہاری زندگی کا سب سے بہترین دن ہے۔ میں نے کہا حضورؐ! یہ معافی آپ کی طرف سے ہے یا خدا کی طرف سے؟ فرمایا خدا کی طرف سے اور سورہ توبہ کی یہ آیتیں پڑھ کر سنائیں۔

۵۔ توبہ کرنے میں کبھی تاخیر نہ کیجئے زندگی کا حال کسی کو معلوم نہیں کب مہلتِ عمل ختم ہو جائے۔ کچھ خبر نہیں کہ اگلا لمحہ زندگی کا لمحہ ہے یا موت کا ہر وقت انجام کا دھیان رکھیئے اور توبہ و استغفار کے ذریعے قلب و روح اور ذہن و زبان کو گناہوں سے دھوتے رہیئے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا رات کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ جس شخص نے دن میں کوئی گناہ کیا ہے۔ وہ رات میں خدا کی طرف پلٹ آئے۔ اور دن میں وہ اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ رات میں اگر کسی نے کوئی گناہ کیا ہے تو وہ دن میں اپنے رب کی طرف پلٹے اور گناہوں کی معافی مانگے یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو۔ (مسلم)

خدا کے ہاتھ پھیلانے سے مراد یہ ہے کہ وہ اپنے گنہگار بندوں کو اپنی

طرف بلاتا ہے اور اپنی رحمت سے ان کے گناہوں کو ڈھانپنا چاہتا ہے اگر بندے نے کسی وقتی جذبے سے مغلوب ہو کر کوئی گناہ کر لیا ہے تو اسے چاہیئے کہ وہ اپنے رحیم و غفور خدا کی طرف دوڑے اور ذرا تاخیر نہ کرے کہ گناہ سے گناہ پیدا ہوتا ہے اور شیطان ہر وقت انسان کی گھات میں لگا ہوا ہے اور وہ اس کو گمراہ کرنے کی فکر سے کسی وقت بھی بے فکر نہیں ہے۔

۶۔ نہایت سچے دل سے خلوص کے ساتھ ایسی توبہ کیجیئے جو آپ کی زندگی کی کایا پلٹ دے۔ اور توبہ کے بعد آپ ایک دوسرے ہی انسان نظر آئیں۔

خدا کا فرمان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَصُوحًا عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ يُكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ۔ (التحریم ۸)

"اے مومنو! خدا کے آگے سچی اور خالص توبہ کرو۔ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے گناہوں کو تم سے دور فرما دے گا۔ اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی۔ اس دن خدا اپنے رسول کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لا کر اس کے ساتھ ہو لیئے ہیں رسوا نہ کرے گا۔"

یعنی ایسی توبہ کیجیے کہ پھر قلب و ذہن کے کسی گوشے میں بھی گناہ کی طرف پلٹنے کا کوئی شائبہ باقی نہ رہ جائے۔ ایسی توبہ کے تین یا چار اجزاء ہیں اگر گناہ کا تعلق خدا کے حق سے ہے تو توبہ کے تین اجزاء ہیں۔

(۱) انسان واقعی اپنے گناہوں کے احساس سے شرمسار ہو،

(۲) آیندہ گناہ سے بچنے کا پختہ عزم رکھے۔

(۳) اور اپنی زندگی کو سنوارنے اور سدھارنے میں پورے انہماک اور فکر کے ساتھ سرگرم ہو جائے۔ اور اگر اس نے کسی بندے کی حق تلفی کی ہے تو توبہ کا چوتھا جز یہ ہے کہ

(۴) بندے کا حق ادا کرے یا اس سے معاف کرا لے۔

یہی وہ توبہ ہے جس سے واقعی انسان گناہوں سے دُھل جاتا ہے۔ اس کا ایک ایک گناہ اس کی روح سے ٹپک کر گر جاتا ہے اور وہ اعمال صالحہ سے سنور کر آراستہ زندگی کے ساتھ خدا کے حضور پہنچتا ہے اور خدا اس کو اپنی جنت میں ٹھکانا بخشتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے قلب میں ایک سیاہ داغ پڑ جاتا ہے۔ اب اگر وہ

○ گناہ سے باز آ جائے۔

○ اپنے گناہوں کے احساس سے نادم ہو کر بخشش کا طلبگار ہو۔

○ اور پلٹ کر گناہ سے بچنے کا عزم مصمم کرے تو خدا اس

کے قلب کو چلا بخش دیتا ہے۔ اور اگر وہ پھر گناہ کر بیٹھے تو اس سیاہ داغ میں اضافہ کر دیا جاتا ہے یہاں تک کہ وہ پورے دل پر چھا جاتا ہے۔ یہی وہ زنگ ہے جس کا ذکر خدا نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔

كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَىٰ قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ۔

(المطففین: ۱۴)

"ہرگز نہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ان کے قلوب پر اُن کے برے کرتوتوں کا زنگ چڑھ گیا ہے۔

۷۔ اپنی توبہ پر قائم رہنے کا پختہ عزم کیجئے اور شب و روز دھیان رکھیئے کہ خدا سے کئے ہوئے عہد و پیمان کے خلاف کوئی حرکت نہ ہونے پائے۔ اور اپنی روز افزوں پاکیزگی اور اصلاح حال سے اپنے عزم کا اندازہ کرتے رہیئے۔ اور اگر اپنی ساری کوششوں کے باوجود بھی آپ پھسل جائیں، اور پھر کوئی خطا کر بیٹھیں تب بھی مایوس ہرگز نہ ہوں، بلکہ پھر خدا کے دامن مغفرت میں پناہ تلاش کیجئے اور خدا کے حضور گڑگڑا لیجئے کہ پروردگار! میں بہت کمزور ہوں، لیکن تو مجھے اپنے در سے ذلت کے ساتھ نہ نکال اس لئے کہ میرے لئے تیرے در کے سوا اور کوئی در نہیں ہے جہاں جا کر میں پناہ لوں۔

حضرت شیخ سعدیؒ نے فرمایا ہے۔

الٰہی بذلت مراں از درم　　　　کہ جز تو ندارم درِ دیگرم

اور حضرت ابوسعید ابوالخیرؒ کی یہ رباعی بھی بہت ہی خوب ہے۔

باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ　　گر کافر و گبر و بُت پرستی باز آ
ایں درگہِ ما درگہِ نومیدی نیست　　صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

پلٹ آ خدا کی طرف پھر پلٹ آ تو جو کچھ اور جیسا کچھ بھی ہے خدا کی طرف پلٹ آ۔ اگر تو کافر، آتش پرست اور بت پرست ہے تب بھی خدا کی طرف پلٹ آ۔

خدا کو سب سے زیادہ خوشی جس چیز سے ہوتی ہے وہ بندے کی توبہ ہے، توبہ کے معنی ہیں پلٹنا رجوع ہونا، بندہ جب فکر و جذبات کی گمراہی میں مبتلا ہو کر گناہوں کے دلدل میں پھنستا ہے تو وہ خدا سے بچھڑ جاتا ہے، اور بہت دور جا پڑتا ہے گویا خدا سے وہ گم ہو گیا۔ اور جب وہ پھر پلٹتا ہے اور شرمسار ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ تو یوں سمجھیئے کہ گویا خدا کو اپنا گم شدہ بندہ پھر مل گیا۔ اس پوری کیفیت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی بلیغ تمثیل میں یوں بیان فرمایا ہے آپؐ نے فرمایا۔

"اگر تم میں سے کسی شخص کا اونٹ ایک بے آب و گیاہ صحرا میں گم ہو گیا ہو اور اس شخص کا کھانے پینے کا سامان بھی اسی گم ہونے والے اونٹ پر لدا ہوا ہو ——— اور وہ شخص چاروں طرف اس لق و دق صحرا میں اپنے اونٹ کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر مایوس ہو چکا ہو پھر وہ زندگی سے بے آس ہو کر کسی درخت کے نیچے موت کے انتظار میں لیٹ رہا ہو۔ ٹھیک اسی حالت میں وہ اپنے اونٹ کو سارے سامان سے لدا ہوا اپنے پاس کھڑا دیکھے تو تصور تو کرو اس کو کیسی کچھ خوشی ہوگی! ——— تمہارا پروردگار اس

شخص سے بھی کہیں زیادہ اس وقت خوش ہوتا ہے جب تم میں سے کوئی بھٹکا ہوا بندہ اس کی طرف پھر پلٹتا ہے اور گمراہی کے بعد پھر وہ فرمانبرداری کی روش اختیار کرتا ہے۔ (ترمذی)

"ایک اور موقع پر آپؐ نے اسی حقیقت کو ایک اور تمثیل میں واضح فرمایا ہے جو نہایت ہی اثر انگیز ہے۔

"ایک موقع پر کچھ جنگی قیدی گرفتار ہو کر آئے۔ ان میں ایک عورت بھی تھی۔ جس کا دودھ پیتا بچہ چھوٹ گیا تھا۔ وہ مامتا کی ماری ایسی بے قرار تھی۔ کہ جس چھوٹے بچے کو پا لیتی اپنی چھاتی سے لگا کر دودھ پلانے لگتی اس عورت کا یہ حال دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے پوچھا کیا تم توقع کر سکتے ہو کہ یہ ماں اپنے بچے کو خود اپنے ہاتھوں آگ میں پھینک دے گی؟ صحابہ نے کہا "یا رسول اللہ! خود پھینکنا تو درکنار، وہ اگر گرتا ہو تو یہ جان کی بازی لگا کر اس کو بچائے گی" اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔
خدا اپنے بندوں پر اس سے بھی زیادہ رحیم اور مہربان ہے جتنی یہ ماں اپنے بچے پر مہربان ہے"

۸۔ توبہ اور استغفار برابر کرتے رہیئے۔ صبح سے شام تک انسان سے نہ معلوم کتنی خطائیں ہوتی رہتی ہیں اور بعض اوقات خود انسان کو ان کا شعور نہیں ہو پاتا۔ یہ نہ سوچیئے کہ کوئی بڑا گناہ ہو جانے پر ہی توبہ کی ضرورت ہے، انسان ہر وقت توبہ و استغفار کا محتاج ہے۔ اور قدم قدم پر اس سے کوتاہیاں ہوتی رہتی ہیں۔ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم دن میں ستر ستر بار اور سو، سو

بار توبہ واستغفار فرماتے تھے۔ (بخاری، مسلم)

۹۔ جو گنہگار توبہ کر کے اپنی زندگی کو سدھار لے اس کو کبھی حقیر نہ سمجھیے

حضرت عمران بن الحصینؓ دورِ رسالت کا ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ قبیلہ جہینہ کی ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جو بدکاری کے نتیجہ میں حاملہ ہوگئی تھی۔ کہنے لگی یا رسول اللہ میں زناکاری کی سزا کی مستحق ہوں۔ مجھ پر شرعی حد قائم فرمایئے اور مجھے سزا دیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے ولی کو بلایا۔ اور اس سے کہا۔ تم اس کے ساتھ اچھا سلوک کرتے رہو، اور جب اس کا بچہ پیدا ہو جائے تو اس کو میرے پاس لے کر آنا۔ ولادت کے بعد جب وہ عورت آئی تو آپؐ نے حکم دیا کہ اس کے کپڑے اس کے جسم پر باندھ دیئے جائیں۔ (تاکہ سنگسار ہوتے وقت کھل نہ جائیں اور بے پردگی نہ ہو) پھر اس کو سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ اور وہ سنگسار کر دی گئی۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جنازے کی نماز پڑھی، تو حضرت عمرؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا۔ یا رسول اللہ آپ اس کے جنازے کی نماز پڑھ رہے ہیں یہ تو بدکاری کر چکی ہے، اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے توبہ کر لی اور ایسی توبہ کہ اگر اس کی توبہ مدینے کے ستر آدمیوں پر تقسیم کر دی جائے تو سب کی نجات کے لئے کافی ہو جائے۔ تم نے اس سے افضل کسی کو دیکھا ہے جس نے اپنی جان خدا کے حضور پیش کر دی۔

۱۰۔ سید الاستغفار کا اہتمام کیجیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت

شداد ابن اوس رضؓ کو بتایا کہ سید الاستغفار یعنی سب سے عمدہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ۔ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

(بخاری، ترمذی)

"خدایا! تو میرا پروردگار ہے۔ تیرے سوا کوئی اور معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں، اور میں نے تجھ سے بندگی اور اطاعت کا جو عہد و پیمان باندھا ہے اس پر اپنے بس بھر قائم رہوں گا۔ اور جو گناہ بھی مجھ سے سرزد ہوئے ان کے نتائج بد سے بچنے کے لیے میں تیری پناہ گاہ کا طالب ہوں، تو نے مجھے جن جن نعمتوں سے نوازا ہے ان کا میں اقرار کرتا ہوں۔ اور مجھے اعتراف ہے کہ میں گنہگار ہوں، ——— پس اے میرے پروردگار! میرے جرم کو معاف فرما دے، تیرے سوا میرے گناہوں کو اور کون معاف کرنے والا ہے۔

دُعا کے آداب

۱۔ دُعا صرف خدا سے مانگیے، اُس کے سوا کبھی کسی کو حاجت روائی کے لئے نہ پکاریئے۔ دعا، عبادت کا جوہر ہے اور عبادت کا مستحق تنہا خدا ہے۔

قرآن پاک کا ارشاد ہے۔

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَاۗءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۔ (الرعد ۱۴)

"اسی کو پکارنا برحق ہے اور یہ لوگ اس کو چھوڑ کر جن ہستیوں کو پکارتے ہیں وہ ان کی دعاؤں کا کوئی جواب نہیں دے سکتے ان کو پکارنا تو ایسا ہے جیسے کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلا کر چاہے کہ پانی (دور ہی سے) اس کے منہ میں آپہنچے، حالانکہ پانی اس تک کبھی نہیں پہنچ سکتا۔ بس اسی طرح کافروں کی دعائیں بے نتیجہ بھٹک رہی ہیں"

یعنی حاجت روائی اور کارسازی کے سارے اختیارات خدا ہی

کے ہاتھ میں ہیں۔ اس کے سوا کسی کے پاس کوئی اختیار نہیں۔ سب اسی کے محتاج ہیں۔ اس کے سوا کوئی نہیں جو بندوں کی پکار سنے اور ان کی دعاؤں کا جواب دے۔

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰہِ وَاللّٰہُ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ۔ (الفاطر ۱۵)

"انسانو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اللہ ہی ہے جو غنی اور بے نیاز اور اچھی صفات والا ہے۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خدا نے فرمایا ہے۔

"میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم حرام کر لیا ہے۔ تو تم بھی ایک دوسرے پر ظلم و زیادتی کو حرام سمجھو، میرے بندو! تم میں سے ہر ایک گمراہ ہے سوائے اس کے جس کو میں ہدایت دوں، پس تم مجھی سے ہدایت طلب کرو۔ کہ میں تمہیں ہدایت دوں میرے بندو! تم میں سے ہر ایک بھوکا ہے سوائے اس شخص کے جس کو میں کھلاؤں۔ پس تم مجھی سے روزی مانگو تو میں تمہیں روزی دوں، میرے بندو! تم میں سے ہر ایک ننگا ہے۔ سوائے اس کے جس کو میں پہناؤں، پس تم مجھی سے لباس مانگو میں تمہیں پہناؤں گا میرے بندو! تم رات میں بھی گناہ کرتے ہو اور دن میں بھی اور میں سارے گناہ معاف کر دونگا" (صحیح مسلم)

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ آدمی کو اپنی ساری حاجتیں خدا ہی سے مانگنی چاہئیں۔ یہاں تک کہ اگر جوتی کا تسمہ ٹوٹ

جائے تو خدا ہی سے مانگے۔ اور اگر نمک کی ضرورت ہو تو وہ بھی اسی سے مانگے۔ (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ انسان کو اپنی چھوٹی سے چھوٹی ضرورت کے لئے بھی خدا ہی کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے۔ اس کے سوا نہ کوئی دعاؤں کا سننے والا ہے اور نہ کوئی مرادیں پوری کرنے والا ہے۔

۲۔ خدا سے وہی کچھ مانگیئے جو حلال اور طیب ہو، ناجائز مقاصد اور گناہ کے کاموں کے لئے خدا کے حضور ہاتھ پھیلانا انتہائی درجے کی بے ادبی بے حیائی اور گستاخی ہے، حرام اور ناجائز مرادوں کے پورا ہونے کے لئے خدا سے دعائیں کرنا۔ اور منتیں ماننا دین کے ساتھ بدترین قسم کا مذاق ہے اسی طرح ان باتوں کے لئے بھی دعا نہ مانگیئے جو خدا نے ازلی طور پر طے فرما دی ہیں اور جن میں تبدیلی نہیں ہو سکتی مثلاً کوئی پستہ قد انسان اپنے قد کے دراز ہونے کی دعا کرے یا کوئی غیر معمولی دراز قد انسان قد کے پست ہونے کی دعا کرے یا دعا کرے کہ میں ہمیشہ جوان رہوں اور کبھی بڑھاپا نہ آئے وغیرہ۔

قرآن کا ارشاد ہے۔

وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۔ (اعراف ۲۹)

"اور ہر عبادت میں اپنا رُخ ٹھیک اسی کی طرف رکھو، اور اسی کو پکارو، اس کے بلئے اپنی اطاعت کو خالص کرتے ہوئے۔"

خدا کے حضور اپنی ضرور نہیں رکھنے والا نافرمانی کی راہ پر چلتے ہوئے ناجائز مرادوں کے لئے دعائیں نہ مانگے بلکہ اچھا کردار اور پاکیزہ جذبات پیش کرتے ہوئے نیک مرادوں کے لئے خدا کے حضور اپنی درخواست رکھے۔

۳- دعا، گہرے اخلاص اور پاکیزہ نیت سے مانگیئے۔ اور اس یقین کے ساتھ مانگیئے کہ جس خدا سے آپ مانگ رہے ہیں وہ آپ کے حالات کا پورا پورا یقینی علم بھی رکھتا ہے اور آپ پر انتہائی مہربان بھی ہے، اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی پکار سنتا اور اُن کی دعائیں قبول کرتا ہے۔ نمود و نمائش، ریاکاری اور شرک کے ہر شائبے سے اپنی دعاؤں کو بے آمیز رکھیے۔

قرآن میں ہے۔

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۔ (المؤمن)

"پس اللہ کو پکارو اس کے لئے اپنی اطاعت کو خالص کرتے ہوئے۔

اور سورہ بقرہ میں ہے۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ۔ (البقرہ ۱۸۶)

"اور اے رسولؐ! جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق پوچھیں تو انہیں بتا دیجئے کہ میں اُن سے قریب ہی ہوں، پکارنے والا جب

مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا کو قبول کرتا ہوں۔ لہذا انہیں میری دعوت قبول کرنی چاہیئے۔ اور مجھ پر ایمان لانا چاہیئے تاکہ وہ راہ راست پر چلیں"

۴۔ دعا پوری توجہ، یکسوئی اور حضورِ قلب سے مانگیئے اور خدا سے اچھی امید رکھیئے اپنے گناہوں کے انبار پر نگاہ رکھنے کے بجائے خدا کے بے پایاں عفو و کرم اور بے حد و حساب جُود و سخا پر نظر رکھیئے۔ اس شخص کی دعا درحقیقت دعا ہی نہیں ہے، جو غافل اور لاپرواہ ہو اور لاابالی پن کے ساتھ محض نوکِ زبان سے کچھ الفاظ بے دلی کے ساتھ ادا کر رہا ہو اور خدا سے خوش گمان نہ ہو۔

حدیث میں ہے۔

"اپنی دعاؤں کے قبول ہونے کا یقین رکھتے ہوئے حضورِ قلب سے دعا کیجیئے خدا ایسی دعا کو قبول نہیں کرتا۔ جو غافل اور بے پروا دل سے نکلی ہو" (ترمذی)

۵۔ دعا، انتہائی عاجزی اور خشوع و خضوع کے ساتھ مانگیئے۔ خشوع اور خضوع سے مراد یہ ہے کہ آپ کا دل خدا کی ہیبت اور عظمت و جلال سے لرز رہا ہو اور جسم کی ظاہری حالت پر بھی خدا کا خوف پوری طرح ظاہر ہو سر اور نگاہیں جھکی ہوئی ہوں، آواز پست ہو، اعضا ڈھیلے پڑے ہوئے ہوں آنکھیں نم ہوں اور تمام انداز و اطوار سے مسکینی اور بے کسی ظاہر ہو رہی ہو، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ نماز کے دوران اپنی

ڈاڑھی کے بالوں سے کھیل رہا ہے۔ تو آپؐ نے فرمایا" اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو اس کے جسم پر بھی خشوع طاری ہوتا۔

دراصل دعا مانگتے وقت آدمی کو اس تصور سے لرزنا چاہیئے کہ میں ایک درماندہ فقیر ایک بے نوا مسکین ہوں اگر خدانخواستہ میں اس در سے ٹھکرا دیا گیا تو پھر میرے لئے کہیں کوئی ٹھکانا نہیں، میرے پاس اپنا کچھ نہیں ہے جو کچھ ملا ہے خدا ہی سے ملا ہے اور اگر خدا نہ دے تو دنیا میں کوئی دوسرا نہیں ہے جو مجھے کچھ دے سکے۔ خدا ہی ہر چیز کا وارث ہے اسی کے پاس ہر چیز کا خزانہ ہے۔ بندہ محض فقیر اور عاجز ہے۔

قرآن پاک میں ہدایت ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا۔

"اپنے رب کو عاجزی اور زاری کے ساتھ پکارو۔"

عبدیت کی شان ہی یہی ہے کہ بندہ اپنے پروردگار کو نہایت عاجزی اور مسکنت کے ساتھ گڑگڑا کر پکارے۔ اور اس کا دل و دماغ، جذبات و احساسات اور سارے اعضا اس کے حضور جھکے ہوئے ہوں، اور اس کے ظاہر و باطن کی پوری کیفیت سے احتیاج و فریاد ٹپک پڑ رہی ہو۔

۶۔ دعا، چپکے چپکے دھیمی آواز میں مانگیئے۔ خدا کے حضور ضرور گڑگڑایئے لیکن اس کی گریہ و زاری کی نمائش ہرگز نہ کیجئے۔ بندے کی عاجزی اور انکساری اور فریاد صرف خدا کے سامنے ہونا چاہیئے۔

بلاشبہ بعض اوقات دعا زور زور سے بھی کر سکتے ہیں لیکن یا تو تنہائی

میں ایسا کیجیے یا پھر جب اجتماعی دعا کر رہے ہوں تو اس وقت بلند آواز سے دعا کیجیے تاکہ دوسرے لوگ آمین کہیں۔ عام حالات میں خاموشی کے ساتھ پست آواز میں دعا کیجیے اور اس بات کا پورا پورا اہتمام کیجیے کہ آپ کی گریہ وزاری اور فریاد بندوں کو دکھانے کے لیے ہرگز نہ ہو۔

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ (الاعراف: ۲۰۵)

"اور اپنے رب کو دل ہی دل میں زاری اور خوف کے ساتھ یاد کیا کرو۔ اور زبان سے بھی ہلکی آواز سے صبح و شام یاد کرو۔ اور ان لوگوں میں سے نہ ہو جاؤ۔ جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں"

حضرت زکریا ؑ کی شانِ بندگی کی تعریف کرتے ہوئے قرآن میں کہا گیا ہے۔

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ (مریم ۳)

"جب اس نے اپنے رب کو چپکے چپکے پکارا"

۷۔ دعا کرنے سے پہلے کوئی نیک عمل ضرور کیجیے، مثلاً کچھ صدقہ و خیرات کیجیے کسی بھوکے کو کھانا کھلا دیجیے، یا نفلی نماز اور روزوں کا اہتمام کیجیے اور اگر خدانخواستہ کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائیں تو اپنے ان اعمال کا واسطہ دے کر دعا کیجیے جو آپ نے پورے اخلاص کے ساتھ صرف خدا کے لیے کیے ہوں گے

قرآن میں ہے۔

إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۔ (الفاطر ۱۰)

"اسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھتے ہیں اور نیک عمل انہیں بلند مدارج طے کراتے ہیں"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار تین ایسے اصحاب کا واقعہ سنایا جو ایک اندھیری رات میں ایک غار کے اندر پھنس گئے تھے۔ ان لوگوں نے اپنے مخلصانہ عمل کا واسطہ دے کر خدا سے دعا کی اور خدا نے ان کی مصیبت کو دور فرما دیا۔

واقعہ یہ ہوا کہ تین ساتھیوں نے ایک رات ایک غار میں پناہ لی، خدا کا کرنا پہاڑ سے ایک چٹان پھسل کر غار کے منہ پر آ پڑی اور غار بند ہو گیا۔ دیو قامت چٹان تھی، بھلا ان کے بس میں کہاں تھا کہ اس کو ہٹا کر غار کا منہ کھول دیں۔ مشورہ یہ ہوا کہ اپنی اپنی زندگی کے مخلصانہ عمل کا واسطہ دے کر خدا سے دعا کی جائے کیا عجب کہ خدا سن لے اور اس مصیبت سے نجات مل جائے۔ چنانچہ ایک نے کہا۔

میں جنگل میں بکریاں چرایا کرتا تھا اور اسی پر میرا گزارہ تھا۔ جب میں جنگل سے واپس آتا۔ تو سب سے پہلے اپنے بوڑھے ماں باپ کو دودھ پلاتا اور پھر اپنے بچوں کو۔ ایک دن میں دیر میں آیا۔ بوڑھے ماں باپ سو چکے تھے۔ بچے جاگ رہے تھے اور بھوکے تھے لیکن میں نے یہ گوارا

نہ کیا کہ ماں باپ سے پہلے بچوں کو پلاؤں اور یہ بھی گوارا نہ کیا کہ والدین کو جگا کر تکلیف پہنچاؤں۔ چنانچہ میں رات بھر دودھ کا پیالہ لئے ان کے سرہانے کھڑا رہا۔ بچے میرے پیروں میں چمٹ چمٹ کر روتے رہے لیکن میں صبح تک اسی طرح کھڑا رہا۔

خدایا! میں نے یہ عمل خالص تیری خاطر کیا تو اس کی برکت سے غار کے منہ سے چٹان ہٹا دے۔ اور چٹان اتنی ہٹ گئی کہ آسمان نظر آنے لگا۔

دوسرے نے کہا میں نے کچھ مزدوروں سے کام لیا اور سب کو مزدوری دے دی لیکن ایک شخص اپنی مزدوری چھوڑ کر چلا گیا۔ کچھ عرصے کے بعد جب وہ مزدوری لینے آیا تو میں نے اس سے کہا کہ یہ گائیں، بکریاں اور یہ نوکر چاکر سب تمہارے ہیں لے جاؤ۔ وہ بولا خدا کے لئے مذاق نہ کرو۔ میں نے کہا۔ مذاق نہیں واقعی یہ سب کچھ تمہارا ہے تم جو رقم چھوڑ کر گئے تھے میں نے اس کو کاروبار میں لگایا خدا نے اس میں برکت دی اور یہ جو کچھ تم دیکھ رہے ہو۔ سب اسی سے حاصل ہوا ہے۔ یہ تم اطمینان کے ساتھ لے جاؤ۔ سب کچھ تمہارا ہے۔ اور وہ شخص سب کچھ لے کر چلا گیا۔ خدایا! یہ میں نے محض تیری رضا کے لئے کیا۔ خدایا! تو اس کی برکت سے غار کے منہ سے اس چٹان کو دور فرما دے۔ خدا کے کرم سے چٹان اور ہٹ گئی۔

تیسرے نے کہا۔ میری ایک چچازاد بہن تھی جس سے مجھ کو غیر معمولی محبت ہو گئی تھی، اس نے کچھ رقم مانگی۔ میں نے رقم مہیا کر دی، لیکن جب میں

اپنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اس کے پاس بیٹھا تو اس نے کہا۔ خدا سے ڈرو اور اس کام سے باز رہو۔ میں فوراً اٹھ بیٹھا۔ اور میں نے وہ رقم بھی اس کو بخش دی، اے خدا تو خوب جانتا ہے کہ میں نے یہ سب محض تیری خوشنودی کے لئے کیا خدایا! تو اس کی برکت سے غار کے منہ کو کھول دے خدا نے غار کے منہ سے چٹان ہٹا دی اور تینوں کو خدا نے اس مصیبت سے نجات بخشی۔

۸۔ نیک مقاصد کے لئے دعا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی زندگی کو خدا کی ہدایت کے مطابق سنوارنے اور سدھارنے کی بھی کوشش کیجیے گناہ اور حرام سے پوری طرح پرہیز کیجیے۔ ہر کام میں خدا کی ہدایت کا پاس ولحاظ کیجیے اور پرہیزگاری کی زندگی گزاریئے۔ حرام کھا کر، حرام پی کر، حرام پہن کر اور بے باکی کے ساتھ حرام کے مال سے اپنے جسم کو پال کر دعا کرنے والا یہ آرزو کرے، کہ میری دعا قبول ہو، تو یہ زبردست نادانی اور ڈھٹائی ہے دعا کو قابلِ قبول بنانے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کا قول و عمل بھی دین کی ہدایت کے مطابق ہو۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خدا پاکیزہ ہے اور وہ صرف پاکیزہ مال ہی کو قبول کرتا ہے۔ اور خدا نے مومنوں کو اسی بات کا حکم دیا ہے، جس کا اُس نے رسولوں کو حکم دیا ہے۔ چنانچہ اس نے فرمایا ہے۔

يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا

"اے رسولو! پاکیزہ روزی کھاؤ، اور نیک عمل کرو"

اور مومنوں کو خطاب کرتے ہوئے اس نے کہا۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ

"اے ایمان والو! جو حلال اور پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو بخشی ہیں وہ کھاؤ"

پھر آپؐ نے ایک ایسے شخص کا ذکر کیا جو لمبی مسافت طے کر کے مقدس مقام پر حاضری دیتا ہے، غبار میں اٹا ہوا ہے، گرد آلود ہے، اور اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر کہتا ہے اے میرے رب! اے میرے رب! حالانکہ اس کا کھانا حرام ہے، اس کا پینا حرام ہے، اس کا لباس حرام ہے اور حرام ہی سے اس کے جسم کی نشوونما ہوئی ہے۔ تو ایسے ر باغی اور نافرمان شخص کی دعا بھلا کیوں کر قبول ہو سکتی ہے۔ (صحیح مسلم)

۹۔ برابر دعا کرتے رہیئے۔ خدا کے حضور، اپنی عاجزی، احتیاج اور عبودیت کا اظہار خود ایک عبادت ہے، خدا نے خود دعا کرنے کا حکم دیا ہے اور فرمایا ہے کہ بندہ جب مجھے پکارتا ہے، تو میں اس کی سنتا ہوں، دعا کرنے سے کبھی نہ اکتائیے۔ اور اس چکر میں کبھی نہ پڑیئے کہ دعا سے تقدیر بدلے گی یا نہیں تقدیر کا بدلنا یا نہ بدلنا، دعا کا قبول کرنا یا نہ کرنا خدا کا کام ہے، جو علیم و حکیم ہے بندے کا کام بہر حال یہ ہے کہ وہ ایک فقیر و محتاج کی طرح برابر اس سے دعا کرتا رہے اور لمحہ بھر کے لئے بھی خود کو بے نیاز نہ سمجھے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سب سے بڑا عاجز وہ ہے جو دعا کرنے میں عاجز ہے۔ (طبرانی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ "خدا کے نزدیک دعا سے زیادہ عزت و اکرام والی چیز اور کوئی نہیں ہے۔" (ترمذی)

مومن کی شان ہی یہ ہے کہ وہ رنج و راحت، دکھ اور سکھ، تنگی اور خوشحالی مصیبت و آرام ہر حال میں خدا ہی کو پکارتا ہے، اسی کے حضور اپنی حاجتیں رکھتا ہے اور برابر اس سے خیر کی دعا کرتا رہتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جو شخص خدا سے دعا نہیں کرتا۔ خدا اس پر غضبناک ہوتا ہے۔" (ترمذی)

۱۰۔ دعا کی قبولیت کے معاملے میں خدا پر پورا بھروسہ رکھیئے۔ اور اگر دعا کی قبولیت کے اثرات جلد ظاہر نہ ہو رہے ہوں، تو مایوس ہو کر دعا چھوڑ دینے کی غلطی کبھی نہ کیجیے۔ قبولیتِ دعا کی فکر میں پریشان ہونے کے بجائے صرف دعا مانگنے کی فکر کیجیے۔

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں۔

"مجھے دعا قبول ہونے کی فکر نہیں ہے مجھے صرف دعا مانگنے کی فکر ہے جب مجھے دعا مانگنے کی توفیق ہو گئی تو قبولیت بھی اس کے ساتھ حاصل ہو جائے گی"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"جب کوئی مسلمان خدا سے کچھ مانگنے کے لئے خدا کی طرف منہ اٹھاتا ہے تو خدا اس کا سوال ضرور پورا کر دیتا ہے، یا تو اس کی مراد پوری ہو جاتی ہے،

یا خدا اس کے لئے اس کی مانگی ہوئی چیز کو آخرت کے لئے جمع فرما دیتا ہے، قیامت کے دن خدا ایک بندۂ مومن کو اپنے حضور طلب فرمائے گا اور اس کو اپنے سامنے کھڑا کر کے پوچھے گا۔ اے میرے بندے! میں نے تجھے دعا کرنے کا حکم دیا تھا اور یہ وعدہ کیا تھا کہ میں تیری دعا کو قبول کروں گا۔ تو کیا تو نے دعا مانگی تھی؟ وہ کہے گا "پروردگار! مانگی تھی" پھر خدا فرمائے گا "تو نے مجھ سے جو دعا بھی مانگی تھی میں نے وہ قبول کی، کیا تو نے فلاں دن یہ دعا نہ کی تھی کہ میں تیرا وہ رنج و غم دور کر دوں جس میں تو مبتلا تھا۔ اور میں نے تجھے اس رنج و غم سے نجات بخشی تھی؟" بندہ کہے گا "بالکل سچ ہے پروردگار!" پھر خدا فرمائے گا "وہ دعا تو میں نے قبول کر کے دنیا ہی میں تیری آرزو پوری کر دی تھی اور فلاں روز پھر تو نے دوسرے غم میں مبتلا ہونے پر دعا کی کہ خدایا! اس مصیبت سے نجات دے مگر تو نے اس رنج و غم سے نجات نہ پائی اور برابر اس میں مبتلا رہا تھا،" وہ کہے گا "بیشک پروردگار" !تو خدا فرمائے گا "میں نے اس دعا کے عوض جنت میں تیرے لئے طرح طرح کی نعمتیں جمع کر رکھی ہیں" —— اور اسی طرح دوسری حاجتوں کے بارے میں بھی دریافت کر کے یہی فرمائے گا۔

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

بندۂ مومن کی کوئی دعا ایسی نہ ہو گی جس کے بارے میں خدا یہ بیان نہ فرما دے کہ یہ میں نے دنیا میں قبول کی اور یہ تمہاری آخرت کے لئے ذخیرہ کر کے رکھی۔ اس وقت بندۂ مومن سوچے گا کاش میری کوئی دعا بھی دنیا میں قبول

نہ ہوتی۔ اس لئے بندے کو ہر حال میں دعا مانگتے رہنا چاہیئے" (حاکم)

۱۱۔ دعا مانگتے وقت ظاہری، آداب، طہارت، پاکیزگی کا بھی پورا پورا خیال رکھیئے۔ اور قلب کو بھی ناپاک جذبات گندے خیالات اور بیہودہ معتقدات سے پاک رکھیئے۔

قرآن میں ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَہِّرِیْنَ۔

"بے شک خدا کے محبوب وہ بندے ہیں جو بہت زیادہ توبہ کرتے ہیں اور وہ بندے ہیں جو نہایت پاک و صاف رہتے ہیں۔

اور سورۂ مدثر میں ہے۔

وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ وَثِیَابَکَ فَطَہِّرْ۔

"اور اپنے رب کی کبریائی بیان کیجیے اور اپنے نفس کو پاک رکھیئے۔

۱۲۔ دوسروں کے لئے بھی دعا کیجیے لیکن ہمیشہ اپنی ذات سے شروع کیجیے۔ پہلے اپنے لئے مانگیئے پھر دوسروں کے لئے۔ قرآن پاک میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کی دو دعائیں نقل کی گئی ہیں جن سے یہی سبق ملتا ہے۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ۔ (ابراہیم ۴۰، ۴۱)

"اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا، اور میری اولاد سے

بھی (ایسے لوگ اٹھا جو یہ کام کریں) پروردگار! میری دعا قبول فرما۔
پروردگار! میری مغفرت فرما۔ اور میرے والدین اور سارے مسلمانوں
کو اس دن معاف فرما دے جب کہ حساب قائم ہوگا۔

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا
وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط (نوح ۲۸)

"میرے رب! میری مغفرت فرما، اور میرے ماں باپ کی مغفرت
فرما۔ اور ان مومنوں کی مغفرت فرما جو ایمان لاکر میرے گھر میں داخل ہوئے
اور سارے ہی مومن مردوں اور عورتوں کی مغفرت فرما۔

حضرت اُبی ابن کعبؓ فرماتے ہیں "نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص
کا ذکر فرماتے تو اُس کے لئے دعا کرتے اور دعا اپنی ذات سے شروع کرتے۔
(ترمذی)

۱۳۔ اگر آپ امامت کر رہے ہوں تو ہمیشہ جامع دعائیں مانگیئے اور جمع کے
صیغے استعمال کیجئے۔ قرآن پاک میں جو دعائیں نقل کی گئی ہیں، ان میں بالعموم
جمع ہی کے صیغے استعمال کئے گئے ہیں۔ امام دراصل سب مقتدیوں کا نمائندہ
ہے، جب وہ جمع کے صیغوں میں دعا مانگے تو مقتدیوں کو چاہیئے کہ وہ آمین
کہتے جائیں۔

۱۴۔ دعا میں تنگ نظری اور خود غرضی سے بھی بچیئے اور خدا کی عام رحمت
کو محدود سمجھنے کی غلطی کرکے اس کے فیض و بخشش کو اپنے لیئے خاص کرنے کی دُعا
نہ کیجئے۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ مسجد نبوی میں ایک بدو آیا، اس نے نماز پڑھی، پھر دعا مانگی۔ اور کہا اے خدا مجھ پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحم فرما۔ اور ہمارے ساتھ کسی اور پر رحم نہ فرما۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا۔

"تو نے خدا کی وسیع رحمت کو تنگ کر دیا۔ (بخاری)

۱۵۔ دعا میں بتکلف قافیہ بندی سے بھی پرہیز کیجیے اور سادہ انداز میں گڑگڑا کر دعا مانگیے۔ گانے اور سُر ملانے سے اجتناب کیجیے۔ البتہ اگر بغیر کسی تکلف کے کبھی زبان سے موزوں الفاظ نکل جائیں یا قافیے کی رعایت ہو جائے تو کوئی مضائقہ بھی نہیں ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی بعض دعائیں ایسی منقول ہیں جن میں بے ساختہ قافیہ بندی اور وزن کی رعایت ہو گئی ہے۔ مثلاً آپؐ کی ایک نہایت ہی جامع دعا حضرت زید بن ارقم سے روایت ہے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَعِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَدَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا۔

(ترمذی)

"خدایا! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو، اس نفس سے جس میں صبر نہ ہو، اس علم سے جو نفع بخش نہ ہو اور اُس دعا سے جو قبول نہ ہو"

۱۶۔ خدا کی بارگاہ میں اپنی ضرورت اور حاجت رکھنے سے پہلے اس کی حمد و ثنا کیجیے۔ پھر دو رکعت نفل بھی پڑھ لیجیے اور دعا کے اوّل آخر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا بھی اہتمام کیجیے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

جب کسی شخص کو خدا یا کسی انسان سے ضرورت و حاجت پوری کرنے کا معاملہ درپیش ہو تو اس کو چاہیئے کہ پہلے وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے پھر خدا کی حمد و ثنا کرے، اور نبیؐ پر درود و سلام بھیجے اس کے بعد خدا کی بارگاہ میں اپنی ضرورت بیان کرے) (ترمذی)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت ہے کہ بندے کی جو دعا خدا کی حمد و ثنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام کے ساتھ پہنچتی ہے، وہ شرفِ قبول پاتی ہے حضرت فضالہؓ فرماتے ہیں "کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف رکھتے تھے کہ ایک شخص آیا، اس نے نماز پڑھی اور نماز کے بعد کہا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ۔ خدایا میری مغفرت فرما۔

آپؐ نے یہ سن کر اُن سے کہا تم نے دعا مانگنے میں جلد بازی سے کام لیا۔ جب نماز پڑھ کر بیٹھو تو پہلے خدا کی حمد و ثنا کرو۔ پھر درود شریف پڑھو، پھر دعا مانگو۔ آپؐ یہ فرما ہی رہے تھے۔ کہ دوسرا آدمی آیا۔ اور اس نے نماز پڑھ کر خدا کی حمد بیان کی۔ درود شریف پڑھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "اب دعا مانگو، دعا قبول ہوگی" (ترمذی)

۱۷۔ خدا سے ہر وقت اور ہر آن دعا مانگتے رہیے۔ اس لیے کہ وہ اپنے

بندوں کی فریاد سننے سے کبھی نہیں اُکتاتا۔ البتہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ خاص اوقات اور حالات ایسے ہیں جن میں خصوصیت کے ساتھ دعائیں جلد قبول ہوتی ہیں لہٰذا ان مخصوص اوقات اور حالات میں دعاؤں کا خصوصی اہتمام فرمائیے۔

(۱) رات کے پچھلے حصّے کے سناٹے میں جب عام طور پر لوگ میٹھی نیند کے مزے میں مست پڑے ہوتے ہیں ——— جو بندہ اُٹھ کر اپنے رب سے راز و نیاز کی گفتگو کرتا ہے، اور مسکین بن کر اپنی حاجتیں اس کے حضور رکھتا ہے تو وہ خصوصی کرم فرماتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"خدا ہر رات کو آسمانِ دنیا پر نزولِ اِجلال فرماتا ہے یہاں تک کہ جب رات کا پچھلا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو فرماتا ہے کون مجھے پکارتا ہے کہ میں اس کی دعا قبول کروں، کون مجھ سے مانگتا ہے کہ میں اُس کو عطا کروں، کون مجھ سے مغفرت چاہتا ہے کہ میں اُسے معاف کروں" (ترمذی)

(۲) شب قدر میں زیادہ سے زیادہ دعا کیجیے کہ یہ رات خدا کے نزدیک ایک ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے اور یہ دعا خاص طور پر پڑھیے۔ (ترمذی)

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔

"خدایا تو بہت زیادہ معاف فرمانے والا ہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، پس تو مجھے معاف فرما دے"

(۳) میدانِ عرفات میں جب ۹ ذوالحجہ کو خدا کے مہمان جمع ہوتے ہیں۔ (ترمذی)

(۴) جمعہ کی مخصوص ساعت میں جو جمعہ کا خطبہ شروع ہونے سے نماز کے ختم ہونے تک ہے یا نماز عصر کے بعد سے نماز مغرب تک ہے۔

(۵) اذان کے وقت اور میدانِ جہاد میں جب مجاہدوں کی صف بندی کی جارہی ہو،

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"دو چیزیں خدا کے دربار سے رد نہیں کی جاتیں، ایک اذان کے وقت کی دعا۔ دوسری جہاد (میں صف بندی) کے وقت کی دعا" (ابوداؤد)

(۶) اذان اور تکبیر کے درمیان وقفے میں،

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

اذان اور اقامت کے درمیانی وقفے کی دعا رد نہیں کی جاتی" صحابہ کرام نے دریافت کیا۔ یارسول اللہ اس وقفے میں کیا دعا مانگا کریں۔ فرمایا یہ دعا مانگا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

"خدایا! میں تجھ سے عفو و کرم اور عافیت و سلامتی مانگتا ہوں، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی"

(۷) رمضان کے مبارک ایام میں بالخصوص افطار کے وقت۔ (بزار)

(۸) فرض نمازوں کے بعد (ترمذی) چاہے آپ تنہا دعا کریں یا امام کے ساتھ۔

(۹) سجدے کی حالت میں،

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے،

"سجدے کی حالت میں بندہ اپنے رب سے بہت ہی قربت حاصل کر لیتا ہے پس تم اس حالت میں خوب دعا مانگا کرو۔"

(۱۰) جب آپ کسی شدید مصیبت یا انتہائی رنج و غم میں مبتلا ہوں، (حاکم)

(۱۱) جب ذکر و فکر کی کوئی دینی مجلس منعقد ہو، (بخاری، مسلم)

(۱۲) جب قرآن پاک کا ختم ہو۔ (طبرانی)

۱۸۔ ان مقامات پر بھی دعا کا خصوصی اہتمام کیجئے۔ حضرت حسن بصریؒ جب مکّے سے بصرہ جانے لگے تو آپ نے مکہ والوں کے نام ایک خط لکھا جس میں مکّہ کے قیام کی اہمیت اور فضائل بیان کئے اور یہ بھی واضح کیا کہ مکّے میں ان پندرہ مقامات پر خصوصیت کے ساتھ دعا قبول ہوتی ہے۔

(۱) ملتزم کے پاس۔ (۲) میزاب کے نیچے۔

(۳) کعبہ کے اندر۔ (۴) چاہ زمزم کے پاس۔

(۵) صفا و مروہ پر۔ (۶) صفا و مروہ کے پاس جہاں سعی کی جاتی ہے۔

(۷) مقام ابراہیمؑ کے پیچھے۔ (۸) عرفات میں۔

(۹) مزدلفہ میں۔ (۱۰) منیٰ میں،

(۱۱) تینوں جمرات کے پاس (حصن حصین)

۱۹۔ برابر کوشش کرتے رہئیے کہ آپ کو خدا سے دعا مانگنے کیلئے دعا کے وہی الفاظ یاد ہو جائیں جو قرآن پاک اور احادیث رسولؐ میں آئے ہیں۔ خدا نے اپنے پیغمبروں اور نیک بندوں کو دعا مانگنے کے جو انداز اور

الفاظ بتائے ہیں۔ ظاہر ہے ان سے اچھے الفاظ اور انداز کوئی کہاں سے لائے گا۔ پھر خدا کے بتلائے ہوئے اور رسولوں کے اختیار کیے ہوئے الفاظ میں جو اثر، مٹھاس، جامعیت، برکت اور قبولیت کی شان ہو سکتی ہے وہ کسی دوسرے کلام میں کیسے ممکن ہے! اسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شب روز جو دعائیں مانگی ہیں ان میں بھی سوز، مٹھاس، جامعیت اور عبودیت کاملہ کی ایسی شان پائی جاتی ہے کہ ان سے بہتر دعاؤں، التجاؤں اور آرزوؤں کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔

قرآن و حدیث کی بتائی ہوئی دعاؤں کا ورد رکھنے اور ان کے الفاظ اور مفہوم پر غور کرنے سے ذہن و فکر کی یہ تربیت بھی ہوتی ہے کہ مومن کی تمنائیں اور التجائیں کیا ہونی چاہئیں۔ کن کاموں میں اس کو اپنی قوتوں کو کھپانا چاہیے۔ اور کن چیزوں کو اس کا منتہائے مقصود ہونا چاہیے۔

بلاشبہ دعا کے لئے کسی زبان، انداز یا الفاظ کی کوئی قید نہیں ہے بندہ اپنے خدا سے جس زبان اور جن الفاظ میں جو چاہے مانگے۔ مگر یہ خدا کا مزید فضل و کرم ہے کہ اس نے یہ بھی بتایا کہ مجھ سے یہ مانگو اور اس طرح مانگو اور دعاؤں کے الفاظ تلقین کر کے بتا دیا کہ مومن کو دین و دنیا کی فلاح کے لئے کیا نقطۂ نظر رکھنا چاہیے۔ اور کن تمناؤں اور آرزوؤں سے دل کی دنیا کو آراستہ رکھنا چاہیے اور پھر دین و دنیا کی کوئی حاجت اور خیر کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس کے لئے دعا نہ سکھائی گئی ہو۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ آپ خدا سے، قرآن و سنت کے بتلائے ہوئے الفاظ ہی میں دعا مانگیں اور

انہیں دعاؤں کا ورد رکھیں جو قرآن میں نقل کی گئی ہیں یا مختلف اوقات میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں۔

البتہ جب تک آپ کو قرآن و سنت کی یہ دعائیں یاد نہیں ہو جاتیں اس وقت تک کے لئے آپ کم از کم یہی اہتمام کیجیے کہ اپنی دعاؤں میں کتاب و سنت کی بتائی ہوئی دعاؤں کے مفہوم ہی کو پیش نظر رکھیں۔

آگے، قرآن پاک اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی چند جامع دعائیں نقل کی جاتی ہیں، ان مبارک دعاؤں کو دھیرے دھیرے یاد کیجیے اور پھر انہیں کا ورد رکھیے۔

قرآن کی جامع دُعائیں

رحمت و مغفرت کی دُعا

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ۔ (الاعراف: ۲۳)

"اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر بڑا ظلم کیا — اگر تو ہماری مغفرت نہ فرمائے اور ہم پر رحم نہ کھائے۔ تو ہم یقیناً تباہ ہو جائیں گے۔"

بلاشبہ اگر خدا انسان کے گناہوں کو معاف نہ کرے اور اپنی بے پایاں رحمت سے نہ نوازے تو وہ تباہ ہو جائے گا۔

فلاحِ دارین کی جامع دُعا

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (البقرہ: ۲۰۱)

"اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا۔"

صبر و ثبات کی دُعا

رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ۔ (البقرہ ۲۵۰)

"پروردگار! ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدموں کو مضبوط جما دے اور کافروں پر فتحیاب کرنے کے لئے ہماری مدد فرما۔

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کی دُعا

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ ٥ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ٥ (المؤمنون ۹۷، ۹۸)

"پروردگار! میں شیطان کی اکساہٹوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں بلکہ اے میرے پروردگار! میں اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے قریب پھٹکیں۔

عذابِ جہنم سے بچنے کی دُعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا اِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا۔ (الفرقان: ۶۵، ۶۶)

"اے ہمارے پروردگار! عذابِ جہنم ہم سے پھیر دے۔ بلاشبہ اس کا عذاب تو جان کا لاگو ہے۔ وہ تو بہت ہی بُرا ٹھکانا اور بہت ہی برا مقام ہے۔

اصلاحِ قلب کی دُعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ (آل عمران ۸)

"پروردگار! جب تو نے ہمیں سیدھی راہ پر لگا دیا ہے تو پھر کہیں

ہمارے قلوب کو کجی میں مبتلا نہ کرنا۔ ہمیں اپنے خزانۂ فیض سے رحمت عطا فرما کر تو ہی حقیقی فیاض ہے۔"

صفائی قلب کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ (الحشر ۱۰)

"پروردگار! ہمارے گناہ معاف فرما دے اور ہمارے ان بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لے آئے ہیں اور ہمارے قلوب میں مومنوں کے خلاف کپٹ نہ پیدا ہونے دے بیشک تو بڑا ہی شفقت کرنے والا مہربان ہے۔"

حالات کے سدھار کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ (الکہف ۱۰)

"پروردگار ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما۔ اور ہمارے معاملہ میں سدھار کے سامان مہیا فرما۔"

استغفار

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔ (المومنون ۱۰۹)۔

"پروردگار! ہم ایمان لائے۔ پس تو ہماری مغفرت فرما دے۔ ہم

پر رحم کردے تو بڑا ہی رحم فرمانے والا ہے۔"

اہل وعیال کی طرف سے سکون کی دعا

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔ (الفرقان ۷۴)

"پروردگار! ہمیں ہمارے جوڑوں کی طرف سے اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک دے اور ہم کو پرہیزگاروں ہی کے لئے مثال بنا۔"

یعنی ہم کو ایسی نیک اور پاکیزہ زندگی عطا فرما کہ پرہیزگار لوگ ہمیں اپنے لئے نمونہ اور مثال سمجھیں۔

والدین کے لئے دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔ (ابراہیم ۴۱)

"پروردگار! میری اور میرے والدین کی اور تمام مومنوں کی اس دن مغفرت فرما جس دن کہ حساب قائم ہوگا۔"

آزمائش سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وقفۃ وَاغْفِرْ لَنَا وقفۃ وَارْحَمْنَا وقفۃ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى

اَلْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ۔ (البقرہ: ۲۸۶)

" اے ہمارے پروردگار! ہم سے بھول چوک میں جو قصور ہو جائیں ان پر گرفت نہ کر مالک! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال، جو تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالے تھے۔ پروردگار! جس بار کو اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں ہے وہ ہم پر نہ رکھ ہمارے ساتھ نرمی کر، ہم سے درگزر فرما ہم پر رحم کر تو ہمارا مولا ہے کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔"

اہلِ کفر سے نجات کی دُعا

عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ (یونس: ۸۵، ۸۶)

" ہم نے خدا ہی پر بھروسہ کیا، اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لئے فتنہ نہ بنا۔ اور اپنی رحمت سے ہم کو کافروں سے نجات دے۔"

خاتمہ بالخیر کی دُعا

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ۔ (یوسف: ۱۰۱)

" اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی میرا ولی اور کارساز ہے دنیا اور آخرت میں۔ میرا خاتمہ اسلام پر فرما اور انجام کار مجھے اپنے صالح بندوں میں شامل فرما۔"

رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ

(آل عمران ۳: ۱۹۳، ۱۹۴)

"پروردگار! ہم نے ایک پکارنے والے کو سنا جو ایمان کی طرف بلاتا تھا اور کہتا تھا کہ اپنے رب کو مانو، ہم نے اس کی دعوت قبول کر لی پس اے ہمارے آقا، جو قصور ہم سے ہوئے ہیں ان سے درگزر فرما۔ اور جو برائیاں ہم میں ہیں انہیں دور فرما۔ اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کر۔ اے ہمارے پروردگار! اپنے رسولوں کے ذریعے تو نے جو وعدے کئے ہیں تو انہیں ہمارے حق میں پورے فرما۔ اور قیامت کے روز ہمیں رسوا نہ کر۔ بے شک تو اپنے وعدے کے خلاف کرنے والا نہیں ہے۔

نبیؐ کی جامع دُعائیں

نبی صلی اللہ علیہ وسلم شب و روز، سفر و حضر میں جو دعائیں مانگا کرتے تھے، محدثینؒ نے انتہائی محنت اور جانفشانی سے یہ سب حدیث کی کتابوں میں جمع فرما دی ہیں۔ قرآن پاک کی دعاؤں کے ساتھ آپ نبیؐ کی ان دعاؤں کے پڑھنے کا بھی اہتمام کیجیے۔ یہ دعائیں نہایت جامع، پُر اثر اور بابرکت بھی ہیں اور ان سے یہ ہدایت بھی ملتی ہیں کہ ایک مومن کے سوچنے کا صحیح انداز، اس کی آرزوؤں کا حقیقی مرکز اور اس کی تمنائیں کیا ہونی چاہئیں حقیقت یہ ہے کہ آدمی کی صحیح تصویر اُس کی آرزوؤں ہی میں دیکھی جا سکتی ہے، بالخصوص ان اوقات میں جب آدمی کو یہ بھی اطمینان ہو کہ وہ بندوں کی نظر سے اوجھل ہے اور اس کی سرگوشی کو سننے والا صرف اس کا پروردگار ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم شب کی تاریکی میں، تنہائی میں، لوگوں سے الگ اور لوگوں کی موجودگی میں جو دعائیں مانگا کرتے تھے۔ ان کے لفظ لفظ سے، اخلاص، سوز، شوق اور نور ٹپکتا ہے اور محسوس ہوتا ہے کہ کوئی عظیم بندہ ہے جسے اپنے بندہ ہونے کا کامل احساس ہے، اور وہ سراپا احتیاج بن کر ہر وقت اپنے رب سے مانگتا رہتا ہے، اور اس کا شوق وانہماک برابر بڑھتا ہی جاتا ہے۔ وہ جو کچھ مانگتا ہے اس کی روح یہ ہے کہ خدایا! مجھے اپنا

قرب عطا فرما۔ اپنے غضب سے محفوظ رکھ اپنی خوشنودی سے نواز اور آخرت کی سرخروئی اور کامرانی نصیب فرما۔

صبح وشام کی دُعائیں

حضرت عثمان ابن عفانؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "خدا کا جو بندہ بھی ہر صبح اور شام کو یہ دعا پڑھ لیا کرے اس کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی"

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ (مسند احمد)

"خدا کے نام سے (ہر کام کا) آغاز ہے جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

حضرت عبد اللہ ابن عمرؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پابندی سے صبح وشام اس دُعا کو پڑھا کرتے تھے اور کبھی ترک نہ فرماتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِیْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ، وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ۔

(ترمذی)۔

"خدایا! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا طالب ہوں خدایا! میں تجھ سے عفو و درگزر اور سلامتی اور عافیت چاہتا ہوں دین و دنیا کے معاملات میں اپنے اہل وعیال اور اپنے مال و دولت میں۔ خدایا! تو میری ستر پوشی فرما۔ اور میری بے چینیوں کو امن و چین سے بدل دے۔ خدایا! آگے پیچھے، دائیں بائیں اور اوپر سے میری حفاظت فرما اور میں تیرے عظمت کی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں ناگہاں اپنے نیچے کی طرف سے ہلاک کیا جاؤں (یعنی خدا مجھے زمین میں دھنسنے کے عذاب سے بچائے رکھے)۔

کاہلی اور بزدلی سے بچنے کی دُعا

حضرت انس ابن مالکؓ کا بیان ہے کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت گزاری میں رہتا تھا۔ اور میں کثرت سے آپ کو یہ دعا پڑھتے سنا کرتا تھا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَ الْکَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ

(بخاری، مسلم)

"خدایا! میں تیری پناہ مانگتا ہوں، رنج و غم سے، بے بسی اور کاہلی سے، بخل اور بزدلی سے، قرض کے بار سے، اور لوگوں کے دباؤ سے"

تقویٰ اور پاکدامنی کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی

"خدایا! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی اور استغنا، کا

سوال کرتا ہوں۔

یہ دعا انتہائی جامع ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چار لفظوں میں درحقیقت وہ سب ہی کچھ مانگ لیا ہے جس کی بندۂ مومن کو ضرورت ہے۔

دنیا اور آخرت کی رسوائی سے بچنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔ (طبرانی)

"خدایا! سارے کاموں میں ہمارا انجام بخیر فرما اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ۔"

نماز کے بعد کی دُعا

حضرت معاذؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا۔

اے معاذ! مجھے تم سے محبت ہے۔ پھر (فرمایا) اے معاذ! میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تم کسی نماز کے بعد ان کلمات کو ترک نہ کرنا۔ ہر نماز کے بعد یہ کلمات ضرور پڑھا کرنا۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔

"خدایا! تو ہماری مدد فرما۔ اپنی یاد اور اپنے شکر کے لئے اور اپنی اچھی بندگی کے لئے۔"

نبیؐ کی وصیت

حضرت شدّاد ابن اوسؓ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی۔

"شدّاد! جب تم دیکھو کہ دنیا والے سونا اور چاندی جمع کرنے میں لگ گئے ہیں، تو تم ان کلمات کا ذخیرہ کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَةَ عَلَی الرُّشْدِ، وَاَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِیْمًا۔ وَلِسَانًا صَادِقًا وَاَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔ (مسند احمد)

"خدایا! میں ثابت قدمی اور راست بازی میں استقلال کا سوال کرتا ہوں، اور تیری نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور تیری بہترین بندگی بجا لانے کی توفیق مانگتا ہوں، اور خدایا! میں تجھ سے قلب سلیم اور زبانِ صادق کا خواستگار ہوں اور ہر وہ بھلائی تجھ سے مانگتا ہوں جس کا تجھے علم ہے اور ہر اس برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تیرے علم میں ہے۔ اور اپنے سارے گناہوں کی معافی چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہیں بے شک تو غیب کی باتوں سے پوری طرح واقف ہے۔

مغفرت ورضائے الٰہی کی دُعا

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سلمان فارسیؓ کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا۔

"میں تمہیں چند کلمے دینا چاہتا ہوں، ان کے ذریعے رحمان سے سوال کرو۔ رحمان کی طرف لپکو، اور شب وروز ان ہی الفاظ میں خدا سے دعا مانگو۔"

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجَاحًا یَتْبَعُهُ فَلَاحٌ وَرَحْمَةً مِنْكَ وَعَافِیَةً وَمَغْفِرَةً مِنْكَ وَرِضْوَانًا۔

(طبرانی، حاکم)

"خدایا! میں تجھ سے اپنے ایمان میں صحت وقوت کا طالب ہوں حُسنِ اخلاق میں ایمان کی تاثیر کا خواہاں ہوں، اور ایسی کامیابی چاہتا ہوں جس کے تحت آخرت کی فلاح حاصل ہو، اور تجھ سے رحمت، سلامتی، گناہوں کی معافی، اور تیری رضا کا طالب ہوں۔"

گناہوں سے پاک ہونے کی دُعا

حضرت اُمّ سلمہؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ نَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَایَا كَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ

الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰهُمَّ بَعِّدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطِيئَتِي كَمَا بَعَّدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ (معجم کبیر)

"خدایا! تو میرے دل کو خطاؤں کے میل سے ایسا پاک و صاف کر دے جیسے تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف ستھرا کر دیتا ہے۔ خدایا! تو مجھے گناہوں سے اتنا دور کر دے جتنا تو نے مشرق اور مغرب میں دوری کر رکھی ہے۔

مخلوق کی نظر میں عزت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي صَبُورًا وَاجْعَلْنِي شَكُورًا وَاجْعَلْنِي فِي عَيْنِي صَغِيرًا وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيرًا۔

"خدایا! تو مجھے انتہائی صابر بنا دے اور بہت زیادہ شکر گزار بنا دے اور مجھے میری اپنی نگاہوں میں حقیر اور لوگوں کی نگاہوں میں بڑا بنا دے۔

جامع دعا

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔ میں نماز میں مشغول تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کچھ ضرورت تھی اور مجھے دیر لگ گئی تو آپؐ نے فرمایا عائشہ مختصر اور جامع دعائیں مانگا کرو۔ پھر میں جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی تو میں نے پوچھا، یا رسول اللہ! مختصر اور جامع دعا کیا ہے تو آپؐ نے فرمایا یہ پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَاَسْئَلُكَ مِمَّا سَاَلَكَ بِهٖ مُحَمَّدٌ وَاَعُوْذُ بِكَ مِمَّا تَعَوَّذَ مِنْهُ مُحَمَّدٌ وَمَا قَضَیْتَ لِیْ مِنْ قَضَاءٍ فَاجْعَلْ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا۔ (حاکم)

"خدایا! میں تجھ سے ساری کی ساری بھلائی کا سوال کرتا ہوں، جلد ہونے والی کا بھی اور بدیر ہونے والی کا بھی، معلوم کا بھی اور غیر معلوم کا بھی۔ اور میں ساری کی ساری برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، فوری ہونے والی برائی سے بھی اور بدیر ہونے والی برائی سے۔ معلوم سے بھی اور نا معلوم سے بھی اور میں تجھ سے جنّت کا طالب ہوں، اور ایسے قول و عمل کا جو جنت کے قریب کر دینے والا ہو، اور میں جہنّم سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس قول و فعل سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں جو جہنم سے قریب کر دینے والا ہو، اور میں تجھ سے وہ بھلائیاں چاہتا ہوں جن کا سوال تجھ سے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) نے کیا ہے، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اُن ساری چیزوں سے جن سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے پناہ

مانگی ہے۔ اور یہ چاہتا ہوں کہ تو میرے حق میں جو فیصلہ بھی فرمائے اس کا انجام بخیر فرما۔"

اسلام پر قائم رہنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَّحَاسِدًا۔

"خدایا! مجھے اٹھتے، بیٹھتے، سوتے ریا جاگتے ہر حالت میں) اسلام پر قائم رکھ، اور کسی دشمن اور حسد کرنے والے کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دے۔"

توسلم کی دعا

حضرت ابو مالک اشجعیؓ کہتے ہیں کہ میرے والد کا بیان ہے کہ جب کوئی شخص دینِ اسلام میں داخل ہوتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکو نماز سکھاتے پھر اس کو بتاتے کہ اس طرح دعا مانگو۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ، وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ، وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

"خدایا! تو میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم کر مجھے سیدھے راستے پر چلا، مجھے عافیت بخش اور مجھے روزی عطا فرما۔

نفاق اور بد اخلاقی سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشِّقَاقِ
وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ۔

"خدایا! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بُرے اخلاق، بُرے
اعمال اور خواہشاتِ نفس سے۔ خدایا! میں تیری پناہ چاہتا ہوں،
جھگڑے، نفاق اور بد اخلاقی سے۔"

درود و سلام

اپنے عظیم محسن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجئے۔ یہ حقیقت ہے کہ آپ کے بے پایاں احسانات اور بے نہایت رحمت و شفقت کا ہم کوئی بدلہ نہیں دے سکتے۔ اگر کچھ کر سکتے ہیں تو صرف یہ کہ عقیدت و محبت اور فدا کاری و جاں نثاری کے گہرے جذبات کے ساتھ آپ کے حضور میں درود و سلام کے تحفے پیش کریں۔ اور خدا سے دعا کریں کہ پروردگار تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری خاطر شب و روز جو لرزہ خیز تکلیفیں اٹھا کر ہم تک دین کی روشنی پہنچائی اور ہماری ہدایت کے لئے گھل گھل کر جس طرح اپنی جان ہلکان کی پروردگار! ہم اس بے مثال احسان کا کوئی بدلہ نہیں دے سکتے۔ تجھ سے ہی ہماری درخواست ہے کہ پروردگار! تو ان پر اپنی بے حد و حساب رحمتیں انڈیل دے۔ ان کے درجات کو بلند فرما دے۔ ان کے دین کو باطل کی یلغار سے سلامت رکھ اور فروغ عطا فرما اور آخرت میں انہیں تمام مقربین سے بڑھ کر اپنا تقرب عطا فرما۔ قرآن پاک میں مسلمانوں کو یہی ہدایت دی گئی ہے۔

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا۔ (الاحزاب: ۵۶)

"خدا، اور اس کے فرشتے نبیؐ پر برابر درود بھیجتے ہیں۔ مسلمانو! تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو۔"

حضرت اُبَیّ ابن کعبؓ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
اُبَیّ! اگر تم اپنے سارے اوقات درود و سلام میں لگا دو گے تو خدا دنیا اور آخرت میں تمہاری کفالت اپنے ذمہ لے لے گا۔" (مسند احمد)

حضرت انس ابنِ مالکؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے، خدا اس پر دس بار رحمت نازل فرماتا ہے۔ اس کے لئے دس نیکیاں لکھتا ہے، دس گناہ مٹا دیتا ہے اور دس درجے بلند فرماتا ہے۔" (نسائی)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ
"جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے، فرشتے اس پر درود بھیجتے رہتے ہیں، جب تک وہ مجھ پر درود بھیجتا رہتا ہے۔" (احمد و ابن ماجہ) اور آپ نے اس شخص کو بخیل قرار دیا ہے جو آپ کا ذکر سُنے اور آپؐ پر درود نہ بھیجے۔

آپؐ کا ارشاد ہے۔
"وہ شخص بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ (ترمذی)

اور آپؐ نے اس شخص کو آخرت میں اپنی معیت اور صحبت کا سب سے زیادہ مستحق قرار دیا ہے جو سب سے زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود

وسلام بھیجے۔

آپؐ کا ارشاد ہے۔

"قیامت کے روز میری معیت اور صحبت کا سب سے زیادہ مستحق وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجے گا۔" (ترمذی)

صحابۂ کرام رضؓ کو آپؐ نے مختلف مواقع پر درود وسلام کے جو الفاظ سکھائے ہیں۔ ان میں الفاظ کا تھوڑا تھوڑا اختلاف ہے آپ ان میں سے جو درود چاہیں پڑھ سکتے ہیں۔ عام طور پر جو درود شریف نماز میں پڑھتے ہیں اور جس کو حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے افضل قرار دیا ہے وہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

(صحاح ستہ، مسند احمد)

"خدایا! تو رحمت فرما، محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر جس طرح تو نے رحمت فرمائی ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کی آل پر، بلاشبہ تو بڑا ہی پاکیزہ صفات والا اور عظمت والا ہے۔ خدایا! تو برکت عطا فرما محمدؐ کو اور محمدؐ کی آل کو جس طرح تو نے برکت عطا فرمائی ابراہیمؑ کو اور ابراہیمؑ کی آل کو بلاشبہ تو بڑا ہی پاکیزہ صفات والا اور عظمت والا ہے۔

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے لوگوں سے فرمایا کہ جب تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو تو بطریق احسن بھیجو، تمہیں کیا معلوم کہ یہ درود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہو، لوگوں نے آپ سے درخواست کی پھر آپ ہمیں درود سکھایئے تو آپ نے فرمایا کہ یوں درود پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ، اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ٥ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ (ابن ماجہ)

"خدایا! تو اپنی برکت، رحمت اور فیوض نازل فرما۔ رسولوں کے سردار، متقیوں کے پیشوا اور خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تیرے بندے، تیرے رسول۔ بھلائی کی مثال، خیر کے رہنما اور رسولِ رحمت ہیں، خدایا! تو ان کو اس مقامِ عظمت پر سرفراز فرما۔ کہ جو پیش رووں کے لئے قابلِ رشک ہو۔

خدایا! تو رحمت بھیج محمدؐ اور محمدؐ کی آل پر جس طرح تو نے رحمت فرمائی

ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کی آل پر، بے شک تو پاکیزہ صفات والا با عظمت ہے۔ خدایا! تو برکت نازل فرما، محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور محمدؐ کی آل پر بے شک تو پاکیزہ صفات والا باعظمت ہے۔ (ابن ماجہ)

حضرت ابو مسعود انصاریؓ کہتے ہیں کہ ایک بار بشیر ابن سعدؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ ہم آپ پر کس طرح درود و سلام بھیجیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر خاموش رہے پھر فرمایا یوں کہا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ (مسلم)

"اے اللہ! رحمت فرما محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر جس طرح تو نے رحمت فرمائی ابراہیمؑ کی آل پر اور برکت نازل فرما محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر جس طرح تو نے کائنات میں برکت نازل کی ابراہیمؑ پر بلاشبہ تو انتہائی پاکیزہ صفات والا اور باعظمت ہے۔

قربانی کی دعا

جانور کو قبلہ رخ لٹا کر پہلے یہ دعا پڑھیے۔

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ صَلٰوتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ۔

"میں نے پوری یکسوئی کے ساتھ اپنا رخ ٹھیک اس خدا کی طرف کر لیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ بلاشبہ میری نماز میری قربانی، میری زندگی اور میری موت سب رب العالمین کے لئے ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں مسلم اور فرمانبردار ہوں۔ خدایا! یہ تیرے ہی حضور پیش ہے اور تیرا ہی دیا ہوا ہے۔"

پھر بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے تیز چھری جانور کے گلے پر پھیر دیجئے اور ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھیے۔

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِيلِكَ إِبْرَاهِيمَ

(حاشیہ بہشتی زیور حصہ ۳ ص ۴۵)

وَحَبِيبِكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔

"خدایا! تو اس قربانی کو ہماری جانب سے قبول فرما جس طرح تو نے اپنے دوست ابراہیم علیہ السلام اور اپنے حبیب محمدؐ کی قربانی قبول فرمائی۔ دونوں پر درود و سلام ہو۔"

قربانی کا جانور اگرچہ کسی دوسرے سے ذبح کرانا بھی جائز ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ آپ خود ہی ذبح کریں اور ذبح کرتے وقت اُن جذبات کو شعور کے ساتھ اپنے دل و دماغ پر طاری کریں جن کا اظہار آپ دعا کے الفاظ میں کرتے ہیں۔ یعنی یہ کہ ہمارا سب کچھ خدا ہی کے لئے ہے اور اسی کی راہ میں یہ سب کچھ قربان ہونا چاہیئے۔ اس کا اشارہ پاکر آج ہم اس کی راہ میں جانور قربان کر رہے ہیں۔ کل اگر اس کا اشارہ ہوگا تو ہم انہی جذبات کے ساتھ اپنی جانِ عزیز بھی اس کی راہ میں قربان کر دیں گے اور اس کا شکریہ ادا کریں گے کہ اُس نے اپنی راہ میں خون بہانے کی توفیق دے کر شہادت کی سعادت نصیب فرمائی۔

---

[1] اگر جانور میں کئی حصہ دار ہوں تو منّی کے بجائے مِن کہیئے اور اس کے بعد سب کے نام لیجئے۔

عقیقہ کی دُعا

عقیقہ سے مراد وہ بکری یا بکرا ہے جو نومولود بچے کی طرف سے ولادت کے ساتویں روز بطور صدقہ ذبح کیا جائے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

"ساتویں روز بچے کا نام تجویز کیا جائے اور اس کے بال وغیرہ میل کچیل دُور کیا جائے اور اس کی طرف سے عقیقہ کیا جائے"

جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رُخ لٹا دیجئے اور پہلے وہ دعا پڑھیئے جو قربانی کا جانور ذبح کرنے سے پہلے پڑھتے ہیں یعنی اِنِّی وَجَّھْتُ سے لَکَ وَمِنْکَ تک پھر بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے تیز چھری جانور کے گلے پر پھیر دیجئے۔ اور یہ دعا پڑھیئے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ[1] ...... تَقَبَّلْہُ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَخَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْھِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ دَمُھَا بِدَمِہٖ لَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ شَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ عَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ۔

---

[1] ھٰذِہٖ عقیقۃ کہنے کے بعد اس بچے کا نام لیجئے جس کا عقیقہ ہے۔

(خدایا یہ عقیقہ ہے .... کا اس کو قبول فرما جس طرح تو نے اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اپنے دوست ابراہیم علیہما السلام کی طرف سے قبول کیا۔ اس کا خون بچے کے خون کا فدیہ ہے اس کا گوشت بچے کے گوشت کا فدیہ ہے اس کے بال بچے کے بالوں کا فدیہ ہے اور اس کی ہڈیاں بچے کی ہڈیوں کا فدیہ ہے (خدایا! اس کو قبول فرما)۔

جو لوگ وسعت رکھتے ہوں وہ اپنی اولاد کی طرف سے ضرور صدقہ کریں۔ عقیقہ ایک مستحب صدقہ ہے، لڑکے کی طرف سے دو بکرے یا بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکرا یا بکری۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ لڑکے کی طرف سے بھی ایک ہی بکری کی جائے ۔ البتہ جو لوگ وسعت نہیں رکھتے ان کے لئے ہرگز مناسب نہیں کہ وہ تنگدستی کے باوجود عقیقہ کرنا ضروری تصور کریں اور زیر بار ہو کر اس فریضے کو انجام دیں۔

عقیقہ کا گوشت کچا بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔ البتہ مستحب یہ ہے کہ پکا کر فقراء مساکین، اور پڑوسیوں کے یہاں بھیجیں۔ اور اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو بھی کھلا سکتے ہیں۔ حضرت حسنؓ کے عقیقے کے موقع پر آپ نے ہدایت دی کہ جانور کی ایک ٹانگ دایہ کو بھیج دو اور باقی تم خود کھاؤ اور کھلاؤ۔ (ابوداؤد)

تراویح کی دعا

تراویح، ترویحہ کی جمع ہے۔ تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد بیٹھنے اور آرام لینے کو ترویحہ کہتے ہیں اور اسی مناسبت سے رمضان کی اس نفل نماز کو تراویح کہتے ہیں۔ ترویحہ یعنی ہر چار رکعت کے بعد بیٹھنا اور آرام لینا مسنون ہے۔

ترویحہ میں یہ دعا پڑھیے۔

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ۔ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ۔ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ، رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ۔ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ۔

"پاک ہے حکومت واقتدار والا۔ پاک ہے، عزت وعظمت، ہیبت وقدرت اور بڑائی اور دبدبے والا۔

پاک ہے وہ زندہ جاوید بادشاہ جو نہ سوتا ہے اور نہ کبھی اس کیلئے فنا ہے۔ نہایت پاک و برتر عیوب سے منزہ ہے۔ ہمارا پروردگار

اور فرشتوں کا پروردگار اور حضرت جبریل کا پروردگار۔

خدایا! ہم کو دوزخ کی آگ سے پناہ دے۔ اے پناہ دینے

والے اے پناہ دینے والے۔ اے پناہ دینے والے۔

تراویح کی نماز جماعت سے پڑھیئے۔ اور اگر ہو سکے تو پورا قرآن نماز میں سننے کی کوشش کیجئے۔ تراویح کسی ایسے حافظ کے پیچھے پڑھیئے جو پورے احترام، دلبستگی، اور ذوق و شوق کے ساتھ اس طرح قرآن کو ٹھیر ٹھیر کر اعتدال کے ساتھ پڑھے کہ زیادہ تاخیر کی وجہ سے مقتدی بھی نہ اکتائیں۔ اور قرآن پاک بھی اس طرح صاف صاف پڑھا جائے کہ اس کی تلاوت کا حق ادا ہو۔ قرآن کو بے پناہ روانی کے ساتھ بے سوچے سمجھے اس طرح پڑھنا کہ گویا سر سے ایک بوجھ اتارا جا رہا ہے، درحقیقت قرآن کے ساتھ بڑا ظلم ہے، خدا کی کتاب کا حق یہ ہے کہ اس کو دل کی آمادگی، طبیعت کی حاضری، اور انہماک کے ساتھ پڑھا جائے اور اس کو سمجھنے اور اس میں غور و فکر کرنے کی عادت ڈالی جائے۔

اسی طرح تراویح کی نماز بھی سکون و اعتدال کے ساتھ پڑھنی چاہیئے۔ لاپروائی کے ساتھ رواں دواں رکوع و سجود کرنا نماز کے مقصد سے غفلت بھی ہے اور نماز کی لذت سے محرومی بھی۔

قنوتِ نازلہ

خدانخواستہ مسلمان سخت حالات میں گھرے ہوئے ہوں اور دشمن کا خوف اور دہشت غالب ہو تو نمازوں میں قنوتِ نازلہ پڑھنے کا اہتمام کیجئے بالخصوص فجر کی نماز میں۔ نماز فجر کی دوسری رکعت میں رکوع سے اٹھنے کے بعد کھڑے کھڑے یہ دعا پڑھیے اور پھر سجدے میں جائیے۔ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ نے سخت حالات میں یہ دعا نمازوں میں پڑھی ہے، اور خاص طور پر فجر کی نماز میں اس کا اہتمام کیا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنَا فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنَا فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ۔ اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ ۔ اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَآءَكَ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ

وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ

خدایا! تو ہمیں ہدایت سے نواز کر ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما اور ہمیں عافیت بخش کر عافیت پانے والوں میں شامل فرما۔ اور ہماری سرپرستی فرما کر ان لوگوں میں شامل فرما جن کی تو نے سرپرستی فرمائی اور ہمیں ان چیزوں میں برکت دے جو تو نے عنایت فرمائی ہیں اور ہمیں اس کے شر سے بچا جس کا تو نے فیصلہ فرمایا ہے کیونکہ تو ہی فیصلہ فرماتا ہے اور تجھ پر کسی کا فیصلہ نافذ نہیں ہوتا وہ ہرگز ذلیل نہیں ہو سکتا جس کی تو سرپرستی فرمائے۔ اور وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا جس کو تو اپنا دشمن قرار دے لے، تو بڑی ہی برکت والا ہے اسے ہمارے رب اور بہت ہی بلند و برتر ہم تجھ سے مغفرت چاہتے ہیں اور تیرے حضور توبہ کرتے ہیں، اے اللہ! کافروں کو عذاب دے جو تیری راہ سے روکتے ہیں اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے اولیاء سے برسر پیکار ہیں، اے اللہ! مومن مردوں اور مومن عورتوں مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کی مغفرت فرما۔ اور ان کے باہمی تعلقات کی اصلاح فرما ان کے دلوں میں باہمی الفت پیدا کر اور ان کے قلوب میں ایمان و حکمت پیدا کر اور اُن کو اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت پر جما دے اور ان کو توفیق عطا فرما کہ یہ تیرے اس عہد کو پورا کر سکیں جو تو نے اُن سے لیا ہے اور ان کی مدد فرما اپنے دشمنوں کے مقابلے میں اور ان کے دشمنوں کے مقابلے میں۔ اے معبود حقیقی! ہماری التجائیں سُن لے اور ہمیں بھی انہی لوگوں میں شامل فرما دے۔

نمازِ حاجت

جب بھی آپ کو کوئی چھوٹی یا بڑی ضرورت پیش آئے۔ خدا کے حضور کھڑے ہو کر دو رکعت نفل (صلوٰۃ الحاجۃ) پڑھیئے اور پھر حمد و ثنا اور درود پڑھ کر یہ دعا پڑھیئے۔ خدا سے توقع ہے کہ وہ آپ کی دعا کو رد نہیں فرمائے گا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ جب کسی کو خدا سے یا کسی بندے سے کوئی حاجت ہو تو خوب اچھی طرح وضو کرے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھ کر خدا کی حمد و ثنا کرے۔ اور نبیؐ پر درود پڑھے۔ اور پھر خدا سے یوں دُعا کرے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَہَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

"خدا کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بڑا ہی بردبار اور بہت ہی کرم فرمانے والا ہے۔ پاک و برتر ہے خدا عرشِ عظیم کا مالک، شکر و تعریف

خدا ہی کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے (خدایا!) میں تجھ سے ان چیزوں کی بھیک مانگتا ہوں جو تیری رحمت کو واجب کرنے والی اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والی ہیں۔ ہر بھلائی میں حصہ اور ہر گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں، خدایا! تو میرا کوئی گناہ بخشے بغیر اور کوئی دکھ اور غم دور کئے بغیر نہ چھوڑ اور میری کوئی حاجت جو تیرے نزدیک پسندیدہ ہو پوری کئے بغیر نہ رہنے دے۔ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے!۔

حفظِ قرآن کی دُعا

قرآن پاک کو یاد کرنے اور یاد رکھنے کے لیے اس دُعا کا اہتمام کیجیے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو سکھائی تھی۔

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کہتے ہیں۔ ایک بار ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ علیؓ آگئے۔ اور اپنے حافظے کی شکایت کرنے لگے، کہ یارسول اللہ! قرآن کی آیتیں میرے ذہن میں محفوظ نہیں رہتیں جو سیکھتا ہوں یاد ہی نہیں رہتا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علیؓ کی شکایت سُن کر فرمایا۔

"اے ابوالحسن! میں تمہیں ایسی دعا کیوں نہ سکھا دوں، جس کو پڑھ کر تم بھی فائدہ اٹھاؤ اور وہ بھی فائدہ اٹھائے جس کو تم یہ دعا سکھاؤ اور پھر جو بھی تم سیکھو وہ تمہارے دل میں جم جائے۔ اور تمہیں یاد رہے۔ حضرت علیؓ نے کہا "یارسول اللہ! ایسی دعا تو ضرور سکھائیے" تو آپؐ نے اس دعا کے بارے میں فرمایا۔

"جمعہ کی رات میں یہ دعا پڑھو، تین، یا پانچ یا سات جمعراتوں میں برابر پڑھو۔ خدا کے حکم سے یہ دعا تیر بہدف ثابت ہوگی، اس ذات کی قسم جس نے مجھے دینِ حق دے کر بھیجا ہے مومن کی یہ دعا کبھی خالی نہیں جاتی۔

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ پانچ یا سات جمعراتیں ہی گزری ہونگی
کہ اسی طرح پھر ایک روز حضرت علیؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آئے
اور کہنے لگے ۔ یارسول اللہ! پہلے میں چار آیتیں یاد کرتا۔ لیکن جب دہراتا
تو ذہن سے نکل جاتیں، اور اب یہ حال ہے کہ میں چالیس چالیس آیتیں یاد
کرتا ہوں، اور جب پڑھتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا میرے سامنے
خدا کی کتاب کھلی ہوئی رکھی ہے، اسی طرح پہلے میں ایک حدیث سنتا اور جب
دہرانے کی کوشش کرتا تو بھول جاتا اور اب یہ حال ہے کہ میں کتنی ہی حدیثیں
سنتا ہوں، اور جب دہراتا ہوں تو ایک حرف کی بھی غلطی نہیں ہوتی"
محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا "رب کعبہ کی قسم! ابوالحسن واقعی
مومن ہیں"

دعا پڑھنے کا تفصیلی طریقہ بتاتے ہوئے آپؐ نے ہدایت فرمائی کہ "جمعہ
کی رات میں یہ دعا پڑھو۔ میرے بھائی یعقوب کے بیٹوں نے جب اُن سے
دعائے استغفار کے لئے درخواست کی تو انھوں نے فرمایا: میں عنقریب تمہارے
لئے استغفار کروں گا۔ یعقوبؑ کا مقصد یہ تھا کہ جمعہ رات آنے پر میں تمہارے
لئے استغفار کروں گا۔ تو اے علی! تم جمعہ کی رات میں تہجد کے وقت اٹھو۔
اس لئے کہ یہ وقت دعا کی قبولیت کا وقت ہے، طبیعت اس وقت حاضر
ہوتی ہے اور خدا کی طرف پوری یکسوئی ہوتی ہے ۔ اور اگر رات کے آخری
حصے میں نہ اٹھ سکو تو آدھی رات کو اٹھو، اور اگر آدھی رات کو بھی نہ اٹھ سکو تو پھر
ابتدائی رات میں چار رکعت نفل اس طرح پڑھو کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ

کے بعد سورۂ یٰسٓ[1] اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورۂ الدخان[2] اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور الم سجدہ[3] اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ملک[4] پڑھو، پھر جب التحیات پڑھ کر سلام پھیر لو، تو اچھے انداز میں خدا کی حمد وثنا کرو۔ اور نہایت اچھے طریقے پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے تمام نبیوں پر درود وسلام بھیجو، اور سارے مومن مردوں اور مومن عورتوں کیلئے استغفار کرو۔ اور اپنے ان بھائیوں کے لئے استغفار کرو جو ایمان لانے میں تم پر سبقت لے گئے ہیں، پھر آخر میں یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْنِيْ وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهٗ

---

[1] یٰسٓ والقرآن الحکیم بائیسویں پارے کی آخری سورت ہے۔

[2] الدخان:۔ حٰمٓ والکتٰب المبین ۰ انا انزلنٰہ فی لیلۃ مبارکۃ۔ پچیسویں پارے کی سورت ہے۔ [3] الٓمٓ تنزیل الکتاب لاریب فیہ من رب العالمین اکیسویں پارے کی سورت ہے۔ [4] الملک۔ تبٰرک الذی بیدہ الملک وھو علی کل شیئ قدیر، انتیسویں پارے کی پہلی سورت ہے۔

عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ اللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ (ترمذی)

”خدایا! تو مجھے جب تک بھی زندہ رکھے اپنی رحمت سے ہمیشہ گناہوں سے بچنے کی توفیق دے اور اپنی رحمت سے مجھے بے مقصد اور لغو باتوں سے دور رہنے کی قوت عطا فرما۔ اور مجھے ان کاموں میں اچھی نظر اور بصیرت دے جن سے تیری رضا حاصل ہو، اے خدا! آسمانوں اور زمین کو بغیر مثال کے بنانے والے عظمت و احترام والے اور ایسا عظیم اقتدار رکھنے والے جس کے مقابلے میں آنے کا ارادہ بھی نہیں کیا جا سکتا، اے خدا! اے رحم کرنے والے! میں تجھ سے تیری بزرگی اور تیری ذات کے نور کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں، کہ جس طرح تو نے مجھے اپنی کتاب سکھائی اسی طرح مجھے اس کے حافظے کی بھی قوت دے، اور مجھے اس کتاب کو پڑھنے کی اس طرح توفیق دے جس سے تیری رضا حاصل ہو، اے آسمانوں اور زمین کے موجد! عظمت و احترام والے، اور ایسا اقتدار رکھنے

والے جس کے مقابلے کا ارادہ بھی نہیں کیا جا سکتا، اے خدا بے پایاں رحم کرنے والے! میں تیری بزرگی اور تیری ذات کے نور کا واسطہ دے کر تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو اپنی کتاب کی برکت سے میری آنکھوں کو روشن کر دے اور میری زبان پر اس کے الفاظ جاری کر دے اور میرے دل سے غم اور گھٹن دور کر دے، اور اس کی برکت سے اس کے لئے میرے سینے کو کھول دے اور اس کی برکت سے میرے جسم کو دھو کر پاک صاف کر دے تیرے سوا کوئی نہیں۔ جو حق کے معاملے میں میری نصرت و حمایت کر سکے، حق سے نوازنے والا بس تو ہی ہے گناہوں سے باز رہنے کی قوت اور نیکی پر جمنے کی طاقت خدا ہی سے مل سکتی ہے، جو بڑا ہی بلند اور بہت ہی عظمت والا ہے۔

فہم قرآن کی دُعا

قرآن حکیم کی تلاوت اور اس کے مطالب پر غور و فکر مومن کی محبوب عبادت ہے۔ قرآن سے شغف خدا سے تعلق کی دلیل بھی ہے اور خدا سے تعلق کا ذریعہ بھی۔ قرآن میں تدبر اور تفکر سے مومن کو روحانی سرور بھی حاصل ہوتا ہے اور اسی کے ذریعے اس پر حکمت کے دروازے بھی کھلتے ہیں۔

قرآن حکیم بلاشبہ نہایت آسان کتاب ہے جہاں تک اس سے ہدایت حاصل کرنے اور اس کے احکام کی پیروی کرنے کا تعلق ہے اس کی تعلیمات نہایت سادہ، واضح اور ہر گنجلک سے پاک ہیں، البتہ اس کے اسرار و رموز اور اس کی حکمتوں کو پانے کے لئے ضروری ہے کہ آپ فہم قرآن کے تمام آداب و شرائط کے ساتھ اس کا مطالعہ کریں، سچی طلب کے ساتھ اس پر سوچیں اور کسی وقت بھی اس سے غفلت اور بے نیازی نہ برتیں، برابر مطالعہ کرتے رہیں اور زندگی بھر کرتے رہیں۔

یہ بالکل فطری بات ہے کہ مطالعہ کے دوران بعض ایسے مشکل مقامات بھی آئیں گے جہاں گہرے غور و فکر کے باوجود بھی کسی مطلب پر آپ کا ذہن مطمئن نہ ہوگا اور آپ سخت اُلجھن محسوس کریں گے۔ لیکن اگر آپ واقعی قرآن کے طالب علم ہیں تو آپ ہرگز مایوس اور شکستہ خاطر نہ ہوں۔ نہ قرآن پر

معترض ہونے کا بے جا خیال دل میں لائیں۔ اور نہ اُکتا کر قرآن میں غور و تدبر ترک کریں، بلکہ پوری یکسوئی کے ساتھ خدا کی طرف متوجہ ہوں، اور کامل سپردگی کے ساتھ خدا سے اس مشکل کے حل میں مدد کے طالب ہوں، قرآن کی آیات میں اپنی خواہش اور اپنی رائے سے تاویل کرنے یا اپنا من پسند مطلب نکالنے کی بیہودہ جسارت ہرگز نہ کریں، بلکہ ایک طالبِ حق کی طرح اس مفہوم پر جمے رہیں جو قرآنِ پاک کے الفاظ سے سمجھ میں آرہا ہو، اور پھر انتہائی عاجزی اور بے چارگی کے ساتھ خدا سے دعا کریں کہ خدایا! میری اس الجھن کو دور فرما مجھ پر صحیح مفہوم کا فیضان فرما۔ اور میرے دل کو اس تاویل اور مفہوم پر اطمینان عطا کر جو واقعی صحیح ہے، اس مقصد کے لئے شب کے نوافل میں ذرا آواز سے ٹھیر ٹھیر کر تلاوت بھی کیجئے اور نیچے لکھی ہوئی دُعا بھی پڑھتے رہیئے۔ خدا سے توقع ہے کہ یہ دعا نافع ثابت ہوگی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو بندہ بھی اپنے کسی فکر و غم میں یہ دعا پڑھے گا۔ خدا اس کے فکر و غم کو دور فرما کر خوشی و مسرت سے نوازے گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ ، اِبْنُ عَبْدِكَ ، اِبْنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ ، مَاضٍ فِیَّ حُکْمُكَ ، عَدْلٌ فِیَّ قَضَاءُكَ اَسْئَلُكَ بِکُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ ، سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ کِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ

قَلْبِيْ، وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ وَغَمِّيْ۔

(مسند احمد، ابن حبان)

"خدایا! میں تیرا بندہ ہوں، تیرے بندے کا بیٹا ہوں، تیری بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیری مٹھی میں ہے، مجھ پر تیرا ہی حکم نافذ ہے۔ میرے حق میں تیرا فیصلہ عین انصاف ہے، میں تجھ سے تیرے ہر اس نام کے واسطے سے جو تیرے لئے سزاوار ہے جو تو نے اپنے لئے رکھا ہے، یا تو نے اپنی کتاب میں اتارا ہے، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو بتایا ہے، یا تو نے اپنے پاس اپنے خزانۂ غیب میں اسے پوشیدہ ہی رہنے دیا ہے ——— یہ درخواست کرتا ہوں کہ قرآن کو میرے دل کی بہار، میرے سینے کا نور، میرے غم کا مداوا اور میری فکر و پریشانی کا علاج بنا دے۔"

حدیث کے راوی حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا "ہم اس دعا کو سیکھ لیں؟" تو آپؐ نے ارشاد فرمایا "شخص بھی اس دعا کو سنے وہ ضرور اس کو سیکھے اور ضرور یاد کرے۔"

جمعہ کا خطبہ

اسلامی جذبات کو اُبھارنے، ایمان کو تازہ رکھنے، اور تذکیر و یاد دہانی کے فریضے کو تسلسل اور ترتیب کے ساتھ انجام دینے کے لئے جمعہ کا خطبہ انتہائی مؤثر اور منظم ذریعہ ہے۔ فطری انداز میں ہر ہفتے مسلمانوں کو ان کے فرائض یاد دلانے، دین کے تقاضے سمجھانے اور اسلام کے لئے کچھ کرنے کی تڑپ پیدا کرنے کے لئے یہ ایک ایسا دینی انتظام ہے جس کی کوئی نظیر پیش نہیں کی جا سکتی۔ لیکن اس سے خاطر خواہ فائدہ آپ اسی وقت اٹھا سکتے ہیں جب آپ سامعین کو اُن کی اپنی زبان میں بھی خطاب کریں۔

جہاں تک خطبۂ ثانیہ کا تعلق ہے وہ تو عربی زبان ہی میں ہونا چاہیئے۔ البتہ پہلا خطبہ آپ اس زبان میں بھی دیں جس سے سامعین واقف ہوں، اچھا تو یہ ہے کہ آپ حالات حاضرہ کو سامنے رکھتے ہوئے دین کے تقاضوں پر مختصر اور جامع تقریر بطورِ خود تیار کریں، اور ہر ہفتے تسلسل اور ترتیب کے ساتھ ذہن کو بنانے اور عمل پر اُبھارنے کی کوشش کریں۔ لیکن کسی وجہ سے اگر آپ ایسا نہ کر سکیں تو کم از کم اتنا ضرور کیجیئے کہ کوئی بھی عربی خطبہ پڑھ کر اس کا مطلب خیز ترجمہ اس زبان میں بھی پیش کریں جس کو سامعین

سمجھتے ہوں۔ عربی خطبے کے انتخاب میں بھی زیادہ مناسب یہ ہے کہ آپ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم یا خلفائے راشدین کا کوئی خطبہ منتخب کریں۔ ذیل میں ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مستند جملے نقل کرتے ہیں۔ ایک تو وہ تاریخی خطبہ ہے جو ہجرت کے بعد آپؐ نے مدینے میں پہلے جمعہ کو دیا تھا۔ اور دوسرا وہ جس میں آپؐ نے مسلمانوں کو بڑے بلیغ انداز میں ابھارا ہے کہ وہ قرآن سے گہری وابستگی پیدا کریں اور برابر اس میں غور و فکر کرتے رہیں۔ اس لئے کہ اس سے تعلق جوڑے بغیر دین سے تعلق قائم رکھنا ممکن نہیں۔

مدینے میں پہلا خطبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَحْمَدُہٗ وَاَسْتَعِیْنُہٗ وَاَسْتَغْفِرُہٗ وَ اَسْتَھْدِیْہِ وَاُوْمِنُ بِہٖ وَلَا اَکْفُرُہٗ، وَاُعَادِیْ مَنْ یَّکْفُرُہٗ۔ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی وَالنُّوْرِ وَالْمَوْعِظَۃِ عَلٰی فَتْرَۃٍ مِّنَ الرُّسُلِ وَقِلَّۃٍ مِّنَ الْعِلْمِ وَضَلَالَۃٍ مِّنَ النَّاسِ وَانْقِطَاعٍ مِّنَ الزَّمَانِ وَدُنُوٍّ مِّنَ السَّاعَۃِ وَقُرْبٍ مِّنَ الْاَجَلِ۔ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ یَّعْصِھِمَا فَقَدْ غَوٰی وَفَرَّطَ وَضَلَّ ضَلَالًا بَعِیْدًا اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ فَاِنَّہٗ خَیْرُ مَا اَوْصٰی بِہِ الْمُسْلِمُ الْمُسْلِمَ اَنْ یَّحُضَّہٗ عَلَی الْاٰخِرَۃِ وَاَنْ یَّاْمُرَہٗ بِتَقْوَی اللّٰہِ فَاحْذَرُوْا

مَا حَذَّرَكُمُ اللّٰهُ مِنْ نَفْسِهٖ وَلَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ نَصِيحَةً وَلَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ ذِكْرًا وَ اِنَّ تَقْوَى اللّٰهِ لِمَنْ عَمِلَ بِهٖ عَلٰى وَجَلٍ وَّمَخَافَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ عَوْنُ صِدْقٍ عَلٰى مَا تَبْغُوْنَ مِنْ اَمْرِ الْاٰخِرَةِ وَمَنْ يُّصْلِحِ الَّذِيْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اللّٰهِ مِنْ اَمْرِهٖ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ لَا يَنْوِيْ بِذَالِكَ اِلَّا وَجْهَ اللّٰهِ يَكُنْ لَّهٗ ذِكْرًا فِيْ عَاجِلِ اَمْرِهٖ وَذُخْرًا فِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ حِيْنَ يَفْتَقِرُ الْمَرْءُ اِلٰى مَا قَدَّمَ وَمَا كَانَ مِنْ سِوٰى ذَالِكَ يَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗ اَمَدًا بَعِيْدًا وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ وَالَّذِيْ صَدَقَ قَوْلَهٗ، وَاَنْجَزَ وَعْدَهٗ لَا خُلْفَ لِذَالِكَ فَاِنَّهٗ يَقُوْلُ عَزَّ وَجَلَّ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِيْ عَاجِلِ اَمْرِكُمْ وَاٰجِلِهٖ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ فَاِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗ اَجْرًا۔ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ وَاِنَّ تَقْوَى اللّٰهِ يُوَقِّيْ مَقْتَهٗ وَيُوَقِّيْ عُقُوْبَتَهٗ وَيُوَقِّيْ سُخْطَهٗ، وَاِنَّ تَقْوَى اللّٰهِ يُبَيِّضُ الْوُجُوْهَ۔ وَيُرْضِي الرَّبَّ وَيَرْفَعُ الدَّرَجَةَ۔

خُذُوْا بِحَظِّكُمْ وَلَا تُفَرِّطُوْا فِيْ جَنْبِ اللّٰهِ وَقَدْ عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ كِتَابَهٗ۔ وَنَهَجَ لَكُمْ سَبِيْلَهٗ لِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَيَعْلَمَ

الکاذِبِیْنَ۔ فَاَحْسِنُوْا کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکُمْ وَعَادُوْا اَعْدَاءَہٗ۔ وَجَاھِدُوْا فِی اللّٰہِ حَقَّ جِھَادِہٖ۔ ھُوَ اجْتَبٰکُمْ وَسَمّٰکُمُ الْمُسْلِمِیْنَ لِیَھْلِکَ مَنْ ھَلَکَ عَنْ بَیِّنَۃٍ وَیَحْیٰی مَنْ حَیَّ عَنْ بَیِّنَۃٍ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

فَاَکْثِرُوْا ذِکْرَ اللّٰہِ وَاعْمَلُوْا لِمَا بَعْدَ الْیَوْمِ فَاِنَّہٗ مَنْ یُّصْلِحْ مَا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ اللّٰہِ یَکْفِہِ اللّٰہُ مَا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ النَّاسِ۔

ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ یَقْضِیْ عَلَی النَّاسِ وَلَا یَقْضُوْنَ عَلَیْہِ وَیَمْلِکُ مِنَ النَّاسِ وَلَا یَمْلِکُوْنَ مِنْہُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ (طبری جلد ۱۲ صـ ۲۵۵)

"شکر و تعریف اللہ کے لئے، میں اس کا شکر ادا کرتا ہوں، اس سے مدد چاہتا ہوں، اس سے مغفرت کا طالب ہوں اور اس سے ہدایت کا خواستگار ہوں اور اس پر ایمان لاتا ہوں، اور اس کے ساتھ کفر نہیں کرتا۔ اور اس کو اپنا دشمن سمجھتا ہوں، جو اس سے کفر کرتا ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں، جن کو خدا نے ہدایت، نور اور نصیحت دے کر ایسے دور میں رسول بنایا جب کہ مدت دراز سے رسولوں کے آنے کا سلسلہ بند تھا۔ حقیقی علم کی روشنی ماند پڑ چکی تھی۔ گمراہی کا دور دورہ تھا۔

نظامِ ہستی درہم برہم ہو رہا تھا۔ قیامت سروں پر آگئی تھی۔ اور ہر شخص کی اجل اس کے سر پر منڈلا رہی تھی۔

پس جس نے رسولؐ کو مان کر، اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کی وہ ہدایت یاب ہوا۔ اور جس نے رسالت کا انکار کر کے خدا اور رسول کی نافرمانی کی وہ گمراہ ہوا اور کوتہ اندیشی میں گھر گیا اور راہِ حق سے بھٹک کر گمراہی میں دور جا پڑا۔

مَیں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ خدا سے ڈرتے رہو، ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو جو بہتر سے بہتر نصیحت کر سکتا ہے وہ یہی ہے کہ وہ اُسے ذخیرۂ آخرت فراہم کرنے پر اُبھارے اور خدا سے ڈرتے رہنے کی تلقین کرے۔ پس اللہ سے ڈرو جیسا کہ اُس نے اپنی ذات سے ڈرتے رہنے کا حکم دیا ہے، اس سے بہتر نہ کوئی اور وصیت ہے اور نہ اس سے بہتر کوئی اور یاد دہانی ہو سکتی ہے۔

اور یہ حقیقت ہے کہ خدا کا تقویٰ بندے کے لئے جو خدا سے ڈرتے لرزتے زندگی گزارے، آخرت کے حُسنِ انجام کا حقیقی معاون ہے جس کے تم خواہش مند ہو، اور جو شخص خلوصِ نیت کے ساتھ محض رضاءِ الٰہی کی خاطر خدا سے اپنے معاملے کو کھلے چھپے ہر حال میں درست کر لے۔ تو اس کا فوری صلہ دنیا میں یہ ہے کہ وہ نیک نام ہوگا اور موت کے بعد کی اس گھڑی میں وہ مالا مال ہوگا۔ جب کہ ہر شخص اپنے ان نیک اعمال کا انتہائی محتاج ہوگا۔ جو اس نے اس وقت کے لئے کئے ہونگے۔

اور ان کے سوا جو برے اعمال ہوں گے اُن کے بارے میں وہ تمنا کرے گا کہ کاش یہ اعمال مجھ سے انتہائی دور ہوتے اور خدا تم کو اپنی ذات سے ڈراتا ہے، اور خدا اپنے بندوں پر انتہائی مہربان ہے۔

قسم ہے اس ذات کی جس کا قول سچا اور وعدہ وفا ہو کر رہتا ہے کہ یہ بات ہو کر رہے گی کیونکہ خود وہ بزرگ و برتر ارشاد فرماتا ہے "میرے حضور بات بدلی نہیں جاتی۔ اور میں اپنے بندوں پر ذرا بھی ظلم کرنے والا نہیں ہوں، پس خدا سے ڈرتے رہو، دنیا اور آخرت کے سارے کھلے اور چھپے معاملات میں۔ حقیقت یہ ہے کہ جو خدا کے غضب سے ڈرتا ہے، خدا اس کے گناہوں کو اس سے جھاڑ دیتا ہے، اور اس کے اجر کو زیادہ سے زیادہ بڑھاتا ہے۔ اور جو اس سے ڈرتا رہا اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی اور اچھی طرح جان لو کہ خدا کا خوف بندہ کو اس کی خفگی سے دور رکھتا ہے، اس کے عذاب سے محفوظ رکھتا ہے اور اُس کی ناراضی سے بچاتا ہے، اور اس حقیقت کو بھی اچھی طرح سمجھ لو کہ خدا کا تقویٰ چہروں کو روشن اور بارونق بناتا ہے مالک کو اپنے بندے سے خوش رکھتا ہے، اور بندے کے مرتبے کو بلند کرتا ہے۔

دیکھو، اپنے نصیب کی نیکیاں سمیٹ لو اور خدا کی جناب میں ہرگز کوتاہی نہ کرو۔ جبکہ اس نے تمہیں اپنی کتاب کا علم دے کر اپنا سیدھا راستہ تم پر واضح فرما دیا ہے تاکہ وہ جان لے ان لوگوں

کو جو اپنے ایمان کے دعوے میں سچے ہیں اور ان کو جو جھوٹے ہیں۔
پس تم بھی لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کرو۔ جیسا کہ اُس نے تمہارے
ساتھ حسن سلوک کیا ہے۔ اور اس کے دشمنوں کو اپنا دشمن سمجھو۔ اور اس
کی راہ میں ایسا جہاد کرو کہ جہاد کا حق ادا ہو جائے اس نے تمہیں اپنے
دین کے لئے منتخب کیا ہے، اور تمہارا نام "مسلم" رکھا ہے تاکہ جسے
ہلاک ہونا ہے وہ روشن دلیل کے ساتھ ہلاک ہو اور جسے زندہ رہنا
ہے وہ روشن دلیل کے ساتھ زندہ رہے، اور طاقت و قوت کا سرچشمہ
صرف خدا کی ذات ہے۔

پس خدا کا ذکر کثرت کے ساتھ کرتے رہو، اور آج کے بعد آنے
والے کل کے لئے عمل کرتے رہو کیونکہ جو بندہ اپنے اور خدا کے مابین
معاملہ کو سنوار لیتا ہے، خدا اس کے لئے اُن سارے معاملات میں کافی
ہو جاتا ہے جو اس کے اور بندوں کے درمیان ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ
خدا ہی بندوں کے فیصلے فرماتا ہے۔ بندے اس کا فیصلہ نہیں کرتے۔
وہ انسانوں کی ہر چیز کا مالک ہے اور انسان کے قبضے میں اس کی کوئی
چیز نہیں وہ سب سے بڑا ہے اور قوت و طاقت صرف اسی کے
پاس ہے"

قرآنِ پاک سے شغف کی تلقین

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ أَحْمَدُهُ وَأَسْتَعِينُهُ وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ
مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا مَنْ يَهْدِهِ

اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ. وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ۔

اِنَّ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبُ اللّٰہِ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَیَّنَہُ اللّٰہُ فِیْ قَلْبِہٖ وَاَدْخَلَہٗ فِی الْاِسْلَامِ بَعْدَ الْکُفْرِ، وَاخْتَارَہٗ عَلٰی مَا سِوَاہُ مِنْ اَحَادِیْثِ النَّاسِ۔ اِنَّہٗ اَحْسَنُ الْحَدِیْثِ وَاَبْلَغُہٗ ۔ اَحِبُّوْا مَنْ اَحَبَّ اللّٰہَ وَاَحِبُّوا اللّٰہَ مِنْ کُلِّ قُلُوْبِکُمْ وَلَا تَمَلُّوْا کَلَامَ اللّٰہِ وَذِکْرَہٗ، وَلَا تَقْسُوْا عَلَیْہِ قُلُوْبُکُمْ۔

اُعْبُدُوا اللّٰہَ وَلَا تُشْرِکُوْا بِہٖ شَیْئًا، اِتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ وَصَدِّقُوْا صَالِحَ مَا تَعْمَلُوْنَ بِاَفْوَاھِکُمْ وَتَحَابُّوْا بِرَوْحِ اللّٰہِ بَیْنَکُمْ ۔ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ

(اعجاز القرآن)

"بلاشبہ شکر و تعریف اللہ ہی کے لئے ہے، میں اس کی حمد و تعریف کرتا ہوں اس سے مدد چاہتا ہوں، اور ہم اس کے دامن عفو میں پناہ چاہتے ہیں، نفس کی شرارتوں سے اور بداعمالیوں کی پاداش سے، جس کو خدا ہدایت دے۔ (اور وہ اسی کو ہدایت دیتا ہے جو واقعی ہدایت کا طالب ہو) تو اس کو کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جس کو خدا راہ راست سے بھٹکا دے، (اور وہ اسی کو بھٹکاتا ہے جو راہ راست کا طالب نہیں ہوتا) تو اس کو کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ سب سے بہتر کلام خدا کی کتاب ہے، وہ شخص کامیاب ہو گیا۔ جس کے دل میں کتاب اللہ کی رونق ہے اور جس کو کفر کے بعد اللہ نے اسلام سے مشرف فرمایا۔ اور جس نے سارے انسانی کلاموں کو چھوڑ کر خدا کی کتاب کو اپنے لئے منتخب فرمایا۔ بے شک خدا کا کلام سرتاسر سچائی ہے۔ انتہائی پُر اثر ہے۔ جو اُس سے شغف رکھے تم بھی اس سے محبت رکھو۔ اور اپنے قلوب کی ساری توجہ کے ساتھ خدا سے حقیقی محبت پیدا کرو۔ اور اس کے کلام کی تلاوت اور اس کی یاد سے کبھی نہ اکتاؤ۔ اور نہ کبھی تمہارے قلوب کلام اللہ کی طرف سے بے نیاز اور سخت ہوں۔ پس خدا ہی کی بندگی کرو۔ کسی کو اس کے ساتھ ذرا بھی شریک نہ بناؤ۔ اور اس سے ڈرتے رہو، جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور اپنے نیک اعمال کی تصدیق زبان سے بھی کرتے رہو، (یعنی زبان سے وہی کہو جو تمہارے شایانِ شان ہو) اور خدا کی رحمت اور دین کی بنیاد پر آپس میں محبت رکھو۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ!۔

خطبۂ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی

بِإِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ط۔

اَمَّا بَعْدُ:۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ! اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّ تَقْوَى اللّٰهِ مِلَاكُ الْحَسَنَاتِ۔ وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ فَاِنَّهٗ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهِ الْمَجِيْدِ۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ۔ اَللّٰهُمَّ اَمْطِرْ شَآٰبِيْبَ رِضْوَانِكَ عَلَى السَّابِقِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ خُصُوْصًا عَلٰى اَفْضَلِ الْبَشَرِ بَعْدَ الْاَنْبِيَآءِ بِالتَّحْقِيْقِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا اَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عُمَرَ نِ الْفَارُوْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ وَعَلٰى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَعَلٰى وَالِدَيْهِ السَّعِيْدَيْنِ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا وَعَلٰى

أُمِّهِمَا سَيِّدَةِ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا وَعَلَى سَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالَى عَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيْتَاءِ ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اُذْكُرُوا اللّٰهَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالَى أَعْلَى وَأَوْلَى وَأَعَزُّ وَأَجَلُّ وَأَهَمُّ وَأَعْظَمُ وَأَكْبَرُ۔

نکاح کا خطبہ

نکاح کی شرعی حیثیت سمجھانے، اس کے تقاضوں کو ذہن نشین کرانے اور نکاح کے تعلق سے عائد ہونے والی عظیم ذمہ داریوں کو یاد دلانے کے لئے محفل نکاح میں خطبہ پڑھنا بھی مسنون ہے۔ اس موقع پر خطبے سے پورا فائدہ اٹھانے کے لئے زیادہ مناسب یہ ہے کہ نکاح پڑھانے والے خطبہ نکاح کا ترجمہ اور مختصر تشریح بھی اپنی زبان میں پیش کر دیا کریں۔ تاکہ سامعین اچھی طرح سمجھ سکیں۔ اسی مقصد کے پیش نظر ذیل میں خطبہ نکاح کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی دیا جاتا ہے۔

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ۔ وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا

وَنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا ه

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا۔ (مشکوٰۃ)

وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَخْشَاکُمْ لِلّٰهِ وَاَتْقَاکُمْ لَهٗ وَلٰکِنِّیْ اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاُصَلِّیْ وَاَرْقُدُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَآءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ۔ (بخاری)

"شکر و تعریف خدا ہی کے لئے ہے، ہم اسی سے مدد چاہتے ہیں، اور اسی سے اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں۔ اور ہم اپنے نفس کی شرارتوں اور برائیوں کے مقابلے میں اپنے آپ کو اللہ کی پناہ میں دیتے ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) جس کو خدا سیدھی راہ چلائے (اور وہ اسی کو سیدھی راہ پر چلاتا ہے جو چلنے کا واقعی ارادہ رکھتا ہو) تو اس کو کوئی بھٹکا نہیں سکتا۔ اور جس کو خدا گمراہ کرتا ہے (اور وہ اسی کو گمراہ کرتا ہے جو گمراہ ہونا چاہتا ہے) تو اس کو کوئی سیدھی راہ پر لا نہیں سکتا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

اے ایمان والو! ٹھیک ٹھیک اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور مرتے

دم تک، خدا کی وفاداری اور اطاعت شعاری پر قائم رہو۔

اے لوگو! اپنے رب کے غضب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔ اور اسی جان سے اس کا جوڑا پیدا فرمایا۔ اور پھر ان دونوں کے ذریعے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائیں اس پالنے والے اللہ کی ناراضی سے بچتے رہنا، جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے اپنے حقوق مانگتے ہو، اور رشتہ داروں کے حقوق کا پاس و لحاظ رکھو۔ یقین جانو! خدا تمہاری نگرانی کر رہا ہے۔

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو، اور نپی تلی مضبوط بات زبان سے نکالو، تو اللہ تمہارے اعمال کی اصلاح فرمائے گا اور گناہوں پر معافی کا پردہ ڈال دے گا۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور فرمانبرداری کریں گے وہ عظیم کامیابی سے سرفراز ہوں گے۔

"خدا کی قسم میں تم سب میں خدا سے زیادہ ڈرنے والا، تم سب میں زیادہ اس کی ناراضی سے بچنے والا ہوں، لیکن میرا حال یہ ہے کہ میں کبھی نفل روزے رکھتا ہوں، کبھی بغیر روزے کے رہتا ہوں۔ راتوں کو نماز بھی پڑھتا ہوں، اور سوتا بھی ہوں، اور میں عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں پس جو میری اس سنت سے منہ پھیرے اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

استخارہ

زندگی کے اہم معاملات مثلاً سفر، نکاح، ملازمت اور تجارتی امور وغیرہ میں استخارہ کر لیا کیجئے۔ استخارہ کے معنی ہیں خیر اور بھلائی طلب کرنا جن اہم اور جائز کاموں میں آپ پر خیر کا پہلو واضح نہ ہو ان میں استخارہ کا ضرور اہتمام کیجئے اور پھر جس طرف قلب کا میلان محسوس ہو اس کو قضاء الٰہی سمجھ کر اختیار کر لیجئے۔ استخارہ کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی کوئی غیر معمولی کام درپیش ہو تو مکروہ اور حرام اوقات کے علاوہ جب بھی چاہیں دو رکعت نفل ادا کیجئے اور پھر استخارے کی دُعا پڑھیئے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"خدا سے استخارہ کرنا اولادِ آدم کی سعادت ہے اور قضاءِ الٰہی پر راضی ہو جانا بھی اولادِ آدم کی سعادت ہے اور اولادِ آدم کی بدبختی یہ ہے کہ وہ خدا سے استخارہ نہ کرے اور خدا کی قضاء پر ناخوش ہو (مسند احمد)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا۔

"استخارہ کرنے والا کبھی نامراد نہیں ہوتا۔ اور مشورہ کرنے والا کبھی نادم نہیں ہوتا اور کفایت سے کام لینے والا کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ (طبرانی)

حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح ہمیں قرآن پڑھایا کرتے تھے اسی طرح ہر کام میں استخارہ کرنے کی بھی تعلیم دیتے تھے۔ فرماتے "جب تم میں سے کوئی کسی اہم معاملے میں فکرمند ہو تو دو رکعت نفل پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔ (بخاری)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ،

اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ[1] خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعِیْشَتِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعِیْشَتِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

"خدایا! میں تجھ سے تیرے علم کے واسطے سے خیر کا طلبگار ہوں، اور تیری قدرت کے ذریعے تجھ سے تیرے عظیم فضل کا سوال کرتا ہوں، اس لیے کہ تو قدرت والا ہے، اور مجھے ذرا قدرت نہیں تو علم والا ہے اور مجھے علم نہیں اور تو غیب کی ساری باتوں کو خوب جانتا ہے۔

خدایا! اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لئے بہتر ہے۔ میرے دین و

---

[1] یہاں هٰذَا الْاَمْرَ "کے بجائے اپنی حاجت کا نام لے کر اسے بیان کرے یا هٰذَا الْاَمْرَ کہتے وقت اپنی درپیش حاجت کا تصور کرے۔

دنیا کے لحاظ سے اور انجام کے لحاظ سے تو میرے لئے اُسے مقدر فرما۔
اور میرے لئے اس کو آسان کر اور میرے لئے اس کو مبارک بنا دے
اور اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لئے برا ہے۔ میرے دین اور دنیا کے
لحاظ سے اور انجام کے لحاظ سے تو اس کام کو مجھ سے دور رکھ اور مجھے اس
سے بچائے رکھ اور میرے لئے خیر اور بھلائی مقدر فرما جہاں کہیں بھی ہو اور
پھر مجھے اس پر راضی اور یکسو بھی فرما دے۔

اسمائے حسنیٰ

تزکیہ نفس اور طمانیت قلب کا مستند اور محفوظ ذریعہ یہ ہے کہ آپ ذکر الٰہی سے اپنی زبان تر رکھیں، اس کی صفات کا وِرد کریں اِن صفات کے تقاضوں پر غور کریں اور ایمان و شعور کے ساتھ ان صفات کو دل و دماغ پر طاری رکھنے کی عادت ڈالیں، قرآن کا ارشاد ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا وَّ سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِیْلًا (الاحزاب ۴۲)

"ایمان والو! اللہ کا ذکر کثرت سے کرتے رہو، اور صبح و شام اس کی تسبیح میں لگے رہو"

اور سورۂ اعراف میں ہے۔

وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔

"اور اللہ کے اچھے اچھے نام ہیں۔پس ان اچھے ناموں سے اُس کو پکارتے رہو"

ان ناموں کی تفصیل اور ان کے وسیع تقاضے قرآن میں بھی وضاحت کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ان صفات کی تعداد، تفصیل اور ان کو محفوظ کرنے کا عظیم صلہ بتاتے ہوئے ان کے وِرد

کی ترغیب دی ہے، آپؐ کا ارشاد ہے،

"خدا کے ننانوے ـــــ ایک کم ـــــ پورے سو نام ہیں، جو شخص ان کو محفوظ کر لے گا جنت میں داخل ہوگا" (بخاری)

صفاتِ الٰہی کو محفوظ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ان کو سمجھیں، ان کو جذب کریں، ان کے تقاضوں پر عمل کریں اور ان کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھالنے کی کوشش کریں ـــــ اس کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ آپ ذوق وشوق کے ساتھ تلاوت کیجیے، قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنے کی عادت ڈالیے اور پابندی کے ساتھ اس میں غور و تدبر کو اپنے اوپر لازم کر لیجیے۔ پھر ان مستند احادیث کا مطالعہ بھی توجہ اور انہماک کے ساتھ کیجیے جن میں ان صفاتِ الٰہی کا مفہوم اور تقاضے ذہن نشین کرائے گئے ہیں۔ نیز اُن مسنون اذکار اور دعاؤں کو بھی طبیعت کی حاضری اور یکسوئی کے ساتھ پڑھنے کا التزام کیجیے جو بالعموم اِن صفاتِ الٰہی پر مشتمل ہوتی ہیں ـــــ قرآن پر نظر رکھنے والے علماء نے قرآن ہی سے اِن ننانوے اسمائے حُسنیٰ کو جمع کیا ہے۔

۱۔ اللّٰہ:۔ یہ خالقِ کائنات کی ذات کا نام ہے، جو تمام اعلیٰ صفات اور خیر و برکت کا سرچشمہ ہے، یہ نام اس کے سوا نہ کبھی کسی کے لئے بولا گیا اور نہ بولنا صحیح ہے۔ اللہ ہی آپ کی محبتوں کا حقیقی مرکز ہے، وہی آپ کی عبادت و قربانی کا تنہا مستحق ہے، اور وہی تمام خطرات سے حفاظت کی واحد پناہ گاہ ہے، پس اسی کی محبت سے دل کو آباد رکھیے، اسی کی مخلصانہ عبادت کیجیے اور اسی پر اعتماد اور بھروسہ کیجیے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔ (البقرہ)

"اور ایمان رکھنے والے مومنین اللہ سے شدید محبت رکھتے ہیں۔"

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۔ (الزمر ۲)

"اے نبی! یہ کتاب ہم نے آپ کی طرف برحق نازل کی ہے، پس اللہ ہی کی عبادت کیجئے اطاعت کو اس کے لئے خالص کرتے ہوئے۔ اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ اطاعت اور بندگی صرف اللہ ہی کا حق ہے۔"

قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۔

"کہہ دیجئے کہ مجھے تو بس یہی حکم ملا ہے کہ میں اللہ ہی کی عبادت کروں اور کسی کو بھی اس کا شریک نہ بناؤں۔"

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۔

"اور بھروسہ کرنے والے اللہ ہی پر بھروسہ کرتے ہیں۔"

۲۔ اَلرَّحْمٰنُ :۔ وہ ذات جس کی رحمت میں انتہائی جوش و خروش ہے اور جو بے پایاں رحم کرنے والی ہے جس نے اپنی رحمت سے انسان کو عظیم ترین نعمتوں سے نوازا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○

"رحمٰن نے یہ قرآن سکھایا۔ انسان کو پیدا کر کے قوت گویائی سے نوازا۔"

خدا کی رحمانیت کا سب سے بڑا مظہر یہ ہے کہ اس نے انسان کو قرآن جیسی عظیم نعمت بخشی اور پھر انسان کو قوت گویائی سے نواز کر دوسری مخلوقات میں،

خصوصی امتیاز عطا فرمایا۔

۴۔ اَلرَّحِیْمُ:۔ وہ ذات جس کی رحمت پیہم ہو رہی ہے، جس کی دائمی رحمت کا سلسلہ کبھی منقطع نہیں ہوتا۔ دنیا میں بھی اس کی مسلسل رحمت کے سائے ہی میں انسان پرورش پا رہا ہے، ترقی کر رہا ہے، نیکیوں کی راہ پر بڑھ رہا ہے، عمل کی مہلت پا رہا ہے، اور آخرت میں بھی مومنین اس کی اسی صفت کی برکت سے جنت جیسی آرام گاہ میں عیش و سکون کی زندگی پائینگے۔

وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا إِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

"اور اگر تم خدا کی نعمتوں کا حساب لگانا چاہو تو حساب نہیں لگا سکتے یعنی خدا کی بے پایاں اور پیہم نعمتوں کا شمار ممکن نہیں، انسان زندگی کے لمحے لمحے میں خدا کی رحمت و توجہ کا محتاج ہے اور اس کی رحمتوں کی بارش مسلسل ہو رہی ہے۔"

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ وَّأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيْمًا۔

"وہی ہے جو تم پر رحمت فرما رہا ہے، اور اس کے فرشتے تمہارے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں تاکہ وہ تمہیں تاریکیوں میں سے نکال کر روشنی میں لائے۔ وہ مومنوں پر بہت ہی رحم فرمانے والا ہے، جس روز وہ اُس سے ملاقات کریں گے تو ان کا استقبال سلام سے ہوگا۔ اور ان کے لئے خدا نے عزت و اکرام کا صلہ مہیا کر رکھا ہے۔"

۴۔ اَلْمَلِكُ :۔ کائنات کا حقیقی بادشاہ، جس کی حکمرانی دونوں جہان میں ہے۔

فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۔

"پس بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی"

۵۔ اَلْقُدُّوسُ :۔ تمام عیوب اور غلطیوں سے سراسر پاک اس لئے اُسی کا بھیجا ہوا قانون ہر غلطی سے محفوظ ہے۔

۶۔ اَلسَّلَامُ :۔ تمام نقائص اور کمزوریوں سے سلامت اور محفوظ۔

۷۔ اَلْمُؤْمِنُ :۔ تمام آفات اور عذاب سے امن و امان میں رکھنے والا۔

۸۔ اَلْمُهَيْمِنُ :۔ مخلوق کی نگرانی کرنے والا۔ اور خطاؤں سے محفوظ رکھنے والا۔

۹۔ اَلْعَزِيزُ :۔ عزت و اقتدار کا واحد سرچشمہ، جس کا اقتدار سب پر حاوی ہے۔

اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا۔ (یونس)

"عزت ساری کی ساری اللہ کے لئے ہے"۔

۱۰۔ اَلْجَبَّارُ :۔ زبردست غلبے اور زور والا، مخلوق کی بگڑی بنانے والا۔

۱۱۔ اَلْمُتَكَبِّرُ :۔ عظمت و کبریائی کا سرچشمہ، جس کی کبریائی میں

کوئی شریک نہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ○ (الحشر ۲۳)

"وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ بادشاہ حقیقی، پاک ذات، ہر نقص سے سلامت، امن و امان میں رکھنے والا، نگہبان سب پر غالب، زبردست بڑائی والا۔ پاک و برتر ہے اللہ ان چیزوں سے جن کو یہ لوگ اس کا شریک قرار دیتے ہیں"

۱۲۔ اَلْخَالِقُ:۔ مناسب حال قوتوں اور صلاحیتوں سے آراستہ اور بہترین وجود بخشنے والا۔

۱۳۔ اَلْبَارِئُ:۔ ہر چیز کو عدم سے وجود میں لانے والا بے مثال موجد۔

۱۴۔ اَلْمُصَوِّرُ:۔ مخلوقات کی صورت گری کرنے والا۔

هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ (آل عمران)

"وہی ہے جو (ماؤں کے) رحموں میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے۔

وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ۔

"اس نے تمہاری صورتیں بنائیں اور بہترین صورتیں بنائیں۔

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى۔

(الحشر ۲۴)

"وہی اللہ ہے کائنات کا خالق، ایجاد و اختراع کرنے والا۔ صورتیں بنانے والا۔ اسی کے لئے ہیں اچھے اچھے نام۔"

۱۵۔ اَلْغَفَّارُ :۔ بہت زیادہ معاف فرمانے والا اور بخشنے والا۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا۔ (نوح)

"اور میں نے کہا کہ اپنے رب سے مغفرت چاہو، وہ بہت زیادہ معاف فرمانے والا ہے۔"

۱۶۔ اَلْقَهَّارُ :۔ اپنی مخلوق پر کامل غلبہ اور اختیار رکھنے والا۔

۱۷۔ اَلْوَاحِدُ :۔ اکیلا جس کی ذات و صفات قدرت و حقوق میں کوئی شریک نہیں۔

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔

"آج کس کی حکومت ہے، اللہ کی جو ایک ہے اور سب پر غالب ہے۔"

۱۸۔ اَلتَّوَّابُ :۔ بندوں کے حال پر توجہ فرمانے والا اور گنہگاروں کی توبہ قبول کرنے والا۔

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

"پھر خدا نے ان پر توجہ فرمائی کہ یہ توبہ کریں۔ بیشک اللہ ہی بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔"

۱۹۔ اَلْوَهَّابُ :۔ بے غرض بخشش اور سخاوت کرنے والا۔

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

(آل عمران)

"ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما۔ بیشک تو بہت بڑا فیاض ہے۔"

۲۰۔ اَلْخَلَّاقُ :۔ ہر طرح، ہر وقت ہر چیز کو پیدا کرنے والا، صفت تخلیق میں کامل۔

اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰی وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ۔

"کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ اس پر قادر نہیں ہے کہ ان جیسوں کو پیدا کر سکے۔ کیوں نہیں وہ بڑا پیدا کرنے والا اور علم رکھنے والا ہے۔"

۲۱۔ اَلرَّزَّاقُ :۔ اپنی مخلوق کو خوب ہی روزی دینے والا۔ حاجت روا۔

۲۲۔ اَلْمَتِیْنُ :۔ نہایت مضبوط و توانا۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ ۔

"بیشک اللہ ہی خوب رزق دینے والا، زور آور اور مضبوط و توانا ہے۔"

۲۳۔ اَلْفَتَّاحُ :۔ مخلوق کے درمیان صحیح فیصلہ کرنیوالا ــــــــ مشکل کشا۔

۲۴۔ اَلْعَلِیْمُ :۔ بندوں کے ہر قول و عمل اور جذبہ و خیال کا براہ راست جاننے والا۔

قُلْ یَجْمَعُ بَیْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ یَفْتَحُ بَیْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ ۝

"کہیے، ہمارا رب ہم کو جمع کرے گا۔ پھر ہمارے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرے گا۔ بیشک وہ بڑا ہی منصفانہ فیصلہ کرنے والا، سب کچھ جاننے

والا ہے۔"

۲۵۔ اَلْمُحِیْطُ:۔ ساری مخلوقات کا احاطہ کرنے والا۔ کوئی چیز اس کے علم و قدرت سے باہر نہیں ہے،

وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ۔

"اور خدا ان کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔"

۲۶۔ اَلْقَدِیْرُ:۔ ہر چیز پر پوری پوری قدرت اور اختیار رکھنے والا۔

اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔

"یہ کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کہ خدا اپنے علم سے ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔"

۲۷۔ اَلْحَلِیْمُ:۔ عذاب دینے میں جلدی نہ کرنے والا، بندوں کو سنبھلنے کا موقع دینے والا، بردبار

۲۸۔ اَلْغَفُوْرُ:۔ بہت زیادہ درگزر فرمانے والا اور پردہ پوشی کرنیوالا۔

۲۹۔ اَلْعَفُوُّ:۔ بہت زیادہ معاف فرمانے والا۔

۳۰۔ اَلشَّکُوْرُ:۔ مخلوق کے اعمال صالحہ کا انتہائی قدردان۔

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَہُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔ (الفاطر ۴۱)

"حقیقت یہ ہے کہ اللہ ہی ہے جو آسمانوں اور زمین کو ٹل جانے سے

روکے ہوئے ہے، اور اگر وہ ٹل جائیں تو اللہ کے بعد کوئی دوسرا، انہیں تھامنے والا نہیں ہے بے شک خدا بڑا ہی درگزر کرنے والا اور بردبار ہے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا۔

"بعید نہیں کہ خدا ان کو معاف فرما دے اللہ بڑا معاف کرنے والا اور درگزر فرمانے والا ہے۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ (الفاطر ۳۴)

"اور وہ کہیں گے خدا کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کر دیا۔ بیشک ہمارا رب بہت زیادہ چشم پوشی کرنے والا اور قدر فرمانے والا ہے۔"

۳۱۔ **اَلْعَظِيْمُ**:۔ اپنی ذات و صفات میں عظمت و بزرگی والا۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ۔ (الواقعہ ۷۴، ۹۶)

"تو تم اپنے پروردگار بزرگ کے نام کی تسبیح کرتے رہو۔"

۳۲۔ **اَلْوَاسِعُ**:۔ نہایت وسعت والا۔ بندوں پر نہایت فراخی کے ساتھ احسان کرنے والا۔

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَاۤءُ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا۔ (البقرہ ۲۶۸، ۲۶۹)

"اللہ نہایت فراخ دست اور دانا ہے جس کو چاہتا ہے حکمت عطا

کرتا ہے اور جس کو حکمت ملی اس کو حقیقت میں عظیم دولت مل گئی،

۳۳۔ اَلْحَكِيْمُ :۔ نظام کائنات اور بندوں کے معاملے میں انتہائی دانائی کے ساتھ فیصلہ کرنے والا۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا يُدْخِلُ مَنْ يَّشَاءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ (الدہر: ۳۱)

بے شک اللہ بہت جاننے والا اور دانائی کے فیصلے کرنیوالا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل فرما لیتا ہے اور ظالموں کے لئے اس نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۳۴۔ اَلْحَیُّ :۔ زندگی کا سرچشمہ، موت، نیند اور اونگھ سے پاک۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ۔

"اور بھروسہ کیجئے اس زندہ رہنے والے پر جس کو کبھی موت نہ آئے گی"

۳۵۔ اَلْقَيُّوْمُ :۔ کائنات کے نظم کو سنبھالنے اور قائم رکھنے والا۔

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ۔

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ جاوید نظام کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے۔ نہ اس کو اونگھ آتی ہے اور نہ نیند" (البقرہ: ۲۵۵)

۳۶۔ اَلسَّمِيْعُ :۔ بندوں کی سننے والا، بندوں سے پوری طرح واقف۔

۳۷۔ اَلْبَصِيْرُ :۔ بندوں کے اعمال و معاملات پر نگاہ رکھنے والا۔ تاکہ ان کے درمیان صحیح صحیح فیصلہ کرے۔

وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ

بِشَیْءٍ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔ (المومن ۲۰)

"اور اللہ ٹھیک ٹھیک بے لاگ فیصلہ فرمائے گا۔ رہے وہ جن کو یہ خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہیں وہ کسی چیز کا بھی فیصلہ کرنے والے نہیں بیشک اللہ ہی سب کچھ سننے اور دیکھنے والا ہے"

۳۸۔ اَللَّطِیْفُ :۔ نہایت ہی باریک بین۔ باریک ترین تدابیر اختیار کرنے والا۔

۳۹۔ اَلْخَبِیْرُ :۔ بندوں کی ہر بات کی پوری پوری خبر رکھنے والا۔

یٰبُنَیَّ إِنَّهَا إِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ أَوْ فِی السَّمٰوٰتِ أَوْ فِی الْأَرْضِ یَأْتِ بِهَا اللّٰهُ إِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ۔ (لقمٰن ۱۶)

"پیارے بیٹے! کوئی چیز رائی کے دانے کے برابر بھی ہو، اور کسی چٹان میں یا آسمانوں یا زمین میں چھپی ہوئی ہو اللہ اس کو نکال لائے گا بے شک اللہ باریک بین اور باخبر ہے"

۴۰۔ اَلْعَلِیُّ :۔ انتہائی اونچا اور بلند مرتبے والا۔

۴۱۔ اَلْکَبِیْرُ :۔ انتہائی بزرگ اور بڑائی والا جس کی بڑائی میں کوئی شریک اور مقابل نہیں۔

۴۲۔ اَلْحَقُّ :۔ جس کا وجود برحق ہے، اور کسی کے انکار سے اس کے برحق ہونے پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ۔ (لقمٰن ۳۰)

"یہ اس لئے کہ اس کا وجود برحق ہے، اور وہ سب باطل ہیں جنہیں اللہ کو چھوڑ کر یہ لوگ پکارتے ہیں، اور یہ کہ اللہ ہی بلند اور بڑائی والا ہے۔

۴۳۔ اَلْمُبِیْنُ: ۔حق کو کھولنے والا۔ اور حق کو حق کر دکھانے والا۔

وَیَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۔ (النور ۲۵)

"اور وہ جان لیں گے کہ اللہ ہی حق ہے۔ سچ کو سچ کر دکھانے والا"

۴۴۔ اَلْمَوْلٰی: ۔مومنوں کی حمایت اور پشت پناہی کرنے والا۔ حقیقی آقا، کارساز۔

۴۵۔ اَلنَّصِیْرُ: ۔مومنوں کی نصرت وحمایت کرنے والا۔

وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰہِ ھُوَ مَوْلٰکُمْ، فَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔ (الحج ۷۸)۔

"اور اللہ سے وابستہ ہو جاؤ۔ وہی تمہارا حقیقی آقا ہے، کیا ہی بہترین حامی ہے اور کیا ہی خوب مددگار"

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْکٰفِرِیْنَ لَا مَوْلٰی لَھُمْ۔ (محمد ۱۱)

"یہ اس لئے کہ جو مومن ہیں ان کا آقا اور کارساز خدا ہے اور کافروں کا کوئی حامی و کارساز نہیں۔

۴۶۔ اَلْکَرِیْمُ: ۔عالی ظرفی کے ساتھ بخشش اور سلوک کرنے والا۔

یٰاَیُّھَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْکَرِیْمِ الَّذِیْ

خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ فِیْٓ اَیِّ صُوْرَۃٍ مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ ٥

(الانفطار ۶-۸)۔

"اے انسان! تجھ کو کس چیز نے تیرے اپنے رب کریم کے معاملے میں دھوکے میں ڈال کر رکھا ہے، وہ رب جس نے تجھے پیدا کرنے کا منصوبہ بنایا۔ پھر تیری ساخت کو ٹھیک ٹھاک کیا۔ پس تجھے نہایت موزوں بنایا۔ اور جس شکل میں چاہا تجھے ترکیب دیا۔

۴۷۔ اَلْغَنِیُّ :۔ مخلوقات سے مستغنی اور بے نیاز۔

۴۸۔ اَلْحَمِیْدُ :۔ اپنی ذات میں پاکیزہ خوبیوں والا۔ جو کسی کی تعریف و ثنا کا محتاج نہیں۔

وَمَنْ یَّشْکُرْ فَاِنَّمَا یَشْکُرُ لِنَفْسِہٖ وَمَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ۔ (لقمٰن ۱۲)

"جو کوئی شکر کرے اس کا شکر اس کے اپنے ہی لئے مفید ہے اور جو کفر کرے تو خدا بے نیاز اور آپ سے آپ پاک صفات والا ہے"

۴۹۔ اَلْقَوِیُّ :۔ نہایت قوت والا جس کے آگے کسی کا زور نہیں چلتا۔

۵۰۔ اَلشَّدِیْدُ :۔ نہایت سخت پکڑ کرنے والا۔ جس کی پکڑ سے بچنا ممکن نہیں۔

کَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِہِمْ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ فَاَخَذَہُمُ اللّٰہُ بِذُنُوْبِہِمْ اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ۔

"جس طرح آلِ فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے ساتھ معاملہ پیش آیا ہے، انہوں نے خدا کی آیات کو ماننے سے انکار کیا۔ اور اللہ نے ان کے گناہوں پر انہیں پکڑ لیا۔ اللہ زبردست قوت والا اور سخت سزا دینے والا ہے۔"

۵۱۔ اَلرَّقِیْبُ :۔ بندوں کے اعمال و معاملات کی نگرانی کرنے والا۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا۔ (النساء ۱)

"یقین جانو کہ خدا تمہاری نگرانی کر رہا ہے۔"

۵۲۔ اَلْقَرِیْبُ :۔ بندوں سے نہایت نزدیک رہنے والا۔

۵۳۔ اَلْمُجِیْبُ :۔ بندوں کی دعائیں سننے اور قبول کرنے والا۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ۔ (البقرہ ۱۸۶)

"اور جب میرے بندے میرے متعلق آپ سے پوچھیں تو انہیں بتلا دیجئے کہ میں ان سے نہایت قریب ہوں، پکارنے والا جب مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں۔"

فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْا اِلَيْهِ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ۔

"پس تم اس سے مغفرت چاہو، اور اس کے حضور توبہ کرو یقیناً میرا رب قریب ہے اور دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے۔"

۵۴۔ اَلْوَكِیْلُ :۔ بندوں کے کام بنانے کی ذمہ داری لینے والا، کارساز

وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (آل عمران ۱۷۳)

"اور انہوں نے کہا ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔"

۵۵۔ اَلْحَسِیْبُ :- بندوں سے باز پرس کرنے اور حساب لینے والا۔

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا ۝ (النساء ۸۶)

"بے شک اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔"

۵۶۔ اَلْجَامِعُ :- جسم کے ریزوں کو اکٹھا کرنے والا۔ اور حشر کے دن بندوں کو جمع کرنے والا۔

رَبَّنَا اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ۔ (آل عمران ۹)

"اے ہمارے رب! یقیناً تو انسانوں کو اس دن جمع کرے گا جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔"

۵۷۔ اَلْقَادِرُ :- ہر کام کے کرنے کی طاقت و قدرت رکھنے والا۔

اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَہٗ بَلٰی قَادِرِیْنَ عَلٰی اَنْ نُّسَوِّیَ بَنَانَہٗ۔ (القیامہ ۳،۴)

"کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی (ریزہ ریزہ بکھری ہوئی) ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے؟ ضرور کریں گے۔ ہم اس پر قادر ہیں کہ اس کے پور پور کو درست کر دیں۔"

۵۸۔ اَلْحَفِیْظُ :- بندوں کو ہر آفت اور مصیبت سے بچانے والا۔

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ۔

"بیشک میرا رب ہر چیز کی حفاظت کرنے والا ہے۔"

۵۹۔ اَلْمُقِیْتُ :- مخلوق کو ٹھیک ٹھیک حصہ دینے پر پوری طرح

قادر۔ روزی دینے والا۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا۝

"اور اللہ ہر چیز کو ٹھیک حصہ دینے پر قادر ہے۔"

۶۰۔ اَلْوَدُوْدُ:۔ بندوں سے بے پناہ محبت رکھنے والا۔

۶۱۔ اَلْمَجِيْدُ:۔ بزرگی اور شرف والا۔

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ۝ (البروج ۱۴،۱۵)

"اور وہ بہت زیادہ پردہ پوش بے پناہ محبت کرنیوالا، صاحب عرش

بزرگی اور شرف والا ہے۔"

۶۲۔ اَلشَّهِيْدُ:۔ ہر جگہ حاضر و ناظر ہر چیز پر نگاہ رکھنے والا۔

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ۔

"اور اللہ ہر چیز پر نگاہ رکھنے والا ہے۔"

۶۳۔ اَلْوَارِثُ:۔ ہر چیز کا حقیقی مالک جس کی ملکیت کبھی ختم نہیں ہو گی۔

۶۴۔ اَلْمُحْيِي:۔ مخلوق کو زندگی دینے والا۔

وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ۔ (الحجر ۲۳)

"اور ہم ہی زندگی اور موت دینے والے ہیں اور ہم ہی اصل وارث

اور مالک ہیں۔"

۶۵۔ اَلْوَلِيُّ:۔ مومنوں کا حامی اور سرپرست۔

۶۶۔ اَلْفَاطِرُ:۔ ہر چیز کا بنانے والا۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

(یوسف ۱۰۱)

"آسمانوں اور زمین کے بنانے والے! تو ہی میرا سرپرست ہے دنیا میں اور آخرت میں"

۶۷۔ اَلْمَالِكُ :۔ ہر چیز کا حقیقی مالک جس کے سامنے سب عاجز اور بے بس ہیں۔

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔

"جزا کے دن کا مالک"

۶۸۔ اَلْمُقْتَدِرُ :۔ ہر چیز پر پورا پورا اقتدار رکھنے والا۔ جو کسی کام میں مجبور نہیں۔

۶۹۔ اَلْمَلِيْكُ :۔ کامل اختیار رکھنے والا بادشاہ۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ۝ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ (القمر ۵۵)

"متقی لوگ باغوں اور نہروں میں ہوں گے۔ کامل اختیار رکھنے والے بادشاہ کی بارگاہِ عزت میں"

۷۰۔ اَلْاَوَّلُ :۔ وہ جو ساری مخلوقات کی تخلیق سے پہلے موجود تھا۔

۷۱۔ اَلْاٰخِرُ :۔ وہ جو ساری مخلوقات کی فنا کے بعد موجود رہے گا۔

۷۲۔ اَلظَّاهِرُ :۔ جس کی خدائی ہر ذرے سے عیاں ہے۔

۷۳۔ اَلْبَاطِنُ :۔ نگاہوں سے پوشیدہ اور مخفی۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۔ (الحدید ۳)

"وہ سب سے پہلا سب سے پچھلا سب پر ظاہر اور سب کی نگاہوں

سے پوشیدہ۔

۴۔ اَلْقَاهِرُ:۔ بندوں پر کامل غلبہ اور اختیارات رکھنے والا۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ۔

"اور وہ اپنے بندوں پر کامل غلبہ رکھتا ہے۔"

۵۔ اَلْكَافِيْ:۔ جو بندوں کی ہر ضرورت کے لئے خود کافی ہے۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ۔

"کیا اللہ اپنے بندوں کے لئے کافی نہیں ہے؟"

۶۔ اَلشَّاكِرُ:۔ بندوں کی سعی و عمل کا قدرداں۔

وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا۔

"اور اللہ قدرداں اور علیم ہے۔"

۷۔ اَلْمُسْتَعَانُ:۔ وہ ذات جس سے مدد مانگی جائے۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ۔

"اور اللہ ہی سے مدد مانگی جا سکتی ہے۔"

۸۔ اَلْبَدِيْعُ:۔ بغیر کسی نظیر کے پیدا کرنے والا، بے مثال موجد۔

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

"آسمانوں اور زمین کا بے مثال موجد۔"

۹۔ اَلْغَافِرُ:۔ گناہوں کو معاف فرمانے والا۔

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ۔

"گناہ کو معاف کرنے اور توبہ قبول کرنے والا۔

۸۰۔ اَلْحَاکِمُ :۔ اپنی مخلوق پر حکومت کرنیوالا۔ واحد فرمانروا اور قانون ساز۔

اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ۔

"فرمانروائی صرف خدا کا حق ہے۔"

۸۱۔ اَلْغَالِبُ :۔ کامل اختیار اور پورا قابو رکھنے والا۔

وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ۔

"اور اللہ اپنے کام پر پورا قابو رکھتا ہے۔"

۸۲۔ اَلْحَکَمُ :۔ بے لاگ فیصلہ کرنے والا۔

اَفَغَیْرَ اللّٰہِ اَبْتَغِیْ حَکَمًا۔

"تو کیا میں خدا کے سوا حَکَم تلاش کروں؟"

۸۳۔ اَلْعَالِمُ :۔ کھلے چھپے سے پوری طرح واقف۔

۸۴۔ اَلْمُتَعَالِ :۔ ہر حال میں بلند و بالا رہنے والا۔

عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ۔ (الرعد: ۹)

"پوشیدہ اور ظاہر ہر چیز سے واقف، بزرگ اور برتر۔"

۸۵۔ اَلرَّفِیْعُ :۔ بلند و برتر درجات والا۔

رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ۔

"بلند درجات والا، صاحبِ عرش۔"

۸۶۔ اَلْحَافِظُ :۔ آفات و حادثات سے حفاظت کرنے والا۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا۔

"پس اللہ ہی بہترین محافظ ہے۔"

۸۷۔ **اَلْمُنْتَقِمُ**:۔ اپنے اور اپنے مخلصین کے دشمنوں سے بدلہ لینے والا۔

فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

"پھر جن لوگوں نے جرم کیا ان سے ہم نے انتقام لیا اور ہم پر یہ حق تھا کہ ہم مومنوں کی مدد کریں۔"

۸۸۔ **اَلْقَائِمُ بِالْقِسْطِ**:۔ عدل و انصاف کے ساتھ تدبیر و نظم کرنیوالا۔

۸۹۔ **اَلْاِلٰهُ**:۔ معبود، جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

قَائِمًا بِالْقِسْطِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔

"عدل کے ساتھ نظم کرنے والا، واحد معبود۔"

۹۰۔ **اَلْهَادِيْ**:۔ سیدھی راہ دکھانے والا۔ رسول اور کتاب بھیجنے والا۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

"یقیناً اللہ ایمان والوں کو سیدھی راہ دکھاتا ہے۔"

۹۱۔ **اَلرَّءُوْفُ**:۔ بندوں پر انتہائی مہربانی کرنے والا۔

وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ۔

"اور خدا اپنے بندوں پر نہایت ہی مہربان ہے۔"

۹۲۔ **اَلنُّوْرُ**:۔ دونوں جہان کو روشن کرنے والا، روشنی کا سرچشمہ۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

"خدا آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔"

۹۳۔ **اَلْاَكْرَمُ**:۔ عزت اور شرف والا۔ بندوں کے ساتھ عالی ظرفی

کا معاملہ کرنے والا۔

اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ۔

"پڑھیے اور آپ کا رب بڑے ہی کرم والا ہے۔"

۹۴۔ اَلْاَعْلٰی:۔ سب سے بلند اور بالاتر۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى۔

"اپنے بلند و برتر رب کے نام کی تسبیح کیجئے۔"

۹۵۔ اَلْبَرُّ:۔ اپنی مخلوق کے ساتھ احسان کا سلوک کرنے والا۔

إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ۔ (الطور)

"بے شک وہ بڑا ہی احسان کرنے والا مہربان ہے۔"

۹۶۔ اَلرَّبُّ:۔ پرورش کرنے والا۔ ہر طرح کے خطرات سے بچاتے ہوئے اور ارتقار کے تمام اسباب فراہم کرتے ہوئے منزلِ کمال تک پہنچانے والا، آقا، مالک،۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

"شکر اللہ جہانوں کے رب کے لئے۔"

۹۷۔ اَلْحَفِیُّ:۔ مخلوق کا بہت زیادہ خیال رکھنے والا نہایت مہربان۔

إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا۔

"بے شک وہ مجھ پر نہایت مہربان ہے۔"

۹۸۔ اَلْاَحَدُ:۔ یکتا، بے مثال جس کا کوئی ہمسر نہیں۔

۹۹۔ اَلصَّمَدُ:۔ بے نیاز، جو کسی کا محتاج نہیں اور سب اس کے محتاج ہیں۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔

"کہیے وہ اللہ یکتا ہے، اللہ بے نیاز ہے سب اس کے محتاج ہیں۔"